مارچ ۱۹۷۱ء　　　جلد ۶

اسلامی دنیا

بدایوں

چیف ایڈیٹر

ڈاکٹر ایس عنایت علی شاہ نقوی

اغراض و مقاصد

۱۔ غیر مسلم حضرات کے سامنے حقائق اسلام کو بے نقاب پیش کرنا
۲۔ مسلم طبقہ میں رواداری کی مستقل لہر دوڑانا
۳۔ فرقہ وارانہ اختلافات اور کشیدگیوں کی خلیج کو لگاتار پاٹنے کی کوشش کرنا۔
۴۔ احباب کو مخلص اور مخالفین کو دوست بنانا
۵۔ حقیقی علمبرداران اسلام کی سوانح حیات اور اُن کی علمی اور اخلاقی تعلیم کو اصلی رنگ میں پیش کرنا۔
۶۔ دنیائے اسلام کے اہم مسائل پر صحیح تنقید و تبصرہ کرکے غیر مسلم حضرات کی غلط فہمیوں کو رفع کرنا۔
۷۔ رعیت اور راعی کے تعلقات کو خوش گوار بنانا۔
۸۔ قرآن مجید کے متعلق جو شبہات پیدا کیے جاتے ہیں اُن کو بہ آئین شایستہ باطل کرنا اور ایسی چیزیں دنیا کے سامنے پیش کرنا جو عام فہم غلط فہمیوں کا ازالہ کرکے ہر عام انسان کو شیدائے اسلام بنا دیں۔
۹۔ مسلمات شیعہ سُنی کے خلاف کوئی شے اس رسالہ میں درج نہ ہوگی۔
۱۰۔ اس رسالہ کے نامہ نگار اسلام کے سچے ہمدرد شیعہ و سُنی حضرات جو ملک میں کافی روشناس ہیں ہونگے
۱۱۔ حضرات علمائے اسلام کثر اللہ امثالہم اپنے بیش بہا افادات سے اس رسالہ کی وقتاً فوقتاً اعانت فرماتے رہیں گے۔
۱۲۔ غیر مسلم حضرات جو مشاہیر اسلام سے عقیدت رکھتے ہیں اُن کا کلام نظم و نثر بھی اس رسالہ میں درج ہوا کریگا۔

نظام العمل

۱۔ یہ رسالہ ہر انگریزی ماہ کے آخری ہفتہ میں ۱۵ویں سے شایع ہوا کرے گا۔
۲۔ سالانہ چندہ عام شائقین سے چار روپیہ ہوگا۔
۳۔ بیرون ہند سے ساڑھے سات شلنگ ہوگا۔
۴۔ یہ رسالہ مخصوص غیر مسلم اداروں میں اور کتب خانوں میں بلا قیمت بھیجا جائے گا۔
۵۔ بلا وصول قیمت پیشگی پرچہ روانہ نہ ہوگا جو حضرات وی۔پی کی اجازت دیں گے اُن کا اخلاقی فرض ہوگا کہ واپس نہ فرمائیں۔
۶۔ جملہ خط و کتابت و ارسال مضامین بنام مدیر ہونا چاہیئے۔
۷۔ جملہ ارسال زر بنام منیجر ہونا چاہیئے۔
۸۔ جن حضرات کے پاس رسالہ آخر ماہ تک نہ پہنچے وہ صدر دفتر کو اطلاع دے کر منگوا سکتے ہیں۔

چندہ سالانہ للعہ/ بیرون ہند سے سے/

اِنَّ الدِّینَ عِندَ اللّٰہِ الاِسلام

اسلامی دنیا

کا چوتھا حسین نمبر

زیر سرپرستی حضرت قمر الواعظین لسان الملت ناصر الشریعت ثقۃ الاسلام مولانا مولوی محمد لقا علی صاحب حیدری مد ظلہ العالی

مالک و مدیر مسئول حکیم و ڈاکٹر مولوی سید عنایت علی شاہ نقوی ایل۔ ایم۔ ایس۔ ایل۔ آر۔ ای۔ ایچ۔ ایچ۔ ایم۔ ڈی۔ ای۔ ایچ۔ پی لکھنؤ

جلد ۲ | فہرست مضامین بابتہ ماہ مارچ سنہ ۱۹۴۰ء | نمبر ۱۳

(مطبوعہ نظامی پریس بدایوں)

کلام الملوک ملوک الکلام

(سلطان العلوم اعلحضرت حضور نظام حضور پر نور نواب میر عثمان علیخاں نظام الملک نظام الدولہ فتح جنگ نظام دکن)

گلویت نہ تیغ برّاں شدہ — بدن نیز پامال اسپاں شدہ
عزیزاں قتیل آل اطہر اسیر — سرت بر سناں ایں چہ ساماں شدہ
زہے ہمّت نور عین رسولؐ — کہ در راہِ حق چوں تو قرباں شدہ
چہ انساں چہ جن و ملک ہر یکے — عزادار شاہِ شہیداں شدہ
شہا چیست تدبیر عفو گنہ — بگو بہر عثماں کہ حیراں شدہ

شذرات

اسلامی دنیا جس پر خطر دور سے گذر رہا ہے وہ محتاج بیان نہیں. ہندوستان کی اسلامی دنیا کا حال تو سارے عالم سے نرالا ہی یہاں فرقہ وارانہ اختلافات پیدا کرنے والوں کی وہ کثرت ہے کہ الامان الحفیظ اگر کسی گوشہ سے صلح و آشتی ۔ امن و عافیت کی اطلاع ملتی ہے تو دوسرے گوشہ میں اسکا بالکل ضد پیدا کر دیا جاتا ہے اس کشمکش کے دور میں ہمارا رسالہ اسلامی دنیا بھلا ان مصائب کا شکار ہوئے بغیر کسطرح رہ سکتا تھا جو عالمگیر اثر رکھتے ہیں ۔ خدا خدا کرکے اب ایسی صورت پیدا ہو چلی ہے کہ ہم اپنے رسالہ کو ماہ بماہ شایع کر سکیں گے (انشاء اللہ تعالی) ہم بار بار عرض کر چکے ہیں کہ یہ رسالہ کسی دنیوی منفعت، نام و نمود. اعلان و اشتہار کی خاطر نہیں جاری کیا گیا ہے. صرف قربۃ الی اللہ خدمت دینی اسکا نصب العین ہی جن حضرات کے پاس رسالہ پہونچا ہے اور انھوں نے اب تک کل رقم چندہ مقررہ یا جز وادا نہیں فرمایا ہی وہ براہِ کرم اس اطلاع کو آخری اطلاع سمجھ کر اپنے ذمہ جو مطالبہ ہے اسکو ادا فرما دیں. ورنہ دوسرا پرچہ وی پی روانہ ہوگا. جسکا

وصول کرنا اخلاقاً ان کا فریضہ ہوگا۔ جن حضرات کو خریداری منظور نہیں ہے وہ براہِ کرم اس رسالہ کو واپس فرمادیں۔ اور انکاری لکھدیں۔ تاکہ دفتر کو آئندہ غیر ضروری مصارف سے نجات ملے۔ اور انکار لکھنے سے وہ حضرات بھی خط لکھنے اور اس دور میں کچھ صرف کرنے کے بار سے محفوظ رہیں گے۔ ہم بار بار عرض کرچکے ہیں اور آج پھر باعلان اس امر کا اظہار کرتے ہیں کہ یہ رسالہ محض خدمت اسلامی کی غرض سے شایع ہوتا ہے۔ کسی صاحب کو اس کی خریداری پر مجبور نہیں کیا جاتا۔ جو صاحب بطیب خاطر طلب فرماتے ہیں ان کے پاس رسالہ بھیجا جاتا ہے۔ اور انکا اخلاقی فریضہ ہے کہ وہ بلا طلب مزید رقم چندہ دفتر کو بھیجکر فرض شناسی کا ثبوت دیں۔

نائب مدیر

ریویوز

پنڈت جواہر لال نہرو کا مذہب

مندرجہ بالا نام کی ایک کتاب ہمارے دفتر میں بغرض ریویو موصول ہوئی ہے یہ کتاب فاضل جلیل مولوی شبیہ الحسنین صاحب فاضل بدایونی کے زور قلم کا نتیجہ ہے۔ پنڈت جی خود سوشلسٹ ہونے کے مدعی ہیں۔ اور ان کے ہوا خواہ ان کو غیر جانبدار بے تعصب اور لامذہب ثابت کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔ لیکن درحقیقت وہ ایک پکے متعصب ہندو ہیں۔ پنڈت جی کی خود نوشت "میری کہانی" کا زبردست مطالعہ کرنے کے بعد مولوی شبیہ الحسنین صاحب نے "پنڈت جواہر لال نہرو کا مذہب" لکھا ہے۔ کتاب کی خوبی صرف مطالعہ کرنے کے بعد معلوم ہوگی۔ فخر مسلمانان ہند راجہ صاحب بہادر آف محمود آباد کے نام نامی کے ساتھ اس کتاب کو معنون کیا گیا ہے غیر مسلم اور پنڈت جی کے معتقدین کو کتاب مفت پیش کی گئی ہے۔ مسلم شائقین صرف ۲ کے ٹکٹ بھیجکر طلب فرماسکتے ہیں۔

ملنے کا پتہ:۔ مولوی شبیہ الحسنین قاضی محلہ بدایوں

ذاکری کی پہلی کتاب

سرکار علامہ سید العلماء بقلہ العالی اسلامی دنیا میں کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ اس دور فتنہ و فساد میں آپ حقیقی نبض شناس قوم ہیں۔ اور آپ نے گذشتہ چند سالوں کے عرصہ میں زبانی اور قلمی جو خدمت دین حنیف اسلام کی فرمائی ہے اسکا بار مسلمانان ہند کے سر پر ہے اور ہم سرکار علامہ موصوف کی صحت و سلامتی کی دعا میں شب و روز مصروف ہیں پچاسوں رسالہ صدہا مضامین اور ہزاروں تقریروں کے ذریعہ سے جو اصلاح قومی آپ نے فرمائی ہے وہ خود شاہد ہے کہ قدرت نے اس مقدس ہستی کو اصلاح قومی کے واسطے ہی خلق فرمایا تھا۔ دنیا اور دین سے متعلق حسبقدر شعبے ہیں

ان سب کے متعلق آپ کے دریائے علم سے تشنہ کام سیراب ہو رہے ہیں آپ نے مواعظ حسنہ کے ذریعہ سے ذاکری کی اصلاح کے واسطے وہ زبردست اقدام فرمایا ہی جس کی مثال ملنا ناممکن ہی. لیکن محسن ملت جناب مرزا عابد حسین صاحب قبلہ رئیس لکھنؤ دام مجدہ کے اصرار پر حال میں چند مسودے تحریر فرمائے اور آئندہ کے واسطے وعدہ فرمایا ہے کہ اس سلسلہ میں کافی ذخیرہ فراہم فرمائیں گے.

" ذاکری کی پہلی کتاب ان چند مسودوں کا مجموعہ ہی میں نے خود اس کتاب کو اول سے آخر تک سرسری طور پر نہیں بار بار پڑھا اور بلا تکلف یہ کہنے کیواسطے تیار ہوں کہ سرکار سید العلماء نے امام مظلوم کی خدمت کرنیوالوں کے واسطے بہترین لائحہ عمل تجویز فرماتے ہوئے ان کو آگے بڑھنے کا طریقہ سکھایا ہے. خدا کرے ہماری قوم اس رہبر کی ہدایات پر عمل کرکے اپنے کو زندہ قوم ثابت کرے.

کتاب کی لکھائی چھپائی دیدہ زیب حجم ۸۸ صفحہ اور اسپر قیمت مع محصولڈاک صرف ۳ روپیہ ناظم مرکزی اصلاح نخاس وڈ لکھنؤ کے پاس غالبًا قیمت بھیجنے پر کتاب مل سکتی ہی

محمد نقار علی حیدری

سید سراج الحسن بیرسٹرایٹ لا آف حیدر آباد دکی حکومت ہائے برطانوی ہند وغیرہ سے دو دو باتیں

اور

پیام صلح و آشتی و رفق و وفاق با قوام عالم

منجانب

سید سراج الحسن بیرسٹر ایٹ لا

مندرجہ بالا دو رسالہ مولوی سید سراج الحسن صاحب دام مجدہٗ بیرسٹرایٹ لا حیدر آباد نے خاکسار کو بغرض مطالعہ مرحمت فرمائے تھے میں نے ان دونوں رسالوں کو بغور پڑھا اور بلا تکلف یہ کہہ سکتا ہوں کہ بیرسٹر صاحب موصوف کا مشورہ حکومت ہند اور ریاستہائے ہند و نیز باشندگان ہند کو بہترین اور مناسب وقت ہے ان رسالوں کے مطالعہ سے فاضل بیرسٹر صاحب کے زبردست مطالعہ کا پتہ چلتا ہی اور ہر پڑھنے والا بآسانی اندازہ کر سکتا ہے کہ موصوف کے دل میں کسقدر درد قومی ہی اور آپنے سیاسیات ہند کا کسقدر گہرا مطالعہ کیا ہی رسالوں کی قیمت کچھ نہیں ہی مندرجہ ذیل پتہ پر لکھنے سے غالبًا صرف ڈاک بھیجنے پر مل سکیں گے پتہ

مولوی سید سراج الحسن صاحب بیرسٹر ایٹ لا کٹل منڈی حیدرآباد دکن

سلام

(از حکیم علی حامد حسین حامد جعفری متعلم درجہ نہم اسلامیہ ہائی اسکول بدایوں)

شہ کہتے تھے بس ضبط کے قابل نہیں رہا
اے ظالموں حسین کا وہ دل نہیں رہا

خیمہ میں آکے سید مظلوم نے کہا
زینب وہ میرا زینت پہلو نہیں رہا

سوچو تو کیا خطا ہے حسین غریب کی
کیا تم میں کوئی ظالموں عادل نہیں رہا

قائم ہے حشر تک حق و باطل کی یادگار
نام حسین رہ گیا قاتل نہیں رہا

His Eminence Maulana Syed Mohd Sibtain Sahab
Professor Govt College Ludhiana in the centre.
To his right sitting his eldest son late M S Mohd Hasnain M A Editor Alburhan and to his left sitting M. S. Mohd. Asghar B A , Editor Alburhan. Other two sons standing and youngest daughter sitting in front

Shaikh-ul-Millat Hujjat-ul-Islam
Sarkar Allama Shaikh Abdul Ali
Hiravi of Tehran.

Their Holinesses Maulana Syed Aqa Hasan the great Mujtahid of Lucknow and M Syed Sibte-Nabi Sahab Shia Dean M U Aligarh with a few friends and Students

NAWAB SYED MOHD TAQI
Rais Shamsabad

Mr. Wiliam Wells now Mr. Hosain Wells
who embraced Islam in 1928 in Singapore at the hands of H Eminence

His Holiness Sirajul Ulama M Altaf Hosen Sb Mujtahid Calcutta

ایام عزا کے ختم ہونے کے بعد شیعان ہند کیلئے ایک لمحۂ فکریہ

سیرت ائمہ سے ہم کو کیا سبق ملتا ہے

(امیر الامراء امیر الدولہ سعید الملک راجہ محمد امیر احمد خاں صاحب بہادر والی ریاست محمود آباد اودھ)

تعزیے دفن ہو چکے۔ صف ماتم اٹھ چکی اب نہ نوحہ زنی کا شور و شین ہے نہ ماتم کی دھڑا دھڑی۔ سوگ بڑھ گئے زمانۂ عزائے حسین مظلوم ختم ہوا۔ آپ کے جوش محبت اور وفور عقیدت کا کیا کہنا سوا دو مہینہ نہ رات کو رات سمجھا اور نہ دن کو دن آرام و سکون کے ساتھ پلک جھپکانا بھلا بیٹھے اور حرام سمجھے ایک ایک دن میں بیس بیس پچیس پچیس مجلسیں سنیں اور داد مومنیت دی۔ یہ سب کچھ ہوا مگر ٹھنڈے دل سے سوچئے۔ اور انصاف سے کہئے کہ آپ نے حاصل کیا کیا۔ اگر رونا دھونا نجات کیلئے کافی ہو تو ان ملاعینہ کے لئے آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں جو خیموں میں آگ بھی لگاتے ہیں اور اہلبیت کے سروں سے چادریں بھی اتارتے جاتے تھے۔ اور روتے بھی جاتے تھے۔ کیا مجلسوں کا مآل صرف چند آنسو بہانے تک محدود ہے۔ کیا حسین کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرنا آپکا فرض نہیں اگر ہے اور ضرور ہے تو پھر فرمایئے کہ آپ نے اتباع امام میں کتنے یتیموں کی مدد کی۔ کتنی بیواؤں کی سرپرستی فرمائی اور کتنے اعمال خیر کئے۔ ممکن ہے کہ آپنے قاتلان حسین پر لعنت بھی بھیجی ہو۔ مگر یہ تو فرمایئے کہ ان کے اعمال سے بھی احتراز کیا۔؟

حسین نے حق پر جان دی تھی جبر و استبداد اور سرمایہ داری سے تبرا کیا تھا۔ کہئے آپ نے بھی حق کی حفاظت میں اپنے تن من کو کچھ زحمت دی۔ اور جابر قوموں سے عدم تعاون کر کے سچے مسلمان بننے کا ثبوت پیش کیا۔ یہ نہ سمجھئے کہ میں گریہ و زاری کے خلاف ہوں اور کشتۂ ظلم و جفا پر آنسو بہانے کو فعل عبث سمجھتا ہوں مصیبت بھری داستان سن کر آنکھوں سے آنسوؤں کا جاری ہو جانا انسانی فطرت کا جز و ہے جو لوگ گریہ و زاری کو برا سمجھتے ہیں وہ انسانی فطرت سے ناآشنا ہیں مگر یہ سمجھ لینا کہ حسین کی شہادت عظمیٰ صرف اس لئے ہوئی تھی کہ ہم چند آنسو بہا کر خاموش ہو جائیں شہادت کی توہین کرنا ہے۔

گریہ مآل کار نہیں آغاز کار ہے

مآل کار تو وہ بلند مقصد ہے جس کے لئے حسین نے جان دی تھی اللہ اللہ دن دن بھر مزدوری کر کے اپنا اور اپنے

بال بچوں کا پیٹ پالنے والے ائمہ اطہار کے ماننے والے
مفت خوری کے عادی اور محنت و مشقت سے ناکارہ بنتے
جا رہے ہیں اور کسب حلال کے معنی یہ سمجھتے ہیں کہ کسی
مظلوم کی گردن پر چھری چلانا، یتیموں کا حق غضب کرنا۔
اوقاف کے مال کو شیر مادر کر لینا۔ رشوت اور اوپری
آمدنی وصول کرکے اپنا کام چلانا۔ نہیں نہیں یہی نہیں بلکہ
اس مال حرام سے زیارت و حج کے مقدس فرض کو ادا
کرنا۔

حسین اور ان کی آل اطہر کے مصائب سنکر رو دیئے
اور دل کھول کر رو دیئے مگر گریہ وزاری اور ماتم کے
شور وغل میں حسین کی آواز ھل من ناصر ینصرنا
(جو حق کوشوں کے کان میں اب تک گونج رہی ہے)
نہ بھول جایئے نہ اس وقتی ہنگامے سے اس مقصد کو نظر
انداز کیجیے جس کے لئے یہ ساری تکلیفیں برداشت کیں۔

حریت اور مساوات جس پر آج روس کو اسقدر
ناز ہے۔ استبداد اور ظلم و ستم کے خلاف صف بندی جس پر
سن LENIN کے پیرو اسقدر فخر کر رہے ہیں
آپ ہی کے آئمہ کی تعلیم ہے۔

اس زمانہ میں جبکہ روم و ایران کی تقلید میں مسلمان
حکمراں بھی سرمایہ پرستی اور حریت کشی کے مرض میں گرفتار
تھے یہی ائمہ دین تو تھے جنھوں نے اعلان حق کیا اور
ظالم و جابر سلاطین کو "اسلام" کا پیغام سنایا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ
حکمراں طبقہ ان کا مخالف بن گیا اور ان کی جان کے درپے
ہو گیا۔ کسی کو تلوار کے گھاٹ اتارا کسی کو زہر دغا سے
شہید کیا۔

عرب تلوار سے لڑنا جانتے تھے۔ زہر کے استعمال
سے آشنا نہ تھے۔ موت کے اس خفیہ پیامبر کی دریافت
کا سہرا نام نہاد مہذب اقوام کے سر ہے۔

اسلام میں سب سے پہلے ہمارے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم
کو زہر دیا گیا۔ خیبر (یعنی جنگ خیبر) کے زمانہ میں ایک یہودیہ
نے بکری کے گوشت میں زہر دیا۔ پھر جب ملوکیت کا دور
دورہ ہوا تو مسلمان بادشاہ بھی اس حربہ کو استعمال کرنے
لگے۔ رسول کا پیارا نواسہ حسن اسی حربہ کا شکار ہوا۔ تاریخ
بتاتی ہے کہ ابن اثال رومی یہودی کی زیر نگرانی امیر
معاویہ کے یہاں زہر خورانی کا باضابطہ محکمہ تھا۔ جس
کی طرف سے انھیں کچھ شبہ گذرتا فوراً ابن اثال کی
معرفت اسکا خاتمہ کرا دیتے اور عباسیوں کی سلطنت میں
تو یہ فن اپنے انتہائی نقطۂ عروج پر پہونچ چکا تھا۔ سچ ہے
سلاطین جور اور سرمایہ پرست لوگ تلوار اور زہر ہی کی
مدد سے حکومت کرتے تھے۔ اور آڑے وقتوں میں یہی
دو چیزیں ان کی مشکلکشائی اور پشت پناہی کرتی تھیں

حسین اور ان کے آباؤ اجداد اور اولاد طاہرین کا
فلسفہ کیا تھا؟ حق کی حمایت اور ظلم و استبداد سے تبرا
اور بیزاری۔ ہم میں سے کتنے لوگ اور خود ہمارے رہبران
دین میں سے کتنی ہستیاں ایسی ہیں جو اس فلسفہ پر عمل
کرتی ہیں یا اس کی تلقین کرتی ہیں۔ ذرا قوم کی مردم
شماری کیجیے ہائے حسین! وائے حسین!! کرنیوالے کتنے ہیں
اور نمازیوں کا شمار کیا ہے۔ مرثیہ پڑھنے والوں کی تعداد
کیا ہے اور سمجھ کر قرآن پڑھنے والے کتنے ہیں؟ جب کسی
قوم پر زوال آتا ہے تو خوبیاں تو اسیں سے نکلجاتی ہیں

اس کے علاوہ برسر اقتدار قوموں کی برائیاں بھی آجاتی ہیں. آج یہی حالت ہماری ہے. کہ اپنے ائمہ دین کے محاسن سے ناآشنا ہیں۔ اور مغرب کے ائمہ جور کی برائیوں کے حامل بنتے جاتے ہیں.

ایک بہت پرانا مقولہ ہے. سخاوت اور شجاعت کا چولی دامن کا ساتھ ہے یعنی جو سخی ہوگا وہ شجاع ضرور ہوگا اور جو شجاع ہوگا وہ سخی ضرور ہوگا برخلاف اس کے بات بات پر تکرار اور رہتاک ورکہیں پر درگذر نہ کرنا بزدلی کی علامت ہے. آیئے اس مقولہ کی تفسیر حسین کی زندگی میں دیکھئے.

اٹھائیس صفر ہے حسین اپنے مسموم بھائی کے جنازہ کو اپنے نانا کے پہلو میں دفن کرنے کو لئے جا رہے ہیں بنی ہاشم کا ایک بڑا گروہ آپ کے ساتھ ہے انصار میں سے سیکڑوں آدمی جنازہ میں شریک ہیں. یکایک کچھ لوگوں نے مزاحمت کی اور کہا ہم اس جنازہ کو رسول کے قریب دفن نہ ہونے دیں گے بنی ہاشم بگڑ گئے تلواریں ابل پڑیں اور قریب تھا کہ خونریزی ہونے لگے کہ حسین نے کہا۔ مجھے نانا کی امت پیاری ہے. میں مسلمانوں کے خون کو بہانا نہیں چاہتا. اچھا یہ اگر میرے بھائی کو یہاں دفن نہیں ہونے دیتے تو میں جنت البقیع میں ان کو دفن کرونگا.

اللہ اللہ ایک طرف تو امام عالی مقام کی یہ صلح پسندی اور دوسری طرف ہماری موجودہ خانہ جنگی اور ہٹ دھرمی مسلمان سیرت حسین کے اس رخ پر غور کرتے تو معلوم ہو جاتا کہ بادی النظر میں یہ معمولی واقعہ ہدایت کے کیسے کیسے قیمتی موتی اپنے دامن میں چھپائے ہوئے ہے.

اسی طرح اس واقعہ کو لیجئے. جب حر کے رسالے نے آپکا راستہ روک لیا ہے اور آپ نے کوفہ کی راہ چھوڑ کر کربلا کی راہ اختیار کی ہے ہر چند کہ راستہ کی تبدیلی سے ایک حد تک مقصد ہی بدل گیا. مگر حضرت نے خونریزی کو پسند نہ کیا. دنیا کہتی ہے کہ حسین نے سیاسی غلطی کی اور فنون حرب سے ناواقفیت کا ثبوت دیا. حُر کے چند سواروں کو مارنا آسان تھا. اور کربلا میں ہزاروں سے مقابلہ کرنا مشکل لیکن اسکو کیا خبر کہ حسین مجسم اخلاق تھے موقعہ سے فائدہ اٹھانے والے بادشاہ یا جنرل نہ تھے انھوں نے تو جو قدم بھی اٹھایا وہ اصول اسلام اور حکم خدا کی حدود کا خیال کر کے اٹھایا رضاً بقضائہ وتسلیماً لامرہ.

آج کتنے مسلمان ہیں جو حق وصداقت کی خاطر اپنے ذاتی مفاد کو قربان کر دیں اور اصول اسلام بچانے کے لئے جان مال اور اولاد تک کی پرواہ نہ کریں ؟

آج ہم زبان سے تو محبان آل رسول ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور عمل ہمارا ان کے مخالفین سے ملتا جلتا ہے اسلام جو امن و امان کا پیغامبر ہے آج ہماری ہاتھوں فتنہ و فساد کا باعث بنا ہوا ہے مسلمان جو غیروں کو بھی پناہ دینے کیلئے مشہور تھے آج ایک دوسرے کا گلا کاٹنا فخر سمجھتے ہیں. اور یہ سب کچھ اسوقت ہو رہا ہے جب ہم کو اتحاد و اتفاق کی سب سے زیادہ ضرورت ہے کفر و الحاد کی متفقہ طاقتیں ہمارے مقابل صف آرا ہیں اور ہمارا یہ حال ہے کہ آپس ہی میں کٹے مرتے ہیں ہمیں تو

یہ ڈر ہے کہ اگر ہمارا یہی طریق عمل رہا تو وہ زمانہ دور نہیں جب کہ مسلمان ہندوستان میں اسی طرح معدوم ہونگے جس طرح آج اسپین میں۔

خدایا مسلمان کس دن بیدار ہوں گے؟

(ماخوذ از سرفراز)

مندرجہ بالا مضمون جو واقعی درد قومی کا بین ثبوت ہے کہ بار بار پڑھا جائے۔ ہر شیعہ اسکو پڑھے اور اپنی زندگی کا جایزہ لے۔ اور اسوۂ حسینی پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کرے۔ خدا کرے ہماری قوم کے تمام افراد اس نصیحت پر عمل کر کے ایک سال کے عرصہ میں اس امر کا بین ثبوت دیں کہ ہم میں زندگی کے آثار ابھی باقی ہیں۔ اور ہم اپنے قائد ملت کی نصیحت کو سننے اور اسپر عمل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

خاکسار بکاد نایب مدیر

عشرۂ محرم ۶۱ھ کے بعد کی شب

حضرت قمر الواعظین کی جگر خراش تقریر جو گورنمنٹ ریڈیو اسٹیشن کلکتہ سے ۱۰ محرم الحرام ۵۹ھ کو براڈکاسٹ کیگئی

"آج معظم حضرت قمر الواعظین مولانا لقار علی حیدری مدظلہ العالی نے اس سال ۱۰ محرم الحرام کو جو گورنمنٹ ریڈیو اسٹیشن کلکتہ پر جو تقریر فرمائی تھی وہ ناظرین اسلامی دنیا کی اطلاع کے واسطے درج ذیل کیجاتی ہے"

خاکسار حسن افضل بدر نایب مدیر

اسوقت چھ بج چکے ہیں سورج غروب ہو چکا ہے اور آج محرم کی دسویں تاریخ ہے اسلئے چاند کی روشنی چاروں طرف پھیلی ہوئی ہے۔ لیکن آج سے تقریباً ساڑھے تیرہ سو برس قبل غالباً ایسا ہی وقت تھا۔ کربلا میں شب ماہ ہونے کے باوجود تاریکی تھی ستارے ٹوٹ کر گرتے ہوئے معلوم ہوتے تھے زمین ہل رہی تھی سیاہ آندھیاں چل رہی تھیں ایک زبردست لشکر ہتیار ولا تعداد لشکر جس میں سواروں سے زیادہ پیدل اور پیدلوں سے زیادہ سوار بتلائے جاتے ہیں۔ ایک مختصر سی جماعت کو قتل کر کے آسودہ ہوا ہے لیکن اس آندھی اور زلزلہ کی وجہ سے گھوڑے اور اونٹ چراغ پا ہو رہے ہیں آدمیوں کی بدحواسی کا تو کیا بیان ہو سکتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب قہر خدا میں مبتلا ہوا چاہتے ہیں ضرور ان سے کوئی سخت گناہ سرزد ہوا ہے۔

آؤ پتہ لگائیں کہ یہ ہتیار لشکر کس کا ہے اور وہ مختصر سی جماعت جو ختم ہو چکی ہے اسکا سردار کون تھا۔

ہائے غضب ہوگیا ننگ انسانیت یزید نے مدعی اسلام نہیں بلکہ خلیفۃ المسلمین بن کر پیغمبر اسلام کے پیارے نواسہ کو مع ان کے رفقا کے تین دن کا بھوکا پیاسا شہید کر ڈالا

K B , Captain Mirza Abu Jafar Kashmirie
M A , B S I E S A I R O
Inspector of Schools,
Presidency Division Calcutta

Syed Hasan Esq Kashmiri
Inspector of Police, C I D Calcutta

M Syed Liqai Ali Naqavi Esq
M A , B T
Professor Govt College Allahabad

S. Taher Razavi Esq. **M. A.**
Professor Presidency College
Calcutta

یہ زلزلہ اور آندھی اسی سبب سے ہے کہ ایک بیگناہ بھوکا پیاسا شہید کیا گیا وہ ٹڈی دل کے مثل لشکر یزید کا اور وہ مختصر سی جماعت فرزند رسول حضرت امام حسین علیہ السلام کی تھی۔ کیا اس چھوٹی سی جماعت میں مرد ہی تھے۔ جو اپنا فریضہ ادا کرکے دنیا سے کوچ کر گئے۔ ذرا اڑتی ہوئی گرد بیٹھے تو کچھ دیکھنے کی کوشش کیجا دے افسوس کہ روشنی کا بھی پتہ نہیں ہے ورنہ کچھ نہ کچھ سراغ چل جاتا۔

ابھی زیادہ رات نہیں گئی تھی کہ کچھ روشنی نظر آنےلگی اب تو ضرور پتہ چل سکیگا۔

یہ روشنی آہستہ آہستہ اس سمت کو بڑھ رہی ہے جس طرف اس چھوٹی سی لاشوں کا انبار ہے۔

لو دیکھو وہ خاک پر سے کوئی اٹھا اور اس روشنی کی طرف بڑھا۔ ذرا کان لگا کر سنو کچھ آواز بھی آرہی ہے روشنی کی طرف بڑھنے والا۔ اے آنے والے خبردار آگے نہ بڑھنا ہم بیکسوں کے پاس مال دنیا سے کچھ نہیں ہے سروں پر چادریں بھی نہیں ہیں ہمارے بچے روتے روتے غش کر گئے ہیں۔ مصیبت زدہ بچوں کو بہلانا بہت دشوار ہے روشنی بڑھتی چلی آتی ہے اور کوئی جواب نہیں ملتا۔

پھر وہی پہلی آواز بہت دھیمی اور لڑکھڑائے ہوئے لہجہ میں لیکن آواز سے رعب اور شان کا پتہ چلتا ہے کہ بولنے والا کوئی صاحب عزت آدمی ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پیاس کی شدت سے آواز نہیں نکلتی۔

خبردار آگے نہ بڑھنا ورنہ اچھا نہ ہوگا۔ تجھے معلوم نہیں کہ میں شیر خدا کی بیٹی ہوں۔ یہ ضرور ہے کہ میرا وارث میرا ماں جایا بھائی شہید ہو چکا ہے میرے بچے مارے جا چکے ہیں لیکن بھائی نے مرتے وقت ان بیواؤں اور بچوں کی نگرانی مجھ سے متعلق فرمائی تھی۔ مجھے اسکا مرتے دم تک خیال رکھنا ہوگا۔

روشنی کی طرف سے جواب آیا۔ بی بی میں آپ کی کنیز ہوں۔ میں حر دلاور کی زوجہ ہوں۔ بچوں کے واسطے کھانا اور پانی لائی ہوں اور آپ کو آپ کے شہیدوں کا پرسہ دینا چاہتی ہوں۔

یہ سننا تھا کہ وہ للکار کر آواز دینے والی بی بی آگے بڑھی اور آنے والی کا استقبال کیا اور جب قریب پہونچی تو خاک پر بیٹھ کر کہنے لگی۔

اے زوجہ حر میں تجھ سے شرمندہ ہوں کہ تیرا شوہر ہمارا مہمان تھا۔ اور ہم حق مہمانی ادا نہ کر سکے۔ مہمان نے ہماری نصرت میں جان دی۔

زوجہ حر نے بے چین ہو کر قدموں پر سر رکھ کر کہا۔ میری شاہزادی میں آپ کی اس ذرہ نوازی کے قربان وہ غلام تھا اور میں کنیز ہوں غلام اور کنیز کا حق ہے جاں نثاری کرنا۔

مجھے یہ معلوم نہیں کہ حسین مظلوم کی بہن نے زوجہ حر کو اس کے بیٹے کا بھی پرسا دیا تھا یا نہیں۔ لیکن بنی ہاشم کے گھرانے کا اخلاق تو یہی چاہتا ہے کہ ضرور حضرت فاطمہ زہرا کی بیٹی نے اس سے کہا ہوگا اے دکھیاری ماں میں تجھے تیرے جوان فرزند کا پرسا دیتی ہوں ہائے تیرا دل کیا کہتا ہوگا۔ اے خدا تو حر کو اور اس کے بیٹے کو اپنے رسول کے جوار میں بہتر جگہ کرامت فرما

صاحب مضمون کو یہ معمولی سی بات بھی نہیں معلوم کہ مسلک اہل سنت کے مطابق خلافت کی میعاد صرف ۳۰ سال تھی جو حضرت امام حسن کے چھ ماہ خلافت کرنے پر ختم ہوگئی تھی یہی وجہ ہے کہ علماء اہل سنت از امیر معاویہ تا حال سب کو سلاطین اسلام کے زمرہ میں شامل کرتے ہیں۔ اور امیر المومنین کہتے ہیں۔ الا عمر ابن عبد العزیز کو جنہیں تمام اوصاف خلافت تامہ بکمالہ موجود تھے۔

اس مضمون کے سلسلہ میں ایک نظم بھی درج کی گئی ہے جو حوالہ مضمون میں دیا گیا ہے اور واقعات مندرجہ نظم کی طرف ناظرین کی توجہ مبذول کی گئی ہے اس نظم میں یزید کو اسطرح خلیفہ برحق ثابت کیا گیا ہے کہ جناب معاویہ نے مدینہ منورہ پہونچکر اکابر صحابہ سے ایک مجمع عام پر یزید کی قابلیتوں اور خوبیوں کا اظہار کرنے کے بعد ان سے بیعت لی اس صحبت میں سعید بن عثمان اور عبداللہ بن عمر وغیرہ شامل تھے۔

لیکن قابل مصنف نے اس واقعہ کے تمام پہلوؤں کو جنہیں حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب نے سر الشہادتین میں اور دیگر مورخین نے اسی تاریخوں میں بیان کیا ہے چھوڑ دیا۔

واقعہ جو مستند مورخین اور علماء نے ظاہر کیا ہے یہ ہے۔ کہ جب جناب معاویہ ایک باقاعدہ جرار جمعیت لے کر بیعت یزید کے لئے مدینے پہونچے انھوں نے بعض ناواقف صحابہ کو یزید کے غیر حقیقی اوصاف بیان کرکر اور بعض کو بہلا پھسلا کر اور بعض کو ڈرا دھمکا کر بیعت یزید پر رضامند کر لیا۔ تب انھوں نے حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبدالرحمن بن ابو بکر وغیرہ کو بلایا اور ان سے بھی یہی سوال کیا۔ ان سب نے جن کے نام مرقوم ہیں کھلے لفظوں میں معاویہ سے انکار کر دیا یہاں تک کہ ترغیب و ترہیب وسوسہ کا کوئی دقیقہ باقی نہ رکھا۔ اور یہ لوگ کسی طرح راضی نہ ہوئے۔ بلکہ نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ جناب معاویہ ان کے خلاف تحریری کارروائی کریں۔ اور اپنے ڈرانے اور خوف دلانے والے الفاظ کو عملی جامہ پہنائیں۔ یا اس خیال سے۔ دست بردار ہوکر واپس چلے جائیں۔ تب معاویہ نے یہ سیاسی پہلو اختیار کیا۔ کہ میں مجمع عام میں تم لوگوں کا بیعت کرنا ظاہر کردونگا۔ تاکہ میرا جرار لشکر مطمئن ہو جائے۔ اور کسی قسم کی شورش نہ کرے اور تم لوگ اپنی زبان سے کچھ نہ کہنا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ ان حضرات نے نہ بیعت یزید کی اور نہ اس پر کسی وقت اپنی رضامندی کا اظہار کیا۔

ان واقعات کا حال جب ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ کو معلوم ہوا۔ تو انھوں نے بالمشافہ جناب معاویہ کو جو کچھ سرزنش کی اور جو کچھ گفتگو طرفین میں ہوئی وہ بالتفصیل کتب سیر میں موجود ہے۔

اس واقعہ کو یزید کی خلافت کا سنگ بنیاد قرار دینا یا اپنے ایمان کو خیرباد کہنا یا فیلئے اسلام میں اپنی نافہمی اور لاعلمی کی حماقت پر مہنوانا نہیں تو

Sarkari Millat
His Eminence Maulana Mufti Syed Mohd. Ahmad Sahab Qibla Mujtahid of Sonepat

Shamsulwaizin Maulana Syed Zafar Hasan of Amroha.

Late Mirza Mohd.Jafar Sb. Auj.
of Lucknow
The best Poet of his age.

S. Sarfaraz Hosain Sahab Khabeer
Best Poet of Lucknow

Mirza Saqib Qazilbash
The renowned Poet of Lucknow.

Syed Mohd. Abidi Zaidi
S/o Alhaj Nawab Mir Asghar
Hosain of Bidauli and Grandson
of the Nazim of Oudh. Died 1938.

اس کے اور کیا معنی ہو سکتے ہیں۔

ماسوا اس کے میں کہہ چکا ہوں کہ اہل سنت کے نزدیک خلافت حضرت امام حسن کے ۶ مہینہ خلافت بموجب حدیث صحیح حضرت رسول کریم الخلافة بعدی ثلثون میں سنت ختم ہو گئی تھی۔ لیکن اگر بفرض محال مان بھی لیا جائے تب بھی یہ مسئلہ باقی رہ جاتا ہے کہ جناب معاویہ کو یہ حق تھا بھی کہ نہیں کہ وہ اپنے یزید کے لئے خلافت کی بیعت لیں۔

میں کہتا ہوں کہ جناب معاویہ کو یہ حق کسی طرح حاصل نہ تھا۔ کیونکہ اگر ان کے زمانہ سلطنت کو زمانہ خلافت بھی مان لیا جائے تو یہ خلافت تابع اس معاہدہ کی تھی جو جناب امام حسن اور معاویہ میں ہوا تھا۔ جس کی لازمی شرط یہ تھی کہ امیر معاویہ اپنے کسی کو اپنا جانشین مقرر نہ کریں گے۔ اور اپنے بعد امر خلافت کو عام اہل اسلام کی رائے پر چھوڑیں گے۔ اگر جناب معاویہ نے ایسا کیا تو کیا وہ نقض عہد کے مواخذہ سے بری ہو سکتے ہیں ممکن ہو کہ میرے اس بیان کی تکذیب کے لئے خلیفہ ثانی کی خلافت کے واقعہ سے استدلال کیا جائے۔ کیونکہ ان میں میرے دادا حضرت خلیفہ اول نے خلیفہ مقرر کیا تھا لیکن یہ استدلال صحیح نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ حضرت صدیق نے صحابہ میں سے کسی ایک کو بھی حضرت عمر کی خلافت پر مجبور نہیں کیا تھا۔ بلکہ جب لوگوں نے بھی خلیفہ ثانی کی بیعت کی اور بعد وفات حضرت صدیق کی اگر وہ بیعت نہ کرتے تو خلیفہ اول کا فرمانا ان پر کس حد تک قابل پابندی تھا۔ یہ مسئلہ قابل غور ہے جس پر بحث بیکار اور تبصرہ بے سود ہے۔ یہاں نہ معاملے کی وہ نوعیت ہے نہ وہ صورت

میرے اپنے مسلک کے مطابق خلیفہ ہر وہ مسلمان ہو سکتا ہے جو خلافت کی اہلیت رکھتا ہو۔ خواہ وہ کسی زمانہ اور کسی خاندان سے کیوں نہ ہو۔

خلافت کی اہلیت میں خود بیان نہیں کر سکتا لیکن بیان کرنے والے نے خود بیان کر دی۔ اور خود لفظ خلیفہ ( ) لغوی معنی اس کی وضاحت کر رہے ہیں

قال اللہ تعالیٰ فی الکتب المجید وفیما قال الحمید وعد اللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصلحت لیستخلفنہم فی الارض کما استخلف الذین من قبلہم

دوسری جگہ باری عزت فرماتا ہے یا داود انا جعلنک خلیفۃ فی الارض فاحکم بین الناس بالحق ولا تتبع الہوی

ان دونوں آیتوں سے لفظ خلافت کا مفہوم اور خلیفہ کے اوصاف معلوم ہو جاتے ہیں۔ اور ہر مسلمان اس نتیجہ پر پہونچ جاتا ہے۔ کہ خلافت کا مستحق وہی ہے جس کے عمل صالح جس کا حکم عدل و انصاف کا حکم ہو تمام علماء تمام مورخ اسبات کو تسلیم کرتے ہیں کہ یزید ان اوصاف سے قطعی معرا تھا۔

خود حضرت عمر ابن عبدالعزیز خود اسی خاندان بنو امیہ کے ایک رکن تھے۔ یزید نے پناہ مانگنے اور اس کے خلیفہ ماننے والوں کو سزا دیتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

کیا ان سے زیادہ قابل مصنف کی واقفیت ہو سکتی ہے یا ان کے تبحر علمی یا ان کی دیانت و امانت اور زہد و تقویٰ پر احباب و اغیار موافق و مخالف کسی کو آج تک

حرف گیری کا موقعہ مل سکتا ہے۔

اب اس مسئلہ کو آئندہ کے لئے ملتوی رکھتے ہوئے یزید اور قاتلان امام حسین پر لعنت کرنے یا ان کے کفر کا مسئلہ رہ جاتا ہے۔ اس مسئلہ کے لئے بھی میرے نزدیک خدا کے حکم کے سامنے نہ کسی فتوے کی ضرورت ہے نہ کسی حکم کی۔

تمام مورخین اور تمام علمائے اہل سنت نے اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ یزید نے عبید اللہ ابن زیاد کو اس لئے مامور کیا کہ یا وہ یزید کے لئے حسین کی بیعت لے یا حسین کا سر لائے۔ چنانچہ جناب امام نے جس کو کہا یہی کہا۔ اور شمر ابی الجوشن اور عمر ابن سعد نے امام کی اس آخری استدعا کو کہ مجھے یزید کے پاس بھیج دیا جائے۔ تاکہ میں خود اپنا معاملہ اس سے طے کر لوں ٹھکرا دیا گیا اور جنگ شروع کر دی گئی۔ اور صرف ایک نہیں بلکہ ۷۲ مومن مع امام حسین کے شہید کر دیئے گئے اور بلا کسی قصور کے

اب آیت مندرجہ عنوان کو پڑھنے کے بعد کون مسلمان ہے جو اس کہنے میں تامل کریگا کہ ایک مومن کا قتل کرنے والا جب خدا کے حکم کے مطابق جہنمی اور لعنتی ٹھہرایا گیا ہے۔ تو حسین کے قتل کرنے اور کرانے والے اس سے مستثنےٰ قرار دیئے گئے ہیں

شرح عقائد شرح مقاصد تاریخ الخلفاء اٹھا کر دیکھیے۔ اور یزید اور اس کے اعوان انصار پر لعنت کرنے کا جواز اپنی زبان سے پرہے۔ مہاجرین میں حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی۔ مولانا شاہ عبدالرزاق صاحب حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب و حضرت مولانا عبدالباری صاحب حضرت مولانا عبدالباقی صاحب مہاجر مدینہ وغیرہ سب یزید کے لعنتی ہونے کے قائل ہیں۔

میں پوچھتا ہوں کہ کیا وہ شخص جس پر خدا لعنت کرے۔ اور خدا جس کو اپنا دشمن قرار دے کبھی اور کسی مذہب میں بھی خواہ وہ اسلام ہو یا مجوسی ہونا۔ زرتشتی یا اسرائیلی یعنی عیسوی وموسوی یا ان کے علاوہ تحسین و آفرین کا مستحق قرار پا سکتا ہے نہیں ہرگز نہیں۔ میں نے ہر مذہب کو اپنی استعداد کے لحاظ سے دیکھا ہے اور جہاں پایا یہی پایا ہے۔ کہ خدائے قدوس کے صالح اور پاک بندوں کو ہلاک کرنے والے کا ٹھکانا بجز جہنم یا دوزخ یا نرکھ کے کوئی دوسرا نہیں ہے۔ اور ایسے انسان ہمیشہ خدا کی پھٹکار لعنت اور عذاب میں رہتے ہیں۔

(باقی آئندہ)

ظہور احمد محوی حنفی حمیدی صدیقی بدایونی۔

رباعی

پیدا ہے وفا کربلا کا تجھ سے
معیار بلند ہے وفا کا تجھ سے
اے تیرگی بو لہبی کے فاتح
روشن ہے چراغ مصطفےٰ کا تجھ سے

امام حسین علیہ السلام کے جاں نثار اصحاب کے لاثانی کارنامے

(از حضرت علامہ ڈاکٹر سید مجتبےٰ حسین صاحب کامونپوری پی۔ ایچ۔ ڈی (الازہر)

امام کے خطبہ پر حسینی شیروں کا جوش وخروش

امام نے کربلا پہونچکر ایک خطبہ فرمایا،

لوگ باطل سے باز نہیں آتے، اور حق کی طرف قدم نہیں اٹھاتے۔ فانی لا اری الموت الا سعادۃ والحیاۃ مع الظلمین الا برما میں تو موت کو سعادت ہی سمجھ رہا ہوں۔

حضرت کی یہ تقریر سن کر جاں نثار ابل پڑے اور ابل کر پرجوش تقریروں سے امام کا خیرمقدم کیا۔

فقال زھیر بن القین قد سمعنا ھداک اللہ یا ابن رسول اللہ مقالتک فلو کانت الدنیا باقیۃ وکنا فیھا مخلدون لاثرنا النھوض معک علی الاقامۃ فیھا وقال ھلال بن نافع البجلی واللہ ما کرھنا لقاء ربنا وانا علی نیاتنا وبصائرنا نوالی من والاک ونعادی من عاداک وقال بریر بن حضیر واللہ یا ابن رسول اللہ لقد من اللہ علینا ان نقاتل بین یدیک فیقطع عنک اعضانا ثم یکون جدک شفیعنا یوم القیامۃ (ناسخ ۲۴۳)

زہیر بن قین نے کہا فرزند رسول! ہم نے آپ کا ارشاد سنا اگر دنیا باقی رہے اور ہمیں اس میں ابدی زندگی ملے تو بھی ہم دنیا کی ابدی زندگی پر آپ کی ہمراہی کو ترجیح دیں گے۔ پھر ہلال بن نافع بجلی نے کہا خدا کی قسم ہم نے اپنے خدا کی ملاقات کو مکروہ نہیں سمجھا۔ اور ہم اپنی نیتوں اور بصیرتوں پر قائم ہیں۔ آپ کے دوستوں سے محبت رکھیں گے اور آپ کے دشمنوں کے دشمن رہیں گے۔ پھر بریر بن حضیر نے خدا کی قسم کھا کر کہا فرزند رسول ہم پر تو اللہ نے آپ کے سامنے جہاد کا موقع دے کر احسان کیا۔ اعضا ہمارے آپ کی نصرت میں ٹکڑے ٹکڑے ہوں گے۔ پھر آپ کے نانا قیامت میں ہمارے شفیع ہوں گے۔

فقال لہ یا ابن رسول اللہ انت تعلم ان جدک رسول اللہ لم یقدر ان یشرب الناس محبتہ وقد کان منھم منافقون یعدونہ بالنصر ویضمرون لہ الغدر ویلقونہ باحلی من العسل ویخلفونہ بامر من الحنظل حتی قبضہ اللہ الیہ وان اباک علیا قد کان فی مثل ذلک فقوم قد اجمعوا علی نصرہ وقاتلوا معہ الناکثین والقاسطین والمارقین حتی اتاہ اللہ اجلہ فمضی الی رحمۃ اللہ ورضوانہ وانت الیوم عندنا فی مثل تلک الحالۃ فمن نکث عھدہ وخلع بیعتہ فلن یضر الا نفسہ واللہ

مفن عندنہا نباً راشدًا، معافاً مشہ قاً والا شفقت معن باًفواللہ ما اشفقنا من قدراللہ ولاکرھنا من لقاء اللہ وانا علی نیاتنا و بصائرنا نوالی من والاک ونعادی من عاداک (ناسخ ۲۲۴/۲)

بریر بن خضیر نے کہا فرزند رسول! آپ جانتے ہیں کہ آپ کے نانا رسول خدا اپنی محبت کا پیالہ لوگوں کو نہ پلا سکے کچھ ان میں منافق تھے جو زبان سے نصرت کا وعدہ کرتے تھے اور دل میں عذر کا ارادہ رکھتے تھے ملتے وقت شہد سے زیادہ شیریں اور غیبت میں اندرائن کے پھل سے زیادہ تلخ۔ یہ صورت ان لوگوں نے رسول کی وفات تک کی۔ یہی حالت آپ کے والد علی کی بھی تھی۔ ایک جماعت نے ان کی مدد پر اتفاق کیا۔ اور ان کے ساتھ مل کر ناکثین وقاسطین ومارقین سے جہاد کیا۔ یہاں تک وہ بھی شہید ہوگئے۔ آپ بھی آج ہمارے سامنے اس حالت میں ہیں جو شخص آپ سے عہد شکنی کرے اور بیعت توڑے وہ اپنے نفس کو ضرر پہنچائے گا۔ اور خدا اس سے بے نیاز ہے۔ آپ ہمیں خواہ مشرق خواہ مغرب میں لے چلیں۔ نہ ہم تقدیر الٰہی سے ڈرتے ہیں اور نہ خدا کی ملاقات ہم کو ناگوار ہے ہم اپنی نیتوں اور بصیرتوں پر قائم ہیں آپ کے دوست کے دوست آپ کے دشمن کے دشمن رہیں گے، جون غلام ابوذر غفاری جب امام کی خدمت میں اجازت کیلئے آئے ہیں تو حضرت نے فرمایا کہ میں تمہیں اجازت دیتا ہوں تم یہاں سے چلے جاؤ۔ اور اس مصیبت میں گرفتار نہ ہو۔ جون نے اس کے جواب میں جو کچھ کہا وہ قابل غور ہے۔

نقال یا ابن رسول اللہ انا فی الرخاء الحس قصاعکم وفی الشدۃ اخذلکم واللہ ان ریحی لمنتن وان حسبی للئیم ولونی لاسود فتنفس علی بالجنۃ فی طیب ریحی ویشرف حسبی ویبیض وجہی لا واللہ لا افارقکم حتی یختلط ہذا الدم الاسود مع دمائکم (ناسخ ۲۶۲/۲)

جون نے کہا اے رسول کے بیٹے راحت کے زمانہ میں تو میں آپ کا پیالہ چاٹوں اور سختی کے موقع پر آپ کو چھوڑ دوں۔ بیشک میرے جسم کی بو ناگوار اور میرا حسب رذیل ہے۔ رنگ میرا سیاہ ہے آپ مجھے جنت میں پہونچا کر میری تکلیف دور فرمائیں تاکہ میرے جسم کی بو بھلی معلوم ہو اور حسب میرا شریف اور رنگ میرا سفید ہو جائے۔ خدا کی قسم میں آپ کو نہ چھوڑوں گا جب تک میرا خون سیاہ آپ کے خونوں میں مخلوط نہ ہو جاوے۔

حسینی خطیبوں کی یزیدی فوج کے سامنے عارفانہ تقریریں

قانون الٰہی کے موافق جو ہلاک ہو وہ حجت تمام ہونے کے بعد ہلاک ہو۔ اور جو زندہ رہے وہ حجت تمام ہونے کے بعد زندہ رہے۔ انفال پ۱۰

اسی وجہ سے اہل ایمان اتمام حجت کو ایک بڑا فریضہ جانتے ہیں۔ اور مواعظ ونصائح اور ہدایات میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتے۔

Holy Shrine of the Head of Imam Hosen in Cairo, Egypt

S. JAWAD AHMED
Prosecuting Inspector Lakhimpur

His Holiness Hazrat, Ayatullah Aqa Mirza Mohd Hassan Naeni, The Great Mujtahid of Iraq

S. S. Husain Esq.
(B. A., ALIG.)
Inspector Co-operative Societies U. P. Lucknow.

S. Waheedul Hasan
B. A., LL. B., Govt. Pleader, Cawnpore

Mr. Mohd. Askari Manager Sadat Hostel in the centre.
to his right } S. Ameer Ali Khan } Grandsons of K. B. Nawab Abdulla Khan
to his left } S. Wazeer Ali Khan } of Jansath.

اصحاب حسین نے ایسے تنگ وقت میں کہاں تک اس اصول کو پیش نظر رکھا اور موعظت ونصیحت کو کس انداز واسلوب سے عمل میں لائے۔ مقلبین اس کا معیار مقرر کرنے میں حیران ہیں۔ وہ جوشش تھا جو آج اسٹون اور برک کی مشہور اسپیچوں کو نصیب نہیں فصاحت و بلاغت وہ کہ جس کے جواب کی ہزاروں کے مجمع میں سے کسی ایک کو بھی جرات نہیں ہوئی۔

بریر بن خضیر ہمدانی کا لاجواب خطبہ:- یا قوم اتقوا اللہ فان ثقل محمد قد اصبح بین اظہرکم ھؤلاء ذریتہ وعترتہ وبناتہ وحرمہ فھاتوا ما عندکم وما تریدون بھم افلا تقبلون منھم ان یرجعوا الی المکان الذی جاء منہ ویلکم اھل الکوفۃ انسیتم کتبکم وعہودکم التی اعطیتموھا واشھدتم علیھا یا ویلکم دعوتم اذ دعوتم اھل بیت نبیکم وزعمتم انکم تقتلون انفسکم دونھم حتی اذا اتوکم اسلمتموھم الی ابن زیاد وحلاتموھم عن الفرات بئس ما خلفتم نبیکم من ذریتہ ما لکم لا سقاکم اللہ یوم القیامۃ بئس القوم انتم (ناسخ ۲۵۱ اسرار الشہادۃ ۱۶۶)

اے قوم خدا سے ڈرو یقین مانو کہ محمد کی گراں مایہ امانت تمہارے سامنے ہے۔ یہ محمد کی ذریت اور ان کی عزت اور ان کی بیٹیاں اور ان کے حرم ہیں۔ تمہارا ان کے بارے میں کیا خیال ہے اور ان کے متعلق کیا ارادہ ہے کیا تمہیں ان کی یہ خواہش منظور نہیں کہ یہ جہاں سے آئے ہیں وہیں چلے جائیں۔ وائے ہو تم پر اے اہل کوفہ تم کیا اپنے خطوط کو بھول گئے۔ اور اپنے ان عہدوں کو فراموش کر دیئے جو تم نے کئے تھے اور جس پر تم نے گواہیاں کیں تھیں۔ ہائے افسوس تم نے ان کو اپنے نبی کا اہلبیت سمجھ کر بلایا اور یہ گمان کیا کہ تم ان کے سامنے اپنی جانیں دیدو گے مگر جب وہ آگئے تو تم نے انھیں ابن زیاد کے سپرد کر دیا۔ اور انھیں آب فرات سے روک دیا اور اپنے نبی کی ذریت سے کس قدر برا سلوک کیا۔ خدا تمہیں قیامت میں سیراب نہ کرے۔ تم بہت بری قوم ہو۔

اسلام نے آخری حربہ جو مخالفین کے مقابلہ میں استعمال کیا تھا وہ بظاہر کچھ زیادہ وزنی نہیں تھا۔ مگر حقیقت میں نہایت سنگین تھا جس کا نام مباہلہ ہے۔

(پھر جو لوگ قرآن کا دل ہونے کے بعد عیسیٰ کے بارے میں تم سے محبت کرتے ہیں۔ ان سے کہدو آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں تم اپنے بیٹوں کو بلاؤ ہم اپنی عورتوں کو بلائیں تم اپنی عورتوں کو بلاؤ ہم اپنے نفسوں اور تم اپنے نفسوں کو بلاؤ۔ پھر ہم سب مل کر گڑگڑا کر خدا سے ایک دوسرے پر لعنت کی درخواست کریں (آل عمران ۳/۶۲)

یہ حربہ ہر شخص استعمال نہیں کر سکتا۔ اس حربہ سے وہی کام لے سکتا ہے جسے اپنی حقانیت کا پورا علم ہو جسکے سامنے سے حجاب اٹھ گئے ہوں۔ دیکھو حسینی مجاہد دشمن پر کیوں کر حجت تمام کرتا ہے۔ اور کس طمانیت کے ساتھ مباہلہ کی طرف دعوت دیتا ہے۔

قال ابن حماد وخرج یزید بن معقل فقال یا بریر بن خضیر کیف تری اللہ صنع بک قال واللہ صنع بی خیرا وصنع بک شرا فقال کذبت بل تذکرہا

انا اما شئت فی بنی لوذان" وانت تقول ان عثمان کان علی نفسہ سرفا وان معاویۃ ضال مضل وان امام الهدیٰ والحق علی ابی طالب فقال اشهد ان هذا رأی وقولی فقال یزید هل وانا اشهد انک من الضالین فقال له بریر هل لک ان اباهلک ان یلعن الله الکاذب ولیقتل المبطل ثم اخرج اباریک فخرجا فتباهلا ان یلعن الله الکاذب ولیقتل المبطل ثم تبارزا واختلفا ضربتین ضرب یزید بن معقل بریر بن حضیر فلم یضره شیئاً وضربه بریر ضربة نقدت المغفر وبلغت الدماغ فسقط والیه فی راسه (ناسخ ۲۴۳)

ابن جریر نے اپنی تاریخ میں کہا ہے کہ یزید بن معقل نے میدان میں نکل کر کہا۔ اے بریر تمہیں احساس ہوا کہ اللہ نے تمہارے ساتھ کیا کیا۔ بریر نے کہا سچ ہے میرے ساتھ اس نے بڑی بھلائی کی۔ اور تیرے ساتھ برائی سے پیش آیا۔ یزید نے کہا تم جھوٹ بولتے ہو ذرا اس وقت کو یاد کرو جب ہم تمہارے ساتھ میں سوداں میں جارہے تھے۔ اور تم کہہ رہے تھے کہ عثمان اپنے نفس پر اسراف کرتے ہیں۔ معاویہ گمراہ کن ہے۔ اور امام ہدایت وحق علی ہیں۔ بریر نے کہا بیشک میری رائے اور میرا قول اب بھی یہی ہے۔ یزید نے کہا میں تم کو گمراہ سمجھتا ہوں۔ بریر نے کہا اچھا تم اس بات پر ہم سے مباہلہ کر سکتے ہو۔ خدا جھوٹے پر لعنت کرے۔ پھر وہ باطل پرست کو قتل کرے پھر ہم تجھ سے مقابلہ کریں ہیں نظریہ کے بعد دونوں نے میدان میں نکل کر مباہلہ اور مقابلہ کیا۔ اور دو ضربوں کی رد و بدل ہوئی۔ یزید کا وار خالی گیا۔ اور بریر نے ایسی تلوار ماری جو خود کو کاٹ کر دماغ تک پہونچ گئی اور تلوار زخم سے نکلنے بھی نہ پائی کہ وہ گر کر ہلاک ہوگیا۔

حنظلہ بن سعد شامی کا بے نظیر خطبہ

حنظلہ بن سعد شامی (یہی سعد بن حنظلہ ہیں) امام کے سامنے کھڑے تھے اور جتنے تیر لشکر یزید سے آتے تھے اپنے سینہ پر روک لیتے تھے۔ اور اسلام کش لشکر سے کہتے تھے یا قوم انی اخاف علیکم مثل یوم الاحزاب مثل داب قوم نوح وعاد وثمود والذین من بعدهم وما الله یرید ظلما للعباد ویا قوم انی اخاف علیکم عذاب یوم التناد یوم تولوا مدبرین ما لکم من الله من عاصم یا قوم لا تقتلوا حسینا فیسحتکم الله بعذاب وقد خاب من افتریٰ (ناسخ ۲۴۴ اسرار ۲۹۲)

اے قوم میں تجھ پر یوم الاحزاب اور قوم نوح وعاد وثمود اور ان کے مابعد والے لوگوں کی طرح عذاب کا خوف کرتا ہوں۔ اور اللہ اپنے بندوں پر ظلم کا ارادہ نہیں کرتا اور اے قوم میں تجھ پر عذاب روز قیامت کا خوف کرتا ہوں جس روز کہ تم منہ پھیر کر جہنم کی طرف پلٹو گے۔ اور عذاب خدا سے کوئی بچانے والا نہ ہوگا۔ اے قوم حسین کو قتل نہ کرو ورنہ عذاب خدا میں گرفتار ہو جاؤ گی۔ دیکھو جس نے خدا پر افترا کیا وہ گھاٹے میں رہا۔

وخرج زهیر بن القین علی فرس له فی السلاح

فقال یا اهل الکوفة ان حقا علی المسلم نصیحة المسلم ونحن حتی الان اخوة علی دین واحد مالم یقع بیننا وبینکم السیف فاذا وقع السیف انقطعت العصمة وکنا نحن وانتم امة واحدة ان اللہ قد ابتلانا وایاکم بذریة محمد لینظر ما نحن وانتم عاملون انا ندعوکم الی نصرهم وخذلان الطاغیة عبید اللہ بن زیاد فانکم لا تدرکون منه ومن عمر بن سعد الا سوء تقطعات ایدیکم وارجلکم ویمثلان بکم علی جذوع النخیل ویقتلان امثالکم امثال حجر بن عدی واصحابه وهانی بن عروة واشباهه ـ قال فسبوه ـ فقال لهم یا عباد اللہ ان ولد فاطمة احق بالود والنصر من ابن سمیة فان کنتم لم تنصروهم فاعیذکم باللہ ان تقتلوهم (اسرار الشهادة ۲۶۸)

زہیر بن قیس اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر ہتھیار لگائے برآمد ہوئے اور فرمایا کہ اے اہل کوفہ ہر مسلمان کو دوسرے مسلمان کی نصیحت کا حق حاصل ہے اور ہم تم ایک دین پر ہونے کی وجہ سے بھائی بھائی ہیں. جب تک ہم سے تم سے تلوار نہ چلے اور جب تلوار چل گئی تو برادری منقطع ہوگئی ہم تم ایک امت ہیں. اللہ نے ہمیں اور تمہیں ذریت محمد کے بارے میں آزمایا ہے تاکہ وہ دیکھے کہ ہم تم کیا طرز عمل اختیار کرتے ہیں. ہم تم کو ذریت محمد کی نصرت اور عبید اللہ بن زیاد سرکش سے دستبردار ہونیکی دعوت دیتے ہیں. اس لئے کہ تم اس سے اور عمر بن سعد سے سوائے برائی کے کچھ نہ پاؤگے وہ دونوں تمہارے ہاتھ پاؤں کاٹیں گے اور درخت خرما کی شاخوں میں تم کو لٹکائیں گے اور تم لوگوں کو حجر بن عدی اور انکے ساتھی ہانی بن عروہ وغیرہ کی طرح قتل کرینگے۔ راوی لکھتا ہے کہ اس تقریر کا جواب دشمنوں کی طرف سے دشنام کے ساتھ دیا گیا. مگر آپ نے تحمل کرکے جواب دیا بندگان خدا! اولاد فاطمہ بنت رسول اللہ ابن سمیہ کی محبت ونصرت کے زیادہ حقدار ہے اگر تم ان کی نصرت نہیں کرتے تو میں ان کے قتل کرنے سے تم کو خدا کی پناہ میں دیتا ہوں. ان کے قتل ہی سے باز رہو۔

حر بن یزید ریاحی کی معرکتہ الآرا تقریر

یا اهل الکوفة لامکم الهبل والعبر دعوتم هذا العبد الصالح حتی اذا جاءکم اسلمتموه وزعمتم انکم قاتلوا انفسکم دونه ثم عدوتم علیه لتقتلوه امسکتم بنفسه واخذتم بکلکله واحطتم به من کل جانب لتمنعوه التوجه الی بلاد اللہ العریضة فصار کالاسیر فی ایدیکم لا یملک لنفسه نفعا ولا یدفع عنها ضرا وحلاتموه ونسائه وصبیته واهله من ماء الفرات الجاری تشربه الیهود والنصاری والمجوس ویتمرغ فیه خنازیر السواد وکلابه وها هم قد صرعهم العطش بئسما خلفتم محمدا فی ذریته لا سقاکم اللہ یوم الظماء (ناسخ ص۲۵)

کوفیو! تمہاری مائیں روئیں پیٹیں تم نے اس نیک بندے کو بلایا اور جب وہ تمہارے پاس آیا تم نے اس کو چھوڑ دیا پہلے تم نے یہ گمان کیا تھا کہ تم اس کی مدد کروگے پہلے تم نے یہ کہا تھا کہ تم اپنی جانیں اس پر نثار کروگے. پھر تم اس کے

ساتھ دھوکے سے پیش آئے۔ اور اس کے قتل کا ارادہ کرکے اسے مجبور بنا دیا۔ اور اُسے ہر طرف سے گھیر لیا تاکہ وہ خدا کے وسیع ملک میں نہ جا سکے۔ اب وہ تمہارے ہاتھوں میں گویا اسیر ہے۔ نہ اپنے کو نفع پہونچا سکتا ہے اور نہ مضرت کو دور کر سکتا ہے۔ تم نے اسکو اور اسکے بچوں کو فرات کے آب جاری سے روک دیا ہے جسے یہود و نصاریٰ پی رہے ہیں۔ اور عراق کے سور اور کتے اس میں لوٹ رہے ہیں۔ اور اب وہ پیاس کے مارے تڑپ رہے ہیں کیا بُرا سلوک کیا تم نے ذریت محمد سے خدا تم کو قیامت میں سیراب نہ کرے۔

تبصرہ ان خطبوں کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد جہاں ان خطیبوں کے حسن تکلم اور قادر الکلامی، فصاحت و بلاغت۔ جوش ایمانی انتہائی استقلال و شجاعت کی کھلی ہوئی نشانیاں موجود ہیں وہاں جدال حسن اور اتمام حجت کے بھی بے نظیر نمونے نظر آ رہے ہیں۔ الحق ایسے نازک وقت میں یہ عینیت اور اصول تبلیغ کی یہ مراعات اور اتمام حجت کا یہ لحاظ انہیں بہادروں کا کام تھا۔ وقت اور موقع کا خیال مخاطبین کی حیثیت کا لحاظ ادائے مطلب کا طرز۔ حجت کے تمام کرنے کا طریقہ استدلال کا عنوان یہ سب ہی باتیں تو ان خطبوں میں قابل غور اور لائق فکر ہیں۔

دیکھو ایک مختصر سی۔ مظلوم اور مجبور اور چاروں طرف سے گھری ہوئی جماعت کا ایک تشنہ لب خطیب بریر بن خضیر ایک ظالم و جابر و متغلب اور اسلام کش کلمہ گویوں کی بے شمار جماعت کو حدیث ثقلین یاد دلا کر حجت تمام کر رہا ہے اور اس مرجع ملامت قوم کو اس کے ناروا حرکات اور غدارانہ چالوں پر متنبہ کرکے جدال حسن کی تعمیل کر رہا ہے اور کس خوبی سے اس محو یہ شامی مجمع میں بھی علی کی حقیقت اور اغیار کی ناحق کوشش کو واضح کرکے انتہائی شجاعت و یقین کے مظاہرے میں مباہلہ کی دعوت دیتا ہے۔ اور دوسرا خطیب حنظلہ بن سعد کس طرح مثالیں دے دیکر اس منحوس قوم کو عذاب الٰہی اور اس کے عدل سے ڈراتا ہے اور تیسرا خطیب زہیر بن قین کلام نرم کی تعمیل میں کیسے کیسے نرم الفاظ۔ ناصحانہ انداز برادرانہ و مخلصانہ طور سے اس ناانصاف قوم کو سمجھاتا ہے۔ اور اسکے لالچ کے اتمام پر اسکو متنبہ کرکے دشنام کا جواب صبر و تحمل سے دے کر کسی طرح اپنے مطلب پر آتا ہے۔ اور اس خونخوار مجمع کو دختر رسول کا واسطہ دے کر مظلوم حسین کے قتل سے باز رکھنے کی کوشش کرتا ہے اور چوتھا خطیب حر بن یزید ریاحی ایک تازہ مسلمان ہونے سے غیض و غضب اور جوش میں ڈوبا ہوا ہے اسلئے اس کے ابتدائی الفاظ کسقدر سخت ہیں مگر فوراً ہی وہ اپنے مطلب پر آ جاتا ہے اور اس ظالم قوم کو متنبہ کرکے اپنے حق کو ادا کر دیتا ہے۔ لیکن وہ دشمن ناشنو کی طرح متوجہ نہیں ہوتے۔

جنت کے دلکش نظارے حسینی اصحاب کی معراج

مسکرا کر شہ والا نے کہا کیا دیکھا
وہ پکارے ثمر الفت مولا دیکھا
جیتے جی جنت فردوس کا جلوا دیکھا
اپنے گھر دیکھ لئے سایۂ طوبےٰ دیکھا

دیر اب کتنی ہے مرنے میں ہمارے مولا
جان و دل لے گئے حوروں کے اشارے مولا

شاعر نے جس مضمون کو ادا کیا ہے وہ اسلام کی مختلف کتابوں میں موجود ہے۔ شیخ قطب الدین راوندی ابوحمزہ ثمالی سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت علی بن الحسین فرماتے تھے۔ جس شب کی صبح کو شہید ہونے والے تھے۔ آپ نے اپنے اصحاب کو جمع کر کے فرمایا ،، یزیدیوں" کو میرے سوا کسی سے غرض نہیں۔ پر وہ شب حائل ہے۔ تم واپس چلے جاؤ۔ میں اپنی محبت تم سے اٹھائے لیتا ہوں۔ صحابہ نے ایک زبان ہو کر کہا ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ امام نے فرمایا کل کوئی نہیں بچے گا۔ صحابہ نے کہا خدا کا شکر اس نے ہمیں آپ کے ساتھ شہید ہونے کے شرف سے ممتاز فرمایا۔ امام نے اس آزمائش کے بعد فرمایا:۔

ارفعوا رؤسکم وانظروا فجعلوا ینظرون الی مواضعھم ومنازلھم فی الجنة وھو یقول ھذا منزلک یا فلان وکان الرجل یستقبل الرماح والسیوف بصدرہ ووجھہ لیصل الی منزلہ فی الجنة

(ناسخ۔ اسرار) الخرائج والجرائح۔ بحار شفاء الصدور)

اچھا اپنے سر اٹھا کر دیکھو۔ ان لوگوں کو اپنے مقامات اور منزلیں جنت میں نظر آنے لگیں۔ امام فرماتے جاتے تھے اے فلاں یہ تیری منزل ہے۔ یہ تیری منزل ہے اور اسی وجہ سے نیزوں اور تلواروں کو اپنے سینوں سے روکتے تھے کہ جنت میں اپنی منزل پر پہنچ جائیں۔

مقتل ابومخنف اور مہیج الاحزان میں ذیل کی عبارت ہے
قال یا اصحابی ان ھذہ الجنة فقد فتحت ابوابھا والتصلت انھارھا۔ واینعت ثمارھا۔ وزینت قصورھا وتولفت ولدانھا وحورھا وھذا رسول اللہ والشھداء الذین معہ وابی وامی یتوقعون قدومکم ویتباشرون بکم وھم مشتاقون الیکم

(مقتل ابومخنف ۴۲ مہیج ۱۹۴)

فرمایا یقین جانو یہ جنت ہے جس کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں اور نہریں اسکے متصل ہیں وہ میوے اس کے رسیدہ ہو گئے۔ قصر اس کے مزین ہیں۔ حور و غلمان اسکے آراستہ ہیں۔ یہ رسول اللہ اور ان کے ساتھ کے شہداء اور میرے والدین تمہارے آنے کے منتظر ہیں تم کو بشارت دے رہے ہیں اور تمہارے مشتاق ہیں۔

صدوق عمارہ کی سند سے علل الشرائع میں روایت کرتے ہیں کہ آل محمد سے پوچھا گیا کہ حسین اصحاب مرنے پر اس قدر کمربستہ کیوں تھے۔ فرمایا ان کی آنکھوں سے پردے اٹھا دیئے گئے تھے۔ تاکہ حوروں سے بغلگیر ہوں اور جنت میں اپنی جگہ پر قابض ہو۔ (شفاء الصدور ۲۹۶)

معززاصحاب کی آنکھوں سے پرکدورت دنیا میں ہر مرتبہ حجاب کا اٹھنا اور انکا جنت کو گہری نظر سے دیکھ لینا ہماری آنکھوں سے ان کے فضائل اور خصوصیات کے پردے اٹھائے دیتا ہے کیونکہ یہ مشاہدہ عرفاء کے اصطلاحی مکاشفہ سے بہت بالاتر تھا۔ اسلئے مراد عرفاء کی مکاشفہ سے یہ ہے کہ "جسم برزخی" عین کاشف" کے سامنے آجائے اور یہاں جسم برزخی کا مشاہدہ نہ تھا بلکہ عین جنت آنکھوں کے سامنے تھی۔

(اسرار صفحہ ۲۷)

تبصرہ

کہا جاتا ہے (۱) کہ انسان جنت کو کوئی دیکھ ہی نہیں سکتا۔ جو روایات بتاتے ہیں کہ جنت میں دیکھی گئی ان کی تائید جب تک قرآن سے نہ ہو اسوقت تک میزان اعتبار میں انکا کوئی وزن قائم نہیں ہو سکتا۔ اسکا جواب یہ ہے کہ قرآن کی ذیل کی آیت اس موضوع پر روشنی ڈالتی ہے۔

والذین قتلوا فی سبیل اللّٰہ فلن یضل اعمالھم سیھدیھم ویصلح بالھم ویدخلھم الجنۃ عرفھا لھم (محمد ۱؎) وہ لوگ جو خدا کی راہ میں قتل ہوگئے ان کی کارگذاریوں کو خدا اکارت نہ کرے گا۔ اور عنقریب ان کو منزلِ مقصود پر پہونچا دیگا۔ اور ان کی حالت درست کر دے گا اور انھیں جنت میں داخل کر دے گا جسکا انھیں پہلے سے شناسا کر رکھیگا۔ جلہ عرفھا لھم اس امر پر کہ دنیا میں جنت دیکھنے کا امکان ہے کافی روشنی ڈال رہا ہے اور شہیدوں کے لئے دنیا ہی میں معائنہ جنت کی تجویز کو تقویت دے رہا ہے۔

(۲) کہا جاتا ہے کہ اگر ایک انسان جنت کی زیبائشوں سے اپنی آنکھوں کو جلوہ گاہ بنائے تو اسکی جامع مثال ارضی مجاذب اور مقناطیسی و مرکزی کشش ہے یعنی اگر حسین اصحاب نے جنت کا معائنہ اور حور و قصور کی زیارت کر لی تو انکا جنت کیطرف کھنچ جانا ایک لابدی امر تھا۔ اور ایسی صورت میں ان کے کارنامہ جوذر سے اور اختیار سے نہ تھے بلکہ جو کچھ اس موقعہ پر کہا جاسکتا ہے وہ جنت کی پر زور کشش ہے مقناطیس اگر لوہے کو کھینچ لے تو اس سے لوہے کی کوئی مدح نہیں کی جاسکتی۔ بلکہ مقناطیس کا زور تجاذب بیان کیا جاسکتا ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ جنت کے دیکھنے اور انسان کے کھنچ جانے میں کوئی جزم عقلی نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے جنت کا نظارہ قلب میں کوئی تڑپ نہ پیدا کرے۔ شیطان نے جنت کے زاویوں کا حسن اطمینانی نظر سے معائنہ کیا ہوگا وہ ظاہر ہے۔ مگر باوجود اس کے جنت اسکو کھینچ نہ سکی۔ اس نے نہایت آزادی سے خدا کی نافرمانی کی۔ اور جنت کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خیرباد کہدیا۔ (اعراف ۱۴؎)

ہمیں جنت کے جاذب نظر ہونے میں کلام نہیں لیکن اگر ناظر جذب ہونے کا ارادہ نہ کرے تو وہ کمند ڈال کر جذب نہیں کر سکتی۔ اب رہا جذب مقناطیسی پر معائنہ جنت کا قیاس وہ کسی طرح درست نہیں ہے مقناطیس میں قوت جاذبہ ضرور ہے۔ مگر وہ لوہے کو اس لئے کھینچتا ہے کہ لوہے میں بھی جذب ہونے کی صلاحیت ہے، وہ پتھر کو جذب نہیں کر سکتا کیوں کہ پتھر میں جذب کی صلاحیت نہیں ہے۔ مقناطیس میں قوت جاذبہ ہے لیکن اگر لوہے اور مقناطیس کے درمیان کوئی پتھری چیز حائل ہو اور پھر بھی لوہا مقناطیس کی طرف اڑ جائے تو ہم جانیں۔ معائنہ جنت میں کشش ہے اور اصحاب حسین میں کھنچ جانے کی صلاحیت مگر وصال اور جنت کی شاہراہ میں حب نفس کا بڑا وزنی پتھر حائل ہے اپنی ہی گردن کے خون کے ریلے سے اس پتھر کو بہا دیں تو منزل مقصود تک پہونچیں۔ پھر قابل غور یہ بات ہے کہ جنت تو ان کو ایکمرتبہ دکھا دی گئی تھی۔ اگر جنت کی تصویر ہر وقت ان کے پیش نظر رہتی تو وہ تصویر کو سامنے رکھکر

اپنی جان تلف کر کے اپنے خون سے اس میں رنگ بھر سکتے تھے۔ حالانکہ یہ بالکل خلاف واقعہ ہے۔

اقلیدس کے اصول موضوعہ کی طرح یہ امر محتاج دلیل نہیں ہے کہ اگر پتیلی کو لبریز کر کے آگ پر رکھو گے تو وہ ابل پڑے گی ایک بھوکے کے سامنے لطیف کھانے چن دیئے جائیں گے تو وہ ٹوٹ پڑیگا۔ ایک شخص کو اگر اسکی امید سے بہت زیادہ بلند بام ترقی پر چڑھا دیا جائے گا تو وہ انتہائی مسرت میں اپنے کو کوٹھے سے گرا کر ہلاک کر دیگا۔ وہ مخبوط الحواس ہو جائے گا۔ دیکھو ایک وصال کا بھوکا جب کامیاب ہوتا ہے اور اسے دولت کی زیارت نصیب ہوتی ہے تو وہ اس نعمت کے ملنے کی وجدانی مسرت اسے شادی مرگ میں مبتلا کر دیتا ہے غالب نے اس فلسفہ کو ذیل کے شعر میں نظم کیا ہے

خوش ہوتے ہیں پر وصل میں یوں مر نہیں جاتے
آئی شب ہجراں کی تمنا مرے آگے

اس نظریہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے جنت کا معائنہ اصحاب کے کمال عرفان اور حالات کی دلیل ہے۔ اگر اس موقع پر کچھ اور تنگ نظر افراد ہوتے تو وہ اس سے اپنے بہبود کے خلاف جلد بازی سے کام لے کر جنت کے دیدار کا خودکشی سے استقبال کرتے، انتہائے شوق بے امتیاز اور غیر معتدل عنوان سے گردنوں کو ناپتا۔ اور اس خیال کی اجازت نہ دیتا کہ ہم جنگ کی ابتدا کر رہے ہیں۔ یا دفاعی اقدام کر رہے ہیں۔

علاوہ اس کے ایک بے دین جماعت کہہ سکتی ہے کہ معاذ اللہ یہ بنی ہاشم کی طلسم کاریاں۔ اور ساحرانہ کرشمے ہیں۔ مگر حسین کے جانثاروں نے خود سے اپنے ہاتھوں اور پیروں میں ہتھکڑیاں اور بیڑیاں ڈال لی تھیں۔ اگر اس جگہ کوئی دوسرا ہوتا تو فرط شوق میں امام سے اجازت کی بھی ضرورت نہ سمجھتا۔ اور اپنے کو لشکر مخالف پر ڈال دیتا۔ مگر حسین کے اصحاب کی شان شوق "عمومی نتایج سے بالکل جداگانہ تھی کوئی شخص بغیر اذن امام کے ایک قدم آگے نہیں بڑھاتا تھا۔ اور اگر کوئی اتفاقی بڑھ گیا تو فوراً واپس آتا تھا۔ اور امام سے عفو کا طالب ہوتا تھا اتنے بڑے معرکہ میں ان امور کا خیال ایک حیرت انگیز طمانیت اور سکون کا پتہ دیتا ہے۔ عروہ (حر کا غلام) اپنے مالک کی شہادت کے بد بیخود ہو کر بغیر اجازت امام جنگ کے لئے چلے گئے تھے جب یہ خیال آیا تو فوراً پلٹے اور عرض کیا کہ فرزند رسول مجھے عفو فرمایئے۔ میں آپ سے بغیر رخصت حر کے قتل سے بے خود ہو کر بڑھ گیا تھا۔

مجتبیٰ حسن کاموں پوری
ڈاکٹر تاریخ و فلسفہ اخلاق و علوم تربیت حمیدہ
از یونیورسٹی مصر وصدر الافاضل جامعہ سلطانیہ
و فقہ فاضل الہ آباد۔

سلام

رشحات قلم حقیقت رقم امیر ابن امیر عالی جناب نواب تراب یار جنگ بہادر سعید دام اقبالہٗ جاگیردار حیدرآباد دکن

بسر کرتا ہوں اپنی عمر اسی امید وارماں میں
جو مرنا ہے تو مر جاؤں غمِ شاہِ شہیداں میں

احد میں، بدر میں، خیبر میں اور خندق کے میداں میں
علیؑ کی تیغ کیا تھی ایک حملہ تھی لعزو ایماں میں

خدا حافظ ہے اُن سب کا جوان میں رہنے والے ہیں
پڑے ہیں چند خیمے گرم ریتی پر بیاباں میں

ذرا دیکھو نگاہِ غور سے تو اے مسلمانو
پڑے ہیں تفرقے کیسے مسلماں در مسلماں میں

علیؑ کی تیغ جس غزوے میں چمکی یہ دُہائی تھی
خدائی جس کے قبضہ میں ہے آیا ہے وہ میداں میں

علیؑ کا بستر احمدؐ پہ سو رہنا ضروری تھا
نہ ہوتا یہ تو پھر کیا تھا شبِ ہجرت کے ساماں میں

فرات آ جائے کھچ کر پاس قدموں کے تعجب کیا
علی اصغرؑ کو لے کر شاہِ دیں آئے ہیں میداں میں

کنارہ جن کا جنت ہے وہ ہے بحرِ غمِ سرورؑ
مجھے ساحل نظر آنے لگا اشکوں کے طوفاں میں

سعید اپنا عقیدہ ہے کہ ہیں آٹھوں بہشت اپنے
پہنچ جانا ہے ہم کو روضۂ شاہِ خراساں میں

سلام دیگر

ہوئی معراج آنکھوں کو غمِ سبطِ پیمبر میں
ہمارے آنسوؤں کے تار ہیں زہراؑ کی چادر میں

نجف نظروں میں ہے میں ہوں غدیرِ خم کا متوالا
شرابِ حُبِّ حیدر بھر رہا ہوں دل کے ساغر میں

نہ تھے پیوند وہ تھے آیۂ تطہیر کے جلوے
بنی تھیں صورتیں قرآن کی زہراؑ کی چادر میں

زباں پر یا علی آنکھوں میں اشک ماتمِ سرور
پہنچنا ہے تو پہنچوں گا اسی صورت سے محشر میں

سعید اپنی جبیں کی یہ لکیریں صاف کہتی ہیں
زیارت چودہ معصوموں کی لکھی ہے مقدر میں

His High Eminence Dr S Mujtaba Hasan Kamoonpuri—Doctor of Philosophy and Islamic History (Al Azhar Egypt)

Syed Sultan Hosain Esq
Lucknow

Khan Bahadur M. S. Sajjad Hosain Sahab Bahadur
Retired Assistant Resident
Gwaliar.

S Haidar Abidi Esq.
B Sc (Alig.)
Hon Magistrate and Rais
Naugawan Sadat, Dist Moradabad

Late Nawab Ahsan Ali Khan Sahib Bahadur

Al-Haj Nawab Ehsan Ali Khan Sahib Bahadur

Hur.—Reason says, "Connive at shame and seek also no honour;" but Love says, "Why hast thou held thy tongue from speaking?" Unsheath the glittering sword, and put the world in confusion; slay the horse and his rider one after the other, and make streams of blood flow.

'Abbas.—I am standard-bearer of the army of Husain the king over land and sea. Nay, I am a slave born in the house of the family of God's Prophet. Be good enough to tell me the number of thy army, and please give me full information about the same.

کمر اکبرؑ نے مرنے پر کسی ہے
بحسرت ماں پسر کو دیکھتی ہے

پڑا ہے بے کفن سرورؑ کا لاشہ
زمینِ کربلا تھرا رہی ہے

لیئے زانو پہ سر شبیرؑ چپ ہیں
پسر کو موت کی ہچکی لگی ہے

ضریحِ پاک کی کرلیں زیارت
یہی اب شادؔ کے دل سے لگی ہے

تذکرۃ المشاہیر

نواب محمد ابوالحسن خاں صاحب بہادر ثالث۔ شوکت جنگ

حسام الدولہ سابع دام عزہ وعلاہ

آپ خاندان شوکت جنگی کے ایک زبردست رکن اور حیدرآباد فرخندہ بنیاد کے معزز و قدیم امراً سے ہیں جن کی وفاداری جان نثاری خیرخواہی ضرب المثل اور اولوالعزمی اور علوہمتی شان و شوکت قدر و منزلت مسلم ہے آپ نے اردو فارسی میں انتہائی درجہ تک تعلیم حاصل کرکے اسناد حاصل کی ہیں اور اپنے والد ماجد کے انتقال کے بعد تمامی اعزاز و مناصب جاگیرات و خطابات آبائی سے سرفرازی پائی اور اپنی تعلیم کی طرف متوجہ ہوئے۔ ذاتی ذوق و شوق کی وجہ سے بہت جلد میٹرک تک کامیابی حاصل کی۔ آپ تین۳ سال کے تھے کہ آپ کے سر سے والد بزرگوار کا سایہ اُٹھ گیا والد بزرگوار کے انتقال کے بعد آپ قانون کی طرف متوجہ ہوئے۔ اس میں نیز مال اور عدالتی سررشتہ جات میں آپ نے بدرجۂ اعلیٰ کامیابی حاصل فرمائی۔ مجلس وضع آئین و قوانین اور صفائی بلدہ چادرگھاٹ کے رکن اور میر مجلس ایک زمانہ دراز تک رہ کر ملکی خدمات انجام دیں۔ آپ سیر و سیاحت کے بڑے دل دادہ ہیں۔ چنانچہ ہندوستان کے بڑے بڑے اور مشہور و معروف مقامات کی آپ نے سیاحت فرمائی اور دوران سیاحت میں وہاں کے حالات آئین و قوانین اور طرز حکومت و معاشرت کی اسٹڈی کی آپ کے جنرل معلومات کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ اب بھی آپ اپنے معلومات کو وسعت دینے میں ہمیشہ کوشاں رہتے ہیں۔

امرا حیدرآباد دکن میں آپ کی ایک ممتاز ہستی ہے۔ الحق کہ آپ کی ذات ستودہ صفات سے ہر کسی کو فائدہ پہونچتا ہے۔ حضور اقدس و اعلیٰ خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کو آپ پر اعتماد کلی ہے اور آپ کو بھی ملازمان بندگان عالی مدظلہ العالی سے خاص عقیدت ہے وفاشعاری، فرماں برداری اور جان نثاری آپ کا آبائی شیوہ ہے چنانچہ آپ بھی الولد سر لابیہ کے مصداق ملک و مالک کی بہی خواہی کو اپنا اولین فریضہ سمجھتے ہیں۔ ہمیشہ ظل اللہ کی مداحی میں رطب اللسان

رہتے ہیں جو آپ کی عین عقیدت مندی پر دال ہے۔ وضع امیرانہ کے پابند جلیل القدر عالی حوصلہ زندہ دل علم دوست سادات نواز اور غربا پرور امیر ہیں آپ کی جاگیر کی آمدنی کا ایک بہت بڑا حصہ سادات اور غربا کی پرورش میں صرف ہوتا ہے۔ نہایت حلیم الطبع منکسر المزاج نواب ہیں۔ باوجود جاہ و جلالت شان و شوکت کے غرور و تمکنت آپ میں نام کو نہیں ہر کسی سے بہ کشادہ پیشانی پیش آتے ہیں خاص کر غریبوں سے نہایت تپاک سے ملتے ہیں اہل علم کی عزت اور سادات کی حرمت کرتے ہیں۔ خلق اللہ کی خدمت اور ان کے ساتھ دامے درمے سخنے قدمے سلوک کرنے سے دریغ نہیں کرتے۔

شادی اور اولاد:۔ آپ کے والد مرحوم کی عین حیات میں آپ کی شادی نہایت تزک و احتشام سے "نواب میر مہدی علی خاں" شمشیر جنگ مرحوم اول معین المہام و رکن کیبنٹ کونسل کی چھوٹی صاحبزادی صاحبہ سے ہوئی۔ ان کے بطن سے دو لائق فائق صاحبزادے اور تین صاحبزادیاں خداوند کریم نے عنایت فرمائیں۔

(۱) نواب محمد کاظم علی خاں بہادر کاظم بی اے (عثمانیہ)

(۲) نواب محمد جعفر علی خاں بہادر اور صاحبزادی محل نواب مرزا حسین خاں مرحوم خلف نواب معتمد الدولہ جن کے فرزند نواب محمد علی خاں بہادر ہیں (۲) محل نواب عنایت جنگ بہادر (۳) محل ڈاکٹر نواب میر جعفر علی خاں بہادر پی۔ ایچ۔ ڈی جرمن۔ فرزند نواب شجاع الملک مرحوم نبیرہ خانخانان مرحوم۔

(نواب محمد کاظم علی خاں بہادر) آپ ہمارے معزز صاحب تذکرہ کے لایق فرزند اکبر اور نواب شمشیر جنگ مرحوم اول کے نواسے ہیں آپ نے اپنے والد ماجد کے زیر نگرانی قابل اساتذہ سے اردو فارسی عربی انگریزی کی تعلیم اولاً گھر پہ حاصل فرمائی زاں بعد مدرسہ عالیہ میں شریک ہوئے اس کے بعد عثمانیہ یونیورسٹی سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل فرمائی۔ اور پانچ شہریور ۱۳۴۳ف میں سلک ملازمت سرکار عالی میں بحیثیت دوم تعلقدار داخل ہوئے اُس وقت آپ کا مستقر ضلع ورنگل تھا۔ آپ کی ذاتی قابلیت اور نمایاں کارگزاری کی بنا پر آپ کو محکمہ سرکار معتمدی مالگزاری میں بحیثیت مددگار معتمد صیغہ مرافعہ پر طلب کیا گیا جس کو نہایت قابلیت سے انجام دے رہے ہیں اور ہمیں قوی اُمید ہے کہ بہت جلد مال کے اعلیٰ عہدہ پر فائز ہو کر اس سے زیادہ ملک و مالک کے گراں قدر خدمات انجام دینے کا موقع ملیگا اور خطابات سے بھی مفتخر فرمائے جائیں گے۔ آپ مجسم اخلاق خوش لہجہ خوش مزاج خوش رفتار نواب زادے ہیں۔ آپ پر ہمارے معزز صاحب

تذکرہ جس قدر فخر و ناز کریں کم ہیں جو جو خوبیاں آپ میں مجتمع ہیں دوسرے افراد میں کم دکھائی دیں گی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ آپ مذہب کے شیدا مولا کے فدائی ہیں۔ سنہ ۱۳۴۱ھ میں آپ کی شادی نواب شجاع الملک خلف اکبر نواب خانخاناں مرحوم کی دختر سے ہوئی جن کے بطن سے آپ کے صاحبزادہ مہدی علی خاں اور صاحبزادی ہیں۔ آپ ایک بہترین شاعر بھی ہیں کاظم تخلص فرماتے ہیں۔ حیدرآباد کے نامی گرامی شعراء میں آپ کا شمار ہے۔ اصناف سخن پر آپ کو قدرت حاصل ہے۔ مگر جہاں تک علم ہے آج تک آل اللہ کی منقبت کے سوائے کسی دوسرے صنف سخن پر طبیعت آزمائی نہیں فرمائی سلاست زبان اور فصاحت بیان کے اعتبار سے آپ کا ہر شعر آبدار ہونے کے علاوہ حقیقت اور عقیدت کا آئینہ دار ہے۔

آپ ہر سال ۱۲ محرم کو اپنی دیوڑھی میں مجلس عزا سید الشہدا علیہ التحیۃ و الثناء برپا کرتے ہیں اپنے تازہ طویل مرثیہ سے غلامان حیدری اور عزاداران حسینؑ کو محظوظ و مثاب فرماتے ہیں۔

(نواب محمد جعفر علی خان بہادر) ہماری معزز صاحب تذکرہ کے چھوٹے فرزند ارجمند ہیں آپ نے بھی اپنے والد کے زیر نگرانی قابل اساتذہ سے اردو فارسی اور انگریزی تعلیم حاصل فرمائی بعد ازاں بعد مدرسہ عالیہ میں شریک ہو کر انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں کامیابی حاصل فرمائی سنہ ۱۳۴۱ھ میں سلک ملازمت سرکار عالی میں بحیثیت مہتمم کروڑگیری داخل ہوئے آپ کی شادی سنہ ۱۳۴۱ ہجری میں نواب میر علی محمد خاں شمشیر جنگ ثانی کی دختر سے ہوئی۔

جن سے بالفعل ایک دختر ہے۔

مختصر حالات عالیجناب میرزا عبد اللطیف خاں صاحب المخاطب بہ نواب لطیف نواز جنگ بہادر دام اقبالہ

آپ بلدہ فرخندہ بنیاد حیدرآباد میں سنہ ۱۳۰۵ف میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گھر ہی میں پائی۔ اس کے بعد مدرسۂ عالیہ نظام کالج میں شریک ہوئے۔ اور انٹرنس میں بمبئی یونیورسٹی سے کامیاب ہوئے۔ السنہ مشرقیہ کے امتحان منشی میں آپ بدرجہ اعزازی دآنرز کامیاب ہوئے اور امتحان عہدہ داران مال اور جوڈیشل ڈپارٹمنٹ میں بدرجہ اعلیٰ کامیاب ہوئے۔ آپ نے فارسی اور عربی کی ابتدائی تعلیم مولانا حیدر علی صاحب قبلہ مرحوم سے پائی اور اس کے بعد صدر العلماء مولانا مولوی سید غلام حسین صاحب

قبلہ مرحوم اور مولانا مولوی سید علی حیدر صاحب قبلہ المخاطب بہ نواب حیدر یار جنگ بہادر طباطبائی مرحوم سے فیض درس حاصل کیا۔ آپ اس وقت مددگار معتمد سرکار عالی صیغۂ تجارت وصنعت وحرفت کے عہدہ پر مامور ہیں آپ کو حضرت اقدس واعلیٰ خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کے ولیعہدی کے زمانہ میں مصاحبت کا فخر وامتیاز حاصل رہا۔ آپ کے والد نواب میرزا علی محمد خاں معتمد جنگ معتمد الدولہ بہادر مرحوم ثانی ایک عرصہ تک حضرت غفران مکان نواب میر محبوب علی خاں نظام سادس کے اے۔ ڈی۔ سی۔ تھے۔ آپ کے دادا میرزا عبد اللطیف خاں مرحوم اول معہ اپنے والد نواب میرزا علی محمد خاں معتمد جنگ معتمد الدولہ بہادر اول کے نواب سر سالار جنگ مختار الملک مرحوم و مغفور کے عہد وزارت میں نواب صاحب ممدوح کی خواہش پر بمبئی سے بلدہ حیدر آباد تشریف لائے۔ بمبئی میں نواب معتمد الدولہ بہادر اول منجانب دولت عالیہ عثمانیہ ترکی کونسل جنرل اور سرکار عظمت مدار کی جانب سے جسٹس آف دی پیس تھے۔ نواب سر سالار جنگ مرحوم و مغفور کے مد نظر بلدہ حیدر آباد کی تنظیم تھی اس لیئے نواب صاحب ممدوح نے بغرض امداد و مشورہ آپ کو بمبئی سے طلب فرمایا تھا۔ مدارس عدالت اور مختلف محکمہ جات کے قیام میں نواب معتمد الدولہ نے سر سالار جنگ مرحوم و مغفور کو بڑی امداد دی اور محکمۂ اجرائے اعمال کے آپ اعلیٰ عہدہ دار مقرر ہوئے اور جاگیر و منصب نوبت و علم و نقارہ و عماری اور خطابات سے سرفراز فرمائے گئے حضرت غفران مکان نے اپنی جبل سالہ جوبلی کے موقع پر ملک پیٹھ میں جبکہ طلبا کی جانب سے ایڈریس پیش ہوا تھا تو جواب میں سر سالار جنگ اول کے نام کے ساتھ مرزا علی محمد خاں صاحب جنت نصاب کا نام بھی لیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ یہ ان دونوں کی کوشش کا نتیجہ ہے کہ آج میں اتنے طلباء اپنے گرد دیکھ رہا ہوں۔ نواب معتمد الدولہ اول سنہ ۱۸۵۲ء میں لندن بھیجے گئے تھے اور ایسٹ انڈیا کمپنی نے آپ کے اعزاز میں ڈنر ترتیب دیا تھا۔ آپ کو گورنمنٹ کے جانب سے کرسٹ عطا ہوا جس کے استعمال کی آپ کے خاندان کو از روئے سند معطیہ اجازت ہے۔ مارکوئیس آف ولزلی کے عہد میں آپ نے گورنمنٹ اور سلطان برغش مسقط کے مابین جو نزاعات تھے اس کا تصفیہ باحسن وجوہ کرادیا۔ سلطان برغش نے آپ کو ایک گنگا جمنی چھڑی تحفتاً عطا کی تھی جو اب تک موجود ہے۔

نواب معتمد الدولہ اول کے چچا زاد بھائی نواب میرزا عبد اللطیف خاں مرحوم مصنف تحفۃ العالم منجانب سرکار نظام کلکتہ میں سفیر تھے۔ نواب لطیف نواز جنگ بہادر مثل اپنے آبا و اجداد کے جاگیر و مناصب سے سرفراز فرمائے گئے ہیں اور آپ کا خاندان ہمیشہ مورد الطاف و نوازشات شاہانہ رہا ہے۔ آپ ایرانی النسل شوستری ہیں آپ کے جد اعلیٰ سید نعمت اللہ جزائری شوستری تھے۔

آپ کی پہلی شادی پرنس میرزا کام بخش بہادر مرحوم

ومغفور فرزند ہز مجسٹی واجد علی شاہ مرحوم ومغفور کی منجھلی صاحبزادی سے بمقام کلکتہ ہوئی اور ان کے انتقال کے بعد دوسری شادی بڑی صاحبزادی جناب امام علی خاں مرحوم ومغفور سے ہوئی ہے جو پرنس اصغر میرزا مرحوم ومغفور کی بھانجی ہیں۔

نواب میر احمد علی خاں صاحب صوبہ دار صوبہ گلشن آباد میدک

آپ ایرانی النسل اور سادات رضوی سے ہیں۔ سلسلہ نسب امام رضا علیہ السلام سے ملتا ہے آپ کے جد اعلیٰ میر محمد رضا ایران کے علاقہ (استرنگ) سے سترہویں صدی عیسوی میں بعہد شہنشاہ اورنگ زیب وارد ہندوستان ہوئے محمد شاہ بادشاہ دہلی کے زمانہ حکومت میں دیوان دکن مقرر ہوئے۔ اس کے بعد میر عطش اور گورنر گجرات کے اعلیٰ عہدوں اور معز الدولہ حیدر قلی خاں ناصر جنگ کے معزز خطابات سے ممتاز فرمائے گئے۔

نواب میر محمد رضا حیدر قلی خاں بہادر کی شادی میر محمد کاظم دولت آبادی کی لڑکی سے ہوئی جن کے بھائی شہنشاہ اورنگ زیب کے ہم لف تھے۔

آپ کا سلسلہ حسب نادر شاہ ایرانی سے ملتا ہے جن کے فرزند نصر اللہ خاں حیدر آباد تشریف لائے اور نظام الملک آصف جاہ بہادر نے ان کو اپنے ارکان دربار میں شریک فرما کر معزز فرمایا۔

آپ کے والد میر امیر علی خاں صاحب سررشتہ مال کے ممتاز و تجربہ کار عہدہ دار تھے۔ خدمت اول تعلقداری پر فائز تھے۔

آپ کی ولادت ۲۳ دسمبر ۱۸۸۲ء کو ہوئی تعلیم نظام کالج میں پائی۔ کئی سال تک آپ کو حضرت اقدس و اعلیٰ شہریار دکن کے ولیعہدی کے زمانہ میں مصاحبت کا فخر و امتیاز حاصل رہا۔

۱۹۰۹ء میں دائرہ ملازمت سرکاری میں داخل اور خدمت تحصیلداری پر مامور ہوئے ۱۹۱۱ء میں ایڈی کانگی نواب سالار جنگ بہادر مدار المہام پر متعین ہوئے۔ ۱۹۱۵ء میں مہتمم صاحب کروڑگیری اور ۱۹۱۹ء میں دوم تعلقدار ہوئے ۱۹۲۷ء میں اول تعلقداری (کلکٹر ضلع) کے عہدہ پر فائز ہوئے۔

۱۹۳۵ء میں بمنظوری شہریار دکن عہدہ جلیلہ صوبہ داری صوبہ گلشن آباد میدک سے سرفراز فرمائے گئے۔ اور ۱۹۳۶ء میں وظیفہ حسن خدمت

حاصل کیا۔

آپ کے فرزند اکبر ڈاکٹر میر امیر علی خاں صاحب امریکہ کے تعلیم یافتہ اور مارکٹنگ افسری کی خدمت پر کارگزار ہیں۔ دوسرے فرزند میر عابد علی خاں صاحب ج۔ سی۔ یس۔ خدمت دوم تعلقداری (ڈپٹی کلکٹر) پر مامور ہیں۔

تیسرے فرزند میر عباس علی خاں۔ ایم۔ اے تک تعلیم پانے کے بعد ایچ سی۔ ایس کی تیاری کر رہے ہیں اور دو خورد وسال فرزند میر اصغر علی خاں و میر اکبر علی خاں بھی زیر تعلیم ہیں۔

سلام

از شہزادۂ والاشان نواب معظم جاہ بہادر المتخلص بہ شجیعؔ

شک نہ تھا بعدِ نبی حیدرِ صفدر ہوتے | ختم ہوتی نہ نبوت تو پیمبر ہوتے
دست و بازوئے یداللہ کے آگے کیا تھا | ایک در کی جگہ خیبر کے جو سو در ہوتے
شہ نے فرمایا تم اس طرح ستاتے مجھکو | ظالمو آج جو دنیا میں پیمبر ہوتے
قتل سرورؑ کو کیا ہائے مسلمانوں نے | کاش کافر ہی یہ بدکار و ستمگر ہوتے
کہتے تھے شاہؑ کہ اکبر تھے نبی کے ثانی | علی اصغرؑ جو جواں ہوتے تو حیدر ہوتے
تھا یہ مخصوص علمداریِ اسلام کے ساتھ | ہاتھ کٹتے جو یداللہ نہ حیدرؑ ہوتے

حکم پر چلتے جو سب اپنے پیمبر کے شجیعؔ
پھر نہ اسلام میں فرقے یہ بہتّر ہوتے

حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام

از

نواب شہید یار جنگ بہادر شہید حیدرآباد دکن

شباب ہے بہار کا گھرا ہوا سحاب ہے تڑپ رہی ہیں بجلیاں فضا میں اضطراب ہے
ہوا میں سُر بھرے ہیں یا ترانۂ رباب ہے وفورِ حسن و عشق ہے جہاں میں انقلاب ہے
شراب ہے شباب ہے شباب ہے شراب ہے

ہر ایک ذرہ کی زباں پہ داستان عشق ہے کہیں خیال حسن ہے کہیں بیانِ عشق ہے
بہار و باغ و یار و مے یہی جہانِ عشق ہے بہار جانِ حسن ہے شراب جانِ عشق ہے
وہ دن میں آفتاب ہے وہ شب میں ماہتاب ہے

ہر ایک نخل و برگ سے عیاں نمو کا جوش ہے نہ جام کی طلب ہے یہ نہ یہ سبو کا جوش ہے
چہک رہی ہیں بلبلیں یہ گفتگو کا جوش ہے گلوں کے چہرے سرخ ہیں یہ سب لہو کا جوش ہے
یہ عالم بہار ہے یہ عالم شباب ہے

عدوِ بہار باغ کے نہ کیوں حجاب سے کٹ گئیں گلوں کی بلبلوں سے اور بڑھ گئی ہیں ہمتیں
ہے سبزہ خواب ناز میں کہ لے رہا ہے کروٹیں جو اُلجھی اُلجھی بکھری بکھری سنبلوں کی ہیں لٹیں
ہوائے ناز لے اڑی نہ پیچ ہے نہ تاب ہے

ہے آمد بہار کی چمن میں گرم اب خبر ہے ریزش سحاب سے زمیں چمن کی تر بتر
ہوا میں مستی آ گئی ہے جھومتے ہیں اب شجر زمیں بلند ہو رہی ہے ہے نمو کا یہ اثر
ہے داخلہ بہار کا خزاں کا پا تراب ہے

گلوں میں بلبلوں میں اب نہ چھیڑ ہے نہ جنگ ہے بہار کا یہ فیض ہے شباب کا یہ ڈھنگ ہے
کسی کا رنگ کندنی کسی کا سرخ رنگ ہے ہر ایک پھول ہو بہو شباب کی اُمنگ ہے
نہ زیست کا شمار ہے نہ عمر کا حساب ہے

نہال سبزہ ہو گیا نسیم ناز سے چلی　　ہے صحن باغ زمردیں بچھا ہے فرش مخملی
ہر ایک پھول کو ادا نسیم کی لگی بھلی　　شگفتہ پھول ہو گئے تو ہنس پڑی کلی کلی
ادا کی وہ مثال ہے یہ ناز کا جواب ہے

گلوں کی آن دیکھنا ذرا بناوٹ دیکھنا　　نسیم کا خرام ناز آؤ جاؤ دیکھنا
گلوں سے اس کا ساز باز اور لگاوٹ دیکھنا　　جو آرہا ہے بلبلوں کو اس پہ تاؤ دیکھنا
رقابتوں کی چشمکیں کہ زندگی خراب ہے

غلط ہے یہ کہ بلبلوں کی آہ میں اثر نہیں　　جو اضطراب ہے ادھر وہ اضطراب اُدھر نہیں
خزاں کا خوف کیا او نہیں جنھیں خدا کا ڈر نہیں　　ستم کشوں کے حال کی گلوں کو کچھ خبر نہیں
کتاب حسن و بیخودی کا پانچواں یہ باب ہے

دلوں میں جو عناد تھا بہار نے مٹا دیا　　وہ کان سے سنا نہ تھا جو آنکھ سے دکھا دیا
شباب کے سرور نے بھی ہائے کیا مزا دیا　　گلوں کو بلبلوں سے اب شناسا گلے ملا دیا
نہ شرم ہے نگاہ میں نہ آنکھ میں حجاب ہے

بہار جوش پر ہے اب خزاں کا ابر چھٹ گیا　　کتاب رنج و غم کا یہ ورق ہی لو اُلٹ گیا
شب وصال آگئی ہے روز ہجر کٹ گیا　　خدا کا شکر واعظوں کا سارا زور گھٹ گیا
نہ خواہش ثواب ہے نہ کاوش عذاب ہے

چمن چمن ہے داستاں صبا کا فیض عام ہے　　خزاں خزاں کا ان دنوں میں ذکر ہی حرام ہے
بہار ہے شباب پر نہ صبح ہے نہ شام ہے　　کسی کو کوئی غم نہیں بہار اس کا نام ہے
نہ خوف ہے نہ فکر ہے نہ نیند ہے نہ خواب ہے

وہ زاہدوں کے طنطنے وہ اُن کی خود نمائیاں　　بہار نے کھلائے گل تو کھل گئیں برائیاں
کرخت ان کے چہروں پہ غرور کی وہ جھائیاں　　وہ اُن کی بے حجابیاں وہ اُن کی بے حیائیاں
تصرفات زہد سے گناہ بھی ثواب ہے

بہار ہے چمن پہ آج رحمت کریم سے　　صدائے نعرہ آتی ہے ہر ایک دل دو نیم سے
تجلیات جلوہ ریز جوشش نسیم سے　　کسی کو شک ہو اس میں گر تو پوچھ لے کلیم سے
چمن کے جلوے کہہ رہے ہیں طور کا جواب ہے

چمن میں رحمتوں کا آج ہر طرف وفور ہے　　کلی میں اُس کا جلوہ ہے گلوں میں اُس کا نور ہے

ہر ایک گل سے قدرت خدا کا اب ظہور ہے　　رقم گلوں کی پتیوں پہ داستان طور ہے
نہ حائل نظر ہے کچھ نہ اب کوئی حجاب ہے

ہے سرو گر قیام میں چنار ہے قعود میں　　رکوع میں ہیں ڈالیاں تو پھول ہیں سجود میں
عنادل اور قمریاں ہیں طاعتِ ودود میں　　وہ حمد میں ہیں تر زباں یہ محو ہیں درود میں
چمن کی سیر اندنوں میں داخل ثواب ہے

ہر ایک غنچہ آمدِ بہار کی رسید ہے　　گلوں کی بلبلوں کو اور خواہش مزید ہے
یہ موسم بہار ہے زمانہ یہ سعید ہے　　گلوں کے دل کھلے ہوئے ہیں بلبلوں کی عید ہے
یہ دورِ لاجواب ہے یہ عہد انتخاب ہے

ہوئے ہیں اور سرخ پھول بلبلوں کے پیار سے　　صدائے نغمہ آرہی ہے آج آبشار سے
نسیم خود ہی مست ہے گلہ نہیں ہزار سے　　گلوں کی بو لپٹ گئی ہے دامن بہار سے
بسی ہوئی سب زمیں یہ فیض اکتساب ہے

بہار سے بڑھی ہوئی جہاں میں کوئی شے نہیں　　صبا کی نغمہ ریزیوں سے بڑھ کے کوئی لے نہیں
جواب خوش نوائیوں کا بلبلوں کی ہے نہیں　　نسیم کی شمیم سے فزوں سرور مے نہیں
جو مست کردے بے پیئے یہی تو وہ شراب ہے

زلیخا معترف ہے اب نگاہ انتخاب کی　　ہیں دامن عزیز مصر پتیاں گلاب کی
نہ ان کی پاک دامنی ہے منتظر جواب کی　　زباں پہ بلبلوں کی ہیں کہانیاں شباب کی
ہر ایک محو خواب ہے کسی نبی کا خواب ہے

گلوں کو راز عشق کی خبر بھی ہے ذری ذری　　سنا رہے ہیں بلبلوں کو آج وہ کھری کھری
چمن کی ساری کیاریاں گلوں سے ہیں بھری بھری　　ہے آسماں ہرا ہرا زمیں بھی ہے ہری ہری
شباب کی بہار ہے بہار کا شباب ہے

گلوں کی اُف رے کثرتیں کہ برگ بے نشان ہوئے　　یہ قابلِ بیاں ہوئے جہاں میں داستاں ہوئے
یہ بلبلوں کی قسمتیں کہ وقف آشیاں ہوئے　　یہ اوس پیکے ہیں پلے یہ دھوپ میں جواں ہوئے
چمن کا ذرہ ذرہ آج رشک آفتاب ہے

گلوں سے بلبلوں کی آج گفتگو ہے راز میں　　وہ مست اپنے ناز میں یہ محو ہیں نیاز میں
پھنسا ہے غزنوی کا دل بھی دامنِ ایاز میں　　بہار لوٹنے لگی شراب خانہ ساز میں

ہے لالہ جام واژگوں گلابی اک گلاب ہے

نسیم پہ فضا کو بھی یہ احتمال ہو گیا — کہ بلبل اور گل میں آج کچھ ملال ہو گیا
جلال گل کو آگیا کہ رنگ لال ہو گیا — بہار اور بڑھ گئی عجب کمال ہو گیا

چمن پہ رنگ آگیا جمال پر عتاب ہے

خزاں کو آج باغ میں بڑی شکست ہو گئی — صبا کا زور بڑھ گیا یہ اور پست ہو گئی
چمن میں آکے خود بہار مے پرست ہو گئی — گلوں کے منہ کو چوم کر وہ اور مست ہو گئی

شباب اوس پہ حسن بھی دو آتشہ شراب ہے

چمن کو باغباں نے آج بوستاں بنا لیا — تو بلبلوں نے بھی گلوں کو قدرداں بنا لیا
یہ باغباں کا قول ہے کہ گھر کہاں بنا لیا — گلوں کی پتیوں سے آج آشیاں بنا لیا

نہ خوف ہے نہ فکر ہے مزے میں محو خواب ہے

بہار کا یہ فیض ہے کہ پھول ہیں کلی کلی — وہ بھولی بھولی صورتیں ادائیں وہ بھلی بھلی
چٹک کے کہہ رہی ہے یہ چمن میں اب گلی گلی — خفی علیؑ جلی علیؑ ولی علیؑ علیؑ علے

فرشتہ سر جھکاتے ہیں علیؑ کی وہ جناب ہے

نصیریوں کا ہے خدا ہمارا کارساز ہے — اونہیں جو اس پہ فخر ہے ہمیں بھی اس پہ ناز ہے
علی نبی کا رازداں، علی خدا کا راز ہے — خدا جو بے نیاز ہے علیؑ بھی بے نیاز ہے

نہ اُس کو احتیاج ہے نہ اِس کو اضطراب ہے

علیؑ سے قدرت خدا جہاں میں آشکار ہے — علیؑ خدا کا عبد ہے ہمارا کردگار ہے
علیؑ کی ذات پاک پر جہان کا مدار ہے — علیؑ شمیم دوست ہے علیؑ جمال یار ہے

خدا کی بارگاہ میں ہمیشہ باریاب ہے

خدا ہے عارف علیؑ علیؑ خدا شناس ہے — علیؑ مدار دین ہے یہ دین کی اساس ہے
علیؑ خدا ہے یا نبی وہ وہم یہ قیاس ہے — علیؑ خدا کے ساتھ ہے علیؑ ہمارے پاس ہے

خدا جو بے مثال ہے علیؑ بھی لاجواب ہے

خدا کے کارخانہ کا علیؑ سے انتظام ہے — وہی نبی آخری کا اولیں امام ہے
علی کی کبریائی میں ہمیں بھی کچھ کلام ہے — علیؑ خدا کا وصف ہے علیؑ خدا کا نام ہے

علیؑ ابوالحسن بھی ہے علی ابوتراب ہے

علیؑ خدا شناس بھی علیؑ خدا نما بھی ہے — علیؑ ولی کبریا وصی مصطفےٰ بھی ہے
علیؑ ہے مقصد خدا نبی کا مدعا بھی ہے — نصیریوں کا ادعا ہے اُن کا یہ خدا بھی ہے
علیؑ ہی اپنا آپ ہی زمانہ میں جواب ہے

علیؑ مثیل کبریا علی مثال کبریا — علیؑ جمال کبریا علیؑ جلال کبریا
علیؑ کی ذات سے کھلے ہیں سب کمال کبریا — علیؑ پہ بعض بندوں کو ہے احتمال کبریا
علیؑ ہے عرش آشیاں علی فلک جناب ہے

اسی نے دوش مصطفےٰ کو نردباں بنا دیا — جھکے ہیں سر جہاں کے سب وہ آستاں بنا دیا
بتوں کے گھر کو سجدہ گاہ انس و جاں بنا دیا — قدم زمیں پہ رکھ دیا تو آسماں بنا دیا
یہ حاکم جناں بھی ہے یہ مالک الرقاب ہے

خفی بھی مدتوں رہا یہ پھر جلی بھی ہو چکا — ولا میں غرق رہ چکا بس اب ولی بھی ہو چکا
یہ غم بھی ہم بھی کھو چکا سنبھلی بھی ہو چکا — خدا خدا بھی ہو چکا علی علیؑ بھی ہو چکا
نہ اب کوئی سوال ہے نہ حاجت جواب ہے

علی سے کیا مقابلہ کلیم وہ کلام یہ — نبی ہیں گر تو کیا ہوا رسول وہ امام یہ
ستارے سارے انبیا تو ہے مہ تمام یہ — شریک ہے درود کا نماز میں سلام یہ
وہ ذرہ ہائے نور ہیں علیؑ ہی آفتاب ہے

نہیں ہے آرزو کوئی میرے دل تباہ میں — میں کھو گیا ہوں راہ میں میں مٹ گیا ہوں چاہ میں
تجلیاں ہزارہا ہیں اک میری نگاہ میں — وہ تیری جلوہ ریزیاں پڑا ہوں اشتباہ میں
نہ چپ رہوں نہ کہہ سکوں عجیب یہ عذاب ہے

علیؑ طلسم رنگ و بو یہ راز ہست و بود ہے — علیؑ جمال آرزو یہ خواہش نمود ہے
علیؑ ہے ساز گفتگو یہ عقدہ وجود ہے — یہ شمع شوق جستجو یہ جلوہ شہود ہے
وجود بخش کائنات اسی کی آب و تاب ہے

یہ تاجدار انما یہ شہسوار لافتا — یہ کامگار قل کفیٰ یہ شہریار ہل اتیٰ
یہ دوستدار مصطفےٰ یہ رازدار کبریا — یہ اعتبار ماسوا یہ سوگوار کربلا
حسینؑ اس کا لال ہے جو سید الشباب ہے

یہ اصل میں ولا بھی ہے خدا کا یہ ولی بھی ہے — اسی سے ہر رسول کی ہر ایک بلا ٹلی بھی ہے

بلند اس کا مرتبہ یہہ عالی . و علیؑ بھی ہے کلام پاک ہے یہی یہ آیت جلی بھی ہے
کھلی ہوئی جہان میں خدا کی یہہ کتاب ہے

یہہ رونقِ صلواۃ بھی یہہ حاملِ برات بھی یہہ پردہ دار ذات بھی یہ مظہر صفات بھی
اسی سے ہے ممات بھی یہہ رونق حیات بھی شفیع کائنات بھی یہہ رہبر نجات بھی
جو اس کا ہے وہ حشر میں نہ خائف حساب ہے،

صفی بھی ہے نجی بھی ہے ذبیح بھی کلیم بھی مسیح بھی خلیل بھی حبیب بھی حکیم بھی
یہہ ہادی طریق بھی صراط مستقیم بھی علیم بھی خبیر بھی رحیم بھی کریم بھی
ہیں شہر علم مصطفےٰ علیؑ اسی کا باب ہے،

خدا کی کبریائی میں علیؑ سا دوسرا نہیں علیؑ کو بس علیؑ کہو علیؑ ہے یہہ خدا نہیں
ہے سجدہ گاہ انبیا علیؑ کا نقش پا نہیں علیؑ ہے حد سے کچھ سوا علیؑ کی انتہا نہیں
علیؑ کی اور معرفت خیال ہے یہ خواب ہے

وہ عرش اعظم علا علی کی جلوہ گاہ ہے خدا ہے اس کا معترف رسول خود گواہ ہے
رُخ علیؑ پہ گر جمی نگہہ تو وہ نگاہ ہے اگر ذرا پلٹ گئی نگاہ بھی گناہ ہے
علی کی سمت دیکھنا نماز کا ثواب ہے

علی کی معرفت پہ ہاں کسے عبور ہوگیا نصیریوں کی عقل میں عجب فتور ہوگیا
سمجھ کی نارسائیاں کہ یہہ قصور ہوگیا علی کو کہدیا خدا علی سے دور ہوگیا
خدا کہے تو جان لو علی سے اجتناب ہے

خدا کو مانتے ہیں سب کوئی کہے خدا ہے کیا قیاس و عقل و علم سے نہ آج تک یہہ حل ہوا
کوئی بتائے تو مجھے نصیریوں کا مدعا علےؑ کو کیا سمجھ کے ہاں انہوں نے کہدیا خدا
خدا بعید فہم سے خدا کا کیا حساب ہے

علیؑ خدا کا نور ہے خدا کی کائنات میں علی شریک کار ہے حیات میں ممات میں
خدا کا مظہر اتم یہہ ذات میں صفات میں خدا کی سب خدائی ہے علی کی ایک ذات میں
اس آئینہ میں آفتاب حق کی آب و تاب ہے

علی کی منزلت کہوں کہوں علی کا مرتبہ علی کا گر ملا پتہ خدا کا مل گیا پتہ
علی ہے ایک آئینہ میان عبد و کبریا اِدھر سے دیکھو بندہ ہے اُدھر سے دیکھو ہے خدا

یہہ مظہر اتم کبھی کبھی یہی حجاب ہے

نبی علیؑ کو کہتے ہیں گناہ کا خیال ہے — علیؑ پہ بعض بندوں کو خدا کا احتمال ہو
یہہ نفس خاتم الرسل یہہ وجہہ ذو الجلال ہو — نبوت اس کی بات ہے شریعت اس کی چال ہو

نبی ہو یا رسول ہو اسی سے فیضیاب ہے

جو کچھ دیا کسی کو بھی علےؑ نے بر ملا دیا — کبھی رسول کر دیا کبھی نبی بنا دیا
ابو البشر ہوئے صفی جو قلب با صفا دیا — یہی علےؑ ہے جس نے ہاں کلیم کو عصا دیا

یہہ جتنے انبیا ہوئے علی کا انتخاب ہے

کسی کو تخت و سلطنت کسی کو تاج زر دیا — کسی نبی کے لال کو عزیز مصر کر دیا
کسی کو بے طلب دیا کسی کو بے خبر دیا — مسیح کو زباں بھی دی زباں میں پھر اثر دیا

علیؑ ہو جس سے ہم سخن وہ صاحب کتاب ہے،

علیؑ ہماری روح ہو علیؑ ہماری جان ہے — علیؑ خدا کا نور ہے علیؑ خدا کی شان ہے
علیؑ کے مدح خواں نبی خدا بھی مدح خوان ہے — علیؑ نہیں تو کچھ نہیں علیؑ ہے گر جہان ہے

علیؑ سے جو بھی پھر گیا وہ خانماں خراب ہے

خدا کا ہم صفات ہو بس اب صفات کیا کہوں — رسول کا شریک ہے علیؑ کی ذات کیا کہوں
علیؑ کا اک اشارہ ہو یہ کائنات کیا کہوں — کسی سے آج میں بھلا علیؑ کی بات کیا کہوں

خدا کا ہمنشیں ہے یہہ نبی کا ہمرکاب ہے

علیؑ سے عشق ہو گیا تو زیست کا مزا ملا — علیؑ کسی کو مل گئے تو دل کا مدعا ملا
خدا بنا دیا انہیں نصیریوں کو کیا ملا — علیؑ ملے نہ اب انہیں نہ اب انہیں خدا ملا

ادھر سے بھی عتاب ہے ادھر سے بھی عذاب ہے،

نصیریوں سے کچھ ہمیں غرض نہیں حسد نہیں — یہہ اُن کا اعتقاد ہے ہمیں کچھ اس میں کد نہیں
علیؑ کو کہدیا خدا ستم کی کوئی حد نہیں — علیؑ کی کوئی حد نہیں یہہ قول کچھ سند نہیں

یہہ بحر معرفت کبھی نگاہ میں سراب ہے

علیؑ کو گر خدا کہا علی کی منزلت نہیں — خدا کا کیا بگڑ گیا خدا کی منقصت نہیں
نصیریوں کو عقل سے ذرا مطابقت نہیں — علیؑ کی معرفت تو ہے خدا کی معرفت نہیں

جو جلوہ ہو وہ جلوہ ہی حجاب پھر حجاب ہے

سناؤں تم کو ایک بات اصل ہے جو راز کی　　علیؑ ہی حد فصل ہے حقیقت اور مجاز کی
علیؑ ہیں ہیں نشانیاں خدا سے بے نیاز کی　　خدا ہے ساز زندگی علیؑ صدا ہے ساز کی
نوا ہے یہہ جو لیے ہے وہ یہہ تار وہ رباب ہے

یہہ جنبۂ حدوث بھی یہہ جلوۂ قدم بھی ہے　　یہہ قہر ذوالجلال بھی کریم کا کرم بھی ہے
حریم جلوہ گاہ ناز رونق حرم بھی ہے　　خدا کے کارخانے میں اسی کا ایک دم بھی ہے
علیؑ نہیں تو پھر جہاں میں زندگی خراب ہو

یہہ فخر مرسلاں بھی ہے یہہ مالک جناں بھی ہو　　امام انس و جاں بھی ہے امیر مومناں بھی ہو
یہہ طور پر عیاں بھی ہے یہہ عرش پر نہاں بھی ہو　　چنیں بھی ہو چناں بھی ہو یہاں بھی ہو وہاں بھی ہو
کبھی یہہ آفتاب ہے کبھی یہی سحاب ہے

خلیل کا سکون قلب دل کا مدعا رہا　　ابوالبشر کے عفو کا یہی تو اسرار رہا
کلیم کا عصا رہا مسیح کی دعا رہا　　کبھی یہہ مصطفےٰ کے ساتھ بن کے مرتضیٰ رہا
فلک پہ آفتاب ہے زمیں پہ بو تراب ہے

علیؑ کے عشق معرفت کی انتہا شہید ہے　　علیؑ جمال جلوہ ریز آئینۂ شہید ہو
علیؑ کا میں شہید ہوں علیؑ مرا شہید ہے　　خدا نما علیؑ ہے گر علی نما شہید ہے
شہید بھی شعاع ہے علیؑ جو آفتاب ہے

علیؑ سنے تو بات ہوں نہیں سنے تو چیت ہوں　　جو پوچھے وہ تو ذات ہوں نہ پوچھے وہ تو کیت ہوں
نہ چاہے وہ فنا ہوں میں جو چاہے وہ تو زیست ہوں　　علیؑ کہے تو ہست ہوں نہیں کہے تو نیست ہوں
جو دیکھے وہ یقین ہے نہ دیکھے وہ تو خواب ہے

علیؑ ہے ابتدا میری علیؑ ہے انتہا میری　　کسی سے کیا ہوا ب بھلا طبیعت آشنا میری
علیؑ کا میں علیؑ میرا ہے زندگی جدا میری　　علیؑ کو اس سے مانگ لوں سنے اگر خدا میری
علیؑ میری بہار ہے علیؑ میرا شباب ہے

یادگار حسینی ۱۳۶۱ھ کے انعقاد کیلیئے

ابتدائی جلسہ

بتاریخ ۱۴ مئی ۱۹۴۲ء جناب سید مسعود حسن صاحب رضوی ادیب ایم ۔ اے پروفیسر وصدر شعبۂ فارسی لکھنؤ یونیورسٹی کی کوٹھی پر ایک جلسۂ مشاورت منعقد ہوا جس میں حسب ذیل حضرات نے شرکت فرمائی اور مندرجۂ ذیل کارروائیاں عمل میں آئیں۔

اسمائے حاضرین جلسہ

(۱) عالیجناب مولانا السید محمد نصیر صاحب قبلہ
(۲) " " السید محمد سعید صاحب قبلہ
(۳) " " السید علی نقی صاحب قبلہ
(۴) " " السید ابن حسن صاحب قبلہ جارچوی
(۵) " " محمد طاہر صاحب قبلہ
(۶) " پروفیسر سید مسعود حسن صاحب رضوی ادیب ایم ۔ اے ۔
(۷) " سید محمد آغا حیدر حسن صاحب عابدی ایم ۔ اے ۔ پروفیسر کنگ ایڈورڈ کالج امراؤتی ۔ برار
(۸) " حاجی سید غلام حسنین صاحب نقوی وکیل
(۹) عالیجناب مرزا عابد حسین خاں صاحب رئیس
(۱۰) " حکیم سید اقبال رضا صاحب سابق میونسپل کمشنر
(۱۱) " حکیم سید محمد قاسم صاحب مالک دواخانہ معدن الادویہ ۔
(۱۲) " حکیم سید محمد عسکری صاحب مدیر الرضوان
(۱۳) " سید قیصر حسین صاحب رضوی وکیل
(۱۴) " سید مصطفٰے احسن صاحب رضوی سکریٹری امامیہ مشن
(۱۵) " سید آفاق حسین صاحب رضوی
(۱۶) " سید ابن حسین نقوی سابق سکریٹری امامیہ مشن ۔

تجاویز

(۱) اس یادگار کی انعقاد کے لیئے کثیر التعداد صورتیں جو اب تک تجویز کی گئی ہیں اُن پر غور کیا گیا اور طے پایا کہ حسب ذیل امور کو اس یادگار کے سلسلے میں نصب العین قرار دیا جائے۔

(الف) ایک کتاب کی اشاعت واقعۂ کربلا

کے متعلق جس میں مکمل طور پر اس واقعہ کے اسباب نتائج نوعیت اور تفصیلات پر بحث کی جائے اس کی تصنیف کے لیئے ایک مجلس علمی کی تشکیل ہو جس کے افراد مختلف مضامین کو اپنے ذمہ لے کر ان کی تکمیل میں مصروف ہوں۔

(ب) ۱۳۶۱ھ میں یکم محرم سے ۸ ربیع الاول تک کی مدت کو تمام اطراف ملک میں ایک نظام کے ماتحت جس میں ہفتوں پر تقسیم کر کے مسلسل جلسے ہوں جن میں تمام اقوام کے اکابر کو شرکت اور اظہار خیال کی دعوت دی جائے اور کسی ایک مرکزی مقام پر ایک ایسا اہم اجتماع ہو کہ جس میں بیرون ہندسے بھی مختلف اکابر کی شرکت کا انتظام کیا جائے۔

(ج) حسینی آثار کے لیئے ایک مرکز حفاظت (میوزیم) کی تشکیل جس کا خاکہ سرفراز کے ایڈیٹوریل نوٹ میں اس کے پہلے شائع کیا گیا ہے

(۲) طے پایا کہ حسب ذیل حضرات اس کتاب کے لیئے مضامین کا انتخاب فرمادیں اور ۲۳ مئی ۱۹۴۲ء روز پنجشنبہ کے جلسہ میں ان مضامین پر مکمل طور سے غور کرلیا جائے۔ پھر ارباب نظر کے غور کرنے کے لیئے جرائد میں اس کی اشاعت ہو تا کہ جلد کتاب کی تصنیف کا کام شروع ہوسکے۔

اسمائے ممبران

(۱) عالی جناب مولانا السید محمد سعید صاحب قبلہ

(۲) عالیجناب مولانا السید علی نقی صاحب قبلہ

(۳) " السید ابن حسن صاحب قبلہ جارچوی

(۴) " پروفیسر سید مسعود حسن صاحب رضوی ادیب ایم۔ اے۔

(۵) " مولانا سید اختر علی صاحب تلہری

(۳) اس یادگار کے قائم کرنے کے لیئے سرمایہ کی حفاظت کے واسطے جناب سید مسعود حسن صاحب رضوی ایم۔ اے پروفیسر لکھنؤ یونیورسٹی (دین دیال روڈ۔ لکھنو) بحیثیت خازن مقرر ہوئے اور مرکز مراسلت جناب سید العلماء مولانا السید علی نقی صاحب قبلہ مجتہد العصر (عبد العزیز روڈ۔ لکھنؤ)

خادم ملت

سید ابن حسین نقوی غفرلہ

نوٹ ۔ وکٹوریہ اسٹریٹ۔ لکھنؤ

مشاہیر پرستی تمام زندہ قوموں میں موجود ہے مشاہیر عالم کی فہرست بہت طولانی ہے۔ لیکن بلا مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ حضرت سید الشہدا علیہ السلام جو حسب ونسب کے اعتبار سے بے مثل ونظیر ہیں اور ذاتی کمالات کے اعتبار سے آئینۂ جمال مصطفوی اور عین کمال مرتضوی ہیں مشاہیر عالم کی فہرست میں سب سے نمایاں درجہ پر فائز ہیں۔ ایسے مشہور رہنمائے انسانیت کی یادگار یقیناً ایسی ہی منائی جانا چاہیئے جیسی کہ لکھنؤ کی

محترم انجمن نے تجویز کی ہے ہمیں امید ہے کہ ملک کے ہر گوشہ سے تمام با فہم اِنسان اس مبارک کام میں حصہ لینگے اور اس بات کا ثبوت دیں گے کہ دنیا میں فرض شناس اشخاص کمی نہیں ہے۔

حسن افضل عبدہ (نائب مدیر) اسلامی دُنیا

گل عقیدت

از امیر الامرا نواب تراب یار جنگ بہادر سعید جاگیر دار حیدر آباد دکن

رہے یا دغم شبیر دل میں رہنما ہو کر
اگر جانا ہے جنت کو تو جاؤ کربلا ہو کر

کریں سجدے نہ کیوں مومن نشان پائے عابد پہ
دکھائی راہ جنت سالک راہ رضا ہو کر

خطائیں کیوں نہ کرتے عفو شاہ کربلا اُسکی
حُر دیندار آیا تھا حقیقت آشنا ہو کر

گل داغ غم شبیر اپنے دل میں رکھتا ہوں
نکلتی ہے میری ہر سانس جنت کی ہوا ہو کر

محمد صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام دو ہستیاں تھیں جب ہوئیں ظاہر
مقام نور میں دونوں رہے نور خدا ہو کر

حُر دیندار نے عاشور کی شب اس طرح کاٹی
جو نکلی آہ دل سے لب پہ آئی وہ دعا ہو کر

سکینہ کی قسم تمکو بتاؤ تو عزادارو!
لہو دریا پہ کس کا بہہ گیا خون وفا ہو کر

حسین علیہ السلام ابن علی علیہ السلام ہی داد دیں گے صبر زینب کی
کہ پردہ رکھ لیا ہم عاصیوں کا بے ردا ہو کر

سعید اللہ کا ہے شکر اثر ہے نام کا میرے
بسر کرتا ہوں دنیا میں علی علیہ السلام کا نقش پا ہو کر

سلام

از
امیر ابن امیر نواب محمد معین خاں صاحب بہادر دام عزہ وعلاہ جاگیردار
حیدرآباد دکن

بیکسی پر شاہ کی ہر قلب نالاں کیوں نہو
سینہ میں داغِ غمِ شاہِ شہیداں کیوں نہو

جب لعینوں نے مٹائی ہی شبیہ مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم)
لاشۂ لختِ جگر پر باپ گریاں کیوں نہو

کھاکے برچھی ہو گئے میداں میں اکبر بھی شہید
بھائی کی تنہائی پر خواہر پریشاں کیوں نہو

ننگے سر جب احمدِ مرسل (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) کو دیکھا خواب میں
پھر یزیدِ بد اپنے کئے پر خود پشیماں کیوں نہو

زینبؑ بیکس سی چھینی جب لعینوں نے ردا
قدسیوں کے صبر کا بھی چاک داماں کیوں نہو

مرتے دم تک جس کے دل میں ہو ولائے پنجتن
روزِ محشر ہاتھ میں پیران کا داماں کیوں نہو

جس زمین پاک میں مہرِ امامت ہو نہاں
واں کا ذرہ ذرہ نورِ چشمِ ایقاں کیوں نہو

اے معینؔ جب تیرے دل میں ہی ولائے اہلبیت
داورِ محشر سے تو بخشش کا خواہاں کیوں نہو

سلام

از جناب سید دلدار حسین صاحب اظہر الہ آبادی

بن گئی دیوار در میلاد حیدر کیلیئے
یا - علی پیدا ہوئے اللہ کے گھر کیلیئے

خاک اُڑاتی ہی ہوا سبطِ پیمبر کیلیئے
دُھن رہے ہیں سر مگو لے جسم بیسر کیلیئے

ہوگیا جس روز سی سرمست صہبائے غدیر
ساغرِ دل مضطرب ہی جام کوثر کیلیئے

قلبِ مومن کیوں نہ ہو پیمانۂ خم غدیر
شیشہ دل ہی شرابِ حُب حیدر کیلیئے

عمر بھر حیدر رہے سینہ سپر بہرِ نبی
جان دی عباس نے سبط پیمبر کیلیئے

ہو رہی ہی لشکرِ اسلام کو پیہم شکست
دستِ حیدر چاہیئے اب فتح خیبر کیلیئے

غم سے لیلیٰ کا جگر ہوتا نہ کیونکر آب آب
شمع گریاں تھی شبِ عاشورا اکبر کیلیئے

ہو گئی جانِ علی اصغر شہادت پر فدا
تیر نے مل کر گلے بوسے جو اصغر کیلیئے

کربلا میں ہائے وہ آلِ نبی کی بیکسی
بے کفن بھائی، بہن محتاج چادر کیلیئے

وہ سفینہ کربلا میں ڈگمگائے کس طرح
ہو سرِ شبیر جس کشتی کے لنگر کیلیئے

کربلا میں کر گئے وہ کام انصارِ حسین علیہ السلام
حشر تک روئیگا اک عالم بہتر کیلیئے

جان دیکر آرہا ہے عاشق زارِ حسین علیہ السلام
کربلا رکھنا جگہ تھوڑی سی اظہر کیلیئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نوحہ

از محترمہ بیگم سید محمد حسین جعفری ناظم تعلیمات حیدرآباد دکن

اے کربلا تبادے کس نے کہ تجھے بسایا
کس کی عنایتوں نے یہہ دن تجھے دکھایا
کس کے سبب سے تو نے یہہ مرتبہ ہے پایا
ہستی مٹا کے اپنی رتبہ ترا بڑھایا

اُجڑی ہوئی زمیں کو باغِ ارم بنایا

باغِ محمدی کے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم) بے مثل جو شجر تھے
شاداب تھا ہر ایک گل سرسبز سب تھے پودے
وہ گلشن نبی سے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم) لا کر یہاں لگائے
پانی دیا نہ تو نے سب خوں سے اپنے سینچے

چن چن کے تو نے ہے ہے ہر نخل کو مٹایا

جاگے نصیب تیرے چمکا۔ تیرا ستارا
پایا فلک نے چاند اِک تجھ کو ملے اُتارا
تو نے جسے ستایا چن چن کے جس کو مارا
تھا جان و دل نبی کا اور تھا علیؑ کا پیارا

زینب کا تھا وہ بھائی زہرا کا تھا وہ جایا

خالق نے تجھ کو کیسا یہہ مرتبہ ہے بخشا
مانند اور زمیں کے تھی تو بھی ارضِ صحرا
اے خاک پایا تو نے یہہ مرتبہ ہے کیسا
مہماں ہوا ہے تیرا جانِ علیؑ و زہرا

تر کر کے اپنے خوں سے خاکِ شفا بنایا

افسوس تو نے اُن کا کچھ مرتبہ نہ جانا
تو نے جسے مٹایا تھا وہ چمن نبیؐ کا
تو نے جسے اُجاڑا گل زار تھا علیؑ کا
تجھ کو عروج دینا یہہ کام تھا اُسی کا

مظلوم کربلا کا جس نے لقب ہے پایا

دنیا میں جب کہ آیا یہہ میرا جسم خاکی
خالق نے میرے دل میں حُبِّ علیؑ عطا کی
عباسی میں نے حق سے تائید ہے یہہ پائی
ہے فخر مجھ کو اس کا میں ہوں کنیز اُس کی

عباسِ باوفا کا جس نے لقب ہے پایا

رباعیات

"شہید کربلا"

از حضرت پرویز شاہدی - حنفی - کلکتہ

ہے گرم نفس غمِ محبت تجھ سے باقی ہے حیاتِ سوزِ ملت تجھ سے
اے راہِ وفا میں جان دینے والے زندہ ترے نانا کی ہے امت تجھ سے

دُنیائے جمود کو روانی بخشی ایماں کو حیاتِ جاودانی بخشی
احساں ترا اے شہیدِ اعظم تو نے اسلام کو اکبر کی جوانی بخشی

چھدتے تیروں سے حلقِ اصغر دیکھا مرجھاتے ہوئے شبابِ اکبر دیکھا
اے خسروِ ملکِ صبر آنکھوں نے تری کیا کیا ستم کا منظر دیکھا

قاسم کو جہاں سے گزرتے دیکھا عباسِ وفادار کو مرتے دیکھا
اے جانِ رسول دیدۂ گردوں نے اتنا نہ کسی کو صبر کرتے دیکھا

پیہم غمِ حسنین میں روتے رہیئے اور آنسو سے دل کی گرد دھوتے رہیئے
لائے گا ثمر خلد میں نخلِ ماتم دانے اشکوں کے آپ بوتے رہیئے

حسنینؑ کے غم میں جان کھونے والو شبیرؑ کو یاد کرکے رونے والو
خاکِ شہدائے رسول کی ہے کھیتی موتی کاٹوگے اشک بونے والو

باقی آئندہ

beat Mr. Ashit Mukherjee in 5 sets who won the All India Runners Up in 1939. He also beat Bengal No, 5 Mr. Amar Mukerji twice, beating him in straight sets each time. Although brought up in a house of western civilization Mr. Kabuli, though quite young, is fond of religious things He says his prayers and is attending religious majlises with full devotion. Mr Arakie is more popular in Tennis in Bengal.

3 Mr. William Wells, now Mr. Hosen Wells, whose photograph appeared on page 5 Urdu side in March last, embraced Islam at the hands of His Eminence Maulana Haidari in Singapore (June 1928). He expressed his faith in Islam in the following few lines of poetry which he recited on the Ashura night at Agha Mirza Mohammad Ali Namazi's majlis at Singapore. It is hoped it will be of great interest to the readers of Islamic World. (*Editor*)

HOSAIN.

1. Pitched upon the scorching deset, the tents of Hosain lay,
Encompassed round with Satans Hounds
Upon that black sad Day.
2. They numbered less than Eighty Strong,
Women and children too.
Whilst Yazid's thousands stood around
Awaiting the Fiend's lue.
3. Driven away from the cooling stream,
His children wailing for water.
Awaiting with patience extremely sublime
Like sheep for the butcher's slaughter.
4. Oh ! how valiantly fought that pitiful few,
Against Yazeed's vile murderers.
Fought with a courage unequalled in Time.
Fought with a fierceness that was surely divine.
5. The earth quaked and trembled as noon drew near,
But still the survivors knew no fear.
But fewer and fewer grew that pitiful band.
For Islam, and God, and Hosain, they stand.
6. At last, all were dead, the Devil had won,
Blood red sank down the merciless Sun,
Trampled and torn lay the gallant Hosain.
For Islam and God, the Faithfull were Slain.

Hosin Wells, Singapore. 28 June, 1928.

Who is who ?

(See March 1940—Urdu side P. 5.)

1-Nawab S Mohammad Taqi alias Aga Haidar was born in 1875. He is of royal blood, being grandson of Nawab Jafri Begam daughter of Ziaul-mulk Nawab Fazli Ali Khan prime minister of His Majesty Naseerud din Haidar the King of Oudh. His grand father Nawab Mohammad Ali Khan alias Nawab Doolah was direct des-cendent of Safavi line of Persian monarchs. He possesses landed property in the Kaimganj Tahsil and the Chapramaoo Tahsil both paying Government revenue. Having passed the Entrance Examination he read in the Agricultural School Cawnpore but did not appear in the Final Examination. During the Great War of Europe (1914-1918) he served Government to the best of his power and means both by money and by men. He and his wife and his son Syed Mohammad Mukhtar alias Syed Mohammad Akbar Husain (who was at that time minor) subs-cribed over 10000 rupees to the War Loans & Contributed liberally to various War Funds. He & his wife endowed Rs. 14500 in the Mac Nair Female Hospital Shams-abad before the Great War of Europe. He went on a pilgrimage to the holy shrines of Iraq-Arab 1906 (Karbala, Nejaf, Kazmain etc) He has been an Honaray Munsifalso

(March 1940—English side P. 19)

2-Mr. Mirza Ahmad Kabuli better Known as Mr. M. A. Kabuli s/o Mr. Mirza Ali Akbar of Rangoon, born on 17th May 1916, one of the leading Table Tennis players of Bengal, photographed along with his partner-in doubles Mr. A. Arakie. They were about to win the Calcutta championship in February last, in the final (Mein's double), but on account of bad luck they lost the game, after leading 13-17. The Scores were 21-14, 14-21, 7-21, 21-13 and 21-18. They Also beat in 1938, the Bengal champions Messrs K. Gangoli and S Banerji in 3-1 sets in men's double. The opposite party Messrs A. Ghosh & A. Guha represented India for the worlds championship in Cairo last year.

It is hoped that our friend Mr. Kabuli will soon be entitled to be selected for the World Championship from India as he has of late beaten many prominent players in men's single in this country. He

"In its pathos" says Wilfrid Sparroy, "the episode of the Tent recalls the tragedy of Cavalry, and the virtues of the members of Hashim might have been modelled on those of the twelve Apsotles of Christ. The sublime figure of Hussain stands amongst them as the redeemer of his people On the Cross Christ's heart foresook him once and only once. It was when he cried : "My God why hast thou forsaken me ? " In like manner the heroic Hussain within the sight of Cufa, having to withstand the attack of Yazid and his hosts by turning aside from the direct road leading to his city of refuge and seeing the exceeding anguish of his beloved daughter Fatima, had felt the sting of his own destiny : "Ye crooked conducted spheres" he had cried "how long will ye act so cruelly to the family of God's Prophet ? "

Then, nerving himself to the trial, he prophesied his death on the morrow, and said, with his customary fortitude that the sacrifice of himself and his companions was not a cause for grief, since it would work for the salvation of his grandfather's people, and thenceforth his resolution to meet the fate he had chosen for himself never swerved, not even when the very angles of heaven sought to save his life from sheer love of a soul so "undaunted and so incorruptible.".

---

1. Islam Studien ....Prof. C. H. Becker-Pub. in Germany 1931. Beiseinem . ...berechtigten clalifen Pages:-104, 105.
2. Varlesungen uher den Islam ...... Prof. Ignaz Goldziher—Pub. in Heidelberg .1928. Pages: 197, 198, 202.
3. Her Todder Huseijnben Ali nuddie Rache......Prof. F. Wustenfeld ... Pub. in Germany. 1883. Pages 94, 95. Whole Book.
4. History of Persia . .. By D M. Sykes......Vol. II. London 1915. Pages:-42, 43.
5. The chilaphat... W Muir......London 1891. (Husein obtined ......of Mohamet.) Pages:- 3/2 323.
6. The History of Saracens .. .. S. Amir Ali-London 1907. (In the terms......the Ommayeds.) Pages:- 84, 85, 86, 87.
7. The Successors of Mohamet......Washington Irving... Leipzig 1850 When the morning .....from Fatima.) Pages:-317, 318, 319.

to the Caliphate against the hated *Ommeiades*. He crossed the desert with only a feeble train, his wife, his sister† two of his sons, and a few armed horsemen. When on reaching Karbala, then a desert station, about a day's journey from the west bank of Euphrates and in the near neighbourhood of Cufa, he found drawn up to meet him a host not of *retainers*, but of foes. The narrative of what follows is among the most pathetic in all history. The noble son of Ali, the favourite grandson of the Apostle of God, after deeds of valour, romantic even in an Arab of that age, fell pierced through and through with the arrows and jivelins of the cowardly assailants who did not dare to come within the sweep of his arm."

I. II. III. "His adversaries" says Prof. Dr. F. Wustenfeld "now closed around the person of the devoted Imam, who, notwithstanding, continued to defend himself with such admirable intrepidity and presence of mind as to excite the surprise and terror of his assailants, and killed or disabled not a few of their number. Labouring under such extreme anguish of mind from the frightful spectacle of a murdered family covered with wounds, deprived of water for so many days, and assailed by such overwhelming odds as well as by distress and horror, in every shape and form, he exhibited such an example of courage and constancy as seemed to be beyond the scope of human prowess . . A massacre rather than a fight ensued. Sinking to the earth he fell beneath a thousand weapons.".

"Thus fell" writes Prof. I. Goldziber "one of the noblest spirits of the age and with him perished all the male members of his family old and young with the solitary exception of a sickly child, whom Hussain's sister Zainab saved from the general massacre. He, too, bore the name of Ali. and in after life received the desigantion of Zainul-Abideen, "the ornament of the Pious" He was the son of Hussain by the daughter of Yazdjird, the last Sassanide king of Presia, and through him was carried on the house of the noble Imam.".

† The number of companions closely related to this King of Martyrs is not given correctly. There were 2 Sisters, 3 Sons, 4 Brothers, Cousins, nephews and some other females and children. (Editor)

THE SUPREME SACRIFICE.

By Dr. S. M. J. Rizvi. M. D. L. Q. (Berlin) M. R. A. S. E. (London) Hydrabad.

The history of Islam, since the death of the prophet, is a woeful narration. The principles so ardously incorporated into the Islamic edifice by the Prophet were slowly falling away. In other words an attempt was being made to institute heathenism again. The upholders of paganism worked as wolves in sheep's clothing. The advent of Yazid admits of no disguise. It was paganism pure and simple The reign of Yazid represents the comeplete downfall of Islam and the revival of paganism with its full force and vigour. The safety of Islam was at stake. It should either live or allow itself to be crushed under the heavy weight of heathenism. Islam required sacrifice not of one life but of lives. Who was prepared to do so ?

The Islamic Interuational comittee held in Budapest 1910, has passesd the spellings of the moslem names as follows:—
1. Huseijn. 2. Ommayyads.

The name of *Hussain,* the hero of Karbala, is rightly associated with Islam. The Arabian Prophet had succeeded in establishing Islam, but the result of his hard labour was at the point of being wiped out. Hussain realized the gravity of the situation. It admitted of no meditation, no delay, no compromise. He, the representative of Islam, stood up with his small following to face paganism with all its vast forces. (Syed Imtiaz Hussain Tirmizi B. A.)

I, II, III. "Eleven years after his elder brothers murder in the year 680 of our era" says prof. C. H. Becker "yielding to the repeated entreaties of the chief Muslim people of Irak, Arabia (or Mesopotamia), who promised to receive him with a host of armed supporters, Hussain set forth from Medina to Cufa to assert* his right

* Note—Hussain never tried to assert his right to the socalled caliphate. He was compelled to leave Medina and Mecca. The Ommeiades were determined to shed his innocent blood even in these holy places.

(Editor)

"At present, as will be seen from the concluding chapter, any Arabic letter of inquiry or controversy have to be sent to Cairo or North Africa for Examination and for an answer. This slow method is, to say the best, most unsatisfactory. In view of the signs of some revival of Moslem interest in China through the influence of the Pan-Islam movement, and in cousequence of that general awakening which is affecting more or less the whole of the Chinese Empire, the problem is becoming more and more pressing.

"The opening up of those more ready means of communication which are bringing the East and West into such close touch equally affect Mecca and China as any other centres, so that Islam in the Far East cannot long continue in its present obscurity. (*a*)

"The great rebellions of the last fifty years „rove that Islam is no negligible guan fity to the Chinese Government, nor can it any longer be to the Christian Church now that Christian communities are to be found in all the provinces of the Empire. (*b*) (Tobe contd.)

(*a*) NOTE--It is not true that Islam has remained obscure in these places. The pages of history will speak that the rays of the bright Sun of Islam reached far and wide and brightened the whole universe in muintes and seconds and dazzled the eyes of those who did not like it. (Haidari)

(*b*) This a fact that now Christian communities are to be found throughout the length & breadth of China but the figure showing the number of the Members of each community will be much more surprising. We will how ever mention them in the proper place. Here it is necessary to mention that the Moslems in China are not also sleepy, and inspite of the untiring efforts of the Christian Missions very few Moslems have fallen victim to these Missions, while on the other hand a good percentage of non-Muslim Chinese joins the ranks of Islam every year. There is no regular propagation work there, no financial support given to the converts, no Hospitals, Schools or Colleges for them, no industrial Schools for the Emigrants, but inspite of want of all such attractions the rapid increase in the moslem population in China speaks for the vitality of Islam which is undeniable. (Haidari)

has before him an alphabetically arranged list of all the kind friends who have answered his letters of inquiry. Should any of these not have received a personal acknowledgment by letter. their pardon for an unintentional oversight is sincerely asked.

"Rather than print all the names the writer has taken the privilege of dedicating the book to all who have assisted, as the best proof of his sense of obligation. As already mentioned the book is largely the outcome of special inquiries set on foot in cennection with Commission I. of the World Missionary Conference, the briefest summary of the findings being embodied in the Report of that Commission, with a foot note referring the reader to this work The book is now sent forth as a supplementary study to that Report, with the kind Introductory Preface of Dr. J. R. Molt, Professor Harlan P. Beach and Dr. S. M. Zwemer, who were respectively Chairman and members of that commission, and to whom as such the Maunscript was submitted before the conference. It may also be added that in addition Dr. Zwemer has most kindly read the final proof of the book and unified as far as that is possible, the Arabic spelling.

If according to the writers' conservative estimate the Moslems of China more than equal in number the Moslem population of Egypt, Persia, or Arabia, they surely deserve more thought than has yet been given them, and should this number be an under estimate the claim is only the greater. And if these people cannot be effectively reached in many cases without an Arabic-speaking Missionary, of whom there are none, with the possible exception of a worker resident at Kashghar or Yarkand, there is an urgent call for such worker or workers without further delay. *

* NOTE—This urgency must also invite the attention of the local Moslems residing in the places above mentioned and it is hoped that the Madrasatul waizeen will soon find its way to send competent Missionaries to help the Moslems in the Far East and save those innocent people from falling victims to the Christian Missionaries of Mr, Broom halls' Type. (Haidari)

European or American. Rubbings of this and other mounments are now in the writer's possession, and some are reproduced in this book. Thanks are also due to Mr. Arthur Cottet of the Chinese Imperial University, Peking— who as a speaker of Arabic has had special facilities for making inquiries- for rubbings of the famous Kien Lung Moslem mounment, for many photographs and valuable information re-Moslem communities in Peking.

"Acknowledgment is also thankfully made of the help given by Mr. Hans Doring in securing a rubbing of the trilingual inscription at Canton. †

"In translation work the writer is indebted to the Rev. W. St. Clair Tisdall D. D., for the translation of the Sianfu Arabic, and the Canton Arabic, and Persian inscriptions; to Mr. C. Zee for kind assistance in the task of translating the Chinese inscriptions, which in some cases, where Arabic words have been transliterated into Chinese, have given considerable trouble; to Miss Smirnoff of the C.I.M. for a manuscript translation of Professor Vasil'eo's Russian book, and to the American Christian, who prefers to remain anonymous, for similar help with the Turkish books. It may be mentioned here that the largest Turkish work, obtained through it purports to be an independent study, is chapter by chapter an abbreviated translation of M. de Thier Sant's French book.

"It would be possible to fill several pages with the names of those who have, by correspondence, etc., given assistance, as thewriter

† NOTE—In 1928 while I was staying in Hong Kong in connection with the Islamic propagation work I came to know much about Canton.

It is one of the most important towns in the Moslem world. The Moslem Emigrants during the life time of the Holy Prophet of Islam reached this place and I am not exaggerating in saying that the first Mosque in the Moslem world next to that built in Medina was the one built in Canton a few years after the death of the Holy prophet of Islam and these inscriptions are those on the pillars of this Mosque.

(Haidari)

but these, as the reader will soon recognise, are of no historical value. (*a*)

"By the help of friends, careful search has been made in the most likely centres in China for Inscriptions which it was hoped would throw light upon the subject. In addition to these lines of research, the writer sent out a list of questions to more than eight hundred persons, missionaries Commissioners of Customs, etc; resident throughout the Chinese Empire, and from nearly two hundred of these many writing on behalf of others, replies have been received. Some of these replies have been long and valuable contributions to the subject, and some only the briefest post card, in some cases saying that there were no Moslems in their locality, which brief statement has been useful information in ascertaining the Moslem contres of pepulation *

"It will be at once recognised that the writer is under a heavy obligation to many friends, and this he desires to fully acknowledge. In the search for inscriptions the writer is especially indebted to the Rev. F. Madeley, M. A , of the Baptist Missionary society, who discovered the mounment dated 742 A. D., hither to not seen by any

(*a*) NOTE--Is it not a pity that Mr. Broomhall gives no historical value to the work of the Chinese Moslem writers, although it is a fact that the Chinese Moslem writers must have got first hand information about their own country, on which the works of the foreign writers must be based. (Haidari)

* NOTE—It is strange that inorder to gather information about the Chinese Moslems our friend has not taken the least trouble to enquire about them from any Moslem residing in China. He was contented with the replies received from different non-Muslims whom he addressed on the subject and yet he is proud of his having compiled the very best book about Moslems in China. It would have been much better if the author had expressed that he was not writing in the capacity of a historion but he was writing as an orthodox Christian who is naturally bound to be dead against Islam & Moslems, notwithstanding their being Chinese or Indian (Haidari)

mental inscriptions in Arabic in preference to the Chinese character, so honoured by the Confucian Scholar; and the conversation with a Mullah on lines quite other than those generally followed by the ordinary *Chinese*, could hardly fail to make a lasting impression.

"Some of the ambitions then awakened in the writers' mind have never been realised, but at last after many years' time, circumstances have made both possible and desirable a more thorough study of these interesting strangers, now dwelling as naturalised subjects of the *Chinese Empire*.

"Some correspondence with Dr. Zwemer, the well known American Moslem authority, with whom the writer was privileged to be associated as a member of commission, I, in preparation for the World Missionary Conference at Edinburgh, hastened the completion of a work which had for some time been seriously contemplated.

"In the prosecution of this task no pains have been spared to make the results reliable, and as complete as a book of reasonable limits would allow. Up to the present time, no book in the English language has been published on this subject, though a fair number of articles are to be found here and there in various magazines. The British museum and other Libraries have been carefully searched for these, and for any works in French, German, and Russian, while one or two small books in Turkish have been specially obtained from Constantinople. The most important works are those in French, especially those by M. Deveria, who is a scholarly and accurate writer, and the large work by M. Depiersant, which is a mine of information, though it shows a sad lack of the critical faculty.

"The more important of the books used will be found in the Bibliography in the Appendix, and the footnotes throughout the book will indicate those most frequently quoted. Extracts from one or two of the more important Chinese Moslem books have been given,

It is a fact that Western Missions have, from a very long time, been engaged in the persuit of diminishing the Muslim population of the world by all means with in their powers and thus trying to increase the number of those who profess to believe, even for political salvation in the Godhead of Jesus Christ.

But the fact connot be denied that notwithstanding their untiring efforts these Societies have not been able to inflict a substancial loss on the Muslim population.

The Non Muslims whether they be Christians or otherwise generally accuse Islam of cruelty, tyranny and other similar charges and their belief is that Islam has spread far and wide only through the Sword.

China and its Muslim population refute all such accusations and a student of history will easily understand that Islam was not spread through sword. The Editorial Secretary of the China Inland Mission, Mr. Marshall Broomhall B. A., in an introductory preface to a book, "Islam in China" has to a great extent expressed his eagerness to see the Christian Mission prosperous in China, which inspite of all kinds of facilities has proved a complete failure.

Mr. Broomhall says :—

" Nineteen years ago, the writer, in the course of a long overland journey across China, came for the first time into personal contact with the Chinese Moslems. A prolonged visit, one Sabbath day, in company with Mr. John Brock, to a mosque in a city on the borders of the provinces of *Honan* and *Auhwei*, gave rise to many reflections concerning *the followers of Mohammad residing so far away from the prophet's Sacred city of Mecca.*

" The first sight of a Moslem place of prayer, so clean and well kept, in contrast with the dirty condition of an ordinary *Chinese temple*; *the absence of all images in a land given to idolatory*, the orna-

Mission, and should the missionaries be well up in the religious knowledge of the different faiths and have a good command over the English language, the success is not far.

The Maulana's lectures in the Mosques have had a very good effect on the Muslim Community, and have I believe dispelled the suspicions that some of them had with regard to the Islamic teachings, and have strengthened the beliefs of the rest. The European and Chinese Communities also appear to be taking interest and had the Maulana to stay here longer it would probably have brought more marked results.

Maulana Laqai Ali Haidri is the first Muslim missionary seen in this part of the world, and although, as it is stated, he had not had a chance to deliver lectures in English previously except at Singapore, he has improved admirably and spoken in English without any deficiency. Possessed with a vast knowledge of the different faiths and an unshakable determination to deliver His message undauntedly as he is, this white-bearded old man has in fact during his short stay in Hong Kong achieved that success and done such a useful service to Islam which the Young Men's Islamic Society inspite of its high ideals and noble undertakings was unable to do.

I am giving you this information with theonly object and hope that it may be of service to you in framing your programme for the future, and trusting that it will prove of assistance.

I am, Yours in Islam,

Haq Nawaz Mehal,

The Hong Kong Electric Co., Ltd.

Hong Kong
3rd June, 1928.

The Maulana is delivering another public lecture inthe City Hall tomorrow on "Islam the religion of peace," and leaves the Colony for Singapore on the S. S. "Takliwa" on the 5th instant.

The notahle and in fact the most essential point in the Maulana's speeches and private conversations is that, irrespective of any inclination to any of the alleged sects in Islam, he speaks for Islam and as a Muslim only, and I must say that each and every Muslim commissioned with the noble duty of preaching Islam must necessarily be such and should strictly observe this fundamental principle of the Faith.

The Muslim population in Hong Kong numbers a few thousand Among them are those who speak only Chinese or English Strictly speaking there is no Islamic Institution in the Colony, and there is no way of giving Islamic education to the Muslim Community in general and the younger generation in particular. The result is clear. Between two unislamic civilisations, the Europeans and the Chinese, the muslim Community is drifting away from the natural and traditional Islamic moralities. Generally speaking the economic condition of the Muslim population is not unsatisfactory and provided a guiding hand be forthcoming, the reforms do not appear difficult.

Hong Kong a British Colony with cosmopolitan population, mostly Chinese, a good number of Europeans, Americans, Australians, Japanese, and representatives from nearly all over the world. The Chinese has been seen to be quite uncommunal-there being some times Muslims, Christians, and Budhists in one family. He appears to be unsatisfied with the Christian theology and looking for something more reasonable and peace giving. The Chinese population in this Colony is entirely engaged in business, and some of the members of the Community are extremely rich. The Christian population in general appearsto be taking no more interest in the religion than it is observed in the rest of the Christian world.

It therefore seems that there is a vast field for an Islamic

Since his arrival here the weather has been constantly bad but inspite of that he has been going to the Mosque even at night, delivering lectures-some time as late as midnight-and returning to his temporary abode under heavy showers of rain.

At a request from a member of the Ahmadi Party the Maulana agreed to explain the Islamic Faith with regard to the alleged death and crucifixion of Jesus Christ, and in a crowded gathering of the Muslim Community he quoted extensively from the holy Quran, Hadis, and the reliable Tafsirs, and proved to the satisfaction of the audience that Jesus Christ was not crucified but raised.

After a few days' stay here the Maulana left for Shanghai and returned in about a week's time, and again started a series of lectures in Juma Mosque discussing almost all the principal points in the Islamic Faith.

In response to a request from the Muslim residents in the Wanchai district of the Colony the Maulana began delivering lectures in the mosque there, and as the only suitable time to thess people was at night tne lectures in this mosque were mostly delivered after sun set.

At the occasion of Idul Zuha the Maulana delivered a thrilling speech on "Sacrifice in Islam" and comparing the various types of the Islamic Law with regard to this question.

Unfortunately and perhaps, taking into consideration the local conditions, not unnaturally the Maulana has not hitherto had a chance to deliver a public lecture except on one occasion when he spoke in the City Hall on 30th May 1928 on "Islam the religion of humanity." The effect of this public lecture—the first of its type in the City Hall—has been satisfactory and encouraging, and coming Muslim missionaries, if any, will have an easy path to tread over.

I shall try to publish regularly some thing about this book every month and trust it will be read with great interest.

To the President, Madrasatul Waizeen,
Lucknow.

Dear brother in Faith,
Assalamo alaikum.

Maulana Laqa Ali Haidri, who I understand is a representative of the Madrasatul Waizeen. Lucknow, is now in Hong Kong for over three weeks, and it gives me much pleasure to pen that I have found him a staunch Muslim and an enthusiastic and a zealous worker in the cause of Islam.

I had first had the pleasure to meet the Maulana on the S S. "Takliwa" when I was returning from India in May last, and I was extremely pleased to learn that he is touring the Far East with a view to preaching Islam in these countries, and that he had been delivering public lectures in the City Hall at Singapore, where one of the European residents had in consequence of his lectures embraced Islam. The Maulana was searchingly quisitive with regard to the conditions in Hong Kong and I explained to him as much as I know.

We landed here on 6th May 1928. and the Maulana was conveyed to Messrs Jummabboy & Co. by their repressntative, and he has since then put up with Messrs, Currimbboy & Co. I understand that Mr. H. M. H. Namazee who is living in his bungalow on a higher level on the hill has been anxious to keep the Maulana with him but in order that the genreal public may have an easy access to him without undergoing the trouble of ascending the hill, the Maulana is still staying with Messrs. Currimbboy & Co. who have their quarters in the central district of the city.

Soon after his arrival here the Maulana began lecturing in the Jumma Mosque almost daily and occasionally more than once a day.

THE ISLAMIC WORLD

BUDAUN. U. P.

Vol 4. | MAY and JUNE, 1940. | Nos., 3+4.

ISLAM IN CHINA

(By Mr. L A. Haidari, Muslim Missionary)

IN 1928 when I left India for propagation of Islam in the Far East I went to several places and was glad to find millions of Muslims in every corner of the continent where ever I went. I visited several places-the details will be given afterwards-where I was considered to be the first Muslim Missionery ever seen. I found the Muslims in those countries, in majority, simple and pure-hearted Ever ready to listen and try to accept reasonable arguments. With all their simple living and pure heartedness I marked with great pleasure that the Christian Mission has nearly failed in China and in the Strait Settlements. They have spent carores of rupees every year but the results are comparatively hopeless.

Although it is very late for me to publish an account of my visit to countries in the Far East, I shall try to put up before my readers what I have experienced in China & other countries. It will not be out of place to give here a copy of a letter written by the President Young M. Association Hongkong to the President Madrasatul waizin Lucknow Dated 3rd June 1928. This letter was published in the Muslim Review. But its reproduction in this connection will not be of less interest to the readers. I got a book named "Islam in China" which was presented to me by Mr. Sawal in Shanghai and I promised my friend to publish a comment on the same. I am now presenting my first instalment.

THE ISLAMIC WORLD

BUDAUN U. P.

May & June, 1940. Nos. 3 & 4

Regd. No. A. 378.

UNDER THE KIND PATRONAGE OF
H. E. H. THE NIZAM OF DECCAN & BERAR.

THE ISLAMIC WORLD

BUDAUN. U. P.

Vol. 4. | MAY & JUNE. 1940. | Nos. 3 & 4

ANNUAL SUBSCRIPTION.

INDIA	RS. 4/-	SINGLE COPY (INDIA)	-/7/-
FOREIGN	RS. 6/-	... ... FOREIGN	-/9/-

HONORARY EDITOR
Dr. S. E. A. SHAH NAQAVI.

MANAGER & PUBLISHER
ALIASHRAF
Kazi Tola, BUDAUN.

Printed by L. Ram Saran Lal Rastogi at the Shanti Press, Budaun.

چیف ایڈیٹر
ڈاکٹر ایس عنایت علی شاہ
نقوی

اغراض و مقاصد

۱۔ غیر مسلم حضرات کے سامنے حقائق اسلام کو بے نقاب پیش کرنا۔

۲۔ مسلم طبقہ میں رواداری کی مستقل لہر دوڑانا۔

۳۔ فرقہ وارانہ اختلاف اور کشیدگیوں کی خلیج کو لگاتار پاٹنے کی کوشش کرنا۔

۴۔ احباب کو مخلص اور مخالفین کو دوست بنانا

۵۔ حقیقی علم برادران اسلام کی ضروریات اور ان کی علمی اور اخلاقی تعلیم کو اصل رنگت میں پیش کرنا

۶۔ دنیائے اسلام کے اہم مسائل پر صحیح تنقیدی تبصرہ کرکے غیر مسلم حضرات کی غلط فہمیوں کو رفع کرنا

۷۔ رعیت اور راعی کے تعلقات کو خوشگوار بنانا

۸۔ قرآن مجید کے متعلق جو شبہات پیدا کئے جاتے ہیں اُن کو بہ آئین شائستہ زائل کرنا۔ اور ایسی چیزیں دنیا کے سامنے پیش کرنا جو عام فہم غلط فہمیوں کا ازالہ کرکے ہر نافہم انسان کو شیدائے اسلام بنا دیں۔

۹۔ مسلمات شیعہ سنی کے خلاف کوئی شے اس رسالہ میں درج نہ ہوگی

۱۰۔ اس رسالہ کے نامہ نگار اسلام کے سچے ہمدرد شیعہ و سنی حضرات جو ملک میں کافی روشناس ہیں ہونگے

۱۱۔ حضرات علمائے اعلام کثر اللہ امثالہم اپنے بیش بہا ارشادات سے اس رسالہ کی وقتاً فوقتاً اعانت فرماتے رہینگے

۱۲۔ غیر مسلم حضرات جو مشاہیر اسلام سے عقیدت رکھتے ہیں اُن کا کلام نظم و نثر اس رسالہ میں درج ہوا کریگا

نظام العمل

۱۔ یہ رسالہ ہر انگریزی ماہ کے آخری ہفتہ میں دہلی سے شائع ہوا کریگا۔

۲۔ سالانہ چندہ عام شائقین سے چار روپیہ ہوگا

۳۔ بیرون ہند سے ساڑھے سات شلنگ ہوگا۔

۴۔ یہ رسالہ مخصوص غیر مسلم اداروں میں اور کتب خانوں میں بلاقیمت بھیجا جائیگا۔

۵۔ بلا وصول قیمت پیشگی پرچہ روانہ نہ ہوگا جو حضرات وی پی کی اجازت دینگے انکا اخلاقی فرض ہوگا کہ واپس نہ فرمائیں

۶۔ بابت خط و کتابت و ارسال مضامین بنام مدیر ہونا چاہئے

۷۔ جملہ ارسال زر بنام منیجر ہونا چاہئے۔

۸۔ جن حضرات کے پاس رسالہ آخر ماہ تک نہ پہنچے وہ صدر دفتر کو اطلاع دیکر منگوا سکتے ہیں

چندہ سالانہ للعہ

بیرونِ ہند سے ۔ے ر

اِنَّ الدِّینَ عِندَ اللّٰہِ الاِسلَام

اسلامی دنیا

بدایوں

زیر سرپرستی
حضرت قمر الواعظین لسان الملت
ناصر الشریعت ثقۃ الاسلام مولانا مولوی
محمد بقا علی صاحب حیدری
مدظلہ العالی

مدیر مسئول
گریجوئٹ مولوی سید
تکمیل عنایت علی شاہ
رضوی ۔ ایس ۔ ایس
نقوی ایل ۔ ڈی ۔ ٹی ۔ ایم
اے ۔ ایچ پی لکھنؤ

جلد ۴ — فہرست مضامین بابتہ ماہ اکتوبر و نومبر ۱۹۴۰ء — نمبر ۸ و ۹

گزشتہ دو سال کے عرصہ میں جس دور ابتلا میں ہمارے جرائد و رسائل مبتلا رہے ہیں وہ ظاہر ہے کام کرنے والے طرح طرح کے مصائب میں گرفتار قومی ادارے مالی مشکلات سے آئے دن دوچار اور اسیر قومی درد اور جذبۂ مذہبی کا فقدان یا کلی کریلا اور نیم چڑھا کا مصداق ہے۔ ہم کو یہ ذاتی تجربہ ہے کہ ہر رسالہ مالی مشکلات میں مبتلا ہے اور برابر کہیں پریس فنڈ کی کوشش ہے تو کہیں اشتہار کے حصول کی کوشش اور اخبار و رسائل کو کلید کامیابی قرار دیا جاتا ہے۔ کہیں ہر خریدار سے جدید ایک نئے خریدار کی فرمائش۔ ہمارے اخبارات اور رسائل کے پڑھنے والوں میں کم از کم ۵۰ فیصدی ایسے حضرات ہیں جو محض تبرکاً یا وضعداری کے پاس کی وجہ سے کسی قومی رسالے یا اخبار کے خریدار ہیں۔ روزانہ اخبار اُن کے شوق اخبار بینی کو پورا کرنے والے اور مضامین کی اہمیت پر نظر کرکے رسالہ کو قدر کی نگاہ سے دیکھنے والے اصحاب کی تعداد دس فیصدی سے زیادہ نہیں نقد و تبصرہ کرنے والا تو ایک فیصدی مشکل سے ملیگا۔ اور اس نقد و تبصرہ کو خوشدلی اور خندہ پیشانی سے دیکھنے والے بہت کم نکلیں گے۔

ہم اپنے ایک محترم بزرگ کے ممنون ہیں۔ جنھوں نے ہمارے رسالہ پر دو سال تک نہایت زبردست تنقید اور تبصرہ کرکے ہم کو ہماری خامیوں پر متنبہ کیا لیکن جب انھوں نے دیکھا کہ یہ مرض مزمن ہوگیا ہے اب اس طرف توجہ کم کردی پچھلے دنوں میں سنا تھا کہ سوء مزاج کی شکایت ہے۔ خداوند عالم شفا عطا فرمادے۔

اسوقت بھی باوجود طرح طرح کی دقتوں کے ملک میں خدا کے فضل سے ہمدردانِ مذہب و ملت کی کمی نہیں ہے۔ ہمارا رسالہ جو نہ باوجود اپنی غیر منظم حیثیت کے کس مپرسی کے عالم میں نہیں ہے اور مذہب حقہ کے فدائی اس کی اشاعت میں کوشاں ہیں اور روز افزوں ہماری فہرست میں اضافہ ہو رہا ہے ہم نے بار بار بذریعہ تحریر خاص و عام طریقہ پر ان حضرات کو متوجہ کیا جن کے ذمہ بقایا واجب ہے۔ اور اپنے مذہبی رسالہ کے اجراء میں کمی سرمایہ کو رکاوٹ ظاہر کیا۔ لیکن سوائے چند حضرات کے کسی نے توجہ نفرمائی جس سے بیحد نقصان ہو رہا ہے۔ براہِ کرم وہ تمام حضرات جنھوں نے سنین گذشتہ میں اپنا چندہ یا مصارف طبع بلاک مرحمت نفرمائے ہیں اس رسالہ کے پہونچنے پر بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمادیں۔ ورنہ

وی پی حاضر خدمت ہوگا اور اس صورت میں اگر وی پی واپس ہوا تو ہمارے ادارے کو مفت میں ایک قلیل رقم کثیر نذر ڈاکخانہ کرنا ہوگی۔ جو حضرات رسالہ کو ضروری نہیں سمجھتے وہ براہ نوازش ایک پوسٹ کارڈ بھیجکر ادارے کو شکر گذاری کا موقع عطا فرمادیں۔ کیونکہ رسالہ کو ہزاروں کی تعداد میں بلا ضرورت شایع کرنا منظور نہیں ہے۔ اگر شایقین حضرات کی تعداد کم بھی ہوگی تو اجرار رسالہ پر اثر نہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

جن حضرات نے ابھی تک اپنے سوانح حیات روانہ نہیں فرمائے ہیں اور اُن کے فوٹو شایع ہوچکے ہیں وہ براہِ کرم جلد روانہ فرمادیں تاکہ قریب کی اشاعتوں میں شایع ہوسکیں۔

جو حضرات آئندہ حسین نمبر کے واسطے اردو انگریزی۔ فارسی (نظم یا نثر) میں کچھ لکھنا چاہیں وہ جلد توجہ فرمائیں۔ انشاء اللہ آئندہ حسین نمبر ماہ فروری میں ضرور شایع ہوگا۔ یا لقصویر ہوگا۔ اور اُمید ہے کہ سال ہائے گذشتہ کے مقابلہ میں اور زیادہ شاندار ہوگا۔

اس مرتبہ بھی بعض تصویریں بہت زیادہ اہم ہوں گی۔ اور مضامین انشاء اللہ سب کے سب اہم ہوں گے۔

والسلام

خاکسار

نائب مدیر

نقد و تبصرہ

حسینی قربانی

یہ ایک مجموعہ سلام ہے جو ۱۱۲ صفحہ پر مشتمل ہے۔ آگرہ و دیگر مقامات کے ہندو مسلم حضرات کا مرجبہ کلام مولوی سید غلام علی حسن صاحب وکیل شاہگنج آگرہ نے مرتب فرمایا ہے۔ چھ سال سے شاہگنج آگرہ میں اردو ادب کے قدردان عشرہ محرم کے بعد ایک بزم سالانہ منعقد کیا کرتے ہیں۔ جس میں مقامی و بیرونجات کے حضرات شعراء کو دعوت دیجاتی ہے۔ اس سال کی بزم سالانہ زیر صدارت ادب ادیب مولوی محمد سلطان حیدر صاحب جوش بی ای۔ اسی بدایونی منعقد ہوئی۔ جلسہ ہر طرح کامیاب رہا۔ اور فاضل صدر جلسہ کا خطبہ صدارت نہایت مہتم بالشان تھا۔ جسکو شارٹ ہینڈ رائٹر نے لکھا اور اس مجموعہ سلام کے ساتھ شایع کیا گیا ہے۔ چونکہ سلاموں میں تصرف کو دخل نہیں دیا گیا ہے۔ اس وجہ سے بعض مقامات پر غور و نظر کی ضرورت باقی رہ گئی۔ لیکن بزم ادب شاہگنج آگرہ کی یہ کوشش ہر طرح قابل

ستائیش اور لائق داد ہی. مجموعہ سلام مطبوعہ [illegible] تقطیع پر دیدہ زیب لکھائی چھپائی کے ساتھ شایع ہوا ہی۔ علاوہ ٹائیٹل کے ۱۱۲ صفحے ہیں اور قیمت صرف ۱۲ہ ہے۔

ملنے کا پتہ

علوی اسٹور شاہگنج آگرہ (مدیر)

"مولویت اور اسلام" مولفہ حاجی نبی احمد صاحب رئیس بریلی اسوقت ہمارے روبرو بغرض تبصرہ موجود ہی۔ حاجی صاحب نے اس کتاب میں جو کچھہ لکھا ہے وہ دردِ دل کی بناء پر ہی

درحقیقت صدیوں سے نہیں بلکہ واقعی ایک ہزار سال سے زیادہ عرصہ گذرا مسلمانان عالم کے پاس صدہا کتابیں مختلف علوم و فنون کی زینت کتب خانہ بنی رہی ہیں۔ اور آج بھی یہی عالم ہی. سابق میں پڑھے لکھے آدمی حکومت کے اثر سے مرعوب ہوکر دین کو دنیا کے لئے فروخت کرنے میں دریغ نہ کرتے تھے۔ اور اس بے باکی اور ناحق شناسی کا یہہ نتیجہ ہوا کہ صدہا نہیں ہزاروں کتابیں علم فقہ۔ تاریخ۔ تفسیر اور حدیث وغیرہ میں ایسی موجود ہوگئیں کہ کسی بات کو بھی جانچنے اور اصل کا پتہ لگانے میں دقت ہی دقت ہے اس زمانہ کے مغرب زدہ حضرات کے عقیدے کے بموجب جو شخص نامی مولوی ہو۔ بس اس کا نامی ہونا کافی ہے۔ اب تحقیق اور تفتیش کی ضرورت نہیں ہر جو اس نے لکھہ دیا وہ اگرچہ خدا و رسول کے حکم کے خلاف بھی ہو لیکن چونکہ زمانہ موجودہ کے مولوی کے زور قلم کا نتیجہ ہے۔ اس کی قیمت کے خلاف آواز بلند کرنا کفر کے مترادف ہے۔

ہم انشاء اللہ مستقل طور پر مختلف علوم و فنون کی کتابوں پر نقد و تبصرہ کریں گے۔ سردست ہم کتاب مندرجہ بالا پر اپنی رائے ظاہر کرنا چاہتے ہیں۔ مولف نے جس جوش اور جذبش کے ساتھ یہہ مختصر رسالہ لکھا ہی وہ مطالعہ سے ہی معلوم ہو سکتا ہے۔ ۸۰ صفحات لائبریری سائز پر طبع ہوا ہے لکھائی چھپائی معمولی ہی کاغذ ادنے قسم کا ہے اور کتابت کی بھی کہیں کہیں غلطی رہ گئی ہے. معلوم ہوتا ہے کہ پروف مولف نے خود نہیں ملاحظہ کیا. لیکن اسکے ساتھ ساتھ قیمت کچھہ بھی نہیں ہے یعنی اپنے مطالب کی اہمیت۔ زبان کی سلاست اور روانی زبردست مطالعہ کے نتیجہ کو پیش کرنے کے باوجود صرف ۴ہ ہے۔ ملنے کا پتہ غالباً بریلی ہوگا۔ کیونکہ آخری صفحہ پر چند دیگر تصانیف۔ حاجی صاحب کی فہرست بھی موجود ہے اور وہ سب کتابیں اگر اس پیمانہ پر لکھی گئی ہیں تو یقیناً قابل مطالعہ ہیں۔

بریلی نہیں تو نظامی پریس بدایوں سے ضرور مل سکیگا

(مدیر)

الہامی کلمات

(گذشتہ سے پیوستہ)

۵۱۔ العالِمُ یَنظُرُ بقلبہٖ وَخاطِرِہٖ الجَاھِلُ یَنظُرُ بعَینِہٖ و نَاظِرِہٖ۔

عالم چشم بصیرت سے بینا ہیں اور بے سواد چشم عبارت سے دیکھتے ہیں۔

۵۲۔ الصَّمتُ لِغَیرِ تفکّرٍ خَرَسٌ

خموشی اگر فکر کے سبب سے نہ ہو گونگا ہونا ہے۔

۵۳۔ الغَشُوشُ لِسانُہٗ حُلوٌ وَقلبُہٗ مُرٌّ

چاپلوس کی زبان شیریں ہے اور قلب تلخی سے بھرا ہے

۵۴۔ العفوُ تاجُ المکارم

درگذر کرنا بزرگی کے لئے تاج سر ہے

۵۵۔ الاحسانُ یستعبدُ الانسانَ المَنُّ یُفسدُ الاِنسانَ۔

احسان آزاد انسان کو بندہ بناتا ہے اور اُس کا جتلانا احسان کو برباد کرتا ہے۔

۵۶۔ الخائفُ لاعَیشَ لہٗ

ترسان کے لئے آرام و راحت نہیں ہے۔

۵۷۔ العلمُ تدلُّ العقلَ فمَن عَلِمَ عَقَلَ

دانائی عقل کی رہنما ہے۔ پس جو صاحب علم ہے صاحب عقل ہے۔

۵۸۔ الکیّسُ مَن کانَ یومُہٗ خَیراً مِن اَمسِہٖ

باہوش وہ ہے جس کا آج کا دن آنے والے دن سے بہتر ہے۔

۵۹۔ الجاھِلُ لایعرِفُ تقصیرَہٗ ولا یقبلُ مِنَ النّاصِحِ لَہٗ۔

نافہم نہ تو اپنی لغزش کا معترف ہوتا ہے اور نہ کسی کی نصیحت قبول کرتا ہے۔

۶۰۔ الدّاعی بلا عَمَلٍ کالقَوسِ بلا وَتَرٍ

مرد بے عمل جو طالب عمل غیر سے ہو کمان بے زہ کی طرح ہے

۶۱۔ البلاغۃُ ما سَھُلَ عَلَی النُّطقِ وَ خَفَّ علی الفِطنَۃِ

حسن کلام یہ ہے کہ زبان پر بار نہ ہو اور فہم پر سبک ہو۔

۶۲۔ الحَسَدُ داءٌ عَیاءٌ لایزولُ اِلّا بِھَلاکِ الحاسِدِ اَو بموتِ المحسُودِ

حسد وہ موذی مرض ہے کہ جاتا ہی نہیں جب تک کہ دشمنی کرنیوالا یا جس سے دشمنی ہو مر نہ جائے۔

۶۳۔ الشّریرُ لایَظُنُّ بِاَحَدٍ خَیراً لانّہٗ لایَراہ اِلّا بِطبعِ نفسِہٖ

شریر و بدنفس کسی کے ساتھ حسن ظن نہیں رکھتا کیونکہ اپنے نفس کی طرح نہیں پاتا۔

۶۴۔ الحائِرُ لم یُؤخِّر عَمَلَ یَومِہٖ اِلیٰ غَدٍ

مردان کار آج کا کام کل پر اٹھا نہیں رکھتے۔

۶۵ التَّعجلۃُ مذمومۃٌ فی کُلِّ امرٍ اِلّا فیما یدفعُ الشَّرَّ

جلد بازی ہر کام میں بری ہے مگر رفع شر میں

۶۶ الطمانینۃُ الیٰ کلِّ احدٍ قبل الاختبارِ من قصورِ العقلِ۔

ناآزمودہ پر پہلے سے مطمئن ہونا کمی عقل ہے۔

۶۷ الشرفُ بالھممِ العالیۃِ لا بالرممِ البالیۃِ

شرف و عزت عالی ہمتی ہے۔ نہ کہ اسلاف پر فخر و ناز کرنے سے۔

۶۸ القلبُ خازنُ اللسانِ اللسانُ ترجمانُ الانسانِ

دل خزانہ دار زبان ہے اور زبان دل کی ترجمان ہے۔

۶۹۔ الاصدقاءُ نفسٌ واحدۃٌ فی جسومٍ متفرقۃٍ

سچے دوست ایک نفس ہیں جو کہ متفرق اجساد میں پائے جاتے ہیں مثل ہو ایک جان دو قالب

۷۰ الناسُ کالشجرِ شربُہ واحدٌ وثمرُہ مختلفٌ

انسان مثل درخت کے ہیں ایک ہی پانی سے سیراب ہوتے ہیں مگر پھل مختلف ہوتے ہیں۔

۷۱ الکلامُ کالدواءِ قلیلُہ نافعٌ وکثیرُہ قاتلٌ

بات مثل دوا کے ہے جس کی مقدار مخصوص فائدہ مند ہوتی ہے۔ اور زیادتی مار ڈالتی ہے۔

۷۲ العِفّۃُ تضعفُ الشہوۃَ

پاکبازی ہیجان شہوت کی مسکن ہے

۷۳ المزاحُ یورثُ الضغائنَ

مزاح دشمنی کی ورثہ دار ہے

۷۴۔ العاقلُ صندوقٌ بیتوہٌ عجیبٌ

خرد مند وہ صندوق ہے جو حیرت انگیز رازوں سے بھرا ہوا ہے۔

۷۵ الصِّدقُ دواءٌ منجحٌ

سچائی ایسی دوا ہے جو رستگاری بخشتی ہے۔

۷۶ الفرصۃُ تمرُّ مرَّ السحابِ فانتھزوا فرصَ الخیرِ۔

فرصت ابر کی رفتار سے گذرتی ہے۔ لہذا کار خیر کے لئے تیار رہو۔

۷۷۔ العالمُ من عرفَ انَّ ما یعلمُ فی جنبِ ما لم یعلمْ قلیلٌ

عالم وہ ہے کہ جو یہ جانے کہ وہ جو کچھ جانتا ہے اس سے جو نہیں جانتا ہے بہت کم ہے۔

۷۸۔ ارضَ للناسِ بما ترضاہُ بنفسک

دوسروں کے لئے بھی وہی چاہو جو اپنے لئے چاہو۔ ہر کہ بر خود مپسندی بر دیگران مپسند

۷۹ انتقمْ من حرامیاتٍ بالعفۃِ کما تنتقمُ من عدوّک بالقصاصِ

اپنے جذبہ حرص کو یوں پامال کر جیسے دشمن سے قصاص لے کر۔

۸۰۔ اذکرْ مع کلِّ لذّۃٍ زوالَھا ومن کلِّ نعمۃٍ انتقالَھا

ہر لذت کے ساتھ اس کا زوال اور ہر نعمت کے ساتھ اس کا جانا یاد رکھو۔

۸۱ اِکْذِبِ السَّعَایَۃَ وَالنَّمِیْمَۃَ بَاطِلَۃً کَانَتْ اَمْ صَحِیْحَۃً۔

سخن چین اور چغل خور کو خواہ سچا ہو یا جھوٹا جھٹلاؤ

۸۲ اُشْکُرْ عَلٰی مَنْ اَنْعَمَ اِلَیْکَ وَاَنْعِمْ اِلٰی مَنْ شَکَرَکَ۔

اس کے شکر گذار ہو جو تم سے نیکی کرے اور اس سے نیکی کرو جو تمہارا شکر گذار ہے۔

۸۳ اِضْرِبْ خَادِمَکَ اِذَا عَصَی اللّٰہَ وَاعْفُ عَنْہُ اِذَا عَصَاکَ

خادم کو مارو اگر خدا کی نافرمانی کرے۔ اور اگر تمہاری خطا کرے تو معاف کرو۔

۸۴ اِسْتَشِرْ عَدُوَّکَ الْعَاقِلَ وَاحْذَرْ رَاْیَ صَدِیْقِکَ الْجَاهِلِ

دانا دشمن سے مشورہ کرو اور جاہل دوست سے بچو

۸۵ اِقْبَلْ عُذْرَ مَنِ اعْتَذَرَ اِلَیْکَ۔

جو عذر خواہ ہو اسکا عذر قبول کرو

۸۶ اُبْذُلْ لِصَدِیْقِکَ کُلَّ الْمَوَدَّۃِ وَلَا تَبْذُلْ لَہٗ الطُّمَانِیْنَۃَ

دوست سے مروت میں کمی نہ کرو۔ مگر راز کہنے میں جلد مطمئن نہ ہو۔

۸۷ اُرْفُقْ بِالْبَهَائِمِ وَلَا تَسُوْءْ لِجِسْمِهَا وَلَا تُحَمِّلْ عَلَیْهَا فَوْقَ طَاقَتِهَا۔

چوپایوں کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرو۔ ان کے جسموں کو زخم نہ پہونچاؤ اور ان کی طاقت سے باہر بوجھ نہ لادو۔

۸۸ اِسْتَشِرْ اَعْدَائَکَ تَعْرِفْ مِنْ رَاْیِهِمْ مِقْدَارَ عَدَاوَتِهِمْ وَمَوَاقِعَ مَقَاصِدِهِمْ۔

دشمنوں سے رائے لو تاکہ ان کی دشمنی کا اندازہ اور ان کے نقطۂ نظر کو سمجھ سکو۔

۸۹ اِسْمَعْ تَعْلَمْ وَاسْکُتْ تَسْلَمْ

سن لو کہ جان جاؤ مگر چپ رہو کہ محفوظ رہو۔

۹۰ اِعْدِلْ لِتَدُوْمَ لَکَ الْقُدْرَۃُ

ہمیشہ انصاف کرو تاکہ صاحب اقتدار رہو۔

۹۱ اَکْثِرِ النَّظَرَ اِلٰی مَنْ فُضِّلْتَ عَلَیْهِ فَاِنَّ ذٰلِکَ مِنْ اَبْوَابِ الشُّکْرِ۔

اکثر اس پر نگاہ رکھو جس پر خدا نے برتری دی ہو کیونکہ یہ ابواب شکر میں ایک باب ہے

۹۲ اِتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِیْ اِنْ قُلْتُمْ سَمِعَ وَاِنْ اَضْمَرْتُمْ عَلِمَ

ایسے خدا سے ڈرتے رہو کہ اگر کچھ کہو تو وہ سنتا ہے اور اگر دل میں رکھو تو وہ جانتا ہے۔

۹۳ اِسْتَعِیْذُوْا بِاللّٰہِ مِنْ سُکْرِ الْغِنَاءِ فَاِنَّ لَہٗ سَکْرَۃً بَعِیْدَۃَ الْاِفَاقَۃِ۔

پناہ مانگو خدا سے اس مستی دولت سے جو بڑی دیر کے بعد اترتی ہے۔ گو یہ دولت بری مست نہ کر دی مرد کی

۹۴ اِسْتَحْیُوْا مِنَ الْفِرَارِ فَاِنَّہٗ عَارٌ فِی الْاَعْقَابِ وَنَارٌ یَوْمَ الْحِسَابِ

شرم کرو فرار سے جو تمہارے اخلاف کے لئے سرمایۂ ننگ ہو۔ اور حشر میں شعلۂ جہنم سے دوچار کرے

۹۵ اِطْرَحُوْا سُوْءَ الظَّنِّ بَیْنَکُمْ

اپنی طرف سے بدگمانی دور کر دو۔ (باقی آئندہ)

حضرت مہدی موعود علیہ السلام

مسلمانوں کی جہاں اور طرح طرح کی بدبختیاں ہیں۔ وہاں یہ بھی ہے کہ صاف اور صریح احادیث کی موجودگی میں آئے دن قسم قسم کے معنی بیان کرنے میں طبع آزمائیاں کی جاتی ہیں۔ ظہور حضرت مہدی موعود علیہ السّلام کا مسئلہ بھی ایک معرکۃ الآرا مسئلہ ہے۔ مشاہیر علماء اسلام سلف سے آجتک اس مسئلہ پر مختلف قسم کی روشنی ڈالتے چلے آتے ہیں احادیث صحیحہ میں ایک آنے والے کا ذکر ہے اس کا نام حلیہ حسب نسب علامات ظہور اثرات وغیرہ سب کچھ درج ہیں لیکن پھر بھی کبھی مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مہدی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور کبھی سید محمد صاحب جونپوری۔ کبھی مہدی سوڈانی اور کبھی تماپوری۔ عوام کو خدا عقل سے کام لینے کی توفیق دے۔ کہ وہ ہر چیخنے والے کے پیچھے نہ دوڑنے لگیں اور حق و باطل میں تمیز کریں۔

مندرجہ ذیل مقالہ میں ہم علماء اہل سنت کے نتیجہ تحقیق کو پیش کرکے مسلمانان ہند سے درخواست کریں گے کہ وہ اس اہم مسئلہ پر ذرا غور کریں اور کسی صحیح نتیجہ پر پہونچنے کی کوشش کریں وما علینا الا البلاغ اسی سلسلہ میں یہ عرض کردینا بھی ضروری ہے کہ مندرجہ ذیل اقتباسات مولانا حکیم مرزا محمد نقی صاحب قبلہ زاد فضلہ کے رسالہ القائم سے لئے گئے ہیں۔ اس محنت و کد و کاوش کی داد کیلئے حضرت مولانا صاحب موصوف ہی مستحق ہیں ہمنے صرف ترتیب بدلکر اسکا نشے کو پیش کیا ہے۔

والسلام۔ خاکسار محمد نثار علی حیدری

اسم مبارک

۱۔ تاج المرسلین رحمۃ اللعالمین نے ارشاد فرمایا اسکا نام میرا نام ہوگا۔ صحیح ابی داؤد پ ۲۷ کتاب المہدی۔ الہدی المحمود صفحہ ۱۰۸ سطر آخر مطبوعہ صدیقی پریس لاہور مسند احمد حنبل۔ ابو نعیم۔

۲۔ عن عبد اللہ من النبی قال یلی رجل من اہلبیتی یواطی اسمہ اسمی۔ عبد اللہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم نے ارشاد فرمایا دنیا کا والی ہوگا میرے اہلبیت میں سے ایک مرد جسکا نام میرے نام کے مطابق ہے۔ صحیح ترمذی جلد ۲ ابواب الفتن باب ماجاء فی المہدی جائزۃ الشوذی صفحہ ۱۰۵ سطر ۲۲ و ۲۳ مطبوعہ دہلی۔

نسب

قال شیخ القطب الغوثی محی الدین ابن العربی

فی الفتوحات اعلموا انہ لابد من خروج المہدی۔ لاکن لا یخرج حتی تملا الارض جوراً و ظلماً فیملاہا قسطاً و عدلاً۔ وھو من عترۃ رسول اللہ من ولد فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جدہ الحسین بن علی بن ابی طالب و والدہ الحسن العسکری ابن الامام علی النقی بالنون ابن الامام محمد التقی بالتاء ابن الامام علی الرضا ابن الامام موسیٰ الکاظم ابن الامام جعفر الصادق ابن الامام محمد الباقر ابن الامام زین العابدین علی ابن الامام الحسین بن علی ابن ابیطالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ یواطی اسمہ اسم رسول اللہ یبایعہ المسلمون بین الرکن والمقام

الشیخ القطب الغوثی سیدی محی الدین بن العربی نے فتوحات میں لکھا ہے: آگاہ ہو کہ مہدی (علیہ السلام) کا خروج ضروری ہی لیکن اسوقت تک ظہور نہ ہوگا جب تک دنیا ظلم و جور سے نہ بھر جائے پھر حضرت ظاہر ہو کر عدل و انصاف سے زمین کو مالامال کر دیں گے: اور وہ رسالت مآب کی عترت سے ہیں. جناب فاطمہ کی اولاد سے اور ان کے جد حسین ابن علی ابن ابیطالب ہیں اور اُن کے والد امام حسن عسکری ابن امام علی نقی ابن امام محمد تقی ابن امام علی رضا ابن امام موسی کاظم ابن امام جعفر صادق ابن امام محمد باقر ابن امام زین العابدین علی ابن الحسین ابن علی ابن ابیطالب سلام اللہ علیہ و علیہم ہیں۔ ان کا اسم گرامی جناب خیر المسلمین تاج النبیین خاتم المرسلین سید الاولین و آلاخرین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے مطابق ہے۔ مسلمان اُن سے رکن و مقام کے درمیان میں بیعت کرینگے

مشارق الانوار باب ۴ فصل ۲ صفحہ ۱۲۰ سطر ۸ تا ۱۴ مطبوعہ مصر اسعاف الراغبین برحاشیہ مشارق صفحہ ۱۳۴ سطر ا تا ۳۰ الیواقیت والجواہر۔

ولادت باسعادت

المہدی من ولد الامام الحسن العسکری و مولدہ لیلۃ النصف من شعبان سنۃ خمس و خمسین و مائتین وھو باق الی ان یجمع بعیسی ابن مریم علیہ السلام

امام مہدی علیہ السلام امام حسن عسکری کی اولاد سے ہیں۔ ان کی ولادت شب نیمہ شعبان ۲۵۵ھ میں ہوئی اور وہ زندہ و باقی ہیں۔ تا اینکہ عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول ہو اور اُن کا ساتھ ہو۔ (مشارق الانوار باب ۴ فصل ۲ صفحہ ۱۲۱ سطر ۲۲ تا ۲۴ مطبوعہ مصر اسعاف الراغبین صفحہ ۱۳۳ سطر ۲۶ تا ۲۴ ایواقیت والجواہر۔ اسی کے مطابق شیخ عراقی کا ارشاد ہی اور یہہ ہی علی خواص اندلسی نے فرمایا ہے۔

۲. فالنجر المعلوم المحقق عند ثقات ان ولادت القایم علیہ السلام کانت لیلۃ الخامس عشر من شعبان سنہ خمس و خمسین و مائتین فی بلدۃ سامرہ

ثقات نیک و صالح حضرات کے نزدیک یہہ خبر معلوم ہے اور امر تحقیق شدہ ہے کہ قائم آل محمد علیہ السلام کی ولادت باسعادت شب پانزدہم ماہ شعبان ۲۵۵ھ کو شہر سامرہ میں ہوئی (و نیابت

المودۃ مطبوعہ قسطنطنیہ صفحہ ۴۵۲ سطر ۲۶ سے ۲۷)

آپ اپنے وقت تک باقی رہینگے

۱۔ هو باق الی ان یحیم لعیسی ابن مریم علیہ السلام
وہ جناب عیسیٰ علی نبینا والہ وعلیہ السلام کے تشریف
آوری اور نزول تک باقی رہیں گے۔
(اسعاف الراغبین صفحہ ۱۳۲ حاشیہ مشارق مشارق
الانوار ب ۴ فصل ۲ صفحہ ۱۲

۲۔ وانہ لا امتناع فی بقائہ کبقاء عیسی ابن مریم
والخضر والیاس من اولیاء اللہ وبقاء الاعور
الدجال عن اعداء اللہ والا بلیس اللعین من اعداء
اللہ (حضرت کے زندہ رہنے کے دلائل لکھتے ہوئے
لکھتے ہیں۔ جناب مہدی علیہ السلام کے باقی رہنے
میں کوئی مانع نہیں جسطرح خدا کے دوست جناب
عیسیٰ و جناب خضر اور جناب الیاس ابھی تک
بقید حیات ہیں۔ دشمنان خدا میں سے اعور دجال
اور ابلیس لعین بھی زندہ ہے جن کی بقاء و حیات
کتاب و سنت سے ثابت ہے (پھر اگر طول عمر
خلاف عادت ہے تو یہاں بھی ایسا ہی کہو) البیان
مصر ارجح المطالب صفحہ ۷۷۳ سطر ۲۲ تا ۲۴۔

۳۔ (صاحب الانوار اللغۃ تحریر فرماتے ہیں) اسی
قبیل سے وہ شبہ ہے جو بعض نام کے سنی امامیہ پر
کیا کرتے ہیں کہ اگر بارہویں امام اب تک زندہ ہیں
اور دنیا میں اب تک موجود ہیں۔ تو وہ کیا کھاتے
پیتے ہیں ان کو یہ خبر نہیں کہ خضر و الیاس بھی ایک
جماعت علماء اہلسنت و اولیاء اللہ کے قول پر
زندہ ہیں تو وہ جو کھاتے پیتے ہیں وہی امام بھی
کھاتے پیتے ہوں گے۔ حق تعالیٰ اس پر قادر ہے
کہ کسی بندہ کو بغیر غذا زندہ رکھے۔ یہ اعتراض بالکل
ناوانی کا اعتراض ہے۔ لیکن ہم کو انکار نہ کرنا
چاہیئے۔ کہ امام محمد بن عسکری وہی امام مہدی
علیہ السلام ہیں شاید اللہ تعالیٰ نے ان کو بھی زندہ
رکھا ہو۔ اور قیامت کے قریب ظاہر ہوں ایک
جماعت اولیائے کشف نے اسکا صحیح ہونا معلوم
کیا ہے اور ممکن ہے امام حسن عسکری کا ایک نام
عبد اللہ بھی ہو۔ اور قیامت کے قریب پیدا ہونے
سے انکا ظاہر ہونا مراد ہو۔
(انوار اللغۃ ب ۱۸ صفحہ ۲۰۴

حلیہ مبارک

خلیفہ الٰہی کے خد و خال جو سید کائنات کی
صحیح تصویر آخر زمانہ میں دنیا کو دکھانے کے ذمہ دار
ہیں۔

(۱) عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ المھدی منی اجلی الجبھۃ اقنی الانف
یملاء الارض قسطا وعدلا کما ملئت جورا وظلما
ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مہدی میری اولاد سے
ہیں کشادہ پیشانی اونچی ناک والے عدل و انصاف
سے زمین کو بھر دیں گے جیسا وہ ظلم و جور سے بھری
تھی۔ المھدی الموعود صفحہ ۳۰۸ سطر ۱۶-۱۷ باب
واخرجہ الطبرانی و ابونعیم و الدیلمی ارجح المطالب

صفحہ ۱۳۷ سطر ۴ تا ۶

(۲) اخرج ابو نعیم یبعث اللہ رجلا من عترتی افرق الثنایا اجلی الجبہۃ یملأ الارض عدلا و یفیض المال فیضا و اخرج الرویانی و الطبرانی و غیرھما المھدی من ولدی وجھہ کالکوکب الدری اللون لون عربی و الجسم جسم اسرائیلی طویل یملأ الارض عدلا کما ملئت جورا یرضی بخلافتہ اھل السماء و اھل الارض و ورد فی حلیتہ انہ شاب اکحل العینین ازج الحاجبین اقنی الانف کث اللحیۃ علی خدہ الایمن خال علی یدہ الیمنی خال۔

تخریج کی ہے ابو نعیم نے ضرور مبعوث فرمائیگا جل شانہ ایک مرد کو میری عترت میں سے جس کے اگلے دونوں دانتوں کے درمیان میں فاصلہ ہوگا۔ کشادہ پیشانی ہوگی۔ اس کی تخریج ابو نعیم نے کی ہے اور وہ زمین کو بھلکا دیں گے۔ اور دریا دلی سے مال تقسیم فرمائیں گے۔ رویانی اور طبرانی وغیرہا نے تخریج کی ہے۔ مہدی (علیہ السلام) میری اولاد سے ہوں گے۔ اُن کا چہرہ چمکتے ستارہ جیسے ہوگا۔ رنگ عربی ہوگا۔ اسرائیلی جسم یعنی دراز قامت مملو کردیں گے زمین کو عدل و انصاف سے جیسا کہ وہ ظلم سے بھری تھی زمین و آسمان کے رہنے والے انکی خلافت سے خوش ہونگے نیز حضرت حلیہ میں وارد ہوا ہے۔ جوان سرگیں آنکھیں ابروئیں قریب قریب ہونگی۔ لمبی بنی گھنی داڑھی ہوگی داہنے رخسار پر تل ہوگا اور سیدھے ہاتھ پر تل ہوگا مشارق الانوار صفحہ ۲ سطر ۳ تا ۱۰ اسعاف الراغبین حاشیہ مشارق صفحہ ۱۲۷

سطر ۱ تا ۲۲۔

(۳) یشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الخلق بفتح الخاء و قریبا منہ فی الخلق

ناک نقشہ جناب ختمی مرتبت اشرف الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم سے مشابہ ہوگا اور سیرت قریب قریب ہوگی (کیونکہ سیرت میں جناب سرور عالم کا مثل نہیں ہوسکتا) مشارق الانوار ب ۴ فصل ۲ صفحہ ۱۲۱ سطر ۱۴۔۱۵ اسعاف الراغبین صفحہ ۱۳۴ سطر ۱ تا ۳۴۔

کیا کہنا اس حلیہ مبارک کا اس نے کیا ذہن کی قلعی خوب کھولی۔ اور مسلمین کے لئے نہایت درجہ اطمینان دہ ہے۔ اس کی اطاعت مسلمانوں پر فرض ہے جو شخص سرور دوجہاں کی صورت و سیرت کا حامل ہوگا اس کو دعوے کی ضرورت ہی نہیں خود اہل نظر بیعت کے لئے اپنے ہاتھ بڑھا دینگے

ظہور

عبد اللہ ابن عمر کہتے ہیں کہ جناب خاتم الانبیاء نے ارشاد فرمایا کہ مہدی ظاہر ہوگا اور اس کے سر پر ابر سایہ فگن ہوگا۔ منادی غیب ندا کریگا یہ مہدی خدا کا خلیفہ ہے اسکا اتباع کرو۔ اخرجہ ابو نعیم و السیوطی فی عرف الوردی فی اخبار المہدی

ارجح المطالب صفحہ ۳۷۷

نئی روشنی

مکرمی و محترمی جناب حیدری صاحب دامت کاہم۔

رسالہ موصول ہوا۔ شکریہ۔ رسالوں میں مضامین دیکھتا ہوں اور خون کا گھونٹ پی کر خاموش ہو جاتا ہوں۔ کیا کروں نہ دماغ کام کرتا ہے۔ نہ حواس یاری دیتے ہیں۔ نہ وقت ہے نہ فرصت اگر کوئی تحریر کرنے والا میرے ساتھ ہو تو درد دل کا اظہار کاغذ پر کر سکوں کیا کروں مجبور ہوں اب بینائی بھی جواب دے چکی ہے۔ لکھنا بہت دشوار ہے۔ مگر دل کو ٹھیس پہونچی کچھ درد کا اظہار کیا ہے۔ جو ہدیہ کرتا ہوں۔ مسودہ تو کر لیا مگر نقل کون کرے۔ لہٰذا یہ اصل مسودہ ہی پیش کر رہا ہوں اگر مناسب سمجھیں تو آپ اپنے رسالہ میں شایع کر دیں۔ اور اگر پسند فرمائیں تو سلسلہ جاری رہے مضمون بہت طویل ہے اگر لکھا جاوے۔ تو سیکڑوں صفحے کالے ہو جائیں۔ مگر مجبوری کی وجہ سے جو کچھ بھی ہو سکے گا پیش کرونگا۔ خیر و عافیت مزاج سے مطلع فرمائیں۔ ایک نظر غور سے اس مضمون کو ملاحظہ فرمائیں۔ اگر کہیں کوئی حرف رہ گیا ہو یا مقدم و موخر ہو گیا ہو درست فرمالیں عنایت ہوگی والسلام امید ہے کہ جملہ متعلقین حضور صاحبزادی بخیریت ہیں

خادم اثم شفاء احمد نقوی ٹکنیکل انجینیر

مندرجہ بالا خط کے ساتھ ذیل کا مضمون کراچی سے واپس آکر ملا۔ جناب سید شفاء احمد صاحب نقوی امرتہوی ٹکنیکل انجینیر ملتان چھاؤنی ان چند نادر الوجود ہستیوں میں سے ہیں جن پر انسانیت جسقدر ناز کرے وہ کم ہے۔ ایک معزز عہدہ پر فائز ہو کر ایسی زاہدانہ اور سادہ زندگی بسر کرنا آپ ہی کا کام ہے یقیناً آپ کی شخصیت قابل تقلید۔ اور قابل مثال ہے۔ اسلام کا درد آپ کے سچے اور پر خلوص دل میں ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ تمام دنیا کے مسلمان سچے مسلمان بنیں۔ خدا سب کو توفیق دے۔ ہم آپ کا مضمون عینہ شایع کر کے امید وار ہیں کہ آئندہ اس سے زیادہ شاندار قسط ناظرین کے روبرو پیش کر سکیں گے۔

خاکسار

حیدری

نئی روشنی

فی زمانہ ہر طرف نئی روشنی کا چرچا ہے اخبار و رسائل میں گرما گرم مباحث ہیں۔ کوئی تمدن مغرب کی موافقت و تائید میں مضامین کے دریا بہا رہا ہے۔ تو کوئی نئی تہذیب کے خلاف ہائے واویلا مچا رہا ہے۔ اب اس کا فیصلہ کیسے ہو کہ کون صحیح کہتا ہے۔ شمع آزادی کے پروانے روایات کے بجائے درایت پیش کرتے ہیں اور وہ دکھلا دیتے ہیں کہ جن قوموں نے اس راستہ پر گامزن ہو کر ترقی کے مدارج کو طے کیا وہ کسقدر ملبندی پر پہونچ گئے ہیں۔ آپ ہیں کہ پرانی بوسیدہ تہذیب کے دلدادہ اس تاریک گڑھے میں پڑے ہوتے ہیں جس میں سیکڑوں برس پیشتر تھے۔

حامیان مذہب ان کو اپنی قدیم روایات کی کتابوں کی ورق گردانی کرکے کچھ روایتیں کاغذ پر نقل کرکے دکھلا دیتے ہیں۔ یا پڑھ کر سنا دیتے ہیں۔ بہت جوش اٹھا تو رسالوں میں مضامین لکھ دیئے کہ اس زمانہ میں الحاد و دہریت کا چرچا ہے۔ تاریکی کا دور دورہ ہے۔ اس زمانہ میں مسلمانوں کے فرقوں نے اپنے اپنے گروہ کے لئے کیا کام کیا۔ سنیوں کو سنی اور شیعوں کو شیعہ رکھنے کے لئے کونسی کوشش کی۔

خواب غفلت سے جگایا جا رہا ہے کہ مسلمانوں اٹھو اپنے بھائیوں کی خبر لو ورنہ یہ اسلام کو بھی خیرباد کہہ دیں گے۔ مشکل تو یہ آ گئی۔ کہ کفر و زندقہ کے فتوے کی تلواریں تو اب بالکل کند اور ناکارہ ہوچکیں ہر شخص کو اپنے خیالات کے اظہار کی آزادی ہے۔ اب اس سے تو کوئی ڈرتا نہیں۔ اب بتلایئے کہ ایک زرق برق موٹر کار، پرواز کرتے ہوئے ہوائی جہاز، تیز رفتار ریل گاڑی، جو دیکھنے والے کی توجہ کو برق کی سرعت رفتار سے اپنی طرف کھینچتی ہیں۔ ان کے مقابلہ میں آپ کی بوسیدہ روایات کیا کام دے سکتی ہیں۔ مثل مشہور ہے کہ بنیہ گڑ نہ دے مگر گڑ کی سی بات تو کہہ دے۔ یہاں وہ بات بھی نہیں۔ کم از کم ایسی بات تو لوگوں کے سامنے پیش کیجائے جو اُن کی عقلیں تسلیم کرلیں۔ محض بشارت اور انذار کی روایات سے کیا کام چل سکتا ہے۔ نئی روشنی کی تعریف میں کوئی کہتا ہے کہ اس برقی روشنی نے قلوب کی آنکھوں کو خیرہ کر دیا۔ جن کے بند ہو جانے سے حق و باطل کی تمیز نہ رہی۔ مگر ان پھبتیوں سے کام نہیں نکلتا۔ آخر اس کا سبب کیا ہے۔ اور دنیا کیوں نئی تہذیب کی طرف جا رہی ہے اس پر ہم غور نہیں کرتے۔ اگر کہا جائے کُلُّ جَدِیدٍ لَذِیذٌ تو یہ کلیہ بھی صحیح نہیں ہوگا۔

معاملہ یہ ہے کہ درخت کی جڑ کو اگر دیمک لگی ہو۔ اس کو سینچنے یا پتوں اور شاخوں پر پانی چھڑکنے سے کبھی کوئی فائدہ مترتب نہیں ہو سکتا روشنی کا مقابلہ روشنی سے ہی کیا جا سکتا ہے دن میں ہزار چراغ جلائیں بجلی کے قمقمے روشن کر دیں مگر ایک پروانہ بھی نہ آئے گا اندھیری رات میں

معمولی چراغ پر ہزاروں کیڑے مکوڑے جمع ہوجاتی
ہیں۔ اور چراغ کی لو کو روشنی کا دروازہ سمجھ کر
اس پر دیوانہ وار گرتے ہیں۔ اور فنا ہوتے ہیں۔
کیا کوئی ایسی تدبیر ہے جو پروانوں کو چراغ پر آنے
سے روک سکے۔

آدمی بھی اسی طرح تاریکی سے گھبرا کر روشنی
کی طرف جانا چاہتا ہے۔ اور پروانوں کی طرح اسکو
بھی نہیں معلوم کہ اس کا انجام کیا ہے۔ اگر ہمارے
پاس زیادہ تیز روشنی دکھلانے کو نہ ہو تو کم از کم
ان کو اتنا سمجھا ہی سکیں کہ اسکا انجام جل کر خاک
ہوجانا ہے۔ اگر کسی شخص کو یہ یقین ہوجائے کہ یہ
روشنی جو دور سے نظر آرہی ہے آگ کی روشنی
ہے۔ جو جنگل میں لگی ہوئی ہے تو وہ ہرگز جنگل کی
طرف نہ جائے گا۔ اس لیے کہ جانتا ہے کہ جنگل کی
آگ ہلاک کردینے والی ہوتی ہے

اب دیکھنا یہ چاہیئے کہ لوگ پروانوں کیطرح
بے تحاشا نئی روشنی کی طرف کیوں جارہے ہیں
اس کا سبب سوائے اس کے کچھ نہیں کہ پرانی روشنی
ماند ہوچکی۔ اور لوگ کئی صدی سے تاریکی میں پڑے
تھے۔ روشنی نظر آتے ہی اس کی طرف دوڑ پڑے
اگر ہمارے پاس فانوس عمل میں نور ایمان جھلکتا
ہوتا۔ اور وہ دکھلا سکتے تو جس شخص کو اس کی ایک
جھلک بھی نظر آجاتی اس پر کسی تیز سے تیز مادی
روشنی کا بھی اثر نہ ہوتا۔ مگر افسوس تو اسی بات کا
ہے کہ ہمارے قلوب نور ایمان اور دماغ روشنی
علم سے مدت کے خالی ہوچکے۔

میرے اکثر برادران مجھ سے ناراض ہوں گے
کہ میں ایسی کڑوی بات کہہ رہا ہوں۔ مگر کیا کروں
مجبور ہوں اس لئے کہ تمام مسلمان برادران کیطرح
ہر مسلمان کو مومن سمجھنا مشکل اور شیعہ بھائیوں کی
طرح علی ولی اللہ کہنے والے کو مومن جاننا دشوار
یہ ایک جملہ معترضہ ہے۔ اس وقت اصل مقصود سے
دور لے جائے گا مگر اب چونکہ ذکر آہی گیا لہذا
مناسب معلوم ہوتا ہے کہ چند سطور ہدیہ ناظرین کی
جاویں۔ پھر اصل مضمون کی طرف رجوع کروں۔

ہر مسلمان شیعہ ہو یا سنی مقلد ہو یا غیر مقلد
اس کو تو ضرور ماننا ہوگا کہ قرآن خدا کا کلام ہے
اب ناظرین خود ہی غور فرمالیں کہ قرآن جو علامات
مومن کی تبلائے وہ صحیح ہے۔ یا جو ہمارے فرقہ کے
لوگ تبلادیں وہ درست ہے۔ اپنے مونھ میاں
مٹھو بننا آسان ہے کیا اگر کوئی شخص یہ یقین کرے
کہ میں ہندوستان کا بادشاہ ہوں۔ تو کیا اس
کو کوئی فائدہ پہونچ سکتا ہے۔ یہ تو بڑی بات ہے
اگر کوئی شخص یہ یقین کرے کہ میں پولیس کا سپاہی
ہوں یا کسی عدالت کا چپراسی ہوں تو تمام عمر کبھی بھی
اس کو کسی قسم کا فائدہ ہوسکتا ہے ہرگز نہیں جب
تک عدالت کی تصدیق نہ ہو حکومت کی تائید نہ
ہو۔ کوئی شخص پولیس کا کانسٹبل یا چپراسی کیسے ہو
سکتا ہے۔

ہم نے اتنا ہی کافی سمجھ لیا ہے کہ چونکہ ہمارے

بزرگ کہتے ہیں کہ ہم مومن ہیں۔ اس لئے یقیناً ہم مومن ہیں۔ مگر ہم نے کبھی اس پر غور نہ کیا کہ ہمارے بزرگ اگر ہم کو کسی حکومت کا عہدہ دار کہنے لگیں تو کیا ہم صرف ان کے کہنے سے حکومت کے عہدہ دار بن جائیں گے۔ ایسی باتوں پر غور کرنا نفس کب گوارہ کرتا ہے۔

مفت میں جنت کے مالک بن بیٹھے تمام جنت اپنی ملک ہو چکی ہے۔ بھلا کون بے وقوف ایسا ہوگا جو آئی ہوئی چیز کو ہاتھ سے کھو دے۔ اسقدر آسان چیز جس کے لئے ہلدی لگے نہ پھٹکری۔ بس یہ کہہ دیا کہ ہم مسلمان ہیں اور مل گئی راحت ابدی

دنیا میں اگر چار پیسے کوئی شخص کمانا چاہتا ہے تو کم از کم جنگل جا دے گھاس کھو دے جمع کرے اٹھا کر بازار میں لائے۔ خریدار بھی آ جائیں معاملہ کرے۔ گھاس اٹھا کر خریدار کے مکان تک لے جائے تب کہیں چار پیسے ہاتھ آدیں۔ وہ بھی یقینی نہیں کہ پورے ملیں یا نہ ملیں۔

مگر جنت کہ تمام روئے زمین کی شہنشاہیت سے جسکا ایک چپہ زدن کا دقفہ کہیں اعلیٰ ہے اس قدر ارزاں ہو کہ بغیر کسی محنت و جانفشانی کے ہاتھ آ جائے۔ جزاکم اللہ

ہمکو چاہیئے کہ جس حکومت سے تعلق کا دعویٰ کریں۔ اسکا قانون بھی تو دیکھیں کہ آیا ہمارے کوالیفیکیشن ایسے ہیں کہ ہم اس جگہ کی اُمیدواری کر سکیں آیئے جس پر ایمان لانے کا ہم کو دعویٰ ہے اس کی کتاب میں دیکھیں کہ ایمان والوں کی صفات اس نے کیا بیان کی ہیں؟ اور جنت کن لوگوں کے لئے ہے۔

جنت کے لئے تو یہی کافی ہے تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ۝ (یہ آخرت کا گھر تو ہم نے ان لوگوں کے لئے قرار دیا ہے جو کسی بلندی کے دنیا میں خواستگار نہیں ہوتے اور نہ فساد کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور عاقبت تو متقین ہی کے واسطے ہے۔

ہم اگر جنت کے دعویدار ہیں تو کم از کم اپنے دل کی گہرائی میں یہی تلاش کریں کہ ہم کو دنیا میں نام و نمود عزت و شہرت حاصل کرنے کی خواہش تو نہیں ہے۔ ہمارا دل یہ تو نہیں چاہتا کہ لوگ ہم کو برا نہ سمجھیں۔ ہم اپنے عیوب پر جھوٹ اور فریب سے پردہ ڈال کر دنیا کی نظروں میں اچھا بننا چاہتے ہیں یا نہیں۔

واعظ ہو یا ذاکر۔ عالم ہو یا جاہل۔ فقیہ ہو یا وکیل بادشاہ ہو یا گدا۔ صناع ہو یا پیشہ ور غرضکہ کوئی بھی ہو ہر شخص کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے نفس سے خود محاسبہ کرے۔ کہ اے نفس امارہ یہ تو بتلا تجکو دنیا میں بلندی نام و نمود حاصل کرنے کی خواہش ہے یا نہیں اب رہا فساد اس کے متعلق تو ایک جداگانہ رسالہ کی ضرورت ہوگی

لہٰذا اس پر بحث چھیڑنا یہاں بیکار ہے۔ چونکہ نہایت اختصار مقصود ہے۔ لہٰذا اب کچھ ایمان کے متعلق بھی لکھیں۔ قرآن حکیم نے دو مقام پر کلمہ انما کے ساتھ جو کلمہ حصر ہے مومنوں کا ذکر کیا ہے۔ یہاں صرف ایک ہی پر اکتفا کرنا پڑتا ہے
اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ وَجِلَتْ قُلُوْبُھُمْ (سوائے ان کے اور کوئی مومن ہے ہی نہیں کہ جن کے سامنے حبیب خدا کا ذکر کیا جاوے تو اُن کے قلوب لرز جاویں۔)

ہاں برادران کہاں ہیں ایسے قلوب کیا ہمارے دل ایسے ہی ہیں کہ اس کا نام سنتے ہی تھرتھرانے لگیں اب ہم کو غور کرنا چاہیئے کہ ہمارا دعویٰ ایمان کہاں تک درست ہے۔

مالک تو کہے کہ زمین و آسمان میں جو کچھ ہے وہ میرا۔ اور ہم کہیں کہ یہ میرا اور وہ میرا اور پھر ہم ہیں مسلمان وہ تو کہے عزت تمام کی تمام اللہ ہی کے لئے ہے۔

قل العزۃ للّٰہ جمیعا وہ تو فرمائے ھو العزیز الحکیم وہی عزت والا اور حکمت والا ہے اور ہم خود عزیز و حکیم بنے بیٹھے ہوں۔

مسلمانوں خدا سے ڈرو کیا فرعون و شداد بروز قیامت یہ نہیں کہہ سکتے کہ بار الہا اگر ہم نے خدائی کا دعویٰ کیا تو ہم دل میں اقرار کرتے تھے کہ ہم جھوٹے ہیں اور خدا تو ہی ہے مگر یہ تیرے بندے جو تجھ کو عزیز و حکیم کہتے تھے۔ دل میں عزت والا اور حکمت والا اپنے کو سمجھے ہوئے تھے۔ زبان سے اللہ اکبر کے نعرے لگاتے ہوئے سب سے بڑا اپنے ہی کو سمجھتے تھے ہمارا جرم تو ان سے کہیں کم ہے۔ میرے برادران اسلامی اس کا جواب سوچ رکھیں۔

یہ تو تھا ایک جملۂ معترضہ اب اصل مضمون کی رجوع کرتا ہوں۔ کہنا یہ تھا کہ ہم نے روشنی علم اور نور ایمان کو کھو دیا۔ جس کی وجہ سے نئی مادی روشنی نے ہماری آنکھیں خیرہ کر دیں۔ اور لوگوں کے اس طرح تمدن مغربی کی طرف جذب ہونے میں ان کا کوئی بڑا قصور بھی نہیں ہے۔

اس لئے فطرتِ انسانی کا مقتضا ہے کہ ....

(باقی دارد)

انشاء اللہ تعالیٰ ماہ فروری کا نمبر حسین نمبر حضرت سید الشہداء علیہ السلام کی یادگار میں اپنی کامل خصوصیات کے ساتھ شائع ہوگا اہل قلم حضرات اپنے قلمی شاہکار اردو، انگریزی، فارسی (نظم یا نثر میں) جلد از جلد مرحمت فرمائیں۔

مدیر

سلام ہو شہیدان کربلا پر

حضرت علامہ ابو البیان آزاد حنفی
مدیر رسالہ تیغ دہلی

سلام ہو کربلا کے ان مقدس شہیدوں پر جنہوں نے جان دے دی مگر شیوۂ حق پرستی ہاتھ سے نہ دیا۔

سلام ہو استقامت بالصبر کے ان ابدی مجسموں پر جن کے خون کا ہر قطرہ آیۂ صبر کی مکمل تفسیر ہے۔

سلام ہو ان پرستاران حق پر جن کے سروں نے خاک پر لوٹ کر حیات جاودانی کے بلند و بالا ایوان پر اپنے خون سے گلکاریاں کیں۔ مگر کسی طاغوتی قوت کے سامنے نہ جھکے

سلام ہو شجاعت کے ان تحیر خیز پیکروں پر جنہوں نے ایمان کی تلواریں سونت کر لشکر کثیر کا مقابلہ کیا۔

سلام ہو کربلا کے اس مجاہد اعظم پر جو دوش نبی کا راکب تھا۔

سلام ہو اس سرتاج عارفان پر جن بھوکا تھا پیاسا تھا، اپنی نگاہوں سے اپنے عزیزوں کی لاشیں خاک و خون میں تڑپتے دیکھتا تھا۔ مگر اس کے قدموں کو جادۂ استقامت سے لغزش نہ ہوتی تھی۔

سلام ہو اس شہید مظلوم پر جس کی مظلومیت کا شاہد کائنات کا ایک ایک ذرہ ہے۔

سلام ہو اس سرور گلگوں قبا پر جس کے خون مقدس کی سرخی آج تک دامن شفق میں پوشیدہ ہے۔

سلام ہو تشنہ لب غریب الوطن پر جس کے غم میں آج تک سپیدۂ سحری کا منہ فق ہے۔

سلام ہو شہید حر پر جس نے راہ حق میں دنیاوی عزتوں کو ٹھکرا دیا

سلام ہو عباس علمدار پر جس نے برادرانہ الفت اور وفاداری کی تحیر خیز مثال دنیا کے سامنے پیش کی۔

سلام ہو قاسم ابن حسن پر جن کے سینہ سے نکلی ہوئی خون کی دھار بلند ہو کر حق و صداقت کے گرتے ہوئے ایوان کے لئے سہارا بن گئی۔

سلام ہو ہم شبیہ رسول اکرم پر جس نے اپنی تین دن کی پیاس برچھی کے پھل سے بجھا کر۔

بتا دیا کہ امت محمدی کے نوجوان کیسے صابر و شاکر ہوتے ہیں۔

سلام ہو عون و محمد پر جنہوں نے بے خبر دنیا کو اپنے خون کے چھینٹے دے دے کر یہ نظارہ دیکھنے کے لئے خواب غفلت سے بیدار کیا۔ کہ خاندانِ رسالت کے کم سن بچے ایسے حق پرست ہوتے ہیں۔ اور مسلمان اُن کے نقش قدم پر چل کر مسلمان بن سکتے ہیں۔

سلام ہو اصغر کی ننھی سی لاش پر جو شہید اعظم کے مظاہرہ صبر کا حیرت انگیز شاہکار ہے۔

سلام ہو سیدہ سکینہؓ پر جن کے مقدس رخساروں پر ظالموں کے طمانچہ کا ہر نشان کفر کے لئے پیام مرگ ہے۔

سلام ہو حجازی سردار کی عجمی دلہن شہر بانورضؓ پر جس نے اپنے شوہر کے مقدس مشن کو کامیاب بنانے کے لئے اپنی کوکھ بھی اُجاڑی اور سہاگ بھی اُجاڑ دیا۔

سلام ہو سیدہ زینب پر جنہوں نے یزید کے بھرے دربار میں حق پرستی کے جوہر دکھا کر خواتین کی عظمت میں چار چاند لگا دیئے

سلام ہو اس محبت نواز بہن پر جس نے اپنے بھائی پر اپنے کلیجے کے دو ٹکڑے قربان کر دیئے۔

سلام ہو کربلا کے بیمار ناتوان زین العابدین پر جسے پانی بھی نصیب نہ تھا۔ مگر بستر علالت پر جس کی ہر کروٹ کتاب صبر کے اوراق مرصع کر رہی تھی۔

سلام ہو اُن انصار و یارانِ حسین پر جنہوں نے دنیا کے سامنے محبت اور وفاداری کی وہ مثال پیش کی جس کا جواب دنیا قیامت تک پیش نہ کر سکے گی

سلام ہو کربلا کے اس تپتے ہوئے ریگستان پر جس کی پیاس تشنہ لب شہدائے اسلام کے مقدس خون سے بجھی۔

قسم ہے قرآن نازل کرنے والے خدا کی قسم ہے ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ الخ حسین اور یارانِ حسین زندہ ہیں۔ اور قیامت تک زندہ رہیں گے۔

(ماخوذ)

اسلامی دنیا و اسلامک ورلڈ کے بہی خواہ حضرات اپنی ذمہ داری کو محسوس فرماتے ہوئے اپنا زرِ چندہ بذریعہ منی آرڈر روانہ فرما دیں۔

آئندہ حسین نمبر میں اشاعت کے واسطے فوٹو مع مصارف قطع بلاک جلد از جلد روانہ فرما دیں۔ وقت بہت کم رہ گیا ہے۔

منیجر

حسنِ سخن

در مدح ولادت حضرت علی علیہ السلام

(رئیس الشعراء حضرت رزم ردولوی زاد فضلہ)

خسروِ خاور ہوا چرخ پہ جلوہ فگن — رُوئے زمیں پہ گری ٹوٹ کے ہر ایک کرن
روشنیِ ماہتاب ہوگئی بے آب و تاب — شمس ہوا بے نقاب صبح ہوئی ضو فگن
کوکبِ اقبالِ شب آگیا گردش میں جب — ڈوب گئے نجم سب سرد ہوئی انجمن
چادرِ شب تار تار ہوگئی سب ایک بار — شمس ہوا [illegible] گیا لطفِ انجمن
آئی نسیمِ سحر پھیلی شمیمِ سحر — لطفِ نسیمِ سحر ہونے لگا خیمہ زن
کھول کے زلف ایکبار آئی عروسِ بہار — ہیں جو شجر مشکبار باغ ہے مشکِ ختن
برگ لگے جھومنے گوہرِ شبنم گرے — غنچۂ نو ہنس پڑے لٹ گیا ملکِ عدن
آنکھ کئے نیم باز نرگسِ افسوں نواز — کرتی ہے سو فخر و ناز دیکھ کے حسنِ چمن
سروِ سہی قد نہال رنگِ خزاں پائمال — دیکھ کے سنبل بحال زلف شکن در شکن
ہوگئی بادِ بہار غنچہ و گل پہ نثار — کھل گئے سب ایک بار یاسمن و نسترن
سرخیِ رخسارِ یار کیفیتِ لالہ زار — رنگِ چمن پہ نثار لاکھ عقیقِ یمن
آئینۂ حسنِ حور روشنیِ شمعِ طور — منزلِ نو تہ بہ شکن روئے عروسِ چمن
سرخیِ کیفِ خمار غیرتِ صد لالہ زار — منظرِ چشمِ نگار ساغرِ نو تہ بہ شکن

فکر ہے تیری رسا جعفرِ رنگیں نوا
کوئی غزل اب سنا چھوڑ یہ طرزِ سخن

مطلع

تیغ اٹھا کر چلا غیظ میں جب تیغ زن — اور بگڑ کر بنی زلف شکن در شکن
رشتۂ رگِ جاں سے ہے رشتۂ زنار کا — الفت کا فرادا ہوگئے ہم برہمن۔
کشتۂ تیغِ ادا صیدِ کمندِ جفا — مرتا ہے اک باوفا الفتِ وعدہ شکن

جبہ و دستار ادھر رشتۂ زنار ادھر
دونوں گرفتار وضع شیخ ہو یا برہمن

سلسلۂ یاس سے ہوں میں اسیر الم
رشتۂ تار نفس میرے لئے ہے رسن

صبح منور رہی شام کا پہلو لئے
رخ پہ نہیں ہالہ سان زلف سیہ پر شکن

سبزۂ نوخیز کی خال دل آویز کی
چہرۂ رنگیں پہ ہے کیسی غضب کی پھبن

اٹھی وہ ہمت فزا کعبہ سے کالی گھٹا
اس پہ ہوائے خنک آئی وہ توبہ شکن

یہ مضبوط دعوے کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ کسی مجاہد گروہ نے اپنے رئیس کے سامنے اس دلیری اور شجاعت سے کام نہیں لیا۔ بڑے بڑے قائدین کی فہرست اموات دہرائی جا سکتی ہے مگر کسی کو حسینی اصحاب کے تناسب سے کوئی حصہ نہیں ملتا۔

"جناب موسیٰ نے جب اپنے انصار سے کمک مانگی تو انھوں نے نہایت خشک لہجہ میں کہدیا ہم تو یہیں بیٹھے ہیں اور آپ کا خدا اس مہم کو سر کرے $\frac{6}{25}$ المائدہ۔

عیسیٰ کو انھیں کے کاسہ لیس صحابی (یہودا) نے تیس روپیہ کی ننگ انسانیت طمع میں آکر گرفتار کرا دیا۔ اور انھیں کے حاشیہ نشین (پطرس) نے معاذ اللہ تین بار مسیح پر لعنت کی مرقس - $\frac{14}{15}$ متی $\frac{26}{14-75}$

خود مقنن اسلام کے بعض صحابہ کا معاشرتی عنوان نہایت الم انگیز ہے۔ جس وقت دشوار گزار اور سنگلاخ راہیں طے کرنا پڑتی تھیں اُس سے کھرے کھوٹے میں فرق معلوم ہو جاتا تھا۔

ہم کو اس سے انکار نہیں ہے کہ ابوذر و سلمان و مقداد جیسے ارادت کیش رسول کے ساتھ نہ تھے بلکہ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ اس سلک میں کل موتی سچے نہ تھے۔ کون کہہ سکتا ہے کہ تمام صحابہ مرتبہ شناس وقت پر کام آنے والے تھے۔ قرآن مجید سے ذیل کی بعض آیتیں اس دعوے کی تائید میں پیش کی جاتی ہیں:-

"تم موت کے آنے سے پہلے لڑائی میں مرمٹنے کی تمنا کیا کرتے تھے۔ اب تو تم نے اس کو دیکھ بھی لیا اور اب بھی دیکھ رہے ہو۔ (پھر کیوں جی چراتے ہو) اور محمد تو صرف رسول ہیں۔ جن کے قبل اور بھی رسول گزر گئے ہیں۔ پھر کیا اگر وہ مرجائیں گے یا قتل ہو جائیں گے تو تم الٹے پاؤں پلٹ جاؤگے $\frac{2}{144}$ آل عمران۔

اللہ نے (جنگ احد میں) اپنا وعدہ (فتح کے متعلق) سچ کر دکھایا جبکہ تم اللہ کے حکم سے کفار کو قتل کر رہے تھے۔ یہاں تک کہ تم نے بزدلاپن کیا اور حکم رسول کے موافق مورچے جمے رہنے کے متعلق جھگڑا کیا اور مال غنیمت دیکھ کر رسول کی نافرمانی کی تم میں سے بعض تو طالب دنیا ہیں اور بعض آخرت کے طلبگار ہیں (جیسے عبداللہ بن جبیر حضرت حمزہ - ابودجانہ - علی) $\frac{4}{152}$ آل عمران (تم اُس وقت کو یاد کر کے جھینپو) جبکہ تم پہاڑ پر چڑھے چلے جاتے تھے اور کسی کو مڑ کے دیکھتے بھی نہ تھے اور رسول تم کو

تمھارے پیچھے کھڑے پکار رہے تھے

۱۵۳/۱۴۴ آل عمران

اگر وقتی فائدہ اور آسان سفر ہوتا تو وہ ضرور تمھارا ساتھ دیتے مگر اون پر مسافت کی مشقت طولانی ہوگئی ۴۲/۹ توبہ

آیاتِ بالا سے واضح ہے کہ بعض اصحاب رسول موقع کے قبل لڑائی میں جان دینے کی آرزوئیں کرتے تھے اور رسول کے بعد الٹے پاؤں پھر جانے کا ارادہ رکھتے تھے اور طمع دنیا میں رسول کی نافرمانی کی پروا نہ کرتے تھے۔ رسول انھیں پکارتے تھے اور وہ منھ موڑے پہاڑ پر چڑھے چلے جاتے تھے اور وقتی فائدہ اور آسان سفر کے علاوہ اتیار راو آیندہ کے نفع اور سفر دراز کی مشقت سے گریز کرتے تھے۔ مگر حسینی جان نثار ان حالات کے خلاف آخر تک موت کی تمنا کرتے رہے وہ حسینؑ کے بعد زندہ نہ رہنے کا قطعی فیصلہ کر چکے تھے۔ اسی ذریعہ سے عملی معرکہ میں ایسے جمے اور ایسی ثابت قدمی دکھائی اور ایسی اولوالعزمی سے کام لیا کہ بڑے بڑے شجاعوں اور بہادروں کو حیرت کی لاانتہا گہرائی میں ڈال دیا۔ ذیل کی آیت کا ایک ایک لفظ اون پر منطبق ہو رہا ہے۔

خدا اون لوگوں کو محبوب رکھتا ہے جو اس کی راہ میں اس طرح پرا باندھکر لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیواریں ہیں

۲۸/۴ الصف

فلسفۂ انتخاب

اوچھی نظر والے اوس شخص کو اعتراض کی نظر سے دیکھتے ہیں جس کے دو فعل بظاہر باہمی موافقت نہیں رکھتے۔ حسین کی یہ اعلیٰ ترین سیاست بعض حضرات کو متحیر بنا دے گی کہ وہ اپنے ساتھیوں کو رخصت بھی کرتے جاتے ہیں اور دوسروں کو طلبی کے خطوط بھی لکھتے ہیں۔ مگر اون کو خوب سمجھ لینا چاہیئے کہ اوس وقت حسین کے سامنے مسئلہ انتخاب درپیش تھا جسے آپ نے انتہائے تدبر سے انجام دیا۔

گزشتہ رہبروں کے سرحد مقصود تک نہ پہونچنے کی دو وجہیں تھیں۔ کسی کو تو بالکل انتخاب کا موقع ہی نہ ملا اور کسی کو اگر ملا بھی تو کامل انتخاب کا موقع نہیں ملا۔

جناب موسیٰ کا شمار اون لوگوں میں ہے جنھیں انتخاب کی مہلت تو ضرور ملی مگر کامل انتخاب کی فرصت نہیں ملی۔ کلیم اللہ نے جب قوم کے اصرار سے انھیں بالائے طور لے جانے کا قصد کیا تو اُس وقت اُن کے سامنے ستر لاکھ کی جمعیت تھی جن میں سے اُنھوں نے ستر ہزار کو چنا پھر اون میں سے سات سو منتخب کئے پھر سات سو میں سے ستر آدمی چھانٹے مگر یہ ستر بھی سرکشی کی وجہ سے نذر صاعقہ ہوگئے۔

(تفسیر صافی ۱۸۵)

اسلام کے اس مقدس پیرو (حسینؑ) کے سامنے ایک طرف تو سلف کے تیخے سوانح تھے۔ دوسری جانب نتائج کا پورا احساس۔ اس نے ڈھونڈھ کر

انتخاب کا وقت نکالا اور انتخاب میں پوری دانائی سے کام لیا۔ وہ جس کام کے لیے اوٹھا تھا وہ بہت اہم تھا۔ اِس لیے وہ ایک رنگ ایک میل ایک مذاق کے آدمی ڈھونڈھ رہا تھا۔ ایک بڑی جماعت جو حسینؑ کے ساتھ ہوگئی تھی اور حسین کے مقدس ارادہ میں عملی شرکت کی طاقت نہیں رکھتی تھی۔ یہ لوگ بے جوڑ تھے اس لیے حسینؑ نے اون کو رخصت کر دیا۔ مگر حسینؑ کو تبلیغ کا مکمل کرنا بھی ضروری تھا اس لیئے جتنے دانوں کی جگہ خالی تھی اتنے دانے دور دور خط بھیج کر منگائے۔ اور اس طریقہ سے ایک مختصر مگر زبردست فہرست اعوان و انصار کی مرتب فرمائی۔ اور حسین کا انتخاب نہایت کامیاب ثابت ہوا یہ احرار جس بات پر کمر باندھ چکے تھے۔ جو مصمم عزم کر چکے تھے اون کو انتہائے مدارج تکمیل تک پہونچا کر رہے۔ اور اپنے وعدے کے ایک ایک حرف کو سچ کر دکھایا۔ اور خدا کے کلام کی بہتر سے بہتر تصدیق کر کے اپنی ذات کو اس کا مصداق صحیح ثابت کر دیا۔

ایمان داروں میں کچھ ایسے بھی ہیں جنھوں نے
خدا سے باندھے ہوئے عہد کو پورا کر دکھایا
۲۱/۲۲ احزاب

۵

لشکر جو اون پہ ٹوٹ پڑے شام و روم کے
تلواریں کھائیں جسم پہ کیا جھوم جھوم کے

پیغمبر اور ائمہ کی نگاہوں میں حسینی مجاہدوں کا درجہ

یہ معلوم ہو چکا کہ یہ مختصر جماعت خلاصۂ روزگار اور حاصل انتخاب سید الشہدا تھی۔ اب ہم یہہ بتانا چاہتے ہیں کہ اسلام کے بڑے بڑے ارکان کی نظروں میں ان کی کیا حیثیت تھی اور اسلام کے پہلے ان کو کیا درجہ دیا جاتا تھا

(۱) کعب احبار نے کہا کہ ہماری کتابوں (توریت) میں لکھا ہے کہ ایک شخص محمد رسول اللہ کی اولاد میں قتل کیا جائیگا اور اس کے اصحاب کے مرکب کا پسینہ خشک بھی نہ ہونے پائیگا کہ سب جنت میں داخل ہو کر حوروں سے معانقہ کریں گے اسی اثنا میں امام حسنؑ حاضرین کی طرف سے گزرے سب نے کہا کہ وہ یہی ہیں کہا نہیں۔ پھر امام حسینؑ ادھر سے گزرے سب نے کہا وہ یہ ہیں کہا ہاں (انوار نعمانیہ)

(۲) شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے رسول تک سلسلۂ سند کو منتہی کر کے ذیل کی روایت لکھی ہے:۔

قال اندادرون ما عنی قال اخبرنا قال النبی ھاہ شوقا الی اخوانی من بعدی شانھم شان الانبیاء قوم یفرون من الآباء والامھات کلھم لیعار مرضات اللہ یترکون المال للہ ویبذلون انفسھم باتی بنفع لواحد منھم اکرم عند اللہ من کل شی تلوبھم وعملھم فمکلھم عبادۃ وفرحھم تسبیح ونومھم صدقۃ وانفاسھم جھاد (اسرار الشہادۃ ملا دربندی ۲۴۰)

رسول نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ تمھیں معلوم ہے کہ مجھے کیا غم کہا فرمائیں۔ فرمایا ہائے رے میرا شوق اپنے اُن بھائیوں کی

ملاقات کا جو میرے بعد پیغمبرانہ شان کے ہوں گے رضائے خدا کیلیے اپنے ماں باپ سے بھاگیں گے خدا کے لیے مال کو چھوڑیں گے تو ضیع کے ساتھ بذل نفس کریں گے ان میں سے ہر ایک کا اجر ستر اہل بدر کے برابر ہوگا۔ ہر ایک خدا کے نزدیک ہر شئے سے زیادہ محترم ہوگا اُن کے دل اور عمل خاص خدا کے لیے ہوں گے ہنسی اون کی عبادت۔ فرحت اُن کی تسبیح نیند اُن کے صدقے سانسیں اُن کی جہاد "

(اسرار الشہادۃ ملا دربندی ۲۷۰)

(۳) قطب راوندی نے کتاب الخرائج میں امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ امام حسینؑ نے قبل اپنے مقتول ہونے کے فرمایا:۔

میرے نانا رسولِ خدا فرماتے تھے حسینؑ! تم عنقریب عراق کی ایک زمین (عمورا) پر قتل ہوگے اور تمھارے ساتھ اصحاب کی ایک جماعت شہید ہو گی جو الم آہن (تلواروں اور نیزوں) سے متاثر نہ ہوگی۔ اس کے بعد آپ نے یہ آیت پڑھی:۔ یا نارکونی بردا و سلاماً علی ابراھیم۔ الانبیا۔ اے آگ ٹھنڈی ہو جا مگر ابراہیم سلامت رہیں۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا۔ اے حسینؑ تم پر اور تمھارے اصحاب پر میرا سلام۔ یہہ کہکر خود حسینؑ نے اپنے اصحاب سے فرمایا۔ خوش ہو اگر ان لوگوں نے ہمیں خدا کی راہ میں قتل کر ڈالا تو ہم رسول خدا کے پاس پہونچ جائیں گے

(اسرار الشہادۃ ۱۶۷۔ شفاء الصدور ۳۶۱)

(۴) امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ ایک روز جناب سیدہ امام حسینؑ کو اُٹھائے ہوئے تھیں پیغمبرؐ نے حسینؑ کو اون سے لے لیا اور فرمانے لگے خدا تیرے قاتل پر لعنت کرے۔ سیدہ نے عرض کیا۔ آپ کیا فرماتے ہیں۔ فرمایا میرے اور تمھارے بعد جو مظالم ان پر ہوں گے وہ یاد آگئے۔ اُس وقت ان کے ساتھ ایک گروہ ہوگا جن کے چہرے تاروں کی طرح چمکتے ہوں گے۔ وہ خوشی خوشی قتل ہو جانے کی طرف اقدام کریں گے (شفاء الصدور ۳۶۱)

(۵) امیر المومنینؑ کی ایک حدیث طویل میں مروی ہے:۔

ان اصحابہ من سادۃ الشھداء یوم القیامۃ (مہیج الاحزان ص ۱۲۶)

حسینؑ کے اصحاب قیامت کے دن تمام شہیدوں کے سردار ہوں گے۔

شیخ صدوق نے "جبلہ مکیہ" سے روایت کی کہ اونھوں نے "میثم تمار" کو کہتے ہوئے سُنا ہے کہ امیر المومنین نے مجھے خبر دی ہے کہ حسینؑ پر تمام کائنات روئے گی۔

یا جبلۃ اعلمی ان الحسینؑ سید الشھداء یوم القیامۃ ولاصحابہ علی سائر الشھداء فضلاً (مہیج الاحزان ۱۲۷)

اے جبلہ حسینؑ کے اصحاب کو تمام شہدا پر فضیلت ہے

(۶) امام زین العابدینؑ سے ذیل کی روایت مروی ہے:-

قال جمع الحسین اصحابہ عند قرب المساء فسمعت ابی وھو یقول فانی لا اعلم اصحابا اوفی ولا اخیر من اصحابی فجزاکم اللہ عنی جمیعا

(ناسخ ۲۳۹)

امام حسینؑ نے شام کے قریب اپنے اصحاب کو جمع کیا۔ آپ نے اپنے والد کو کہتے ہوئے سنا "میرے علم میں کسی کے اصحاب میرے اصحاب سے زیادہ وفادار اور بہتر نہیں گزرے۔ اللہ تم سب کو میری جانب سے جزائے خیر دے۔

(۷) امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ امام حسینؑ اپنے کشتوں کو قریب قریب رکھتے جاتے اور فرماتے تھے:- قتلی النبیین وآل النبیین۔ یہ انبیا۔ اور آلِ انبیا کے مقتول ہیں۔ (بحار مجلسی)

(۸) امام موسیٰ بن جعفرؑ سے روایت ہے کہ قیامت میں۔ حواریین رسول پکارے جائیں گے تو سلمان و ابو ذر و مقداد اٹھینگے اور جب حواریین علیؑ پکارے جائیں گے تو عمر بن حمق اور محمد بن ابو بکر اور میثم تمار اور اویس قرنی اٹھینگے۔ اور جب "حواریین حسنؑ" پکارے جائیں گے تو سفیان بن ابی لیلےٰ ہمدانی اور حذیفہ بن اسد اٹھینگے۔ اور جب ابن "حواری الحسینؑ" کی ندا ہو گی تو وہ تمام شہدا اٹھینگے جنھوں نے آپ کی نصرت کی ہے۔

(۹) صاحب الامرؑ امام زماں نے زیارت ناحیہ میں ان اصحاب کو ذیل کے الفاظ میں مخاطب فرمایا ہے:-

السلام علیکم یا خیر الانصار السلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار بوّاکم اللہ مبوّاء الابرار۔ اشھد لقد کشف اللہ لکم الغطا ومھّد لکم الوطاء واجزل لکم العطاء وکنتم عن الحق غیر بطاء وانتم لنا فرطاء ونحن لکم خلطاء فی دار البقاء وَالسّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ (ناسخ ۳۴۴)

تم پر سلام۔ اے بہترین مددگار۔ سلام تم پر تمہارے صبر و تحمل کے عوض۔ دیکھو آخرت کا گھر کیسا اچھا گھر ہے خدا تم کو کاشانہ ابرار میں جگہ دے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا نے تمہارے سامنے سے پردہ اٹھا دیا اور جنت میں تمہارے لیئے فرش بچھا دیا اور عطا و انعام کو تمہارے لیے بڑھا دیا۔ تم نے حق میں تاخیر نہیں کی اور تم ہم سے آگے بڑھ گئے اور ہم دار بقا میں تمہارے دوست ہیں۔

احادیث بالا پر تبصرہ

احادیث بالا سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ گزشتہ انبیا کی کتابوں میں رسول اور ائمہ کی نگاہوں میں اصحاب حسین کا کیا درجہ ہے۔ ان احادیث میں وہ حدیث قابل بحث ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ اصحاب حسین الم آہن سے متاثر نہوں گے تیر و

نیزہ اور تلوار وغیرہ سے اونھیں کوئی صدمہ محسوس نہوگا۔ بظاہر حدیث کے الفاظ قواعد تکلیف کے خلاف ہیں اس لیے کہ صفت شعور و ادراک قدم میں لغزش پیدا کردیتے ہیں۔ ایک مخبوط الحواس یا بے ہوش کو بڑی سے بڑی جرارت کرتے دیکھو گے مگر ایک حساس آسان ہمیشہ وہمی خطرہ سے بھی جان بچاتا ہے۔ لہذا اگر ان حق شناس اصحاب کو تلوار اور نیزوں کی چوٹ کی پوری تکلیف کا احساس ہوتا اور ثابت قدم رہتے تو اون کا یہ فعل ضرور قابل ستایش ہوتا۔ ایک وہ شخص جس کو بیہوشی سنگھا کر اپریشن دیا گیا ہو وہ یہ حق نہیں رکھتا کہ اس کو مظاہرہ مردانگی کے موقعہ پر پیش کیا جاسکے۔ بیہوشی کے ذریعہ سے ایک صغیر السن بچہ کو خاموشی کے ساتھ ٹکڑے ٹکڑے کیا جا سکتا ہے۔ لیکن جب ہم یہ خیال کرتے ہیں تو کوئی شبہ باقی نہیں رہتا کہ تمام اعمال کی روح یہ ہے کہ انسان نفس کو موت پر آمادہ کرے اور خدا کی رضا جوئی میں دنیا وی زندگی سے ہاتھ اٹھالے اس سے بلند کوئی عمل نہیں یہی ثواب کا منشا ہی اور اس پر اجر مرتب ہوتا ہے۔

اگر نفس پہلے سے تیار نہیں اور بغیر قصد کوئی فعل ہوگیا تو اگرچہ اس سے نفس کو تکلیف ہوتی ہی مگر اس سے کسی ثواب کا استحقاق حاصل نہیں ہوتا۔ لیکن اگر نفس میں آمادگی کی پوری اسپرٹ پیدا ہوگئی ہے اور اس کے بعد کسی ناگہانی یا قدرتی سبب کی وہ فعل واقع نہیں ہوا تو اجر کا حاصل ہونا یقینی ہی اس لیے کہ منشا اجر نیت اور ارادہ ہے۔ جناب ابراہیمؑ و اسماعیلؑ کے واقعات دہرا جاؤ۔ حضرت ابراہیمؑ نے نہایت استقلال سے آتش نمرود کا استقبال کیا اگرچہ بعد میں آگ ٹھنڈی ہوگئی مگر اون کو اجر ملا $\frac{۱۷}{۵۹}$ انبیا

حضرت اسماعیلؑ نے کمال اطمینان سے چھری کے نیچے لیٹنا گوارا کیا اگرچہ بعد میں ذبح سے بچ گئے۔ مگر اون کو اجر کا استحقاق حاصل ہوگیا $\frac{۲۳}{۱۰۲}$ صافات

کیوں؟ صرف عزم مصمم کی وجہ سے۔ علاوہ اس کے علوم عقلیہ میں مسلم ہے کہ دو علتوں کا توارد محلول واحد پر محال ہے۔ اصحاب حسینؑ تکالیف اہلبیت کے احساس میں از سرتا پا ڈوبے ہوئے تھے۔ عضو عضو۔ اہلبیت کے مصائب سے متاثر تھا اسلیے وہ تلوار اور نیزوں کی تکلیف سے متاثر نہیں ہوئے خدا نے کسی شخص کے دو دل اس کے سینہ میں نہیں پیدا کئے۔ $\frac{۲۱}{۴}$ احزاب

فلسفہ وداد ی اور جذبہ شوق کا گہری نظر سے مطالعہ کرنے والے جانتے ہیں کہ شوق میں کس قدر کشش اور قوت ہے۔ انوار نعمانیہ میں ایک دلکش واقعہ مذکور ہے۔ ایک شخص اپنے محبوب کی طرف ملتفت تھا اور کفگیر کو ہاتھ سے حرکت دے رہا تھا جذب شوق اس قدر بڑھا اور نظارہ جمال میں اس قدر محو ہوا کہ کفگیر ہاتھ سے چھوٹ گیا اور ہاتھ اس کا قائم مقام ہوا۔ رفتہ رفتہ ہاتھ جل کر خاک ہوگیا۔ مگر

مشتاق جمال کو کچھ خبر نہیں ہوئی۔

مصر کی عورتوں نے حضرت یوسف کو دیکھ کر انتہائے محویت میں بجائے ترنج کے اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے $\frac{12}{12}$ یوسف۔

جب شوق میں اتنی قوت ہے اور اصحاب کا نہائے شوق لقاء پروردگار معلوم ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ باوجود اس کامل شوق کے اصحاب حسین کو کوئی اذیت کوئی تکلیف اپنی طرف متوجہ کرسکے اور صاحب شوق دوسری طرف ملتفت ہونے دے

دشمنوں کے دلوں میں حسینی شیروں کا دبدبہ

قد کان لکم آیۃ فی فئتین التقتا فئۃ تقاتل فی سبیل اللہ واخری کافرۃ یرونھم مثلیھم رای العین $\frac{3}{12}$ آل عمران

تمھارے لیئے ان دونوں گروہوں میں جو باہم گتھ گئے تھے ایک نشانی تھی ایک گروہ تو اللہ کی راہ میں مقابلہ کرتا تھا اور دوسرا کافر تھا جنھیں مسلمان اپنی آنکھوں سے دوگنا دیکھ رہے تھے "

یہ آیت بدر کے موقع کو یاد دلا رہی ہے جس میں کافروں کا گروہ مسلمانوں سے دوگنا تھا لیکن پھر بھی مسلمانوں کی فتح ہوئی۔ آخر اس میں کیا راز تھا۔ اسکو دوسری آیت ظاہر کررہی ہے۔

ان یکن منکم عشرون صابرون یغلبوا مائتین وان یکن منکم مائۃ یغلبوا الفا من الذین کفروا $\frac{10}{5}$ انفال

اگر تم میں سے بیس پر جگر صابر ہوں گے تو وہ دو سو پر بھاری ہوں گے اور اگر تم میں سے سو ہوں گے تو وہ ہزار کافروں پر قادر رہینگے "

فلسفۂ تربیت عسکری بجز اسلام کے آج تک کوئی کار بند نہیں ہوا۔

اسلام قشون قاہرہ کی اعانت کا محتاج نہیں ہونا چاہتا تھا۔ اُس نے چند ہی آدمیوں میں وہ روح پھونکدی انھیں اس قدر پر جگر اور ارادہ کا پکا بنا دیا کہ وہ بڑی بڑی کثیر جماعتوں سے مڈبھیڑ کرسکے۔

۱۸ بنی ہاشم اور ۵۴ اصحاب کی تعداد ہی کیا۔ جس میں شش ماہہ مجاہد کا بھی شمار تھا۔ یہ لوگ دو ایک کے مقابلہ میں نہیں آئے۔ بلکہ ہتھیار بند سپاہ کی بہت بڑی اور کثیر جماعت کے مقابلہ میں ڈٹ گئے جن کی تعداد بقول بعض ۲۲ ہزار (اعثم یافعی) اور بقول بعض پچاس ہزار (ابو فراس) اور بقول بعض اسی ہزار (ابو مخنف) اور بعض کا خیال دو لاکھ سے پندرہ لاکھ ہے۔ بہر حال بیس ہزار سے کم اور ۵۱ ہزار سے زیادہ نہیں۔ (ناسخ ۲۳۳) اکاون ہزار سے زیادہ جو تعداد بتائی جاتی ہے اس میں وہ لوگ بھی شریک ہیں جو لشکر کی مختلف ضروریات کے متکفل تھے۔

حسینی فوج کے ایک ایک سر فروش نے بڑی بڑی جماعتوں کو زیر و زبر کرڈالا۔ صرف صحرا پسر نے

بقول ابی مخنف کم از کم ستر شخص قتل کئے۔ وہب بن عبداللہ نے بارہ پیادے انیس سوار "بریر بن خضیر" نے ۳۰ شخص۔ مسلم بن عوسجہ نے ۵۰ شخص پسر مسلم نے ۳۰ شخص۔ حبیب نے ۶۲ شخص۔

ممکن تھا ہم تمام اصحاب کے مقتولوں کی فہرست پیش کر دیتے۔ لیکن انفرادی حیثیت سے اس میں اختلافات ہیں اور ہم سرسری بحث کے ساتھ گزرنا چاہتے ہیں۔ اس لیے اس بیان کو کافی سمجھتے ہیں تاہم یہ نتیجہ صاف طور سے نکالا جا سکتا ہے کہ آسمان و زمین کے بادشاہ کا ہاتھ اصحاب حسینؑ کی پشت پر تھا۔ اس لیے کہ آیت بالا میں یہ دکھایا گیا ہے کہ ۲۰ صابر ۲۰۰ پر غالب آئیں گے اور ۱۰۰۔ ایکہزار پر۔ معرکۂ کربلا میں جو صورت اصحاب کے سامنے پیش تھی اُس کا کچھ عجیب عنوان تھا۔ ایک ایک آدمی کے مقابلے میں ایک ایک ہزار کا پرا تھا۔ بلکہ ایک ایک کے مقابلہ میں ہزاروں کا لشکر سمٹ آتا تھا اور یہ سب کو بھگا دیتے تھے۔ اور اس وجہ سے دشمنوں کے دل اُن سے دہلے ہوئے تھے۔ ہم ذیل میں چند عبارتیں پیش کرتے ہیں۔ جس سے ظاہر ہوگا کہ لشکر یزید کو حسینی سرفروشوں سے کس قدر دہشت اور ہراس تھا اور اصحاب حسینی کے متعلق اون کے دلوں میں کیسے خیالات موجزن تھے۔ جب عابس بن شبیب" جنگ کے لیئے آئے ہیں تو انھوں نے الا رجل۔ الا رجل۔ (کیا کوئی مرد ہے)۔ کی آواز بلند کی۔ ربیع بن تمیم لشکر عمر سعد میں ایک شخص تھا کہنے لگا کہ میں عابس کو خوب پہچانتا ہوں۔

(ایہا الناس ھذا اسد الاسود ھذا ابن شبیب)۔

خبر ہے یہ شیروں کا شیر ابن شبیب ہی جو اُس کے سامنے جائیگا وہ ہرگز موت سے نجات نہیں پا سکتا۔ (ناسخ ۲۷۵)

وصاح عمر بن الحجاج الناس اتدرون من تقاتلون فرسان المصر قوما مستمیتین لا یبرزون لھم منکم احدا فانھم قلیلون وقل ما یبقون۔ واللہ لو ترموھم بالحجارۃ لقتلتموھم فقال عمر بن سعد صدقت الرای (طبری۔ ابن جریر ۳۱۰ھ)

عمر بن حجاج (سردار لشکر ابن سعد) نے بہ آواز بلند کہا "تمھیں معلوم ہے تم کس سے لڑ رہے ہو یہ شہسواران بلا ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو اپنی جانوں کی کچھ پرواہ نہیں کرتے۔ تم میں سے فرداً فرداً ان سے کوئی مقابلہ نہ کرے یہ تھوڑے ہیں اور تھوڑی دیر زندہ رہیں گے۔ مگر خدا کی قسم اگر تم سب مل کر ان پر پتھر نہ برساؤ گے تو یہ تم کو فنا کر دیں گے۔ ابن سعد نے کہا بیشک تمھاری رائے صحیح ہے۔

(تاریخ طبری ابن جریر ۳۱۰ھ)

در شرح شافیہ مسطور ست کہ مردے از لشکر عمر بن سعد را گفتند وائے بر تو با فرزند رسول قتال داری۔

قال عضضت بالجندل انك لو
شهدت ما شهدنا لفعلت ما
فعلنا۔ ثارت علینا عصابة
ایدیها فی مقابض سیوفها
کالاسود الضاریة تحطم الفرسان
یمینا وشمالا وتلقی انفسها علی الموت
لا تقبل الامان ولا ترغب فی
المال ولا یحول حائل بینها
وبین الورود علی حیاض المنیة
والاستیلاء علی الملك فلو
کففنا عنها رویدا لاتت علی
نفوس العسکر بحذافیره فما کنا
فاعلین لا ام لك (ناسخ ۲۴۳)

کسی شخص نے لشکر یزید کے کسی سپاہی سے
کہا افسوس تم نے فرزند رسول سے جنگ کی اس نے
کہا تمھیں پتھر چبانا نصیب ہو جو ہم نے دیکھا اگر تم بھی
وہی دیکھتے تو وہی کرتے جو ہم نے کیا۔ ایک جماعت
ہم پر ٹوٹ پڑی جو حملہ آور شیروں کی طرح تلواروں کے
قبضوں میں ہاتھ ڈالے ہوئے تھی۔ داہنے بائیں۔
شہسواروں کو چور کئے دیتی تھی۔ اپنے کو موت کے
منہ میں ڈالے دیتی تھی نہ وہ امان کو قبول کرتی
تھی نہ مال و دولت کی طرف رغبت کرتی تھی۔ اور نہ
کوئی شے اس کے اور موت کے چشموں پر اترنے
اور ملک پر غالب آنے کے درمیان حائل ہوتی
تھی۔ اگر ہم تھوڑی دیر کو بھی اپنا ہاتھ روک لیتے تو وہ
تمام لشکر کو فنا کر دیتی پھر ایسے وقت ہم بجز اس کے اور
کیا کرتے۔ (تیری ماں مرجائے)۔

حسینؑ سرفروشوں کے آقا کی بارگاہ میں بہادرانہ کلمات

ایمان والو تم ایسی باتیں کیوں کرتے ہو جس کو کرکے نہیں
دکھاتے۔ خدا کے نزدیک بڑے غضب کی بات ہے
کہ تم ایسی باتیں کہو جس کو پورا نہ کر سکو ۲۸ صف۔
آیت کے تیور بتاتے ہیں کہ بے بنیاد دعووں کی زد پڑ
تلی ہوئی ہے۔ تاریخ سے اُن لوگوں کے زمانے کی
تعیین ہو جاتی ہے جو بڑھ بڑھ کے بولا کرتے تھے اور
عملی میدان ان سے خالی رہتا تھا۔ اصحاب رسول
ایک روز بیٹھے ہوئے گفتگو کر رہے تھے۔ کہ اگر ہماری نظر
میں وہ عمل معین ہو جائے جو خدا کو سب سے زیادہ
پسند ہو تو ہم اُس کی تعمیل میں اپنی جان و مال بھی دریغ
نہیں کرینگے جب آیہ ان اللہ یحب الذین ۲۸
صف نازل ہوئی تو یہی لوگ جنگ احد میں بھاگتے دکھائی
دیئے۔ اور رسول کو دشمنوں کے مجمع میں چھوڑ گئے
(درمنثور سیوطی ۱۱/۹ ۲۱۳)

ہم اس عنوان کے تحت میں اصحاب حسین کے پرشوکت
اور بہادرانہ الفاظ نقل کریں گے۔ جن سے اُن کی
قلبی حالت معلوم ہوسکیگی اور ناظرین کو اس۔
موازنہ کا موقع ملیگا کہ حسینؑ کے اصحاب کے دہن
سے جو لفظیں نکلی تھیں وہ کہاں تک سچائی میں
ڈوبی ہوئی تھیں اور اصحاب رسول کے فعل میں

کس حد تک ارتباط تھا۔

قالوا انفوسنا دون نفوسکم ودمائنا دون دمائکم وارواحنا لکم الفداء واللّٰہ لا یصل الیکم بمکروہ وفینا الحیاۃ وقد وھبنا للسیوف انفسنا وللطیر ابداننا فلعلہ نقیکم زلف الصفوف ونشرف۔ دونکم الحتوف فقد فاز من کسب الیوم خیرا وکان لکم من المسؤن مجیرا (مقتل ابی مخنف)

ناسخ ۲۷۷/۲

اصحاب نے اہلبیت سے کہا ہماری جانیں آپ پر قربان ہمارا خون آپ پر نثار ہماری روحیں آپ پر فدا۔ خدا کی قسم جب تک ہمارے دم میں دم ہے آپ کو کوئی گزند نہیں پہونچ سکتا۔ ہم نے تلواروں کے لیئے اپنی جانیں اور تیروں کے لیئے اپنے جسم ہبہ کر دیے ہیں۔ ہم آپ کے سامنے موت کا شرف حاصل کریں گے۔ جس نے آج نیکی کی اور آپ کو موت سے بچا لیا کامیابی اُس کے لیے ہے۔

قال مسلم بن عوسجۃ لا افارقک حتی اکسر فی صدورھم رمحی واضربھم بسیفی ولو لم یکن معی سلاح لقذفتھم بالحجارۃ حتی اموت (تاریخ کامل ابن اثیر)

مسلم بن عوسجہ نے کہا میں آپ کا ساتھ اُس وقت تک نہ چھوڑوں گا جب تک میرا نیزہ اعدا کے سینہ میں نہ ٹوٹ جائے۔ میں اُنھیں اپنی تلوار سے ماروں گا اور اگر میرے پاس کوئی ہتھیار نہ رہیگا تو میں اُن پر سنگساری کروں گا یہاں تک کہ مجھ کو موت آ جائے۔

قال سعد بن عبد اللّٰہ الحنفی واللّٰہ لا نخلیک حتی یعلم اللّٰہ انا قد حفظنا غیبۃ رسول اللّٰہ فیک واللّٰہ لو علمت انی اقتل ثم احیی ثم احرق حیا یفعل بی ذلک سبعین مرۃ ما فارقتک حتی القی حمامی دونک وکیف لا افعل ذلک وانما ھی قتلۃ واحدۃ ثم ھی الکرامۃ التی لا انقضاء لھا ابدا۔

وقال زھیر بن قین واللّٰہ لوددت انی قتلت ثم نشرت ثم قتلت حتی اقتل کذلک الف قتلۃ واللّٰہ یدفع بذلک القتل عن نفسک وعن النفس ھولاء الفتیۃ من اھل بیتک وتکلم جماعۃ بکلام یشبہ بعضہ بعضا فی وجہ واحد فقالوا واللّٰہ لا نفارقک ولکن انفسنا لک الفداء نقیک بنحورنا وجباھنا و

ایدینا فاذا نحن قتلنا کنا وفینا وقضینا ما علینا (طبری)

سعد بن عبد اللہ حنفی نے کہا خدا کی قسم ہم آپکو اُس وقت تک نہ چھوڑیں گے جب تک خدا کے سامنے عملی حیثیت سے یہ نہ ظاہر کردیں کہ ہم نے رسول کی حفاظت صرف انکی ذات تک ہی کی۔

بلکہ خدا کی قسم اگر مجھے یہ معلوم ہو جائے کہ میں قتل کیا جاؤں گا۔ پھر زندہ کیا جاؤں گا پھر زندہ جلا دیا جاؤں گا اور یہ سلوک میرے ساتھ ستر مرتبہ ہوگا تو بھی میں آپ کا ساتھ اوس وقت تک نہ چھوڑونگا جبتک موت سے ہمکنار نہ ہو جاؤں اور جب یہ معلوم ہے کہ ایک ہی بار مرنا ہے اور اس کے بعد وہ کرامت ہے جو کبھی ختم نہیں ہو سکتی تو کس طرح اس سے باز رہ سکتا ہوں۔ پھر زہیر بن قین نے کہا خدا کی قسم میں تو یہ چاہتا ہوں کہ میں قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں۔ یہاں تک کہ اسی طرح ہزار مرتبہ قتل کیا جاؤں۔ مگر اللہ میرے اس قتل سے آپ کی اور آپ کے جوانانِ اہل بیت کی جانوں سے اس مصیبت کو دفع کرے۔ پھر باقی اصحاب نے بھی اسی طرح کی ملتی جلتی تقریریں کیں اور سب نے عرض کیا کہ ہم آپ کو ہرگز نہ چھوڑیں گے۔ اور اپنی جانیں آپ پر نثار کردیں گے۔ ہم اپنے گلوں اور پیشانیوں اور ہاتھوں سے آپ کو بچائیں گے اور جب قتل ہو جائیں گے تو ہمارا عہد پورا اور ہمارا فریضہ ادا ہو جائیگا۔

یہ کلمات اس خطبہ کا جواب ہیں جو سید الشہداء نے شب عاشور اصحاب کی گردنوں سے اپنی بیعت نکالکر اون سب کو رخصت دیدی تھی کہ تم سب مجھے چھوڑکر چلے جاؤ۔ (اسرار الشہادۃ ۲۶۶ ناسخ ۲۴۲ ص ۲۴۲ مہیج الاحزان صـ۱۰۱ - ارشاد قلمی ص ۱۰۴ - مناقب ص ۹۳ روضۃ الشہداء ۲۹۵

جب یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ اس وقت محمد بن حضرمی کو اطلاع ہوئی کہ تمہارا بیٹا ملک رے میں گرفتار ہو گیا۔ امام حسینؑ نے فرمایا: "انت فی حل من بیعتی" میں نے اپنی بیعت تم سے اُٹھالی تم اپنے لڑکے کی رہائی کی فکر کے لیے چلے جاؤ۔ فقال اکلتنی السباع ان فارقتک" محمد نے کہا کہ اگر میں آپکو چھوڑکر چلا جاؤں تو مجھے درندہ کھا جائیں (ناسخ ۲۴۲)

عابس بن شبیب ایک موقع پر کہتے ہیں:۔ یا اباعبد اللہ اما واللہ ما امسی علی وجہ الارض قریب ولا بعید اعز علی ولا احب الی منک ولو قدرت علی ان ادفع منک الضیم او القتل بشئی اعز علی من نفسی ودمی لفعلت (ناسخ ۲۴۴)

مولا! کوئی مخلوق روئے زمین پر خواہ قریب ہو یا بعید میرے نزدیک آپ سے زیادہ عزیز و محبوب نہیں ہے اور اگر مجھ کو قدرت ہوتی کہ میں آپ سے ظلم و قتل کو کسی ایسی شے سے دفع کرتا جو میری جان اور میرے خون سے زیادہ مجھے عزیز ہوتی تو میں اُسے بھی صرف کر کے دفع کرتا۔

(باقی - باقی)

یزید اور حضرت امام حسین علیہ السلام

حضرت عماد العلماء مولانا سید محمد رضی صاحب قبلہ مجتہد لکھنوی

ہم یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ مشاہیر علماء اسلام نے یزید کو کیسا لکھا ہے اور اس کے کیریکٹر پر کن الفاظ میں روشنی ڈالی ہے پھر اس کے بعد خود بخود ان عقل و ہوش کے دشمن اور ننگ انسانیت خیالات پر روشنی پڑ جائے گی جن سے یزید کی تائید کی جاتی ہے۔

اُن الفاظ کو ہم آیندہ بیان کریں گے جو امام حسینؑ کی زبان اقدس پر جاری ہو کر مسلمانوں کو بتا گئے کہ یزید کی کیا حیثیت تھی۔ سب سے پہلے اُن خیالات کو پیش کیا جاتا ہے مقاصد تحریر کا جن سے زیادہ تعلق ہے

خود یزید کے بیٹے معاویہ کا خطبہ صواعق محرقہ مطبوعہ مصر صفحہ ۱۳۴ اور حیوٰۃ الحیوان مطبوعہ مصر جلد اول صفحہ ۷۷ میں ہے۔

معاویہ بن یزید کی تقریر

(۱) ان معاویۃ بن یزید لما ولی صعد المنبر فقال ان ہذہ الخلافۃ فتجعلہا اللہ تعالیٰ وان جدی معاویۃ نازع الامر من اہلہ ہو احق بہا منہ علی بن ابیطالب ورکب بکم ما تعلمون حتی اتتہ منیتہ فصار فی قبرہ رہینا بذنوبہ ثم تقلد ابی الامر وکان غیر اہل لہ نازع ابن بنت رسول اللہ فقصف عمرہ وانبتر عقبہ وصار فی قبرہ رہینا بذنوبہ ثم بکی وقال ان من اعظم الامور علینا علمنا سوء مصرعہ وبئس منقلبہ وقتل عترۃ رسول اللہ واباح الخمر وخرب الکعبۃ ولم اذق حلاوۃ الخلافۃ فتقلدہ اتقلد مرارتہا فشانکم امرکم اللہ واللہ لئن کانت الدنیا خیرا فقد نلنا منہا حظا ولئن کانت شرا فکفی ذریۃ ابی سفیان ما اصابوا منہا۔

"اس عبارت کا ترجمہ صاحب براہین قاطعہ نے اس طرح کیا ہے":-

چون معاویہ بن یزید بن معاویہ والی امر خلافت شد بر منبر آمد وگفت کہ امر خلافت عہدیست از جانب خدا رسالتمآب و رسول او باختیار احدے نیست مگر خدائے تعالیٰ ہر کہ را لائق امر خلافت کردہ است پس او خلیفہ میشود نہ این کہ اختیار مردان باشد و ہر کس کہ میخواہند خلیفہ نمایند واورا امام دین خوانند امامت ونبوت بید قدرت دوست ہر کرا خواہد قابلیت این امر بدوست۔ چنانکہ اہلیہ مہتر داؤد میخواست کہ بعد از تو داؤد فرزند پیغمبر شود خدائے تعالیٰ فرمود کہ اے داؤد نبوت وامامت اختیار بمن ست نہ بر تو نہ بر اہلیہ تو فردا دو مرد نزد تو خواہند رسید

دعویٰ بر یکدیگر خواہند نمود۔ آں مقدمہ بر پسران خود داری ہر یک دراں حکم کند بنی ست حکم حضرت سلیمان نمود و بدرستیکہ جد من معاویہ نزاع کرد دریں امر باکسیکہ از خدا و رسول خدا خلیفۂ دین و دنیا احق و اولے بودؔ از وے علی ابن ابیطالب و مرتکب امر چند شد کہ شما او را میدانید تاتیکہ وفات یافت در قبر رہین ذنوب گشت باز پدر من مقلد ایں امر گشت ولیاقت برائے او نداشت و با پسر دختر رسولؐ منازعہ نمود پس شکست عمر خود را و قطع نمود او را و امروز در قبر بوبال و نکال گناہاں خود گرفتار است بعد ازاں گریہ بسیار کرد و گفت اعظم امور بعلم ما آنست کہ بد است مصرع از وبد است منقلب او بدرستیکہ قتل کرد عترت رسولؐ را و اباحت خمر نمود و کعبہ را خراب کرد الخ۔

اھل البیت ادری ما فی البیت (گھر والے گھر کے حالات سے زیادہ واقف ہوتے ہیں)

معاویہ بن یزید بن معاویہ کی یہ مشہور تقریر حضرت معاویہ اور یزید کی نیتوں کا پورا پورا حال بتا رہی ہے آج حاشیہ نشینان بزم یزیدی اوس کی مدح و ثنا میں زمین کے قلابے آسمان سے ملا دیں لیکن حق وہ ہے جو ظاہر ہو کے رہتا ہے۔ یزید کا بیٹا اپنے باپ کا کن الفاظ میں ذکر کر رہا ہے۔ کیا دنیا میں کوئی سمجھدار فرزند اپنے باپ دادا کی علی الاعلان مذمت کر سکتا ہے۔ جب تک کوئی ایسی ہی بات نہ ہو جس سے بیٹا اس پہ مجبور ہو جائے کہ باپ دادا کی مذمت کرے اگر کوئی غیر کہتا تو کل دنیائے سواد اعظم اُس کی زباں بندی کرنے کے لیے تل جاتی۔ لیکن اس کا کیا علاج ہے کہ خود وہ بیٹا یزید و حضرت معاویہ کے خون سے جس کی ساخت ہوئی علی الاعلان ممبر پر آباؤ اجداد کے فسق و فجور اور چھپے ہوئے بھیدوں کی کہانی کہہ رہا ہے۔ ان دونوں میں کون حق پر تھا۔ اس کا فیصلہ ہمارے ذمہ نہیں ہے۔

اس تقریر کے الفاظ سے اس کا بھی پوری طرح پتہ چل گیا کہ معاویہ بن یزید کے نزدیک خلافت حضرت علیؑ کا حق تھا نہ حضرت معاویہ کا اور اسی طرح یزید نے حضرت امام حسینؑ کا حق چھین کر ذریت رسول اللہ کو قتل بھی کیا۔ جس کے سبب سے یہ دونوں بقول معاویہ بن یزید کے اپنے گناہوں کے پہاڑوں کے نیچے قبر کے اندر دبے ہوئے ہیں۔

اور یہ بھی ظاہر ہے کہ وہ خلافت کو بچوں کا کھیل نہیں سمجھتا تھا بلکہ اُس کے نزدیک یہ ایک آسمانی چیز تھی جو بغیر حکم خدا کے کسی شخص کے لیے حاصل نہیں ہو سکتی۔ اُس کے نزدیک شورائے مسلمین یا وصیتیں کسی کو خلیفۃ اللہ نہیں بنا سکتیں نہ کسی کی خود ساختہ مشین پیغمبری کے پرزے ڈھال سکتی ہے۔ بلکہ پیغمبر یا خلیفہ و امام وہی بنا سکتا ہے جس نے عالم کی ہر شے بنائی ہے۔

(خدا معاویہ بن یزید پہ رحم کرے)

یزید کا حکم قرآنی کو ٹھکرانا

(۲) یزید نے اپنی ولیعہدی کے زمانہ میں ام المومنین حضرت عائشہ سے نکاح کا پیغام بھیجا۔ اور آیہ قرآنی "ازواجہ امھاتکم" کی پرواہ نہ کی (ترجمہ مدارج النبوۃ جلد ا صفحہ ۲۲۶) تعجب ہے کہ

یہ حدیث کیونکر صحیح ہوسکتی ہے لیکن کیا کریں کہ کتاب بھی مستند ہے۔

امام حسینؑ کے سامنے شراب پیش کرنے کی جسارت کرنا

(۳) حالت ولیعہدی میں حج کو جاتے ہوئے مدینہ میں مجلس شراب آراستہ کرنا اور ایک پیالہ پی کر امام حسینؑ کے آگے پیش کرنا جس پر آپ نے فرمایا کہ اے شخص تیری شراب تجھ ہی کو مبارک رہے (کامل ابن اثیر جلد ۴ صفحہ ۵۰ مطبوعہ مصر)

یزید کی عیاشی

(۴) وکان یزید صاحب طرب وجوارح وکلاب وقرود وفہود ومنادمة علی الشراب و غلب علی اصحاب یزید وعماله ما کان یفعله من الفسوق وفی ایامه ظهر الغنا بمکة والمدینة واستعملت الملاهی واظهر الناس شرب الشراب

(مروج الذہب مسعودی جلد ۲ صفحہ ۱۴۳)

یزید بڑا عیاش تھا اور شکاری جانوروں، کتوں اور بندروں، چیتوں میں مصروف رہتا تھا۔ شراب کی مجلسیں آراستہ کرتا تھا اور جو فسق وفجور کی حرکتیں وہ خود کرتا تھا وہی اس کے اصحاب اور عاملوں میں بھی پھیل گئیں۔ اس کے عہد حکومت میں مکہ ومدینہ میں "غنا" رائج ہوئی اور آلات لہو ولعب استعمال کیے جانے لگے۔ اور ظاہر بظاہر لوگ شراب نوشی کرنے لگے۔

یزید فرعون سے بدتر تھا

(۵) ولما شمل الناس جور یزید وعماله وعمهم ظلمه وما ظهر من فسقه من قتله ابن بنت رسول الله وانصاره وما ظهر من شرب الخمور وسیرة سیرة فرعون بل کان فرعون اعدل منه فی رعیته وانصف منه لخاصته وعامته اخرج اهل المدینة عامله علیهم وهو عثمان اسا ئر بنی امیة

(مروج الذہب مسعودی جلد ۲ صفحہ ۱۴۸)

جب یزید اور اس کے حکام کا ظلم وجور عام ہوگیا اور رسول اللہ کے نواسے کے قتل سے اس کا فسق پوری طرح ظاہر ہوچکا اور نیز شراب پینے سے اس کی اسلام نوازی کھل گئی اور یہ معلوم ہوگیا کہ اس کی سیرت فرعون کی سی سیرت ہے بلکہ وہ بھی اس سے زیادہ عدالت پسند تھا اپنی کل رعیت اور تمام خاص عام میں وہ اس سے زائد انصاف کے ساتھ زندگی بسر کرتا تھا تو اہل مدینہ نے (عثمان) کو جو اس کی طرف سے اُن پر حاکم تھا اور تمام بنی امیہ کو شہر سے نکال دیا۔

یزید کا حرمت مدینہ برباد کرنا

(۶) فسیر الیهم بالجیوش من اهل الشام علیهم مسلم بن عقبة المری الذی اخاف المدینة ونهبها وقتل اهلها وبایعه اهلها علی انهم عبید لیزید وسماها منتنة وقد سماها رسول الله طیبة وقال من اخاف اهل المدینة اخافه الله

(مروج الذہب مسعودی جلد ۲ صفحہ ۱۴۹)

اس پر یزید نے اہل مدینہ کی سرکوبی کے لیے

شامیوں کا لشکر بسر کردگی مسلم بن عقبہ کے روانہ کیا۔ مسلم نے اہلِ مدینہ کو خوف زدہ کیا اور اُن سے یزید کے لیئے غلامی کی بیعت لی۔ رسول اللہ صلعم نے مدینہ کا نام (طیبہ) رکھا تھا۔ اس نے منتنہ نام رکھا۔ اس نے قسم قسم کے مظالم کو شہر طیب مدینہ پر جائز رکھا حالانکہ رسالتمآب صلعم فرماگئے تھے کہ جس نے اہلِ مدینہ کو خوف زدہ کیا خدا اُس کو خوف زدہ کریگا۔

یزید نے کعبہ ڈھایا اور اُس میں آگ لگائی

(۷) وليزيد وغيره اخبار عجيبه ومثالب كثيرة من شرب الخمر وقتل ابن الرسول ولعن الوصی وهدم البيت واحراقه وسفك الدماء والفسق والفجور وغير ذلك مما قد ورد فيه الوعيد باليأس من غفرانه كوروده فی من جحد توحيده وخالف رسله۔

(مروج الذہب جلد ۶ صہ ۱۵۲)

یزید اور اُس کے اعوان و انصار کے عجیب عجیب حالات ہیں ان کے مثالب، عیوب گناہ، بیشمار ہیں جیسے شراب پینا۔ فرزند رسول صلعم کو قتل کرنا وصی رسول صلعم پر لعنت کرنا۔ کعبہ کا منہدم کرنا۔ جلانا، اور مسلمانوں کا خون بہانا۔ فسق و فجور کرنا۔ ان امور کے علاوہ اس کے اور بہت سے گناہ ہیں جو قابلِ بخشش نہیں ہیں۔ اور جس طرح منکر توحید و منکر رسالت رسل و نبوت انبیا کو نجات سے مایوس ہونا چاہیئے اسی طرح یزید بن معاویہ کو بھی۔

دُنیائے سنیت اپنے امام مسعودی سے اچھی طرح واقف ہوگی ۳۴۶ھ میں ان کی وفات ہوئی جس کو ایک ہزار برس سے زائد ہوئے۔ مولوی شبلی نعمانی نے بھی ان کی تعریف کی ہے۔ اور انھیں معتبر مورخین میں شمار کیا ہے۔ ذرا یزیدیت مآب ان کے ارشادات کو ملاحظہ فرمائیں جو اُنھوں نے اُن کے حضرت یزید خلیفۃ اللہ کے متعلق فرمائے ہیں۔

کیا ان تمام (محاسن صفات) کے بعد بھی یہ کہے جانے کی گنجائش ہے کہ یزید ایک مسلمان ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ وہ زبان جل جانے کے قابل ہے جو امام مسعودی اور معاویہ بن یزید کے ان زریں خیالات کی مخالفت کرے اور یزید کو مشرکین و ملحدین سے بدتر نہ سمجھے۔

مدینہ کا تباہ کرنے والا، لعنت کا مستحق ہے

(۸) من اخاف اهل المدينة ظلماً اخافه الله وعليه لعنة الله والملائكة والناس اجمعين

(رواہ مسلم) (تاریخ الخلفاء مطبوعہ مصر صہ ۱۸۱ وصواعق محرقہ مطبوعہ مصر صفحہ ۱۳۴)۔

جس نے اہلِ مدینہ کو ڈرایا اور قتل کی دھمکی دی اُسے خدا اپنے عذاب سے ڈرائیگا۔ اور اُس پر خدا کی لعنت ہو۔ اور ملائکہ اور تمام لوگوں کی

ان میں یہہ بھی لکھا ہے کہ یزید اس حدیث کا مصداق تھا:۔

اس تصریح کے بعد اس حدیث سے اس کا پوری طرح پتہ چل گیا کہ یزید خدا اور ملائکہ اور تمام لوگوں کی لعنت کا مستحق ہے اس کے بعد کیا میں دنیائے انصاف سے پوچھ سکتا ہوں کہ جب وہ اہلِ مدینہ جنھیں رسولؐ کی طرف محض معمولی سی نسبت حاصل تھی اُن کا یہہ احترام ہوگیا کہ اُنھیں صرف ڈرانے والا اس کا مستحق ہے کہ خدائے قہار اُسے اپنے عذاب کی دھمکیاں دے چہ جائے کہ اُنھیں قتل کرنے والا لیکن اب ذرا مجھے علامہ سیوطی اور صاحب صواعق محرقہ بتائیں کہ حسینؑ کیا اہلِ مدینہ سے بھی بدتر تھے ایک طرف ساکنان شہر مدینہ کا یہ اعزاز اور دوسری جانب نواسہ رسولؐ واجب القتل اور باغی سمجھا جائے اور اُس کا خون مباح کر دیا جائے اور اُس کے خلاف یزید کی حمایت میں اُسے پیغمبری کا مستحق سمجھا جائے (شرم شرم)

یزید کا اپنی ماں بہنوں کے ساتھ زنا کرنا۔

(۹) وکان ابن حنظلہ یقول یا قوم واللہ ماخرجنا علی یزید حتی خفنا ان ترمی الحجارۃ من السماء وانہ رجل ینکح البنات والامہات والاخوات ولیشرب الخمر ویدع الصلوۃ ولیقتل اولاد النبیین (تذکرۂ خواص الامہ قلمی صد ۲۴۵)

ابن حنظلہ کہتے تھے کہ اے قوم خدا کی قسم ہم نے یزید کے خلاف اُس وقت تک خروج نہیں کیا جبتک ہمیں اس کا ڈر نہ پیدا ہوا کہ اب آسمان سے پتھر برسیں گے اور یزید تو ایسا شخص ہے جو اپنی بیٹیوں ماں بہنوں کے ساتھ نکاح کرتا ہے۔ علی الاعلان بلا خوف شراب پیتا ہے۔ اور انبیا کی اولاد کو قتل کرتا ہے۔ اور نماز نہیں پڑھتا۔

اِن تمام احادیث کے علاوہ کچھ وہ پیش گوئیاں بھی ہیں جن میں بقول علما رسواد اعظم رسولؐ اللہ اس کی خبر دے گئے تھے۔ چنانچہ اُن میں سے بعض درج ذیل ہیں :۔

(۱۰) عن ابی عبیدہ قال قال رسولؐ اللہ لا یزال امر امتی قائما بالقسط حتی یکون اول من یثلمہ رجل من بنی امیہ یقال لہ یزید۔

(تاریخ الخلفا صد ۸۱ صواعق محرقہ صد ۱۳۲)

ابو عبیدہ سے روایت ہے کہ جناب رسالتمآب نے ارشاد فرمایا کہ میری امت کے امور برابر درست رہینگے یہاں تک کہ وہ پہلا شخص جو اُن میں رخنہ اندازی کرے گا وہ بنی امیہ میں سے ایک شخص ہوگا جس کا نام یزید ہوگا۔

ان ہی دو کتابوں میں پھر ایک مقام پر ہے سمعت النبیؐ یقول اوّل من یبدل سنتی رجل من بنی امیہ یقال لہ یزید صد ۱۹

میں نے رسول کو کہتے ہوئے سُنا کہ پہلا وہ شخص جو میری سنت کو بدلے گا وہ بنی امیہ ہی کا ایک شخص ہوگا

جس کا نام یزید ہوگا۔

خیر اس حدیث سے یہ تو ثابت ہو ہی گیا کہ شریعت بنی اُمیہ ہی کے نونہال نے بدلی جو اُن کی نیک نامی کیلئے بہت کافی ہے۔

ان دو حدیثوں کے پیش کرنے کا مطلب یہ نہ خیال لیا جائے کہ ہم انھیں بالکل صحیح سمجھتے ہیں اور امامت کو اس وقت تک قائم بالقسط خیال کرتے ہیں۔ جبتک مظالم یزید کا ظہور نہوا تھا ہمارے نزدیک اس قسم کی حدیثیں کبھی صحیح مفاد پر روشنی نہیں ڈال سکتیں اور نہ رسالتمآب کی ذات کی طرف انھیں منسوب کیا جا سکتا ہے۔

لیکن ہمارے مقاصد کا جہانتک ان سے تعلق ہے صرف اس حد تک ہے کہ جو قوم رسالتمآب کی طرف سے ایسے ایسے اقوال و ارشادات کو منسوب کرتی ہو اُسے یزید کی تعریف و ثنا خوانی کرتے ہوئے کیوں شرم نہیں آتی یا تو خود رسول سچے نہ تھے (العیاذ باللہ) اور یا وہ نام نہاد مسلمان رسولؐ کے اِس قول کی تکذیب کرکے دائرہ اسلام سے خارج ہوکر اولئك هم اصحاب النار کا مصداق صحیح بن گئے۔

(۱۱) مدینہ والوں کا ایک وفد یزید کے حالات معلوم کرنے گیا تھا اُس کا سردار ابن حنظلہ تھا جب ارکان وفد کی یزید سے ملاقات ہوئی تو اُس نے ابن حنظلہ اور منذر بن ربیع کو ایک ایک لاکھ درہم دیئے۔ ان دونوں کے علاوہ اور لوگوں کو بھی حسب حیثیت بہت کچھ دیا اسی وفد نے یزید کے متعلق اپنے چشم دید حالات بیان کئے جنھیں ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

انا قدمنا هذا من عند رجل ليس له دين يشرب الخمر ويضرب بالطنابير ويعزف عنده القيان ويلعب بالكلاب ويسمر عنده الخراب وهم اللصوص وانا نشهد كم انا قد خلعناه

ہم ایک بیدین شخص کے پاس سے آئے ہیں جو شراب پیتا ہے طنبور بجاتا ہے اور اُس کے پاس گانے والے گاتے بجاتے ہیں کتوں سے کھیلتا ہے رات کو چوروں اور بدمعاشوں کی صحبت میں رہتا ہے ہم تم لوگوں کو گواہ کرتے ہیں کہ ہم نے اُسے اُتار دیا۔ اس کے بعد اہلِ مدینہ نے عبد اللہ بن حنظلہ کی بیعت کرکے اپنا امیر بنا لیا۔

(تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۴ صفحہ ۲۹۱-۲۹۲ و تاریخ طبری جلد ۷ صفحہ ۴)

(۱۲) منذر بن زبیر یزید کے پاس سے کوفہ چلا گیا۔ وہ اس کے بعد مدینہ پہونچ نہ سکا جب آیا تو کہا کہ یزید نے اگرچہ مجھے ایک لاکھ درہم دیے ہیں اور میرا بہت کچھ احترام کیا۔ لیکن میں حق کو چھپا نہیں سکتا۔ اس کے بعد اُس کا یہ قول ہے:۔

واللہ انه ليشرب الخمر واللہ انه ليسكر حتى يدع الصلوة۔

خدا کی قسم وہ شراب پیتا ہے اور خدا کی قسم وہ اس قدر نشہ میں مخمور رہتا ہے کہ نماز کا وقت گزر جاتا ہے۔

(کامل ابن اثیر جلد ۴ صفحہ ۲۹۲)

یزید کے مشہور اشعار اور اُس کا کفر

(۱۳) قال سبط ابن جوزی وغیرہ المشہور

انہ لما جئی راس الحسینؑ جمع (یزید) اھل الشام وجعل ینکت الراس الشریف بالخیزران وینشد ابیات ابن زبعری

لیت اشیاخی ببدر شھدوا

الابیات المعروفہ وزاد فیھا بیتین مشتملین علی صریح الکفر

سبط ابن جوزی وغیرہ نے بیان کیا ہے کہ جب امام حسینؑ کا سر یزید کے پاس بھیجا گیا تو اُس نے تمام اہلِ شام کو جمع کیا اور سر مبارک کو بید سے اذیت دی۔ ابن زبعری کے وہ مشہور اشعار پڑھے جن کا پہلا مصرعہ یہ ہے:۔

کاش میرے وہ بزرگ ہوتے جو بدر کی لڑائی میں مارے گئے۔

اُس کے بعد دو شعر اور پڑھے جو اُس کے صریحی کفر کُفر پر روشنی ڈالتے ہیں۔ (بعض کتب میں بجائے خندف کے عتبہ لکھا ہوا ہے۔

(صواعق محرقہ صـ۱۳۱) اور وہ شعر یہ ہیں:۔

لست من خندف ان لم انتقم

من بنی احمد ما کان فعل

لعبت ھاشم بالملک فلا

خبر جاء ولا وحی نزل

(ینابیع المودۃ صـ۳۲۰ تاریخ طبری اعثم کوفی) میں خندف یا عتبہ سے نہیں اگر میں احمدؐ کی اولاد سے انتقام نہ لوں جو احمد نے میرے آباؤ اجداد کے ساتھ کیا تھا۔ بنی ہاشم ملک و دولت کے ساتھ کھیل کھیلتے تھے۔ نہ کوئی خبر آئی تھی نہ کوئی وحی نازل ہوئی تھی۔

یزید کی رسولؐ اور اولادِ رسولؐ سے دشمنی

(۱۴) قال ابن الجوزی فیما حکاہ عنہ

سبطہ لیس العجب من قتال ابن زیاد الحسینؑ وانما العجب من خذلان یزید وضربہ بالقضیب ثنایا الحسینؑ وحملہ ال الرسولؐ سبایا علی اقتاب الجمال وذکر اشیاء من قبیح ما اشتھر عنہ ثم قال وما کان مقصودہ الا الفضیحۃ ولو لم یکن فی قلبہ احقاد جاھلیۃ واضغان بدریہ لاحترم الراس الشریف المبارک واحسن الی ال الرسول (ینابیع المودۃ صـ۳۲۰)

علامہ ابن جوزی کا بیان ہے جیسا کہ اُن کے نواسہ نے نقل کیا ہے کہ ابن زیاد کا امام حسینؑ کو قتل کرنا کوئی تعجب خیز بات نہ تھی۔ تعجب تو اس پر ہے کہ یزید نے حسینؑ کو ذلیل کیا اور آپ کے سرِ اطہر پر چھڑی ماری اولادِ رسولؐ کو قیدی بنا کر اونٹوں پر سوار کیا اور اُس کی بہت سی قبیح حرکتوں کا تذکرہ

کیا جو تمام زمانہ میں شہرت پا چکی ہیں اور اگر اس کے دل میں ایام جاہلیت کے بغض و عناد اور جنگ بدر کی دشمنیاں نہ ہوتیں تو وہ ضرور سبط نواسہ رسول کا احترام کرتا اور اولاد رسول کی عزت اور اُن کے ساتھ نیک برتاؤ۔

جناب علامہ ابن جوزی کے اس بیان سے پوری طرح ظاہر ہے کہ یزید کو رسالتمآبؐ اور آپ کی اولاد سے صرف اِس لیے دشمنی تھی کہ اُنھوں نے جنگ بدر وغیرہ میں اُس کے آباؤ اجداد کو قتل کیا تھا۔

کیا اس عالم جلیل کا یہ قول اِس کی شہادت دے رہا ہے کہ حسینؑ باغی تھے اس لیے یزید اُن کے قتل پر مجبور ہوا۔ کیا اِس سے حسینؑ کی جنگ کا سیاسی ہونا معلوم ہو سکتا ہے۔ علامہ جوزی بچے نہ تھے جو بغیر سمجھے بوجھے کہہ بیٹھے لیکن در اصل علامۂ موصوف کی طرح ہر وہ شخص جو ذرا عقل سے کام سے وہ اسے اچھی طرح سمجھ سکتا ہے کہ حسینؑ کس لیے جنگ پر مجبور ہوئے اور یزید کے دل میں کیا تھا۔ آنکھیں بند کرکے منہ کھول دینا تو ہر شخص کو آتا ہے۔

(۱۵) قال نوفل بن ابی فرات کنت عند عمر بن عبد العزیز فقال رجل امیر المومنین یزید فقال عمر تقول امیر المومنین ۱۲

نوفل بن ابی فرات سے حدیث ہے کہ میں عمر بن عبد العزیز کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ ایک شخص نے یزید کے نام کے ساتھ امیر المومنین کہا تو اس پر عمر نے کہا کہ تو اُس کو امیر المومنین کہتا ہے اور

اُسے بیس تازیانے لگوائے۔

یزید سے امام احمد بن حنبل کی بیزاری

(۱۶) ان ابن الجوزی قال فی کتابہ المسمی بالرد علی المتعصب العنید المانع من لعن یزید سئلنی سائلٌ عن یزید بن معاویۃ فقلت یکفیہ ما بہ فقال الجوز لعنہ قلت قد اجازہ العلماء الوارعون منھم احمد بن حنبل فانہ ذکر فی حق یزید ما یزید علی اللعنۃ ثم روی ابن الجوزی عن القاضی ابی یعلی انہ روی فی کتابہ المعتمد فی الاصول باسنادہ الی صالح بن احمد بن حنبل قال قلت لابی ان قوما ینسبوننا الی تولی یزید فقال یا بنی ھل یتولی یزید احد یومن باللہ ولم لا یلعن من لعنہ اللہ تعالی فی کتابہ فقلت فی ای آیۃ قال فی قولہ تعالی وھل عسیتم ان تولیتم ان تفسدوا فی الارض وتقطعوا ارحامکم اولئک الذین لعنھم اللہ فاصمھم و اعمی ابصارھم فھل یکون فساداً اعظم من القتل (ینابیع المودۃ صہ ۲۷۱)

الرد علی المتعصب العنید میں ابن جوزی نے تحریر کیا ہے کہ کسی نے اُن سے یزید بن معاویہ کے متعلق سوال کیا اس کے جواب میں اُنھوں نے کہا

کہ اُس کے لیئے جو کچھ ہے وہی کافی ہے۔ اُس نے پھر پوچھا کہ اُس پر لعنت کرنا جائز ہے تو اُنھوں نے کہا کہ اس کی تو بڑے بڑے متقی اور پرہیزگار عالموں نے اجازت دی ہے اُن میں سے ایک امام احمد بن حنبل بھی ہیں۔ اُنھوں نے یزید کے متعلق لعنت سے زیادہ کہا ہے۔ اِس کے بعد ابن جوزی پھر کہتے ہیں کہ ابو یعلی نے اپنی کتاب المعتمد میں صالح بن احمد بن حنبل سے روایت کی ہے کہ میں نے اپنے والد سے کہا کہ بہت سے لوگ ہماری طرف یزید کی محبت کو منسوب کرتے ہیں کیا یہہ صحیح ہوسکتا ہے۔ اس کے جواب میں اُنھوں نے کہا کہ اے فرزند کوئی مسلمان جو خدا پر ایمان رکھتا ہو یزید سے محبت نہیں کرسکتا اور اُس شقی پر ضرور لعنت کرے گا۔ جس پر خدا نے قرآن میں لعنت کی ہے میں نے پوچھا کہ وہ کونسی آیت ہے جواب دیا کہ وہ آیت یہ ہے (ترجمہ) کیا تم بادشاہ ہوجاؤ گے تو زمین پر فساد پھیلاؤ گے اور قطع رحم کروگے۔ ایسے ہی لوگ تو ہیں جن پر خدا نے لعنت کی ہے اور اُن کو اندھا اور بہرا کر دیا ہے۔ مجھیں بتاؤ کوئی فساد قتل سے بڑھ کر ہوسکتا ہے۔

امام احمد بن حنبل نے قرآن سے ثابت کردیا کہ یزید قابل لعنت ہے اور خدا کی بارگاہ میں شیطان کی طرح ملعون ہے اس کے بعد کیا کوئی مسلمان یزید کی مدح سرائی کرسکتا ہے یا اُس کے جہنمی ہونے سے انکار کریگا۔ جبکہ بقول امام احمد قرآن مجید کی صریحی نص اُس کے ملعون ہونے پر روشنی ڈال رہی ہے۔ لیکن اس کے بعد مجھے سخت تعجب ہے کہ ایسا شخص جس کے متعلق ایسے ایسے معتبر علماء اہلسنت لعنت کے فتوے دیں وہ کیونکر خلیفۃ اللہ ہوسکتا ہے اور اُس کے باوجود اجلہ علما نے اُسے کیوں زمرۂ خلفاء میں شمار کیا ہے جن میں سے علامہ جلال الدین سیوطی بھی ہیں حالانکہ وہ اس پر برملا لعنت کرچکے ہیں۔ چنانچہ اُس کی تحریر ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

(۱۷) فقتل وجیئ براسہ فی طست حتی وضع بین یدی ابن زیاد لعن اللہ قاتلہ و ابن زیاد معہ ویزید ایضا۔

(تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۴۴ و ۱۴۵ مطبوعہ مجیدی پریس)

پس امام حسینؑ قتل کردیے گئے اور آپ کا سر ایک طشت میں ابن زیاد ملعون کے سامنے لایا گیا۔ خدا امام حسینؑ کے قاتل اور ابن زیاد اور یزید پر لعنت کرے۔

اِس تحریر کے بعد پھر بھی اُس کا نام خلفاء رسولؐ کی فہرست میں لکھا گیا ہے اور اُس کی حیثیت ایک اسلامی حکمراں کی سی سمجھی جاتی ہے۔ حالانکہ خود ہی اُسے کافر ملعون مشرک، ملحد بھی کہا جاتا ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ مفتیان دین وعلماء مذہب و ائمۂ ہدیٰ کی تلون مزاجیاں کس عقل کے معیار پر منطبق ہوسکتی ہیں۔

قاتل امام حسینؑ کے کفر پر تمام مسلمانوں کا اجتماع

الامۃ اجتمعت والائمۃ اتفقت على الكفر واللعن قاتل الحسينؑ۔

(مناقب السادات ملک العلما، دولت آبادی)

تمام مسلمانوں کا اجماع ہے اور کل آئمہ کا اتفاق ہے کہ امام حسینؑ کا قاتل کافر اور مستحق لعنت ہے اس کے بعد کس کو اختلاف ہو سکتا ہے کہ یزید کافر اور ملعون نہیں ہے۔

(۱۹) (شہادت حسین) صفحہ ۳۰۵ میں مولوی عبد الحی فرنگی محلی کا حسب ذیل فتویٰ نقل کیا گیا ہے

بعضے درشان یزید براہ افراط و موالات رفتہ میگویند کہ وے بعد از آنکہ باتفاق مسلماناں امیر شد اطاعتش برامام حسینؑ واجب شد و ندانستند کہ وے باوجود امام حسینؑ امیر شود باتفاق مسلماناں کے باشد باجماعتے از صحابہ واز اولاد صحابہ خارج از و بودند و برسخے کہ حلقہ اطاعت او بگردن انداختند چوں حال او از شرب خمر و ترک صلوٰۃ و زنا و استحلال محارم معائنہ کردند بہ مدینہ منورہ باز آمدند و خلع بیعت کردند و بعض گویند کہ وے امر بقتل امام حسینؑ نہ کردہ نہ بر اں راضی بود نہ بعد از اں بقتل امام حسینؑ و اہلبیت آنحضرت مستبشر شد۔

بعض لوگ یزید کی محبت کے نشہ میں یہ کہتے ہیں کہ جب وہ تمام مسلمانوں کے اتفاق کے ساتھ امیر تسلیم کر لیا گیا تھا تو امام حسینؑ پر بھی اُس کی اطاعت واجب ہو گئی تھی حالانکہ کہنے والے یہ نہیں سمجھتے کہ نواسۂ رسول کی موجودگی میں وہ کیونکہ امیر ہو سکتا تھا مسلمانوں کا اتفاق و اجتماع کب اور کیونکر ہوتا ہی صحابہؓ اور اولاد صحابہ کی جماعتیں اُس کے خلاف تھیں اور جو لوگ اُس کی بیعت کر چکے تھے۔ جب اُنھیں اُس کی شراب خواری۔ تارک الصلاتی۔ زنا۔ استحلال۔ محارم (ماں بہنوں پر تصرف) وغیرہ کا علم ہوا تو وہ مدینہ منورہ میں آئے اور اُس کی بیعت سے انکار کر دیا۔ بعض کہتے ہیں کہ یزید نے قتل امام حسینؑ کا حکم نہیں دیا۔ اور نہ اس فعل شنیع پر راضی تھا اور نہ اُس کے بعد قتل حسینی و اہانت اہلبیت پر استبشار،،

ایں سخن نیز باطل است چنانچہ قال العلامۃ التفتازانی فی شرح عقائد النسفیہ۔

یہ بھی غلط ہے چنانچہ علامہ تفتازانی نے شرح عقائد نسفیہ میں اس کے متعلق اس طرح تحریر کیا ہے:۔

والحق ان رضا یزید بقتل الحسین واستبشارہ بذالك واھانتہ اھل البیت النبی مما تواتر معناہ۔

حق یہی ہے کہ یزید کی رضا نے حسین علیہ السلام کو قتل کرایا۔ اس کے بعد اُس کا مستبشر ہونا اور اہانت اہلبیت اُن واقعات میں سے ہیں جن کے وقوع پر تواتر ہو چکا ہے۔

بعضے دیگر گویند کہ قتل امام حسینؑ گناہ کبیرہ است نہ کفر۔ ولعنت مخصوص است بہ کفار۔

اسی طرح بعض کہتے ہیں کہ قتل حسینؑ گناہ کبیرہ ضرور ہے لیکن کفر نہیں ہے اور لعنت کفار کے ساتھ مخصوص ہے" اس لیے یزید لعنت کا مستحق نہیں ہو سکتا۔

نازم بر فطانت ایشاں۔ ندانستند کہ کفر بکطرف خود ایذائے جناب رسول الثقلین چہ ثمرہ دارد

وقال اللّٰہ تعالیٰ اِنَّ الذین یوذون اللّٰہ و رسولہ لعنھم اللّٰہ فی الدنیا والاخرۃ

یہ بھی اُن کی کم عقلی کی دلیل ہے کیا وہ نہیں جانتے کہ ایذائے رسولؐ بھی کوئی معمولی شئے ہے۔ قرآن مجید میں ہے:"

کہ جو لوگ خدا اور رسولؐ کو اذیت دیتے ہیں اُن پر دُنیا وآخرت میں خدا کی لعنت ہے۔

و بعضے گویند کہ خاتمۂ وے معلوم نیست شاید کہ وی بعد از ارتکاب کفر و معصیت توبہ کردہ باشد۔

بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ یزید کے آخری حالات تو معلوم نہیں ہو سکے ممکن ہے کہ اُس نے توبہ کرلی ہو اور اپنے اِس کفر و معصیت پہ درگاہ خدا میں شرمندہ ہوا ہو۔

امام غزالی کا خیال

وشل غزالی در احیاء العلوم بایں طرف است مخفی نہ باد کہ احتمال توبہ ورجوع از معاصی احتمالی است و الا آں بے سعادت آنچہ دریں اُمت کرد ہیچ کس نہ کردہ باشد۔

اس کے علاوہ امام غزالی نے احیاء العلوم میں اپنا یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ احتمال توبہ اور یہ کہ یزید نے شاید اپنے گناہوں کو محسوس کرکے خدا کی بارگاہ میں معافی مانگی ہو" اِس خیال کی ایک احتمال سے زیادہ وقعت نہیں ہے لیکن بہرحال جو کچھ اُس نے کرڈالا کسی نے نہ کیا تھا۔

مولوی عبدالحی صاحب کی اِس تحریر سے قریب قریب اُن خیالات پہ روشنی پڑتی ہے جو عام طور سے پھیلائے گئے ہیں اور اِسی قسم کی رکیک تاویلوں سے حسینؑ مظلوم کی عزاداری اور ہردلعزیزی کو مٹانے کی سعی لاحاصل کی جارہی ہے۔تصویر کا ایک رُخ تو یہ تھا جسے ناظرین کرام کے سامنے پیش کیا گیا۔

اس کے ذریعہ سے اس کا پوری طرح اندازہ ہوسکتا ہے کہ والی دمشق کا کیرکٹر کس حد تک تعلیم اسلام کا متحمل تھا اور کہاں تک اوس نے تہذیب اسلامی کو برباد کیا اور عام اسلامی دُنیا میں اوس کے متعلق کیسے کیسے خیالات قائم کئے گئے اور اُن تمام خیالات کی تنہا ذمہ دار کیا چیز تھی۔ اس کے ساتھ ہمیں نہایت مختصر الفاظ میں اس کا بھی ثبوت پیش کرنا ہے۔ کہ یزید کو حضرت یزید اور رحمۃ اللہ و خلیفۃ الرسولؐ اور امیر المومنین کہنے والے کون تھے اور عام نگاہوں میں اُن کی کیا پوزیشن تھی۔

اس کے متعلق سب سے پہلا قول ابوبکر عربی مالکی کا پیش کیا جاتا ہے۔ چنانچہ موصوف نے اپنے مخصوص الفاظ کے ساتھ اس کی پوری کوشش کرڈالی کہ ابن معاویہ پرسے الزام قتل ہٹ جائے لیکن مشکل تو یہ ہے ع

جو چپ رہیگی زبان خنجر لہو پکاریگا آستیں کا۔

ابوبکر عربی کے وہ مشہور الفاظ حسب ذیل ہیں:۔

ان الحسینؑ قتل بسیف جدہ

(امام) حسین (علیہ السلام) اپنے نانا کی تلوار سے شہید ہو۔

the new-born monarchy of the latter kingdom? The Judge, the living Creator was pleased to grant me an offspring, whom we called Ali Akbar, who has this day left us alone for ever. May I be offered for thee! While Ali Akbar my son was alive, I had indeed a sort of esteem and credit with thee, but now that my cypress, my newly-sprung-up cedar, is unjustly felled, I have fallen of from credit too, and must therefore shed tears."

"HUSAIN'—"Be it known unto thee, O thou violet of the flower-garden of modesty that thou art altogether mistaken. I swear by the holy enlightened dust of my mother Zahrah's grave, that thou art more honourable now than ever. I well remember the affectionate recommendations of Ali Akbar, our son, concerning thee. How much he was mindful of thee at the moment of his parting! How tenderly he cared for thee and spoke concerning thee to every one of his family."

UMMILAILAH"—'O gracious Lord, I adjure thee, by the merit of my son, Ali Akbar, never to lessen the shadow of Husain over my head. May no one ever be in my miserable condition, never be a desolate, homeless woman like me!"

"HUSAIN"—"O thou unfortunate Zainab, my sister, the hour of separation is come! The day of joy is gone for ever! the night of affliction has drawn near! Drooping withering sister, yet most blest in thy temper, I have a request from thee which I fear to make known."

"ZAINAB' – 'May I be a sacrifice for thy heart, thou moon-faced, glorious sun, there is nobody here, if thou hast a private matter to to disclose to thy sister."

"HUSAIN'—"Dear unfortunate sister, who art already severely vexed in heart, if I tell thee what my request is, what will be thy condition then? Though I cannot restrain myself from speaking, still I am in doubt as to wihch is better, to speak, or to forbear."

"UMMILAILAH"—(the mother of Ali Akbar)—The elegant stature of my Akbar fell on the ground; like a beautiful cypress tree it was forcibly felled! Alas for the memory of thy upright stature! alas, O my youthful son of handsome form and appearance! Alas my troubles at night-time for thee! How often did I watch thy bed, singing lullabies for thee until the morning! How sweet is the memory of those time! yea, how pleasant the very thought of those days! Alas! where art thou, dear child? O thou who art ever remembered by me, come and see thy mother's wretched condition, come!"

'HUSAIN'—(not knowing that it is Ummi Lailah who is crying)—"O Lord, why is this mournful voice so affecting? Methinks the owner of it, the bemoaning person, has a flame in her heart. It resembles the doleful tone of a lapwing whose wings are burnt! like as when a miraculous lapwing, the companion of Solomon the wise, the king of God's holy people received intelligence suddenly about the death of its royal guardian!"

"HUSAIN"—"Again I am put in mind of my dear son! O my heart, melted into blood; pour thy self forth! Dear son, whilst thou wast alive, I had some honour and respect, every body had some regard for me; but since thou art gone, I am altogether abandoned. Woe be to me! I am despised and rejected. Woe unto me!"

'HUSAIN'—(addressing Ummi Lailah)—Do not set fire to the harvest of my soul any further. Husain is, before God, greatly ashamed of his shortcomings towards thee. Come out from the tent, for it is the last meeting before we seperate from one another for ever; thy distress is an addition to the heavy burden of my grief.

"UMMILAILAH"—"I humbly state. O glory of all ages, that I did not expect from thy saintship that thou wouldst disregard thy handmaid in such a way. Thou dost show thy kind regard and favour to all except me. Dost thou not remember my sincere services done to thee? Am I not by birth a descendant of the glorious kings of Persia, brought as a captive to Arabia when the former Empire fell and gave place to

for the good services thou hast perfomed but I beg thy pardon for all inconsiderate actions on my part.'

۳- **شہید کربلا کی کہانی ایک بوڑھی عورت کی زبانی** بزبان انگریزی۔ انگریزی داں بچوں کے واسطے بالخصوص اور معمولی استعداد والے حضرات کے واسطے بالعموم مفید ہے۔ بے حد موثر طریقہ پر واقعہ کربلا کو لکھا گیا ہے۔ ہدیہ ۸/

۴- **شیعہ وسنی کو مفید مشورہ** (انگریزی) لفظ شیعہ کی کامل تحقیق اور طالبان حق کے واسطے بہترین مشورہ ہے۔ ہدیہ ۲/

۵- **شہید کربلا کی کہانی** کا اردو ترجمہ زیر طبع ہے عنقریب حاضر کیا جاسکتا ہے۔ ہدیہ ۴/

منیجر اسلامی دنیا قاضی محلہ بدایوں سے طلب فرمائیے۔

نوٹ:- ایک روپے سے کم کی فرمائش کی تعمیل نہ ہوگی ۲؍ کے ٹکٹ آنے پر پیکٹ پارسل روانہ ہوسکے گا۔

مطبوعہ نظامی پریس بدایوں محمد حبیب اللہ پرنٹر

چندہ سالانہ
للعہ

بیرون ہند سے
ے ۱

إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ

اسلامی دنیا

کا حسین نمبر

زیر ادارت
حضرت قمر الواعظین لسان الملۃ
ناصر الشریعۃ مولنا مولوی
محمد لقاء علی حیدری مدظلہ العالی

مدیر مسئول
حکیم و ڈاکٹر سید عنایت علی شاہ نقوی
ایچ ایم بی ایس ایچ
ایل ڈی۔ آر۔ ای۔ ایم
ریڈیو پی لکھنؤ

نمبر ۱ و ۲

فہرست مضامین بابتہ ماہ مارچ و اپریل سنہ ۱۹۳۶ء

شہنشاہ اقلیم فصاحت و بلاغت اعلیٰ حضرت حضور نظام کا

"شاہانہ کلام"

مسلمانان عالم کے محبوب ترین بادشاہ سلطان العلوم سلطان المسلمین کا کلام بلاغت نظام بہترین درس عقیدت دینے والا ہے۔

(خاکسار حمیدی)

سلام بحضور فیض گنجور لامع النور علیہ صلوٰۃ والسلام

(مطلع) قدسی آئے ہیں عجب بادۂ احمر لیکر | اپنے دامن میں گل و نکہت عنبر لیکر
کیا کریں ہائے وہ۔ کہتی ہے یہی بادِ صبا | شانِ گلزار کو شمشاد و صنوبر لیکر
خضر سے پوچھیے اس آبِ بقا کی قیمت | کہتا ہے جام پہ صہبائے معطر لیکر
جانِ عظمت کو کسی کی تو ذرا شمر لعین | پھینک دے خاک پہ تو میان سے خنجر لیکر
تخت اور تاج سے پوچھو تو گواہی دینگے | کس کا رتبہ ہو عیاں کرسی برتر لیکر
سورۂ کہف پڑھا سر نے جب ہی نیزے پہ | شانِ مصحف تھی نمایاں رخِ اطہر لیکر

(مقطع) قطرۂ خونِ حسینی پہ تصدق عثماں
کیا تقابل میں کروں خون کبوتر لیکر

رائے استاد جلیل) سبحان اللہ کیا کہنا اس سلام کا

"سلام بہ حضور امام انس و جاں علیہ تحیات والسلام"

(مطلع) در چمن آہ۔ نغمہ خوانی نیست | جام صہبائے ارغوانی نیست
تا نباشد غم حسین بہ دل | کار ہرگز بہ جانستانی نیست
ہر شہیدے کہ رفت۔ گفت بشنو | بہر ماندن کہ دارِ فانی نیست
کار بسیار لازم است نخست | ہر کلامے پُر از معانی نیست
(مقطع) پُرسس ایں ماز از نبی عثمان | نقشِ اکبر ز کلکِ ثانی نیست

سلام بہ حضور امام عالی مقام علیہ صلوٰۃ والسلام

(مطلع) من چہ گویم بہر گل جامہ دریدن مشکل است ۔ نور چمن بنگر شمیمے ہم وزیدن مشکل است
طاقت پرواز بلبل رفت بر دوش صبا ۔ از قفس بشکستہ پر راہے پریدن مشکل است
ایں زمانہ نیست بنگر آنکہ ما عشرت کنیم ۔ گفت ساقی بادہ را حاشا خریدن مشکل است
سوزنے بخیہ کند جائیکہ دست او رسد ۔ بہر مقراضے بنگر دامن بریدن مشکل است
ایں چہ آفت ہست برپا در لباس شب نگر ۔ گفت عاشورہ کنوں صبحے دمیدن مشکل است
ایں چہ غوغا ہست غنچہ گفت سر کردہ فرو ۔ نوحہ بلبل بگوش گل شنیدن مشکل است

(مقطع) کار ہر کس نیست ایں کو حاملش چاہے بود
ادعا عثماں وار تا آنجا رسیدن مشکل است

رائے استاد جلیل) سبحان اللہ کیا کیا سلام ہو رہے ہیں کہ جن کی تعریف نہیں ہو سکتی۔

رائے حسن نظامی) چونکہ یہ سلام دل سے نکلے ہیں اس لیے ہر شیعہ سنی کے دل پر اثر کرتے ہیں اور تمام ہندوستان میں گھر گھر پڑھے جاتے ہیں۔

سلام بہ حضور امام ذوالاحتشام علیہ صلوٰۃ والسلام

(مطلع) دیکھ کر نقش دغا رنگ قضا نے بدلا ۔ چولا دامن سے جدا ہو کے جفا نے بدلا
نبض کہتی ہے سنو خاک اچھالے منہ پر ۔ تاکہ مر جائیں لعیں رنگ دوا نے بدلا
سانس لیتی ہوئی کہتی ہے یہ بلبل سن لو ۔ ماتمی جامہ نیا آج قبا نے بدلا
پوچھو احوال نہ مفرور سیہ کاروں کا ۔ پینترا جبکہ بن شیر خدا نے بدلا
اپنی رنگت کو تہہ تیغ بھی کرکے پانی ۔ دیکھ کر خون شہیداں کو حنا نے بدلا
التجا سنکے مریضوں کی سراپا تصویر ۔ نسخہ بے دیکھے کہوں کیا جو شفا نے بدلا

(مقطع) گل ہوئے چاک گریباں جو عزا میں عثماں
غنچے مرجھائے، چلن باد صبا نے بدلا

رائے استاد جلیل) سبحان اللہ کیا سلام ہوا ہے۔

سلام بہ حضور امام عالی مقام علیہ تحیات والسلام

(مطلع) ایں چہ نوحہ تو نگر بلبل نالاں کردہ ۔ سینہ کوبی تو نگر سنبل پیچاں کردہ

عندلیبے چو فغاں کرد بہ اطرافِ چمن | ماتمے سبزہ کہ در خواب پریشاں کردہ
دیدہ خونے کہ ز اجسامِ شہیداں جاری | خونِ خود آہ جگر لعلِ بدخشاں کردہ
غنچہ و لالہ و گل کردہ چہ تبدیلِ لباس | مجلسِ آہ و بکا رنگ خیاباں کردہ
اشک ریزی چہ شدہ۔ آہ بہ یومِ عاشور | سامرہ نیز نجف ملک خراساں کردہ
دیدہ گریہ کہ بپا کرد تلاطم۔ بہ صدف | کارِ غلطیدن بہم دُر غلطاں کردہ

(مقطع) قلبِ عثمان و جگر گشتہ مثالِ ریزہ
ماتمے بسکہ پئے شاہ شہیداں کردہ

رائے استاد جلیل} سبحان اللہ کیا کیا مضامین عالیہ بیان ہوئے ہیں

سلام بہ حضور لامع النور فیض گنجور علیہ صلوٰۃ والسلام

(مطلع) مپرس حالِ بلا۔ شرحِ ماجرا ستم است | کہ ہر چہ رفت نگر یاد ماحیٔ ستم است
زبانِ غنچہ چہ گوید شنو بگوش نیوش | برائے بلبلِ ایں شیون و بکا ستم است
ہمہ عنادل گلشن دریدہ جامۂ خویش | برائے سنبل و گل آمدِ صبا ستم است
سفینہ غرق شدہ موجِ آب را دیدہ | عبور کردنِ ایں بحر ناخدا ستم است
بگو تو پیشِ مسیحا کہ بے نیاز تو ایم | برائے صحتِ ما بین کہ ایں دوا ستم است
کنیم ضبط نہ تا بر جفا و ظلم نخشت | برائے بودنِ ما بندۂ خدا ستم است

(مقطع) ہر آں کہ قطرۂ خوں می چکید ز جسمِ شہید
برائے دست کہ عثمان ہم ایں حنا ستم است

رائے استاد جلیل} سبحان اللہ کس مشکل زمین میں سلام ہوا ہے۔

سرپرست رسالہ اسلامی دنیا:۔ شاہان اسلام میں بعض ایسی ہستیاں بھی نظر آتی ہیں جنھوں نے با وفات مختلفہ اہلبیت کرام علیہم السلام کے ساتھ اپنی عقیدت کا اظہار کیا ہے لیکن ہم بلا مبالغہ عرض کرتے ہیں کہ اعلحضرت سرکار سلطان العلوم شہریار دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ اس بارہ میں اپنی نظیر آپ ہی ہیں۔
حضور پرنور کا کلام دلی عقیدت کا آئینہ ہے اور مسلمانان عالم کے واسطے بہترین سبق آموز ہے

خاکسار حیدری

شذرات

"اسلامی دنیا" کا تیسرا دور شروع ہو رہا ہے۔ گزشتہ دو سال کے عرصہ میں ہمارے قارئین کرام کو رسالہ کے وقت پر شایع ہونے سے جو شکایتیں پیدا ہوئی تھیں وہ سب بجا اور درست تھیں اور ہم بار بار معذرت کر کے اپنی کمزوری کو زیادہ کرنا نہیں چاہتے اس رسالہ کا اجرا کسی شخصی و انفرادی غرض کے پورا کرنے کے واسطے ہرگز نہیں ہوا ہے۔ یہ صرف اس مقصد کو لے کر میدان میں آیا ہے کہ دنیا کو محبت اہلبیت رسالتمآب کی دعوت دے کر اُن کی پیروی پر آمادہ کر دے۔ خدا کا شکر ہے کہ باوجود موانع بسیار پھر بھی رسالہ اپنی صوری و معنوی حیثیت سے کسی طرح کم توجہی کے قابل ثابت نہ ہوا اور ہم کو اس بات کے ظاہر کرنے میں ذرہ برابر بھی تامل نہیں ہے کہ دو سال کے عرصہ میں جن حضرات نے رسالہ کی خریداری سے انکار کر دیا اُن کی تعداد ایک فی صدی بھی نہیں ہے برخلاف اس کے "حسین مظلوم" کے فدائی اس رسالہ کی مدد کے لیئے اس طرح آمادہ نظر آتے ہیں کہ اگر اُن کی تعداد کے لیئے میں یہ آیت پڑھوں "یدخلون فی دین اللہ افواجاً" تو بیجا نہ ہو گا۔ کربلا کے میدان میں بظاہر حسین عصر کے وقت بے یار و ناصر رہ گئے تھے لیکن جن لوگوں کو اس بزرگوار نے آخر وقت بھی فراموش نہیں کیا تھا وہ انشاء اللہ قیامت تک حسین کو نہ بھولینگے اور اسی اُمید پر مرینگے کہ جوانان جنت کے سرداروں کے غلاموں میں محشور ہونگے آج ہم پھر "اسلامی دنیا" کا دوسرا "حسین نمبر" پیش کر رہے ہیں۔ خدا کرے جناب سیدہ نساء عالمیان اس کو منظور فرما لیں پھر تو خدا و رسول اور ائمہ ہدیٰ کی منظوری انشاء اللہ حاصل ہو گی۔ اس میں شبہ نہیں کہ جیسا نمبر دل چاہتا تھا ویسا تیار نہ ہو سکا جس کی تلافی انشاء اللہ بشرط حیات مستعار سال آئندہ کی جائے گی لیکن اُمید ہے کہ قارئین کرام بڑی حد تک پسند فرمائینگے۔　　ناچیز "مدیر"

جمعیتہ الاحرار نے ہمارے صوبہ میں جس طرح امن عامہ کو خطرہ میں ڈالنے کی کوشش کی ہے وہ پوشیدہ نہیں ہے شیعہ سنی ہر دو فریق آپس میں مل جل کر زندگی بسر کر رہے تھے لیکن ان نام نہاد مسلمانوں کو یہ اتفاق پسند نہ آیا اور "قضیہ مدح صحابہ" کا شاہ محمد صاحب کے ٹیلہ سے سلسلہ شروع کیا۔ سال بھر سے زیادہ کی مسلسل کوشش کے بعد دو ڈھائی ہزار کرایہ کے آدمی جیل بھیجے گئے اور حکومت کو اس غلط فہمی میں مبتلا کیا گیا کہ مدح صحابہ ایجی ٹیشن آل انڈیا حیثیت رکھتا ہے۔ اگر جانچ کی جائے تو دو فی صد مسلم آبادی بھی اس کی تائید میں نہ ملے گی۔ ہندوستان بھر کے سنی علما نے جو محب اہل بیت ہیں اس ایجی ٹیشن کے خلاف آواز بلند کی اور کر رہے ہیں لیکن احراری وہی مرغی کی ایک ٹانگ کی رٹ لگا رہے ہیں۔ شیعیان لکھنؤ نے تنگ آ کر بجائے اُمید عمل کرنے کے بجائے "جواب ترکی بہ ترکی" پر عمل شروع کیا اور برقی رو کی طرح سارے ہندوستان کو "تبرا ایجی ٹیشن" سے متاثر کر دیا ابھی وقت ہے کہ امن عامہ کے خواہشمند اس فتنہ کو فرو کرنے کی کوشش فرمائیں ورنہ بعد کو کف افسوس ملنا ہو گا دو بھائیوں کو جدا کرنا ضد اور نفرت کے جذبات پیدا کرانا کہاں کی انسانیت ہے۔ ہم اس مسئلہ پر بعد کو روشنی ڈالیں گے ابھی ہم کو اُمید ہے کہ انشاء اللہ مسلکدہ فضا جلد خوشگوار صورت پیدا کرلے گی اور دشمنانِ اہلبیت اپنے کیفر کردار کو پہونچیں گے۔ (نائب مدیر)

نور العین فی شہداء الحسین

(جناب سرپرست مدظلہ العالی سلسلہ جلد ۹ سے)

حضرت نے گریہ فرمایا اور فرمانے لگے اے بیٹے تمہارے چچا پر یہ بہت گراں ہے کہ تم اس سے مدد مانگو اور تمہاری کوئی مدد نہ کرسکے (یہ کہکر) لاشہ کو اٹھایا اور دیگر شہدا میں لاکر رکھدیا اب جو قاسم نے دیکھا کہنے لگے بھیا مجھ پر تمہاری جدائی سخت گراں ہے (اب میں بھی تمہارے پاس آرہا ہوں) یہ کہتے ہوئے نکلے کہ بھائی کے بعد زندگی کیسی اب جینے کا کوئی لطف نہیں اور اس وقت قاسم ۱۹ سال کے جوان تھے پھر یہ اشعار بطور رجز پڑھے سے

(۱) مختار و برگزیدہ خاندان کی وہ تلوار تمہارے پاس آرہی ہے کہ جس کے خوف و ہول سے شیر خوار بچے بڑھے ہو جاتے ہیں

(۲) اے گروہ کفار (اگر کچھ دم ہے تو آگے) بڑھو (اور یہ یاد رکھو کہ) نیست و نابود کر دینے والی تلوار تمہارے سامنے ہے۔

پھر اشقیا پر ایک زبروست حملہ کیا اور برابر جنگ کرتے رہے یہاں تک کہ آٹھ سو جوانوں کو قتل کیا پھر امام حسین علیہ السلام کی طرف لوٹ کر واپس آئے مگر حالت یہ تھی کہ مارے پیاس کے آنکھیں اندر دھس گئی تھیں اور پکار پکار کہہ رہے تھے کہ بس کسی صورت سے ایک گھونٹ پانی کی مدد کر دیجئے تاکہ میں دشمنوں کے مقابلہ کے لئے قوی ہو جاؤں امام نے فرمایا بیٹا ذرا دیر اور صبر کرو تاکہ اپنے جد بزرگوار محمد مصطفٰے کے پاس پہونچ جاؤ اور وہ تم کو اپنے کاسہ سے اس طرح سیراب کر دیں کہ اسکے بعد کبھی تم کو پیاس نہ لگے۔

(یہ سنکر) وہ واپس ہوئے اور پھر ایک حملہ کیا اور بیس جوان اور قتل کر دیئے اور پھر خود درجہ شہادت پر فائز ہوئے پھر حضرت امام حسین علیہ السلام نے قاسم کے گرداگرد حملہ کرکے چارسو آدمیوں کو قتل کیا اور پھر شہید کو اٹھاکر لاشہ ہائے شہدا میں لا رکھا۔ پھر علی بن الحسین (علی اکبر) نکلے اور اجازت طلب کی چنانچہ آپ نے اجازت دی پھر چہرہ علی اکبر پر نظر ڈالی اور باران اشک برسنے لگا اور فرمایا خداوندا میں تجھ کو گواہ کرتا ہوں کہ اس وقت وہ شخص ان اشقیا کی طرف چلا ہے جو تیرے رسول سے خلق و خلقا میں ہر طرح بہت مشابہ ہے چنانچہ علی اکبر نے یہ اشعار پڑھتے ہوئے زبردست حملہ کیا۔

(۱) میں علی بن الحسین ہوں اور میں خدا کی قسم کھاکر کہتا ہوں کہ ہم رسول اللہ کی اولاد ہیں۔

(۲) میں ایک (بہادر) جوان کی طرح نیزہ و شمشیر سے حملہ کرکے اپنے باپ کی حمایت کرونگا۔

(۳) یثرب کے رہنے والے ہاشم کے گھرانے عربی النسل خاندان ہاشم کے چشم و چراغ جوان کی ایسی تلوار چلاؤنگا (اور وہ جنگ کرونگا جو میرے بزرگوں کا نقشہ دکھادے گی)

پھر اشقیا پر ایک زبردست حملہ کیا اور پانسو سواروں کو قتل کیا پھر باپ کے پاس پلٹ کر آئے مگر حالت یہ تھی کہ مارے پیاس کے آنکھوں میں گڑھے پڑ گئے تھے غرض کہ

بابا جان پیاس مجھے مارے ڈالتی ہے حضرت سن کر رونے لگے اور فرمایا بیٹا جاؤ لڑو تم بہت جلد اپنے جد امجد جناب رسالتمآب سے ملاقات کروگے اور وہ تم کو اپنے کاسہ کوثر سے سیراب کریں گے چنانچہ جناب علی اکبر لوٹے اور جنگ کرکے اسّی آدمیوں کو قتل کیا پھر منقذ بن مرہ نے یکایک آپ کے سر مبارک پر ایسی تلوار لگائی کہ گھوڑے پر سنبھل نہ سکے گھوڑے کی زین سے زمین پر تشریف لائے اور پھر سیدھے ہوگئے اور با آواز بلند کہا یا ابت ھذا جدی ھذا ابی و ھذہ جدتی فاطمہ پھر آپ نے جام شہادت پیا رحمۃ اللہ علیہ پھر امام نے لشکر پر حملہ کیا اور قاتل علی اکبر کا قصد کیا چنانچہ اس کے کاندھے پر تلوار مار کر پشت سے نکال دی (اور وہ داخل جہنم ہوا) پھر لشکر پر حملہ کرکے لوگوں کو اپنے فرزند کے قریب سے پراگندہ کیا اور بیٹھ کر شدید گریہ فرمایا اور فرمایا بیٹا تمہاری جدائی مجھ پر بہت شاق ہے پھر میت کو اٹھا کر لاشہائے شہدا میں لاکر رکھا ماں سر و سینہ پیٹتی اور فریاد کرتی تھی اور پھوپھی زینب واحبیباہ وا قرۃ عیناہ کہتی تھی پھر امام علیہ السلام نے ان مخدرات کو خیمہ میں پہنچایا پھر مسلم بن مسلم بن عقیل نکلے اور یہ کہنے لگے ؎

(۱) آج میں اپنے مسلم سے ملاقات کرونگا اور ان مطیعان رسالتمآب سے ملونگا جو مر گئے ہیں۔

(۲) اور ان سرداروں سے ملونگا جو موت تو پاچکے ہیں اور وہ ہمارے مولا و آقا جناب رسالتمآب کی اولاد ہیں۔

پھر آپ نے حملہ کیا اور ان سے جنگ کرکے ستر آدمیوں کو واصل جہنم کیا پھر قتل ہوگئے۔ پھر ان کے بعد ان کے بھائی جعفر نکلے اور حملہ کرکے پندرہ آدمیوں کو قتل کیا اور پھر خود قتل ہوگئے ان کے بعد ان کے بھائی عبدالرحمٰن نکلے اور جنگ کرکے پچاس (۵۰) جوانوں کو قتل کیا اور پھر خود قتل ہوگئے پھر عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب نکلے اور جنگ کی اور دس سواروں کو قتل کرکے قتل ہوگئے پھر ان کے بعد عون نکلے اور جنگ کی ستائیس آدمیوں کو قتل کرکے شہید ہوگئے پھر عبداللہ بن حسین نکلے اور اشقیا سے جنگ کی چودہ آدمیوں کو قتل کیا پھر ان کے بھائی قاسم نکلے اور جنگ میں بیس جوانوں کو قتل کیا پھر ابن فضل اسدی نے سر پر تلوار ماری جس سے آنجناب زمین پر گرے اور آواز دی یا اتباہ ادرکنی (آواز سنتے ہی) امام عالی مقام اس طرح دوڑے جس طرح شاہین اپنے شکار پر ٹوٹ کر گرتا ہے اور بڑھ کر آپ نے قاتل فرزند کو تلوار سے برابر کے دو ٹکڑے کر دیئے وہ اتنا زور سے چلایا کہ اس کی تمام قوم نے اس کی آواز سنی سب لوگ اس کو بچانے کے لیئے دوڑے جس کی وجہ سے گھوڑوں نے اس کو روند ڈالا اور سب نے دیکھا حسین اپنے فرزند کے سرہانے کھڑے رو رہے ہیں اور جوان کی زبان پر یہ الفاظ جاری ہیں کہ آج کے بعد بروز قیامت میرے جد بزرگوار ان اشقیا کے دشمن ہوں گے پھر جیسے دوسرے مقتولین کو اٹھایا تھا ان کو بھی اٹھا کر لائے اور شہدا میں رکھدیا اور حملہ کرکے سخت جنگ کی جیسا کہ آپ کا اس وقت تک معمول تھا اور یہ بھی فرماتے تھے کہ اصحاب و آل نبی کی طرح میں بھی قتل ہونگا۔ اور یہ سلسلہ برابر جاری رہا جہاں تک کہ بنی ہاشم کا آخری شخص بھی قتل ہوگیا اور کل بنی ہاشم سترہ جوان تھے جن میں عباسؑ عبداللہؑ جعفرؑ عثمانؑ حضرت امام حسین علیہ السلام کے بھائی تھے جن کی ماں ام البنین تھیں اور ان کے بھائیوں میں سے ہی عمر ابوبکر بھی تھے جن کی ماں

نیلی تھیں اور شہدائے بنی ہاشم میں سے عبداللہ و علی فرزندان جناب امام حسین علیہ السلام نیز محمد و قاسم بن حسن اور محمد و عون بن عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب برادر علی علیہ السلام اور عبداللہ جعفر عبدالرحمن فرزندان عقیل بن ابی طالب برادر علیؑ اور عقیل بن جعفر بن ابی طالب بھی یہ سب کے سب سترہ ہوتے ہیں جو بنی ہاشم میں سے تھے ان سب کے لیئے پایئن امام حسین علیہ السلام ایک گڑھا کھودا گیا ہے جس میں سب بجز حضرت عباس کے دفن کیئے گئے ہیں اور حضرت عباس اپنے مقتل میں براہ غاذیہ دفن ہوئے اور ان کی قبر مبارک بکلا الگ واضح ہے لہذا جو شخص ان کے بھائیوں کی زیارت کرنا چاہیئے تو اس کو لازم ہے کہ وہ قبر امام پر جائے اور آپ کے پائے مبارک کی طرف اشارہ کرے (رضی اللہ عنہ وعنہم) لیکن آپ کے اصحاب و انھار جو آپ کے سامنے شہید ہوئے ہیں وہ سب کے سب آپ کے گرد دفن ہیں ان کی قبور کا صحیح صحیح طور پر علم نہیں لیکن اس میں بھی شک نہیں کہ حائر حسینی سب کو محیط و حاوی ہے۔ اب رہ گئے امام حسین علیہ السلام تو ان کی حالت یہ ہے کہ جب تمام اصحاب و انصار و اعزہ و اقربا شہید ہو چکے تو آپ نے داہنے و بائیں نظر اٹھا کر دکھا تو کوئی مدد کرنے والا کوئی پناہ دینے والا دکھائی نہ دیا بلکہ اپنے تمام ساتھیوں کو مردہ اور اپنے آپ کو یکہ و تنہا پایا اس وقت آپ نے سرآسان کی طرف بلند کیا اور درگاہ خداوندی میں عرض کرنے لگے اے پالنے والے تو دیکھ رہا ہے ان اشقیا نے میرے ساتھ کیا سلوک کیا ہے یہ کہکر رونے لگے اور یہ اشعار پڑھے ؎

(۱) اے پالنے والے تو مجھے ان لوگوں میں یکہ و تنہا نہ چھوڑ جنھوں نے جان بوجھ کر لاعلمی کا اظہار کیا ہے۔

(۲) اور انھوں نے ہم کو اپنے درمیان غلام بنا دیا ہے اور اپنے افعال و کردار سے یزید کو راضی کرتے ہیں۔

(۳) اور ہم میں سے ہر ایک شہید چل بسا اور زمین پر گر کر اپنے خون میں غلطاں ہو گیا۔

پھر آپ خیمہ میں داخل ہوئے اور فرمایا بہن زینب میرے چھوٹے بچے کو تو لاؤ تاکہ میں اس کو بھی رخصت کروں۔

جناب زینب نے فرمایا لیجیئے یہ آپ کا بچہ حاضر ہے آج تین دن سے ایک قطرہ پانی کا اس نے نہیں چکھا (جائیے) تاکہ اس کے لیئے ایک گھونٹ پانی مانگیئے (یہ کہکر) جناب زینب نے بچہ جناب امام حسین علیہ السلام کے سپرد کیا آپ اس کو لے کر چلے اور بوسے دیتے جاتے تھے اور بچہ کی حالت یہ تھی کہ مارے پیاس کے باپ کے ہاتھوں پر تڑپتا جاتا تھا پھر امام ان اشقیا کی طرف بڑھے اور فرمایا کہ تم نے میرے تمام ساتھیوں کو قتل کر دیا ہے اور سوائے اس بچہ کے اور کوئی نہیں رہا اور اس کے ذمہ تمھارا کوئی خون (گناہ) بھی نہیں ہے اور یہ مارے پیاس کے جلا جاتا ہے لہذا مجھ پر ایک گھونٹ پانی کی مہربانی کر کے (ممنون کرو) ابھی آپ ان سے کہہ ہی رہے تھے کہ ناگاہ ایک زہرآلود تیر (حرملہ) فاجر کی طرف سے اس معصوم بچہ کی گردن میں لگا اور اس کو ذبح کر دیا باپ نے اپنے ہاتھوں میں معصوم کا خون لیا اور درگاہ خدا میں عرض کیا اے پالنے والے میں تجھکو اس قوم پر گواہ کرتا ہوں تو گواہ رہیئے۔ پھر آپ واپس ہوئے اور اچھی لاکر

ام کلثوم کے حوالہ کیا معصومہ نے اس کو اپنے سینہ سے لگایا اور رونے لگیں اور اور مخدرات نے بھی آپ کے ساتھ گریہ شروع کیا یہاں تک کہ ملائکہ آسمان بھی رونے لگے اور آپ نے یہ اشعار پڑھے ؎

(۱) ہائے میرا دل اس کم سن پیاسے بچہ پر سخت محزون و مغموم ہے جس کی دودھ بڑھائی سے پہلے تیر ستم نے دودھ بڑھایا

(۲) وہ بچہ اپنے کمسنی میں اپنے خون میں غلطاں ہوا اور میرا دل اس پر ملال و حزن کرتا رہے گا۔

(۳) (ہائے افسوس) اشقیا نے اس کے ماں باپ کے دل کو جلادیا اور اس کو تیر ستم سے شہید کر ڈالا۔

(۴) ہمارے اور ان سب اشقیا کے درمیان بروز محشر خداوند عالم فیصلہ فرمائے گا جہاں عداوتوں کا فیصلہ اور تصفیہ ہوگا۔

جب امام عالی مقام بالکل مایوس ہوگئے تو روتے ہوئے مخدرات کو رخصت کرنے کا ارادہ کیا چنانچہ (سب سے پہلے) جناب زینب سلام اللہ علیہا آپکے پاس تشریف لائیں اور فرمایا بھیا خدا کبھی آپ کی آنکھوں کو نہ رُلائے (صبر کیجئے روئیے نہیں) امام نے فرمایا بہن میں کیسے نہ روؤں اور گریہ نہ کروں مجھے معلوم ہے کہ تم ذرا دیر بعد نرغہ اعدا میں کشاں کشاں پھروگی پھر بآواز بلند پکار کر فرمایا یا ام کلثوم و یا رقیہ و یا عاتکہ و یا سکینہ علیکن منی السلام آواز سلام سن کر جناب ام کلثوم نے فرمایا کیوں بھیا کیا آپ نے (بھی) مرنے کی تیاری کرلی ہے فرمایا ہاں بہن میں کیونکر موت کے لیئے کمربستہ نہ ہوں درانحالیکہ میری جان دوسرے کے قبضہ میں ہے جب سکینہ نے یہ آواز سُنی تو بآواز بلند دھاڑیں مار مار کر رونے لگیں

اس وقت امام حسین علیہ السلام نے بھی گریہ فرمایا اور یہہ اشعار زبان پر جاری فرمائے ؎

(۱) اے بیٹی سکینہ تمھیں معلوم ہونا چاہیئے کہ میری موت کے بعد تم کو بہت زمانہ تک رونا ہے

(۲) دیکھو بیٹی جب تک میرے جسم میں جان ہے تم رو کر میرا دل نہ جلاؤ۔

(۳) اے بہترین نسواں جب میں قتل ہو جاؤں تو جو کچھ تم کر رہی ہو خوب کرنا اور خوب رونا۔

(۴) (میرے بعد) رونا اور یہ کہکر رونا اے شط فرات کے مرنے والے تو تو جلدی سے گزر گیا اور مجھے مصیبت و بلا میں چھوڑ گیا۔

(۵) اور یہ کہہ کر رونا کہ مجھے اُمید تھی کہ جب تک مجھ کو زمانہ فرصت دے گا اور مجھے چھوڑے رکھے گا میں اپنے باپ کے سایہ عاطفت میں زندگی بسر کرونگی۔

(۶) اے بیٹی سکینہ جلد میرے پاس آجاؤ تاکہ تم کو میں مرنے والے کی طرح وداع کرلوں۔

(۷) میں تم کو اپنے چھوٹے بچے اور آل اولاد یتیموں اور پروسیوں کیلئے وصیت کرتا ہوں ان سے بہ محبت بسر کرنا)

(۸) دیکھو میرے مرنے کے بعد (میرے غم میں) کپڑے نہ پھاڑنا اور نہ بے صبری کی ذلیل موت کو بلا لینا (بلکہ میری محنت کی داد دینا اور صابرانہ موت مرنا۔

(۹) لیکن ہاں بیٹی سکینہ صبر کرنا اور قضاء الٰہی پر صابر رہنا اس لیئے کہ ہم تو اہل صبر و احسان ہیں۔

(۱۰) میں اپنے باپ دادا اور بھائیوں کے اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہوں جن کے حقوق سرکش باغیوں نے چھین لیئے۔

راوی کہتا ہے کہ پھر امام عالی مقام خیمہ سے نکلے اور اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر لشکر پر ایک سخت حملہ کیا سب اشقیا سامنے سے ٹڈی کی طرح منتشر ہو کر بھاگ گئے پھر خیمہ میں واپس تشریف لائے اور لاحول پڑھ کر پھر دوبارہ ان اشقیا کی طرف پلٹے اور فرمایا اے لشکر والو خدا تم پر لعنت کرے آخر یہ تو بتاؤ مجھے کیوں قتل کرتے ہو کیا میں نے کوئی عہد شکنی کی ہے یا کسی سنت رسول کو بدل دیا ہے یا شریعت میں کوئی تغیر و تبدل پیدا کر دیا ہے یا کسی حق کو میں نے ترک کر دیا ہی جس کی پاداش میں تم مجھے قتل کرتے ہو سب نے متفقہ طور پر جواب دیا کہ یہ سب کچھ نہیں بلکہ ہم صرف تمہارے باپ سے جو بغض و عداوت اور مخاصمت رکھتے ہیں اس کی بنا پر قتل کرتے ہیں یہ سن کر امام کو سخت غیظ آیا اور آپنے یہ رجز پڑھا؎

(۱) خیرۃ اللہ من الخلق ابی
بعد جدی وانا ابن الخیرتین

میرے بابا ہیں میرے جد کے بعد افضل دو عالم میں
میں ہوں ایسے دو خیر خلق کے آغوش کا پالا ہوا

(۲) والدی شمس و انا قمر
وانا الکوکب وابن النیرین

میری مادر مہ کامل پدر خورشید روشن ہیں
میں ہوں نجم اور ان دو نیروں کی آنکھ کا تارا

(۳) من لہ جد کجدی المصطفےٰ
او کامی فی جمیع الثقلین

میرے نانا محمد مصطفےٰ سے کس کے نانا ہیں
میری ماں کا سا رتبہ ہے دو عالم میں کسی ماں کا

(۴) فاطمۃ الزھراء امی و ابی
فارس الخیل و رامی النبلتین

میری ماں فاطمہ زہرا حبیب رب کی بیٹی ہیں
قدر انداز و سر خیل شجاعان ہے مرا بابا

(۵) ما نہر الابطال فی ھیجائہ
یوم بدر ثم احد و حنین

حنین و بدر اور یوم احد کے کارزاروں میں
شجاعوں کو کیا مغلوب باطل کو کیا پسپا

(۶) ابن عم المصطفےٰ من ھاشم
و شجاع حامل للرایتین

وہ ابن عم رسول اللہ کا اولاد ہاشم میں
شجاعوں میں یگانہ اور حامل دو نشانوں کا

(۷) ترک الاصنام لم یسجد لھا
مع قریش مذ نشا طرفۃ عین

قریشی اب بتان کعبہ کو سجدہ نہیں کرتے
کیا چشم زدن میں سنگی تصویروں کا وہ نقشا

(۸) عبد اللہ غلاما ناشئا
و قریش یعبدون الصنمین

یہ بچپن ہی میں صرف طاعت خلاق عالم تھے
قریشی کر رہے تھے جب بتوں کو سجدہ پہ سجدہ

(۹) یعبدون اللات والعزیٰ معاً
و علیؑ قائم بالرکعتین

ادھر مصروف تھے سب لات و عزیٰ کی پرستش میں
علی تھے اس طرف محو نماز خالق یکتا

؎ رجز امام علیہ السلام کا جناب رزم صاحب نے نظم میں ترجمہ کیا ہے اور ہم کو اتفاق سے مل گیا ہی جو اب سے کئی سال قبل غالباً الواعظ میں چھپا تھا ہم نے نثری بجائے نظم کا ترجمہ دینا ناظرین کرنا زیادہ مناسب سمجھا امید ہی کہ ناظرین جناب رزم صاحب اس برجستہ ترجمہ کی داد دیں گے (مترجم)

(۱۰) جدی المرسل مصباح الدجیٰ
وابی الموفی لہٗ بالبیعتین

میرے نانا اندھیری رات کی اک شمع روشن تھے
رہے دو بیعتوں کے عہد پر قائم میرے بابا

(۱۱) عروۃ الدین علیؑ ذو العلا
ساقی الکوثر امام الخافقین

سہارا دین و ملت کا سراپا صاحب عظمت
امام مشرق و مغرب علی ساقی ہے کوثر کا

(۱۲) اظھر الاسلام رغما للعدیٰ
بحسام قاطع ذی شفرتین

زمین و آسماں یکجا ہوئے تھے گو عداوت پر
دو دھاری تیغ سے اپنی مگر اسلام پھیلایا

(۱۳) مع رسول اللہ یسعیٰ نازلاً
قاتل الابطال والموفی لدین

نبی کے ساتھ کوشش کی جہاد راہ خالق میں
کیا کفار کو بیجاں فرائض کو کیا پورا

(۱۴) ترک الاصنام خفضا نازلاً
وفی الدین فوق النیرین

بتوں کو سرنگوں و پست یکسر کر دیا جس نے
خدا کے دین کو شمس و قمر سے کر دیا اونچا

(۱۵) فابت العین والاذن التی
اذعن الخلق لہ فی الخافقین

میں ہوں فرزند ایسے سامع و باصر کا دنیا میں
کہ اہل مشرق و مغرب نے جس کو پیشوا مانا

(۱۶) وبنا جبریل اضحیٰ فاخراً
وتفوھنا ابو نا کل دین

میرے باعث سے جبریل امین کو فخر حاصل ہے
میرے بابا نے ہر اک فرض مذہب کر دیا پورا

(۱۷) فجزاہ اللہ عنا صالحاً
خالق العالم مولی المشعرین

خدائے دو جہاں اس کی جزا دے میرے بابا کو
کہ وہ ہے خالق کون و مکاں کونین کا مولا

(۱) فضۃ قد صبغت من ذھب عہ
وانا الفضۃ وابن الذاھبین

چاندی نے سونے سے رنگ حاصل کیا
میں خود چاندی ہوں اور دو سونوں کا فرزند ہوں
(یعنی میری مثال چاندی کی ہے اور میرے ماں باپ سونے کی مثال رکھتے ہیں میں نے اپنے ماں باپ سے اخلاق و فضائل سیکھے ہیں جس طرح سونا چاندی کو رنگ دیتا ہے)

(۲) اخرت عن سیرھا الشمس لہٗ
لیصلی رکعتا او رکعتین

میرے باپ ہی کی خاطر آفتاب واپس لوٹا گیا تھا تاکہ وہ ایک یا دو رکعت نماز ادا فرما لیں (کیا میرے باپ کے علاوہ کسی اور کے لیے بھی اس طرح آفتاب لوٹایا گیا ہے)

(۳) وابادا الکفر فی حملتہ
رجال ابر قوا فی العسکرین

عہ چونکہ اشعار رجز میں بہت اختلاف ہے کسی نے کچھ کسی نے کچھ روایت کی ہے اسی بنا پر جناب رزم صبا کے ترجمہ میں تین شعروں کا ترجمہ جناب صبا فدا لعین کی روایت کی بنا پر رہ گیا ہے ان تینوں کا ترجمہ ہم نے نثر میں کر دیا ہے ۱۲ (مترجم)

(۳) چمکتے ہوئے جوانوں کے لشکر انھوں نے اپنے حملہ سے
کفر کو بالکل نیست و نابود اور برباد کر دیا۔

پھر آپ نے لشکر پر حملہ کیا اور للکار کر ان کے اندر گھس پڑے اور ابدان اشقیا کو کاٹنا شروع کیا اور طولاً عرضاً داہنے بائیں قتل کرنا شروع کیا (اور اس کثرت سے قتل کیئے) کہ اشقیا گھوڑوں کی ٹاپوں سے کچلنے لگے اور ان کا خون نہروں کی طرح زور شور سے بہنے لگا پھر (اتنے میں) دن ڈوبنے لگا) آپ خیمہ میں واپس تشریف لائے اور آپ کے زخموں سے خون جاری تھا اور لشکر والوں نے اپنے مقتولین کا شمار کیا تو ایک ہزار پانچ سو چالیس نکلے (یہ دیکھ کر لشکر والوں کے دلوں پر رعب بیٹھ گیا اور بدحواس ہو گئے اتنے میں رات ہو گئی) امام علیہ السلام نے شدت عطش میں وہ شب بسر کی (راوی کا بیان ہے کہ) جب صبح ہوئی تو آپ نے پھر ایک حملہ لشکر پر کیا اور گھاٹ پر پہونچ کر پانی میں داخل ہو گئے جب گھوڑے نے ٹھنڈک محسوس کی تو پانی پینا چاہا امام نے فرمایا میموں (امام کے گھوڑے کا نام ہی) تو بھی پیاسا ہے اور حسین بھی بخدا (مجھے تیری وفا داری پر یقین ہے کہ ہرگز پانی نہ پئے گا) جب تک میں سیراب نہ ہوگا جب گھوڑے نے کلام امام سنا تو پانی پینے کا ارادہ چھوڑ دیا پھر حسین پشت اسپ سے اتر پڑے اتنے میں حصین بن نمیر نے ایک تیر مارا جو آپ کی ران مبارک میں لگا آپ نے اس کو کھینچ کر اپنے ہاتھ میں خون کو لے لیا اور فرمایا یا رب الیک المشتکی ممن اسال فوادی و منعونی شرب الماو انا و من صحی (اے پالنے والے میں اپنے خون بہانے والوں اور مجھے اور میرے ساتھیوں کو پانی سے روکنے والوں کی تجھسے شکایت کرتا ہوں) پھر آپنے ایک چلو بھر کر پینے کا ارادہ کیا (یہ دیکھ کر) عمر ابن سعد نے پکار کر کہا اے لشکر والو بیعت یزید کی قسم اگر حسین سیراب ہوئے تو تم سب کو فنا کر دیں گے، اتنے میں خولی بن یزید اصبحی نے آواز دی اے حسین تمھارے خیمے جل رہے ہیں اور تم زندہ ہو (یہ سن کر) امام نے پانی ہاتھ سے پھینک دیا اور گھوڑے پر سوار ہو کر جانب خیمہ واپس ہوئے پہنچکر خیمہ کو صحیح سالم پایا امام سمجھے کہ یہ بھی ایک مکاری تھی (امام کو آتے دیکھ کر) جناب ام کلثوم نے (خیال کی بنا پر) فرمایا بیٹی سکینہ ارے پانی ہمارے لیئے آگیا ہے (یہ سنکر) سب باہر نکل آئیں (مگر پانی کی بجائے مظلوم حسین کو زخموں کے خون میں رنگین پایا سب ڈھاڑیں مار مار کر رونے لگیں آپ نے سب کو تلقین صبر فرمائی پھر آپ طلب آب میں واپس ہوئے مگر پانی تک نہ پہونچ سکے اور لشکر والوں پر شیرانہ حملہ کیا سب بہادر کھڑے ہو گئے اور بچ بچ کر تیروں سے چھیدنا شروع کیا اور امام نہایت سرعت سے حملہ کر رہے تھے اور اشقیا کو بھگا رہے تھے اور آپ کا ضعف اور بڑھ رہا تھا یہاں تک کہ ایک ہزار چھ سو جوانوں کو قتل کیا اور اس کے ساتھ ساتھ ایک گھونٹ پانی کی بھی تدبیر فرماتے تھے۔ قوت آپ کی ساقط ہو چکی تھی ہونٹ اور زبان مارے پیاس کے خشک ہو چکی تھی اور لشکر والوں کی طرف سے بکثرت زخم لگ چکے تھے اور تیر اس طرح زرہ میں پیوست تھے جس طرح ساہی کی جلد میں کانٹے ہوتے ہیں پس پھر آپ ذرا سیدھے ہوئے تاکہ آرام کر لیں کہ ناگاہ ایک تیر سہ شعبہ آپ کے قلب مبارک پر آکر لگا آپ نے بسم اللہ الرحمن الرحیم

سے ہم پہلے اس امر کی طرف ناظرین کو متوجہ کر چکے ہیں کہ یہ جیسا نور العین کی تحقیق ہے ورنہ اور کسی معتبر کتاب میں ہماری نظر سے یہ قصہ ہرگز نہیں گزرا ۱۲ (مترجم)

وباللہ وعلی ملۃ رسول اللہ کہکر اس تیر کو کھینچکر نکالا تو تیر خون
میں تر بتر تھا آپ کو سخت غصہ آیا اور مارے غصہ کے آپ کی
یہ حالت ہوگئی جو شخص بنی کندہ میں سے حضرت کے پاس
(بارادہ قتل) آتا تھا رعب و جلال امام سے فوراً واپس ہوجاتا
تھا اور آپ کا معاملہ حیات بہت نازک ہوچکا تھا جب ضعف
بہت طاری ہوگیا اور ہمت کم ہوگئی اس وقت مالک بن
بشیر نامی ایک مرد کندی حضرت کے پاس آیا اور سر پر ایسی
تلوار ماری کہ خون سے بھر گئی یہ دیکھ کر تمام لشکر والے چاروں
طرف سے دوڑ پڑے اور صالح بن وہب مزنی نے ایک نیزہ
کوکھ پر مارا جس کی وجہ سے آپ داہنی نخار (سرین) کے بل
زمین پر گر پڑے پھر زرعہ بن شریک نے بائیں کندھے پر
آر ماری اور پچھاڑ کر تلوار کا دوسرا حملہ کندھے پر کیا اور امام
کو ملعون نے منہ کے بل گرا دیا پھر سنان بن انس نخعی نے
ترقوہ (ہنسلی) میں نیزہ مارا اور پھر دوسرا نیزہ سینہ میں
مارا اور پھر بیٹھ کر ایک تیر مظلوم کے گلے میں لگایا پھر اس کو
کھینچ لیا اور مظلوم کا خون سب نے اپنے ہاتھوں میں
لیا اور مظلوم کے سر اور ریش مبارک کو خون سے رنگ دیا
اور امام یہ فرماتے تھے کہ میں اسی طرح اپنے خون میں رنگین
اور مغصوب الحق اپنے خدا سے ملاقات کروں گا عمر سعد نے
ایک شخص کو حکم دیا کہ تو اپنے گھوڑے سے اتر اور حسین کو ذبح
کردے پس ابن زمانہ صبحی جلدی سے اترا تاکہ سر مظلوم کو
جدا کرے (مگر حضرت کو دیکھ کر) کانپ گیا اور واپس لوٹ گیا
پھر سنان بن انس نخعی اتر کر آپ کے پاس آیا ریش مبارک
کو پکڑ کر حلق پر تلوار چلانے لگا اور یہ بھی کہتا جاتا تھا کہ میں ضرور
تمہارا سر کے رہوں گا اگرچہ میں خوب جانتا ہوں کہ تم
فرزند بنت رسول اللہ ہو حضرت نے اپنی دونوں آنکھیں
کھول دیں (سنان ملعون تاب نہ لاسکا اور ڈر کر بھاگا) اتنے
میں شمر ملعون آیا بولا کیوں حسین کو قتل کیوں نہیں کرتے اس نے
جواب دیا کہ حسین نے میرے سامنے اپنی دونوں آنکھیں کھولیں
تو مجھے ان کے باپ کی شجاعت یاد آگئی جس کی وجہ سے میں
ڈر گیا شمر ملعون نے کہا تجھے خدا سمجھے لا تلوار مجھے دے بخدا مجھ سے
زیادہ قتل حسین کا کوئی حقدار نہیں پھر اپنے گھوڑے سے اتر کر
حسینؑ کے پاس آیا اور سینہ پر سوار ہوکر تلوار کھینچی اور گلے پر رکھکر
ذبح کا ارادہ کیا کہ حسینؑ نے اپنی آنکھیں کھول دیں اور فرمایا
تو کون ہے؟ خدا کی قسم تو نے بہت بڑے جرم کا ارتکاب
کیا ہے تجھے خدا اور رسول سے کچھ شرم نہیں آتی اس ملعون نے
جواب دیا کہ میں شمر بن ذی الجوشن ہوں۔ فرمایا تجھے خدا لعنت
کرے کیا تو مجھے پہچانتا نہیں اس شقی نے جواب دیا (ہاں
پہچانتا ہوں) تو حسین بن علی بن ابی طالب ہے۔ فرمایا
اے شقی جب تو یہ سب کچھ جانتا ہے تو پھر مجھے قتل کیوں کرتا
ہے شقی نے جواب دیا یزید سے جائزہ لینے کی غرض سے
قتل کرتا ہوں۔ فرمایا تجھے خدا لعنت کرے۔ تیرے نزدیک
میرے جد بزرگوار کی شفاعت یا یزید کا جائزہ زیادہ
پسندیدہ ہے اس ملعون نے جواب دیا کہ (ہاں) جائزہ
یزید کا ایک دانگ[1] تم سے اور تمہارے باپ سے میرے
نزدیک بہتر ہے۔ فرمایا اچھا اگر میرا قتل ہونا ضروری اور
یقینی ہے تو مجھے ایک گھونٹ پانی پلادے اس ملعون نے
جواب دیا کہ یہ ہرگز نہیں ہوسکتا کہ تم پانی چکھ سکو بلکہ
پانی کے عوض تم کو انتہائی تکلیف کے ساتھ شربت موت

[1] دانگ پونے چار رتی کا ہوتا ہے (مترجم)

گھونٹ گھونٹ کر پینا ہوگا۔ امام نے فرمایا خدا تجھ پر لعنت کرے تو نے جو ڈھاٹا باندھ رکھا ہے ذرا اس کو کھول چنانچہ اس شقی نے کھولا تو وہ شقی مبروص کانا اور داغدار تھا کتے کے ایسی تھوتھنی اور سور کے بال تھے فرمایا اللہ اکبر میرے جد بزرگوار نے سچ فرمایا تھا اس شقی نے پوچھا آپ کے جد نے کیا فرمایا تھا فرمایا کہ انھوں نے مجھ سے فرمایا کہ تجھے وہ شخص قتل کرے گا جس میں کتے اور سور کے اوصاف ہونگے اس شقی نے جواب دیا اے حسین تو مجھے کتے اور سور سے تشبیہ دیتا ہے میں تجھے ضرور قتل کرونگا اور مجھے اس کا بھی خوب علم ہے کہ بروز قیامت ہر مسلمان کے لیئے شفاعت کی گنجایش ہے مگر میرے لیئے کوئی گنجایش اور امید نہیں پھر اس شقی نے چند بار گلے پر تلوار چلائی مگر کوئی اثر نہ ہوا اور کوئی رگ نہ کٹی تب آپ نے فرمایا خدا کی قسم جس جگہ سے تسبیح خدا کی آواز آتی ہو وہ کبھی نہیں کٹے گی پھر اس شقی نے حضرت کو اوندھے منہ زمین پر ڈالا اور سر قلم کرنے لگا اور یہ کہتا تھا ؎

اقتلک الیوم ونفسی تعلما
علما یقینا ما بہ توھما
ان اباک خیر من تکلما
وھو صھر النبی المکرما
اقتلک الیوم وسوف اندما
وسوف اصلی اخرًا جھنما

ترجمہ :- میں آج تجھے قتل کر رہا ہوں اور میرا نفس خوب جانتا ہے اور اس کو کوئی شک وشبہ نہیں کہ تمھارا باپ رسول اللہ کا داماد اور تمام بولنے والوں (انسانوں) میں بہترین شخص تھا اور میں آج تجھے قتل کر رہا ہوں (مگر کل مجھے نادم ہونا پڑے گا اور پھر عنقریب میں آتش جہنم میں جلونگا۔

پھر اس شقی نے سر مبارک کو جدا کر کے ایک نیزہ پر بلند کیا اور خولی بن یزید اصبحی کے سپرد کر دیا اور لشکر یزید نے تین بار باواز بلند تکبیر کہی اس وقت زمین میں زلزلہ آیا مشرق مغرب تاریک ہوگئے لوگوں پر بجلیاں گرنے لگیں اور ایک منادی نے آسمان سے ندا دی ؎

قد قتل الامام ابن الامام[۱] ابو الائمۃ وله من العمر ثمانیة وخمسون سنة

بروز دوشنبہ[۲] ۱۰ محرم کو یہ واقعہ جانکاہ واقع ہوا جب تاریکی دور ہوئی تمام اسباب کو باہم اس طرح تقسیم کیا کہ آنحضرت کا عمامہ عمر بن یزید چادر یزید بن سہل انگوٹھی و زرہ سنان بن انس نخعی۔ جوتا اور کپڑے محمد بن اشعث کندی تلوار مالک بن بشیر۔ پائجامہ یحیی بن کعب لے گیا۔

راوی کہتا ہے کہ اس وقت ایک تاریک و سیاہ رنگ کا غبار ہر جانب بلند ہوا اسی کے ساتھ سرخ آندھی بھی آئی تھی سب لوگوں نے سمجھا کہ بس اب عذاب نازل ہوا۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ اس وقت ملائکہ با نالہ وفغاں درگاہ خداوندی میں عرض کرنے

---

[۱] امام بن امام اور اماموں کا باپ قتل ہوگیا جس کی ۵۸ سال کی عمر تھی۔ مترجم

[۲] صاحب نور العین کی یہ تحقیق ہے ورنہ دیگر کتب سے جمعہ کا دن ثابت ہوتا ہے۔

اڑنا لینے والے حسین کے ساتھ یہ سلوک ہو رہا ہے حالانکہ وہ تیرے محبوب نبی کی پیاری بیٹی کا فرزند ہے خداوند عالم نے ارشاد فرمایا اے ملائکہ میں اس خون ناحق کا ضرور ان اشقیا سے بدلہ لوں گا۔

ہلال بن نافع سے مروی ہے کہ میں عمر بن سعد سے باتیں کر رہا تھا کہ ناگاہ ایک آواز آئی اے امیر خوش ہو جا حسین قتل ہو گئے اور خدا کی قسم حسین کے ایسا خون میں غلطاں ہونے والا میں نے کسی مقتول کو نہیں دیکھا مگر ان تمام باتوں کے باوجود حسین کے نور و جلال حسن و جمال رعب و کمال کی اس کے قتل کے متعلق کوئی غور و فکر نہ کر سکا پھر میں نے تیر تلوار اور نیزوں کے زخموں کو شمار کیا تو ایک سو بیس[۱] زخم تھے۔

راوی کہتا ہے پھر حسین کا گھوڑا مردوں پر قدم رکھتا ہوا میدان میں یکے بعد دیگرے مردوں سے گزرتا ہوا لاش سید الشہدا پر جا کر ٹھہر گیا دیکھا کہ جسد مبارک بے سر ہے چاروں طرف گھومنے لگا اور پھر اپنی پیشانی کو خون مظلوم میں رنگین کیا جب عمر بن سعد نے دیکھا تو بولا اے لشکر والو تم کو خدا سمجھے اس کو پکڑ کر میرے پاس لے آؤ چنانچہ لوگ دوڑے اس کے پیچھے ہو لیئے اور یہ گھوڑا جناب رسالتمآب کے گھوڑوں میں سے تھا اور صحیح ترین قول یہ ہے کہ اس کا نام میموں تھا جب میموں نے اپنی گرفتاری کا احساس کیا تو اپنے آپ کو بچانے کے لیئے منہ سے کاٹنے اور سموں سے مارنے لگا یہاں تک کہ اس نے ۴۶ سوار اور ۷ گھوڑے مار ڈالے تب عمر بن سعد بولا ارے کمبختو اس کو چھوڑ دو تاکہ میں دیکھوں کہ یہ کرتا کیا ہے سب لوگ دور ہٹ گئے جب میموں نے دیکھا کہ سب لوگ ہٹ گئے ہیں اور ان لوگوں سے بے خطر ہو گیا تب پھر جسد مبارک کی طرف لوٹ آیا اور اپنا چہرہ ملنے لگا اور آنکھوں سے بوسہ دینے لگا اور صیحہ کرنے لگا (اور اتنا چیخا کہ) تمام صحرا گونج اٹھا پھر اس نے خیام پاک کا قصد کیا جب مخدرات نے گھوڑے کی آواز سنی جناب زینب اپنی بھتیجی سکینہ کے پاس پہونچیں اور فرمایا بیٹی (دیکھو شاید) پانی آیا ہے ذرا چلو اور پانی پی لو چنانچہ جناب سکینہ نکلیں دیکھا کہ زین خالی ہے اور گھوڑے کو ہنہناتا خبر مرگ سناتا پایا (دیکھ کر) چیخ ماری وا قتیلاہ وا غربتاہ وا حسیناہ ہذا حسین بین العدا مسلوب العمامۃ والردا جسم حسین زمین پر ہے۔ سر ان کا قلم ہو چکا ہے اور آج اس کے عیال و اطفال دشمنوں میں گھر جائینگے ہائے آتش مصیبت و بلا ہائے عالم غربت جس کے مداوا کی امید نہیں ہائے زخم فراق جس کا کوئی علاج نہیں میموں کی طرف ملتفت ہوئیں دیکھا کہ وہ رو رہا ہے اور چیخ رہا ہے اس وقت جناب سکینہ نے یہ اشعار پڑھے ؎

(۱) اے میموں تجھ پروائی ہو تو جلدی واپس آ اور فرزند رسول مقبول ہادی بلند پایہ کی حالت سے مطلع کر۔

(۲) اور ہم کو یہ بتا کہ تو نے فرزند رسول کو کہاں چھوڑا ہے جو بڑی بڑی مصیبتوں کا برداشت کرنے والا تھا۔

(۳) اے میموں کیا تو بھی حسین سے غدر کرے گا حالانکہ تجھے معلوم ہے کہ (حسین کے علاوہ) کوئی ایسا نہیں جو ہما!

---

[۱] صاحب نور العین کے نزدیک یہ تعداد ہے ورنہ دیگر مقاتل و کتب تواریخ سے پتہ چلتا ہے کہ ایک ہزار نو سو اکاون زخم تھے ۱۲ (مترجم)

کفیل ہو اور اس بارگراں کو اٹھائے

(۴) اے میموں کیا تو حسین کو ضایع کرکے ہمارے خیموں میں ہنہناتا اور چیختا چلاتا آیا ہے؟

(۵) اے میموں کیا تو نے حسین کو کاسہ موت پلا دیا ہے اور وہ اپنے خونخوار دشمنوں میں گھر گئے ہیں۔

(۶) اے میموں تو آنحضرت کے سامنے قربان نہ ہوگیا (ضرور تو فدا ہو جاتا مگر قضا و قدر الٰہی نازل ہوگئی (اور کسی کا بس نہ چلا)

(۷) اے میموں کیا تو نے میرے سردار (کو ہلاک کرکے) دشمنوں کو (مرض عداوت سے) شفا دی اور تو آنجناب کو دشمنوں میں پڑا ہوا چھوڑ آیا ہے (استفہام انکاری ہے یعنی ایسا تو نے ہرگز نہیں کیا بلکہ مقدر ہی ایسا تھا)

(۸) اے میموں تو جلد واپس ہوا اور زیادہ ہماری باتوں میں طول نہ دے شاید تو ہماری محبت کی امید و آرزو نہیں رکھتا۔

(۹) بھیا علی اکبر تمہارے بعد میں یتیم ہوئی اور کبھی معزز تھی مگر تمہارے بعد انتہائی ذلیل ہوگی۔

(۱۰) بھیا تمہارے بعد اب ہمارا کون ہے جو ہماری طرف سے مدافعت کرے اور گروہ اشقیا سے حملہ کرکے بچائے

(۱۱) اے بھیا اب تمہارے بعد کس کو میں اپنا حامی و مددگار سمجھوں اور آج کے روز نے تو میرے قصد و ارادہ اور خیالات کو بالکل شکستہ اور بیکار بنا دیا ہے

سکینہ کے بال کھلے ہوئے تھے پھر سب مخدرات عصمت باہر نکل آئیں اور نالہ و فریاد گریہ و بکا کرنے لگیں (فاطمہ بنت الحسین گریہ فرماتی تھیں اور کہتی تھیں واابتاہ واعزیاہ واضیعتاہ بعدک یا اباعبداللہ اور پھر یہ اشعار پڑھے

(۱) مات الفخار و مات الجود والکرم
واغبرت الارض والآفاق والحرم

شہادت حسین سے فخر و جود و کرم کو موت آگئی اور اس غم والم میں زمین و آسمان اور بیت اللہ و حرم کعبہ سب غبار آلود ہیں۔

(۲) واغلق اللہ ابواب السماء فلا
ترقی لنا دعوۃ تجلی بھا النقم

خداوند عالم نے آسمان کے دروازے بالکل بند کر دیئے ہیں کہ ہماری کوئی دعا آسمان پر نہیں پہونچتی کہ جس سے ہماری مصیبتیں رفع ہو جائیں

(۳) غاب الحسین فوا اسفی لغیبتہ
وصار علینا بعدہ الظلم

حسین ہماری نظروں سے غائب ہوگئے ہیں (اور ہائے غیبت حسین کا بڑا صدمہ اور افسوس ہے) اور حسین کے بعد تو اب ہمارے اوپر تاریکیوں کی گھٹائیں چھائی ہوئی ہیں۔

(۴) یا قوم ھل من فدا یا قوم ھل عوض
لتفدیہ واللہ ھذی الناس والامم

اور خدا کی قسم ان لوگوں اور امت والوں کے پاس کوئی ایسی چیز نہیں جس سے قتل حسین کا فدیہ یا عوض کر سکیں۔

(راوی کہتا ہے) عبداللہ بن قیس کہتا ہے کہ میں نے گھوڑے کو دیکھا کہ وہ حرم محترم سے لوٹ کر قوم اشقیا پر

حملہ آور ہوا تا اینکہ جسد مبارک امام مظلوم پر پہونچا اور (کلمات) رخصت ادا کر کے اپنی پیشانی کو پائے مبارک پر ملنے اور ہنہنانے لگا پھر فرات کا قصد کر کے اس میں گھس پڑا پھر بعد میں اس کی کوئی خبر معلوم نہ ہوئی اور یہ بیان کیا جاتا ہے کہ امام آخرالزماں حضرت محمد مہدی سلام اللہ علیہ کے ساتھ نکلے گا اور وہی جناب اس پر سوار ہونگے پھر جب میموں کا معاملہ ختم ہوگیا تو عمر بن سعد نے حکم دیا کہ اس معرکے کے مقتولین شمار کیئے جائیں (چنانچہ شمار کیئے گئے تو) سوار و پیادہ جملہ مقتولین کی بیس ہزار تک نوبت پہونچی پھر جب اسکی اس کو اطلاع دی گئی (تو غیظ و غضب میں آکر کہنے لگا کہ) حرم حسین تمہارے قریب ہیں سب لوٹ لو چنانچہ بدبخت فوجی سب گھس پڑے اور مخدرات عصمت و اطفال حسین کے لباس وغیرہ لوٹنے لگے (جب سامان لوٹ چکے تو) خیام حسین کو تلواروں سے کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا (یہ دیکھ کر) جناب ام کلثوم باہر نکلیں اور فرمایا اے ابن سعد ہمارے تمہارے درمیان (بروز قیامت) خداوند عالم فیصلہ کرے گا اور ہمارے جد بزرگوار کی شفاعت سے تجھے محروم رکھے گا اور ان کے مقبوضہ حوض (کوثر) سے تجھے سیراب نہ کرے گا اور تجھ کو ہی سزا دی جائے گی، جیسا کہ تونے اولاد رسول کے قتل و غارت کا حکم دیا ہے اور تونے ان کی عورتوں بچوں پر ذرہ برابر رحم نہ کیا اور مطلق ان پر دل نہ دکھایا (سب کچھ معظمہ نے فرمایا) مگر اس نے کوئی توجہ نہ کی جناب زینب سلام اللہ علیہا خواہر امام حسین علیہ السلام فرماتی ہیں کہ ہم سب (بعد شہادت) خیموں میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ناگہاں یکایک تمام فوجی مرد خیموں میں گھس آئے ان میں سے ایک کرنجی آنکھوں والا شخص (بھی) تھا ہمارے خیمہ میں جو کچھ مال اسباب تھا اس کو لوٹنے کے بعد علی صغیر فرزند امام حسین

(جناب سید سجاد امام زین العابدین) کی طرف متوجہ ہوا کہ وہ بیماری کی وجہ سے ایک کھال کے ٹکڑے پر پڑے ہوئے تھے چنانچہ اس ملعون نے زور سے اس کو کھینچ کر سید سجاد کو (منہ کے بل) گرا دیا اور پھر میرے سر سے میری چادر چھینی اور میرے گوشوارے کی طرف دیکھ کر اس کے چھیننے میں الجھ پڑا چنانچہ اس ملعون نے گوشوارہ کو کھینچا اور میرا کان گھسیٹ کر اس کو اُتار لیا اور خون بہہ بہہ کر میرے کپڑوں پر آرہا تھا اور وہ (خبیث) اس کے ساتھ ساتھ روتا بھی جاتا تھا پھر اس نے فاطمہ صغریٰ کے پاؤں کی خلخال کو دیکھا اور اس کو چھیننے لگا چنانچہ دونوں خلخال کو اس نے توڑ کر پاؤں سے نکال لیا (فاطمہ صغریٰ تاب نہ لا کر) کہنے لگیں (کیوں اے شخص) تو ہم کو لوٹتا بھی ہے اور روتا بھی جاتا ہے وہ کہنے لگا اے اہل بیت رسالت میں روتا (تو) ہوں تمھاری مصیبت پر (اور لوٹتا اس لیئے ہوں کہ اگر میں نہ لونگا تو کوئی دوسرا لے جائے گا) جناب زینب فرماتی ہیں کہ کانوں کی تکلیف اور شدت گریہ و بکا کی وجہ سے مجھے گریہ گلوگیر ہو گیا فاطمہ صغریٰ نے فرمایا (اے شقی) خدا تیرے ہاتھ پاؤں قطع کرے اور آخرت سے پہلے دنیا ہی میں تجھ کو آتش جہنم کا مزا چکھائے (راوی کہتا ہے) کہ تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا مختار بن عبید اللہ ثقفی خون حسین کا بدلہ لینے کے لیئے نکلا چنانچہ یہ ملعون بھی اس کے ہاتھ لگا اور اس خبیث کا نام خولی بن یزید اصبحی تھا مختار نے اس سے پوچھا کیوں خولی تونے بعد شہادت امام کیا کیا تھا اس نے جواب دیا کہ میں نے ایک مریض لڑکے کے نیچے سے کھال کا ٹکڑا گھسیٹا تھا اور ایک معظمہ کے سر کی اوڑھنی اور کانوں کے گوشوارے اور (دوسری معظمہ) کی خلخال جو ایک چھوٹی سی

بچی کے پیروں میں بھی سب کو چھین لیا تھا مختار نے جواب دیا کہ اس سے اور کیا بڑا گناہ ہوگا جو کچھ اس معظمہ نے تیرے بارے میں فرمایا وہ بھی سُنا؟ وہ شقی کہنے لگا ہاں سنا تھا وہ کہتی تھیں قَطَعَ اللّٰہُ یَدَیْكَ وَرِجْلَیْكَ واذاقك النار فی الدنیا قبل الآخرۃ۔ مختار نے کہا بخدا میں معظمہ کی دعا کو رائگاں نہ جانے دوں گا پھر اس نے اس کے ہاتھ پاؤں کاٹ کر اس کو آگ میں جلوا دیا اور روانہ ہوگیا (راوی کہتا ہے) کہ پھر یہ اشقیا علی بن الحسین (سید سجاد) کی طرف بڑھے اور چاہا کہ ان کو (بھی) قتل کردیں جناب ام کلثوم نے جو دیکھا تو بے مقنعہ و چادر تڑھیں اور اپنے تئیں سید سجاد پر گرا دیا اور واغیلتاہ واقلت ناصراہ کی آواز بلند کرنے لگیں اور فرمایا اے قوم (جفاکار) اگر اس لڑکے کا قتل کرنا ہی ضروری ہے تو اس سے پہلے مجھ کو قتل کردو اشقیا ایک دوسرے سے کہنے لگے یہ لڑکا ہے (دوسرے بیمار) اس کا قتل کرنا جائز نہیں۔ پھر جناب زینب نے فرمایا کیوں عمر سعد ہم کو کیوں بلاتا ہے اس نے جواب دیا کہ میں تم لوگوں کو عبید اللہ بن زیاد کے پاس لے جانا چاہتا ہوں معظمہ نے فرمایا کہ اچھا ہم کو ہمارے ماں جائے حسین کی لاش پر لے چل تاکہ ہم جدا ہونے سے قبل ان کو رخصت کرلیں چنانچہ اس نے بخوشی اس کو منظور کیا اور سب مخدرات کو لے کر نعش حسین کی طرف لایا جب مخدرات عصمت نے جسد مبارک بے سر دیکھا رونے اور چلانے لگیں اور جناب زینب روتی جاتی تھیں اور یہ فرماتی تھیں ؎

(۱) مصائب زمانہ ہم پر ٹوٹ پڑے اور زمانہ نے تند و تیز دانتوں اور پنجوں سے ہم کو پھاڑ ڈالا ہے

(۲) زمانہ نے عالم مسافرت میں ہم پر یہ ظلم ڈھایا ہے اور (اس کے ظلم و ستم کے) بچھو ہم پر مصائب و تکالیف لے کر چل نکلے

(۳) ان اشقیا نے میرے بھائی کو جان پہچان کر انتہائی تکلیف کے ساتھ اُن کے قتل کا ارادہ کیا (اور قتل کردیا)

(۴) بلائے فراق نے بہت بری طرح ہم پر ظلم کیا فراق کے دریا ہم پر اُمنڈ آئے مصائب کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔

(۵) حسین قتل کر ڈالے گئے اور دین خدا کی راہیں تاریک ہوگئیں

(۶) میرے لیے کوئی جائے پناہ نہیں کہ جہاں میں پناہ لوں اور میری خاطر سے کون زمانہ کا مقابلہ کرے اور اس کے مقابلہ میں میری اعانت کرے۔

(۷) اس ناہنجار زمانہ نے ہمارے اندر بُری طرح تفرقہ ڈالا ہے اور آلام زمانہ نے اپنی پوری چادر کے پردے (ہم پر) ڈال دیے ہیں۔

جناب زینب کے بعد جناب سکینہ چیخ پڑیں اور فرمانے لگیں ؎

(۱) (اے میرے بابا) حسین ان دشمنوں نے ہم کو اسی طرح مقید کیا ہے جس طرح غلاموں کو قید کرتے ہیں

(۲) میری روح کو قتل حسین سے قید کر لیا ہے اور وہ حسین تو میری مراد و غایت ہے۔

(۳) اے میری آنکھوں کی ٹھنڈک یکتائے زمانہ حسین ان اشقیا نے تجھے قتل کرکے اپنی دلی مراد حاصل کی ہے۔

(۴) اے علی و فاطمہ کے لاڈلے فرزند زمانہ بھر کے لیے راہ ہدایت

؎ خدا تیرے ہاتھ پاؤں قطع کرے اور آخرت سے پہلے دنیا میں ہی تجھ کو آتش جہنم کا مزا چکھائے۔

کا ہادی تو ہے۔

(۵) ان اشقیا نے حسین کا سر نوک نیزہ پر بلند کیا ہے اور سر اقدس چودھویں کے چاند کی طرح ضیا پاش تھا۔

(۶) اولاد احمد مجتبیٰ کو کھلے خزانے (مقید کرکے) رسن بستہ لیے جا رہے ہیں اور اپنے گھوڑوں پر دشمن بیٹھے ہوئے نیزوں سے تکلیف پہونچاتے ہیں۔

(۷) اسی طرح تمہارے بعد ہماری بھی انتہائی توہین کی اور اپنی عداوت اور دشمنی سے ہم کو تیروں اور برچھیوں سے مارتے اور تکلیف پہونچاتے ہیں۔

(۸) ان اشقیا نے اس رسول عربی کی حرمت کا بھی پاس و لحاظ نہ کیا جو ہدایت کرنے میں سب پر فوقیت لے گئے اور سب کے سردار و آقا ہیں۔

(۹) اس رسول کی اکلوتی بیٹی بتول عذرا پر ظلم کیا اور اپنی تمام عداوتوں کا بدلہ فتنہ و فساد کی صورت سے نکالا۔

(۱۰) اور علی مرتضیٰ کو بھی ستایا اور پھر حسین اور حسین کے پورے قافلے کو بری طرح ستایا۔

اس کے بعد عمر بن سعد سے مخاطب ہو کر فرمایا)

(۱) یا ابن سعد قد ارتکبت عظیماً
سوف تصلی السعیر یوم المعاد

(۲) یحکم اللہ بیننا و علیکم
ذلک الحشر بابن کل العباد

یعنی اے ابن سعد تو نے بہت بڑے جرم کا ارتکاب کیا اور تو عنقریب بروز قیامت آتش جہنم میں جلے گا اور ہمارے تمہارے درمیان اس روز خداوند عالم تمہارے خلاف فیصلہ کرے گا اور یہ حشر کا دن تو سب لوگوں کیلئے ہی ہوگا۔

(راوی کہتا ہے کہ میں اس منظر کو کبھی نہیں بھول سکتا جبکہ جناب زینب اپنا ہاتھ سر پر رکھے ہوئے یہ فرما رہی تھیں وا محمداہ[ف] ھذا الحسین مرمل بالدماء صریع بکربلا مقطع الاعضاء وبناتک سبایا والی اللہ المشتکی والی محمد المصطفی والی علی المرتضی والی حمزۃ سید الشھداء

راوی کہتا ہے کہ پھر جناب زینب نے گریہ کیا اور فرمایا واللہ علی کل شئی شھید وحفیظ (اللہ ہر چیز کا دیکھنے والا اور اس کو محفوظ اور یاد رکھنے والا ہے)

(باقی آئندہ)

[ف] وامحمداہ یہ آپ کا حسین خاک و خون میں غلطاں ہو زمین کربلا میں پڑا ہو جس کے اعضا تک الگ الگ ہوگئے ہیں آپ کی لڑکیاں اسیر بنا لی گئی ہیں اللہ اور اس کے رسول محمد مصطفیٰ اور ان کے ولی علی مرتضیٰ اور سید الشہدا جناب حمزہ سے میں شکایت کرتی ہوں۔

نوٹ: ہم نے وعدہ کیا تھا کہ آئندہ ہر پرچہ وقت پر نکلے گا اور ہمارے رسالہ کا "حسین نمبر" ماہ اپریل میں ضرور شایع ہو جائے گا لیکن سوء اتفاق سے مشین ۱۵ اپریل سے ٹوٹ گئی ہے اور ہمیں اندیشہ ہے کہ ہمارے قارئین کرام کو پھر تھوڑا سا انتظار کرنا پڑے گا۔ "نائب مدیر"

فدیۂ ذبح

وفدینٰہ بذبحٍ عظیم

اسلام نے قربانی ہر صاحب نصاب پر واجب کی ہے
حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ رسم بہت مرغوب تھی۔
صحابہ کرام نے جب اس کی غایت حضور اقدس سے
دریافت فرمائی تو ارشاد ہوا سُنَّۃُ اَبِی ابراھیم (یہ میرے
باپ ابراہیم کی سنت ہے) اس جواب سے معلوم ہوتا ہے کہ
ملت ابراہیمی میں اس رسم کا درجہ صرف سنت کا تھا جس کو ترقی دیکر
مولائے کائنات نے واجب کے حد تک پہونچا دیا۔

خدائے قدوس اور اُس کے رسول کے احکام ذلیل
اور غیر ضروری نہیں ہوتے وہ کسی انسان پر اوتنا بوجھ جس کو وہ
نہ اُٹھا سکے نہیں ڈالتا لایکلف اللہ نفساً الا وسعھا
اس حکم کے اندر کوئی نہ کوئی کشش کوئی نہ کوئی جاذبیت ایسی ضرور
موجود ہے جس نے اس کو وجوب کا درجہ دیا اور جس کو سمجھنا ان لوگوں
کا جو مکلف بنائے گئے فرض ہے۔

اس کے سمجھنے کے لیئے اس رسم کی ابتدا اور انتہا دونوں
پر نظر ڈالنے کی ضرورت ہے۔

اس کی ابتدا حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے ایک تاریخی
واقعہ سے شروع ہوتی ہے جس کو عام طور پر خطیب عید اضحےٰ کے
خطبہ میں بیان کرتا ہے مگر ان خطبات میں اُن حقائق پر کافی
روشنی نہیں ڈالی جاتی جنھوں نے اس مبارک رسم کو وجوب
کے درجہ تک پہونچا دیا ممکن ہے کہ اس بیان سے اِسلامی دُنیا
کے ناظرین کسی خاص نتیجہ پر پہونچیں۔ اور میری یہ خواہش کسی روحانی
لطف کا باعث ہو دنیائے اسلام اور نہ صرف دنیائے اسلام
بلکہ مذہب یہود اور عیسوی سب کے سب اس امر پر متفق ہیں کہ
تمام انبیا و رسل میں ابراہیم جیسا دوسرا عاشق خدائے قدوس کا
نہ تھا جس نے آنکھ کھولتے ہی ماسوا اللہ کی بندگی اور پرستش
کی نفی کے ساتھ ہی اللہ اکبر کا وہ نعرہ توحید بلند کیا جو آج تک
اسلامی دُنیا کا شعار ہے اور جس نے ہمیشہ ہر امتحان میں
اپنے استقلال اور بلند ہمت ارادوں سے باطل اور باطل پرستوں
کو شکست دے کر کفر و شرک کے سر بفلک کشیدہ قلعوں کی بنیادوں کو
کھوکھلا کر دیا۔

اگر ہم اس بلند ہستی کے مقابل کسی کو لاسکتے ہیں اور کوئی ذات
دُنیا میں ایسی پیش کی جاسکتی ہے تو وہ وہی ہوسکتی ہے جس نے حضرت
خلیل کی ڈالی ہوئی بنیادوں کو مکمل کرکے اُن کے مشن کو پورا کیا اور رضائے
الٰہی کے حصول کے لیئے نہ صرف اپنی ذریت کو بلکہ پیش کر دیا حضرت
خلیل کو ہمیشہ اپنے محبوب اور معشوق خدائے قدوس سے ہمکلام ہونے
کا موقع ملتا رہتا تھا اور طرح طرح کی راز و نیاز کی باتیں ہوتی تھیں لیکن
اس عاشق خدا نے بجز تعمیل احکام الٰہی کے کبھی اپنی خواہش کا اظہار
نہ کیا۔

حضرت خلیل باوجود چند مرتبہ اپنا تمام مال و دولت خدائے
قدوس کے راہ میں دے دینے اور لٹا دینے کے نہایت مالدار تھے

کثیر قطعات زمین کے مالک تھے۔ اُن کے کھیتے اور کوٹھے غلے سے
بھرے رہتے تھے۔ اُن کے گلے میں ہزارہا بھیڑ بکری۔ اونٹ شامل
تھے۔ یہ سب چیزیں خدا کی رضا مندی کے لیے یتیموں۔ ناداروں۔
لولوں۔ لنگڑوں۔ بیواؤں اور مسکینوں کے صرف میں آتی تھیں اور
صرف ایک دمشقی غلام الیعزار ان کا مختار تھا کیونکہ ان کے کوئی اولاد
نہ تھی۔

۸۵ برس عمر کے گزر گئے اور بظاہر اولاد کے ہونے کی
عمر بھی ختم ہوگئی کہ ایک شب جبکہ حضوری خاص میں راز و نیاز
کی باتیں ہو رہی تھیں ان کے دل میں خدا کی اس نعمت عظمےٰ
اور موہبت کبریٰ کا خیال آگیا اور اپنے عاشقانہ و مخلصانہ انداز
میں بطور شکوہ کہنے لگے۔ اے خداوندا تو مجھے کیا دے گا دیکھ
میں تو بے اولاد جاتا ہوں اور میرے گھر کا مختار دمشقی الیعزر ہے
پھر ابراہیم نے کہا دیکھ تو نے مجھے فرزند نہ دیا اور دیکھ میرا
خانہ زاد میرا وارث ہوگا۔ توریت کتاب پیدائش باب ۱۵ آیت ۲ و ۳

بارگاہ رب العزت میں صرف مانگنے والی زبان
اُٹھے اور پھیلے ہوئے ہاتھوں اور خلوص و نیاز سے بھرے
ہوئے طلب کرنے والے دل کی ضرورت ہوتی ہے اسباب
و ذرایع اور موانع کا لحاظ نہیں ہوتا صرف ایک لفظ کن سب
کچھ عالم وجود میں لے آتا ہے۔

فوراً ابراہیم کو جواب ملا۔ یہ تیرا وارث نہ ہوگا بلکہ
جو تیرے صلب سے پیدا ہوگا وہ تیرا وارث ہوگا اور وہ اس کو
باہر لے گیا اور کہا کہ آسماں کی طرف دیکھ اور ستاروں کو گن اگر تو گن
سکے اور دیکھ تیری اولاد ایسی ہی ہوگی۔ توریت کتاب پیدائش باب ۱۵
آیت ۴ و ۵۔

اس کے بعد وہ (ابراہیم) ہاجرہ کے پاس گیا اور
وہ حاملہ ہوئی پیدائش باب ۱۶ آیت ۴
اور ہاجرہ ابراہیم کے لیئے بیٹا جنی اور ابراہام نے
اُس کا نام اسمٰعیل رکھا اور جب ابراہیم کے لیئے ہاجرہ سے
اسمٰعیل پیدا ہوا تب ابراہام چھیاسی برس کا تھا پیدائش باب ۱۶
آیت ۱۵ و ۱۶۔

اب ابراہیم کے لیئے ایک نئے امتحان اور آزمایش
کا دروازہ کھل گیا حضرت سارا زوجہ اولیٰ اور حضرت ہاجرہ
والدہ اسمٰعیل میں کچھ کشیدگی پیدا ہوئی اور سارا معصوم بچے اور
اُس کی ماں کے نکال دینے پر تیار ہوگئیں یہ ابراہیم کے لیئے
سخت دشواری اور دقت کا وقت تھا کہ وہ اپنے نور نظر اور
اُس کی ماں کو جدا کریں یا سارا کی نارضامندی برداشت کریں وہ
متامل تھے کہ کیا کریں آخر خدائے قدوس کا حکم پہونچا اور ابراہیم نے
ہاجرہ اور اسمٰعیل کو وادیٔ فاران میں جہاں اب مکہ معظمہ آباد ہے
اور جو اس وقت تک ایک غیر آباد اور بے زرع مقام تھا پہنچایا
اور اپنا یہ دستور مقرر کیا کہ کچھ روز اپنے وطن میں رہتے اور کچھ دن
وادیٔ فاران میں گذارتے۔

ایک رات جبکہ ابراہیم وادی فاران میں تھے انہوں
نے رویا میں دیکھا کہ خدائے قدوس قربانی کا حکم فرماتا ہے یہ
آٹھویں ذی الحجہ کی شب تھی صبح کو اُٹھے اور سو اونٹ قربان کر دیئے
شب کو پھر وہی خواب دیکھا نویں کی صبح کو پھر سو اونٹ اور قربان
کر دیئے پھر شب کو یہی خواب دیکھا تب پوچھا کہ بارالہا میں کیا
قربانی پیش کروں حکم ہوا کہ جو چیز تجھے سب سے زیادہ عزیز ہو
ابراہیم اپنے محبوب اور معشوق کے ادا شناس عاشق تھے سمجھ گئے
کہ یہ اسمٰعیل کی محبت کا امتحان لیا جاتا ہے کیونکہ ماسوا
اللہ میں اُن کو اسمٰعیل سے زیادہ کوئی شئے محبوب نہ تھی۔ ۸۶ برس

کی عمر میں پیدا ہوئے تھے سلسلۂ نسل و اجراء نبوت و رسالت کا ذریعہ تھے اسمٰعیل کے متعلق اُن سے اور ہاجرہ سے وعدے کیئے گئے تھے کہ اس دنیا کے تمام گھرانے برکت پائینگے اور بارہ سردار پیدا ہوں گے اور تمام وادی فاران اور اس کے سامنے کا ملک دریا تک اُن کی ملک ہوگا۔ لیکن کیا یہ امیدیں خدا کے اس جاں باز عاشق کو تعمیل حکم سے روک سکتی تھیں۔ نہیں اور ہرگز نہیں صبح کو اٹھ کر حضرت ہاجرہ کو حکم دیا کہ اسمٰعیل کو نہلا دُھلا کر عمدہ لباس پہنا دو ہم ان کو اپنے دوست کے پاس لے جائینگے۔ حضرت ہاجرہ نے غسل دیا عمدہ کپڑے پہنائے بالوں میں شانہ کیا آنکھوں میں سرمہ لگایا اور باپ کے ہاتھ میں ہاتھ دے دیا۔

ابراہیم سات برس کے معصوم نور نظر کو خوشی خوشی فرمان ایزدی کی تعمیل میں قربانی کے لیئے لیئے جا رہے ہیں۔

انسان کا کھلا ہوا دشمن (ان الشیطان للانسان عدو مبین) شیطان اس کامیابی کے خیال سے دانت پیس رہا ہے اور چاہتا ہے کہ بی بی ہاجرہ کے دل میں خاوند کی طرف سے بدگمانی پیدا کرے مگر دھتکارا جاتا ہے اب اسمٰعیل کو ورغلاتا ہے لیکن کون اسمٰعیل جن کی پیشانی میں فاران سے چمکانے والے آفتاب کا نور دیکھنے والوں کی آنکھوں کو تملا رہا ہے۔ کون اسمٰعیل جس کی نسل سے دُنیا کا وہ سردار پیدا ہونے والا ہے جس سے دنیا کے تمام گھرانے برکت پائینگے (وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین) کون اسمٰعیل جس کی حفاظت اور برکت اور نبوت کا وعدہ ابراہیم اور ہاجرہ سے خود خدائے قدوس نے فرمایا کیا اسمٰعیل پر اس بدبخت کی چرب زبانی یا سحر بیانی اپنا کام کر سکتی ہے نہیں ہرگز نہیں آخر وہاں سے بھی پھٹکارا جاتا ہے اب خود حضرت خلیل کے پاس ایک معمر بزرگ کی شکل میں پہونچکر دھوکہ دینے کی سعی کرتا اور اس مقدس رویا کو اضغاث احلام و وسوسۂ شیطانی بتا کر باز رکھنا چاہتا ہے (ای بسا ابلیس آدم روئے ہست) مگر حضرت خلیل بیک نظر تاڑ لیتے ہیں اور فرماتے ہیں چل دور ہو اے دشمن خدا و انسان اور قربانگاہ منیٰ میں پہونچ جاتے ہیں اور آپ اپنے نور نظر سے فرماتے ہیں یا بُنیَّ اِنّی اریٰ فی المنام انی اذبحک فانظر ماذا تریٰ (اے میرے بیٹے میں نے رویا میں دیکھا ہے کہ میں (بحکم خدا) تجھے ذبح کر رہا ہوں تیری کیا مرضی ہے۔

سعادت مند بیٹا ایک نبی اور رسول کا جگر بند جس کی پیشانی نور نبوت سے جگمگا رہی ہے بالائے سرش زہوشمندی ۔ میتافت ستارہ بلندی)

اپنے نازک ہونٹوں کو حرکت میں لاتا ہے اور خوشی خوشی جواب دیتا ہے یا ابت افعل ما تؤمر ستجدنی انشاء اللہ من الصّٰبرین

اے میرے باپ اب وہ کام کیجیے جس پر آپ کو مامور کیا گیا ہے انشاء اللہ آپ مجھے صابروں میں سے پائینگے۔

بیٹے کا جواب سنکر ابراہیم کا دل باغ باغ ہو جاتا ہے ادائے فرض کے لیئے آستین چڑھاتے ہیں دامن گردانتے جاتے ہیں چھری اور رسی نکال لی جاتی ہے پیارے اسمٰعیل کے ہاتھ پیر باندھ کر زمین پر ڈال دیا جاتا ہے ٹھوڑی پکڑ کر چہرا چھری پھیرنے کے لیے مروڑا جاتا ہے فَلَمَّآ اَسۡلَمَا وَتَلَّهٗ لِلۡجَبِيۡنِ اور بسم اللہ اللہ اکبر اللہ اکبر کہکر معصوم کی گردن پر چھری پھیر دی جاتی ہے۔

زمین کا ذرہ ذرہ ابراہیم کی اس جسارت اور ہمت سے لرز جاتا ہے آسمانوں اور زمینوں کے فرشتوں میں ایک طوفان تلاطم برپا ہو جاتا ہے سب کے سب حیرت سے دیکھتے اور

براہیم کے عشق الٰہی کی داد دے رہے

ادھر ابراہیم دیکھتے ہیں کہ اسمٰعیل کے گلے پر خط بھی نہیں آیا اُٹھتے ہیں اور پتھر پر چھری کو تیز کرکے اسمٰعیل کو ذبح کرنے کی کوشش کرتے ہیں مگر بے سود پھر چھری تیز کرتے ہیں اور معصوم اسمٰعیل پر اپنے سارے جسم اور بازو کا زور صرف کر دیتے ہیں لیکن بیکار آخر غیظ و غضب میں چھری کو زمین پر پھینک دیتے اور تند نگاہوں سے اُس کی طرف دیکھتے ہیں۔

چھری کو قوت گویائی عطا ہوتی ہے اور وہ کہتی ہے اے ابراہیم مجھ پر غصہ کیوں کرتے ہو جس طرح میرا کام کاٹنے کا ہے اُسی طرح آگ کا کام جلانے کا ہے یاد کرو کہ تم جب دہکتی ہوئی آگ کے آسمان تک پہنچنے والے شعلوں کے اندر پھینک دیئے گئے ہو تو آگ نے تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا تھا اور اُس کی طبیعت کیوں بدل گئی تھی۔ اے ابراہیم جس طرح آگ کو یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ کہکر تمہارے لیئے گلزار بنا دیا گیا تھا اسی طرح مجھے بھی گلوئے اسمٰعیل کے کاٹنے سے روک دیا گیا ہے اب تم ہی غور کرو کہ میں کس کا حکم مانوں، تمہارا یا اُس احکم الحاکمین کا جس کے حکم سے تم اسمٰعیل کو ذبح کرنا چاہتے ہو۔

ابھی ابراہیم چھری کی طرف متوجہ ہیں کہ پس پشت سے نعرہ تکبیر اللہ اکبر اللہ اکبر کی آواز بلند ہوتی ہے اسمٰعیل اُسی حالت میں زمین پر پڑے ہوئے پکار اُٹھتے ہیں لا الٰہ الا اللہ خلیل دونوں آوازوں کو سُنتے ہیں اور ایک جوش میں کہتے ہیں واللہ اکبر اللہ اکبر کہ فوراً غیب سے اُس قدوس کی طرف سے جواب دیا جاتا ہے وَلِلّٰهِ الْحَمْد۔

ابراہیم دیکھتے ہیں کہ ناموس اکبر یعنی جبرئیل امین ایک کیف اور سرور کے عالم میں ایک بہشتی دُنبہ لیئے ہوئے چلے آتے ہیں

اور ندائے فرحت افزا حضرت خلیل کے کانوں میں پہنچتی ہے کہ اے خلیل تو نے اپنی رویا کو سچا کر دکھایا ہم نے تیری قربانی قبول کی اور تحقیق کہ یہ تیری آزمایش تھی۔ ہم نے اسمٰعیل کی قربانی کو ایک بڑی قربانی سے بدل دیا اور اس کو آخر والوں پر چھوڑ دیا۔ وَنَادَیْنٰهُ اَنْ یّٰۤاِبْرٰهِیْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْیَا اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِیْنُ ۝ وَفَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ وَتَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ۝

جبرئیل امین دنبہ پیش کرتے ہیں کہ اس کو ذبح کیجئے اور خدائے قدوس اور تمام ملائکہ ارض و سما کی طرف سے سلام پہنچاتے اور پیام الٰہی سناتے ہیں ادھر ابراہیم دنبہ کی قربانی کرتے ہیں اُدھر ناموس اکبر معصوم اسمٰعیل کے ہاتھ پیر کھول کر بدن کی مٹی جھاڑتے اور بالوں کو صاف کرتے ہیں اور منجانب اللہ حضرت ذبیح کو زیور نبوت سے آراستہ فرماتے ہیں۔

ابراہیم فارغ ہو کر دیکھتے ہیں تو اسمٰعیل انوار الٰہی سے مجسمہ نور بنے ہوئے ہیں خدا کی رحمتیں اُن پر نثار ہو رہی ہیں، منیٰ میں نور ہی نور پھیلا ہوا ہے پیارے بیٹے کو گود میں لے لیتے ہیں پیار کرتے ہیں اُس کے خط و خال کو بوسہ دیتے ہیں ادھر جبرئیل امین رخصت ہوتے ہیں اور ادھر ابراہیم خوش خوش اسمٰعیل کو لے کر بی بی ہاجرہ کے پاس پہونچاتے ہیں تمام واقعہ بیان کرکے اسمٰعیل کی نبوت کی خوش خبری دیتے ہیں حضرت ہاجرہ اپنے لڑکے کو گلے لگاتی ہیں اور بارگاہ بے نیاز میں سجدۂ شکر ادا کرتی ہیں

قربانی درحقیقت اپنی خواہشاتِ نفس کی قربانی ہے جس طرح ابراہیم خلیل نے اپنے عزیز سے عزیز بیٹے اسمٰعیل کو قربانی کرنے میں دریغ نہ کیا اور جس طرح حضرت ذبیح نے جان سی عزیز شئے پیش کر دینے میں تامل نہ فرمایا۔

قربانی کا مقصد مسلمانوں کو اس جذبۂ ایثار و قربانی پر تیار کر دینا ہے، جس کا حکم حضرت رب العزت نے وجاھدوا باموالھم و انفسھم فی سبیل اللہ میں فرمایا ہے اور جس پر عمل کر کے حضرت خلیل نے جو اپنے آپ کو پہلا مسلمان (انا اول المسلمین) کہنا فخر سمجھتے تھے اور حضرت ذبیح نے ہمیں بنا دیا اور ہمیں اس عظیم الشان واقعہ سے معلوم ہو گیا کہ جو انسان خدا کے حکم کے مطابق اپنے نفس و اپنے مال کو قربان کرنے کے لیئے تیار ہو جاتا ہے خدا اُس کو کس قدر عزیز رکھتا ہے۔

یہ وجہ ہے کہ حضور نبی اکرم نے اس کو سنت سے اُجب میں منتقل کر دیا تا کہ ہر مسلمان اپنے مال اور اپنے نفس کی قربانی کے لیئے تیار ہو جائے حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل کی قربانی کا واقعہ ختم ہو جاتا ہے اور اب صرف وفدینٰہ بذبح عظیم وترکنا علیہ فی الاخرین کا ایک منظر جو اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز اور عبرت خیز اور دلچسپ ہے دیکھنا باقی رہ جاتا ہے۔

یہودی یا عیسائی مذہب کوئی دوسری خیال مابعد ابراہیم اس قربانی کی پیش نہیں کرتا بہشت کا دُنبہ جو جبرئیل امین نے لاکر پیش کیا فدیۂ عظیم نہیں ٹھیرایا جاسکتا کیونکہ وہ نفس ذبیح کے مقابل نہ کوئی وقعت رکھتا ہے نہ اہمیت علاوہ ازیں وترکنا علیہ فی الاخرین سے صاف صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ محترم اور برگزیدہ ہستی جو حضرت ذبیح کا فدیہ قرار دی گئی انہیں کی نسل آخر اور نوع انسان سے ہو گئی اور اُن خوبیوں کی بلکہ اُن سے زیادہ اور عظیم خوبیوں کی حامل ہو گی جو حضرت ذبیح میں موجود تھیں۔

حضرت اسمٰعیل کے بعد اُن کی نسل میں سلسلہ نبوت و رسالت چلتا رہا یا نہیں اس کا کوئی صریحی ثبوت موجود نہیں ہے لیکن یہ امر مسلم ہے کہ نورِ رسالت جن پیشانیوں میں منتقل ہوتا رہا اپنی تابانی دکھاتا رہا جیسا کہ حضرت عبدالمطلب اور ابرہہ کا واقعہ ہمیں بتاتا ہے۔

حضرت ذبیح کی اولاد میں فاران کی چوٹیوں پر سے چمکنے والے آفتاب ہی کے وہ ذرات تھے جس کی تابانی نے دنیا کے ذرہ ذرہ کو منور کر دیا اور جو دنیا میں وہ آخر ذات ہے جس پہ نبوت اور رسالت کا خاتمہ ہو گیا۔

عبدالمطلب کے پوتے عبداللہ کے نورِ نظر آمنہ کے لاڈلے محمدؐ ہی کی وہ ذات ہے جو ابراہیم اور اسمٰعیل اور یوسف و یعقوب موسیٰ و ہارون یحییٰ اور عیسیٰ آدم اور شیث سب سے افضل سب سے مقدم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین اور وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعالمین کی مصداق ہے اور جس کی نبوت و رسالت کا اقرار ہر نبی و رسول نے خدائے قدوس اور اپنی امت کے سامنے کیا ہے۔

حضرت ذبیح اُن تمام خصوصیات اور تجلیات کا آئینہ تھے جو اُن کے باپ ابراہیم میں موجود تھیں حضرت ابراہیم کو ہجرت کا حکم ملا اور انھوں نے ہجرت کی مگر زمانہ شعور میں۔ حضرت ابراہیم کی آزمایش خود اُن کی جان کی قربانی سے آگ میں ڈال کر کی گئی مگر وہ بھی جوانی کے زمانہ میں حضرت ذبیح نے ہجرت کی مگر جبکہ وہ بچہ تھے حضرت ذبیح اپنی جان کی قربانی پر آمادہ اور مستعد نظر آئے جبکہ وہ صرف سات برس کے تھے حضرت ابراہیم پر جبرئیل امین نازل ہوئے مگر اُس وقت جبکہ وہ خلعت نبوت سے مخلع کر دیئے گئے تھے لیکن حضرت ذبیح کی تسکین کے لیئے حضرت جبرئیل اُس وقت نازل ہوئے جب کہ وہ وادی فاران میں پانی کے لیئے ایڑیاں رگڑ رہے تھے۔

حضرت ابراہیم سے جو وعدہ خدائے قدوس نے برکت

دینے اور رحمت نازل کرنے کا اُن کے دوسرے بیٹے اسحاق کے لیئے کیا وہی وعدہ اسمٰعیل کے لیئے کیا بلکہ اسمٰعیل کے وعدے میں بقدر زیادہ تھا کہ اُس کی اولاد سے تمام دنیا رحمت اور برکت حاصل کرے گی حضرت اسحٰق کی ماں حضرت سارہ کو جو خوشخبری حضرت اسحاق اور اُن کی اولاد کے متعلق دی گئی وہ براہ راست جبرئیل نے ہاجرہ کو پہونچائی اس لئے اسمٰعیل اور اولاد اسمٰعیل کو تفوق حاصل ہے۔

اب وفدینٰہ بذبح عظیم پر نظر کرتے ہوئے حضرت ذبیح کا وہ فدیہ جو اُن سے عظیم تر ہو سکتا ہے وہ وہی ذات ہو سکتی ہے جس کی نبوت تمام انبیا کی نبوتوں پر اور جس کی رسالت تمام رسولوں کی رسالت پر فوقیت رکھتی ہو یا اُس کی ذات کے مثل ہو۔

وفدینٰہ بذبح عظیم کا منظر آپ کو کربلا کے تپتے ہوئے میدان میں سبط رسول حسین کی قربانی سے جو حضرت ذبیح کی قربانی سے پورے تیس روز بعد دسویں محرم کو ہوئی نظر آگیا۔

کون حسین جس کو رسول نے حسین منی وانا من حسین فرمایا۔ کون حسین جس کو خدا نے ابنا ءنا کے حکم سے ابن ٹھہرایا۔ کون حسین جس کو رسول نے سردار جوانان بہشت قرار دیا۔ کون حسین جس کی محبت میں رسول نے اپنے بیٹوں کو قربان کر دیا۔ کون حسین جس نے اپنے بچپن ہی میں اپنی محضر قربانی پر حضرت ذبیح کی طرح اپنی مہر تصدیق ثبت کر دی کون حسین جو اپنے جد ابراہیم اور اسمٰعیل سے زیادہ آزمائشوں اور امتحانوں میں ثابت قدم رہا۔ کون حسین جس نے ولنبلونکم بشئی من الخوف والجوع ونقص من الاموال والانفس والثمرات کی تفسیر کو اپنے مال اپنی جان اپنے بچوں اپنے عزیزوں اپنے دوستوں کی قربانی سے مکمل کر کے حضرت خلیل اور حضرت ذبیح کی قربانیوں کو درجہ کمال تک پہنچا دیا۔

حسین کی قربانی حضرت ذبیح کی قربانی سے یقیناً عظیم تر ہے اس لیئے کہ نحر ذبیح کے ذبح کرنے والے ہاتھ شمر ذی الجوشن کے ناپاک ہاتھ تھے جس کو رسول نے کتے سے تشبیہ دی ہے۔

حسین کی قربانی حضرت ذبیح کی قربانی سے عظیم تر ہے اس لیئے کہ حسین تین دن کے بھوکے پیاسے تھے اور حضرت ذبیح آسودہ اور سیر حسین کی قربانی حضرت ذبیح کی قربانی سے عظیم تر ہے۔ اس لیے کہ حضرت ذبیح کا دل جوان بیٹے یا معصوم شیر خوار یا برابر کے بھائی یا بھتیجوں اور دوسرے عزیزوں اور دوستوں کی قربانیوں سے زخم خوردہ نہ تھا مگر حسین کا دل شیر خوار اصغر نوجوان قاسم دہ سالہ و نو سالہ عون و محمد قوت بازو عباس کڑیل اور جوان فرزند اکبر حبیب ابن مظاہر اور ایسے ہی دوسرے باوفا دوستوں اور عزیزوں کی شہادت سے پاش پاش تھا۔

حسین کی قربانی حضرت ذبیح کی قربانی سے عظیم تر ہے اس لیئے کہ حضرت ذبیح کے جسم نازک کو قبل قربانی کوئی آزار اور صدمہ نہ پہونچا تھا مگر حسین کے نازک جسم پر بر ولیتے نایداز نوسو اور بروایتے کم از کم تین سو بہتر زخم قبل قربانی موجود تھے۔

حسین کی قربانی حضرت ذبیح کی قربانی سے اس لیئے بھی عظیم تر ہے کہ حضرت ذبیح کو یہ خیال تھا کہ میرے بعد میری ماں ہاجرہ یا میرے بیوی بچوں کے ساتھ برا سلوک کیا جائے گا۔ مگر حسین اپنی قربانی کے وقت جانتے تھے کہ میرے بعد

میرے اہل بیت کے خیمے جلائے جائیں گے اُن کو کربلا سے شام تک ظالمانہ اور بہیمانہ سلوک کے ساتھ یزید کے دربار میں پیش کیا جائے گا حسین کا فدیہ اُن تمام فدیوں سے جو حق و صداقت کی قربان گاہ پر چڑھائے گئے اپنی قربانی کی نوعیت اپنی آزمائشوں اور امتحانوں کے لحاظ سے عظیم تر ہے۔

حسین نے صرف اپنے جد ابراہیم اور اسمٰعیل اور اپنے باپ محمد الرسول اللہ کے پہنچائے ہوئے دین کو قائم رکھنے کے لیئے خدا کے رستہ میں اپنی قربانی پیش کی اور سجدہ کرتے ہوئے اپنے سر کو کٹوا دیا انا للہ وانا الیہ راجعون۔

سرحلقہ اربابِ وفا ہست حسین — شاہنشہ اقلیم ولا ہست حسین
درعرصہ ابتلائے تفتیش خلق — باللہ کہ امام دوسرا ہست حسین

(محوی)

جناب امام حسین علیہ السلام اور یزید کا شجرہ نسب

یزید کی پیدائش

اور

اُس کا چال چلن

اتحاف النبلاء میں تاریخ ابن خلکان کے حوالہ سے لکھا ہے کہ یزید خلیفہ عثمانؓ کے زمانہ خلافت میں پیدا ہوا اور اس کی ماں کا نام میسونہ بنت بجدل کلبیہ تھا۔ بعض مورخین کا بیان ہے کہ مخبر صادق صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانی خبر شہادت سنکر اور اس پر یہ معلوم کرکے کہ وہ ناخلف میرے ہی صلب سے ہونے والا ہے معاویہ ابن ابوسفیان نے عرصہ تک عورتوں سے مقاربت ترک کردی تھی۔ قضائے کار ایک بار ایسی ضرورت واقع ہوئی جس کا دفعیہ مقاربتِ نسوانی کے سوا کچھ اور نہیں تھا۔ وہ سفر کا عالم تھا۔ معاویہ تنہا تھا حکمانے بہت تلاش کے بعد میسونہ کے باپ کو معاویہ کے ساتھ عقد کردینے پر راضی کیا اور اس نے اپنی لڑکی کا عقد اس سے کردیا اُسی کے بطن سے یزید کی ولادت واقع ہوئی۔

میسونہ نہایت حسین وجمیل تھی لیکن چونکہ وہ صحرائی قبیلہ کی اور نہایت غریب تھی اس لئے یہ سمجھا جاتا تھا کہ وہ دارالامارۃ اور قصر شاہی کی آزمائشوں سے خوش ہوگی اور معاویہ کے ساتھ ہشاش بشاش رہ کر اپنی زندگی بسر کرے گی لیکن ایسا نہیں ہوا اور معاویہ اور میسونہ کے فیما بین ان بن ہی رہی اور یہاں تک نوبت پہونچی کہ آخرکار معاویہ کو اُس سے قطع تعلق اور کنارہ کشی ہی کرتے بن آئی۔

اس قطع تعلق کے اسباب مورخین نے مختلف لکھے ہیں علامہ دمیری نے تو اپنی کتاب حیوٰۃ الحیوان میں اس قطع تعلق کی یہ وجہ بیان کی ہے کہ:۔

"ولما اتصلت میسون ابنۃ بجدل الکلبیۃ ام یزید ابن معاویہ نتقلها من النجد الی الشام و کانت ذات جمال باھر وحسن عامر ناعجب بها معوٰیۃ فانشدت وقالت لمعوٰیۃ علج علوق فلما دخل معاویۃ عرفیۃ من کانت سامعۃ بقولها ھٰذا فقال فارضیتنی جعلتنی علجا عنوقا فھی طالق ثلاثہ ولناخذ جمیع ماھو فی القصر فانہ لها ثم سیرھا الی اھلها بنجد وکانت حاملۃ بیزید فولدتہ وارضعتہ سنتین ثم اخذ بہ معاویہ منها"

یعنی جب میسونہ بنت بجدل الکلبیہ مادر یزید سے معاویہ نے ملاقات کی تو اُس کو نجد سے شام میں بلا لیا۔ میسونہ بہت بڑی صاحب حسن وجمال اور مقبول صورت تھی۔ معاویہ اس پر

زیفیتہ تھا میسونہ نے معاویہ کی نسبت اشعار کہے اور اُن میں اس کو علج علوق (ناک چھدے ہوئے بچھڑے) سے تشبیہ دی۔ معاویہ اُس وقت قصر میں آیا۔ جب وہ یہ اشعار پڑھ رہی تھی اُسی نے ان اشعار کو اُسے پڑھتے ہوئے سُن لیا تو میسونہ سے پوچھنے لگا کہ کیا تو مجھ سے رضامند اور خوشنود نہیں ہو جو مجھ کو ایسے کریہ الفاظ علج علوق سے مثال دیتی ہو۔ پس اُس کو تین طلاق دیئے اور جو کچھ اُس کا اثاثہ قصر میں تھا اُسے دے دیا۔ پس وہ اپنے لوگوں سے نجد میں جا ملی۔ اور اُس کو یزید کا حمل ہو چکا تھا پس وہیں اسی صحرا میں یزید پیدا ہوا اور دو برس تک ماں کے پاس پرورش پاتا رہا۔ اس کے بعد معاویہ کے پاس یزید کو لے آئے۔

اور مؤرخ ابو الفدا نے بھی اس کی نسبت ایسی ہی وجہ ظاہر کی ہے لیکن اس میں تمثیل دوسری دکھائی گئی ہو۔ واقعہ اس طرح بیان کیا ہے کہ:۔

"یزید کی ماں میسونہ بنت بجدل الکلبیہ تھی وہ اپنی ماں کے ساتھ اُس کے کنبہ کے درمیان بادیہ کلب میں رہا کرتا تھا یزید اور اُس کی ماں کے بھیجے کا باعث یہ تھا کہ یزید کی ماں میسونہ مذکورہ ایک روز شعر پڑھ رہی تھی منجملہ اُن کے یہ شعر بھی تھا:۔

وخرق من بنی عمی فقیر احب الیّ من علج عنیف

یعنی کمانش کہ میں بیاہی جاتی اپنے غریب اور نادار چچازاد بھائی کے ساتھ تو اُس کو میں اس گوسالہ کاہ خور کے مقابلہ میں بہتر سمجھتی۔ معاویہ نے کہا کہ میسونہ مجھے گوسالہ کاہ خور سے مثال دیتی ہے۔ اگر تجھ کو میرے گھر میں رہنا منظور نہیں ہے تو جا اپنے کنبہ میں رہ اس لیئے وہ بنی کلب کے جنگل میں جہاں اُس کا ملک تھا چلی گئی۔ یزید کو بھی اپنے ساتھ لیتی گئی۔ اُس نے اپنے نانا کے گھر پرورش پائی (ترجمہ تاریخ ابو الفدا مطبوعہ دہلی صفحہ (۲۴۶)

عرب کے مشہور مؤرخ عبوسی منصوری نے اپنی تاریخ زبدۃ الفکر فی تاریخ الہجرہ میں کہ خاص بنی امیہ کے حالات میں تحریر کی گئی ہے بعینہٖ یہی صورت بیان کی ہے اور میسونہ بنت بجدل الکلبیہ کے یہ اشعار لکھے ہیں:۔

البس عباءۃ تقر عینی	احب الیّ من لبس الشفوف
وبیت تخفق الارياح فیہ	احب الیّ من قصر المنیف
واصوات الرياح بکل فج	احب الیّ من الدنوف
وکلب ینبح الاضیاف منہ	احب الیّ من هر الوف
وبکر تیبع الاضعان صعب	احب الیّ من بر فوف
واکل الصب والیربوع ذابی	احب الیّ من اکل الرغیف
وخرق من بنی عمی فقیر	احب الیّ من علج عنیف

یعنی میری عبا کا یہی موٹا کپڑا میری آنکھوں کو ٹھنڈک دینے والا ہے اور میں اسی کو لباس ہلئے فاخرہ سے زیادہ پسند کرتی ہوں اور میں ایسے گھر کو جس میں ہوا مشکل سے آتی ہو اس قصر بلند سے زیادہ پسند کرتی ہوں۔ اور مجھ کو ہوا کی وہ آوازیں جو گڑھے میں گونجتی ہیں اُن آوازوں سے زیادہ پسند ہیں جو باجوں میں بھری جاتی ہیں اور میں اُس کتے کو جو مہمان کی پاسبانی کرتا ہے ہزار بلیوں سے کہیں زیادہ پسند کرتی ہوں اور دوشیزہ اونٹنی میرے نزدیک ناقہ بچہ دار سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔ اور میرے جانوروں کا سوسمار اور دراد گوش کھانا میرے نزدیک روٹی کے ٹکڑوں سے کہیں زیادہ مرغوب ہے۔ میں اپنے بنی اعمام میں سے ایک دلیر شریف النسل جوان کو بمقابلہ اس سانڈ بد رفتار کے زیادہ پسند کرتی ہوں۔

معاویہ نے اپنی نسبت ایسی سخت اور صاف ہجو سُن کر میسون کو طلاق دے کر اُس کے گھر کی طرف بھیجدیا۔

لیکن صاحب ناسخ التواریخ کتاب تجارب السلف سے اس طلاق کا کچھ عجیب باعث بتلاتے ہیں۔ چنانچہ اس کی اصلی عبارت ہم ذیل میں درج کرتے ہیں:۔

"پدر میسون بجدل را غلامے بود کہ سفاح نام داشت میسون با او باب راز و نیاز فراز بود از وے حامل گشت و بسرائے معاویہ آمد چوں دوشیزگی نداشت و حملش ہنوز آشکار نہ بود۔ ایں معنی پوشیدہ نماند تا گاہیکہ بار فرونہاد معاویہ اورا پسر خویش دانست و بنام یزیدش خواند ایں بود تا ایں ہنگام کہ معاویہ از میسون برنجیدہ داورا طلاق گفت او برفت و با اہل خویش پیوست و در حواتین اقامت جست" (ناسخ التواریخ جلد صفحہ ۱۵۵)

بہر حال سبب طلاق کچھ بھی ہو ہمیں تو یہ دکھانا تھا کہ یزید اپنے باپ معاویہ کے گھر پیدا نہیں ہوا بلکہ اپنی ننھیال میں پیدا ہوا۔ یعنی وادی کلب کے لوگوں میں جو اس زمانہ میں علاقہ نجد کے جنگلوں میں رہتے تھے اور یزید نے انہی لوگوں کے ساتھ پرورش پائی۔

مولوی عبدالحکیم صاحب جو شہر آرہ کے مشہور حنفی علماء میں سے تھے مسدس کربلا کے فٹ نوٹ میں لکھتے ہیں کہ یزید کے ظالم۔ خونخوار اور شقی ترین ہونے کی وجہ یہی تھی کہ اُس نے شروع ہی سے صحرا میں پرورش پائی تھی۔ ہمیں بھی مولوی صاحب کی اس تحریر سے پورا اتفاق ہے کہ صحرائی آب و ہوا اور وحوش صفت بدوؤں کی صحبت نے یزید کی طبیعت سے انسانیت کے جوہر نکال کر حیوانیت کے تمام اجزا کوٹ کوٹ کر بھر دیئے تھے اُسمیں نہ تہذیب تھی نہ شائستگی۔ نہ اخلاق تھے نہ آداب۔ جس کی خاص وجہ یہی معلوم ہوتی ہے کہ وہ ایک عرصہ تک اہل عرب کی اعلیٰ سوسائٹی سے بالکل علحدہ رہا تھا۔ یزید کی ننھیال میں نہ کوئی پڑھا لکھا تھا۔ نہ تعلیم و تہذیب تھی نہ ایسے لوگوں کی وہاں آمد و رفت تھی اور نہ اُس قبیلہ سے مہذب و شائستہ اور با اخلاق لوگوں کے ساتھ کوئی ارتباط و اتحاد تھا جس کی وجہ سے یزید کی تعلیم و تربیت کی کوئی اُمید کی جاسکے۔

یزید سن شعور کو پہونچکر کبھی اپنی ماں کے پاس بھی رہتا تھا اور کبھی کبھی باپ بھی شفقت پدری کے تقاضہ سے اس کو شام میں بُلا لیا کرتا تھا تو یہ چند روزہ عارضی صحبت اُس کے اخلاق و آداب کو کہاں تک درست کرسکتی تھی۔ بہر حال تاریخوں سے پتہ چلتا ہے کہ یزید اپنی ماں میسونہ کے شاعر ہونے کی وجہ سے اور قبیلۂ بنی کلب کی شاعری کے سبب سے جو اس میں عموماً سب کے ساتھ موجود تھی شاعر ضرور تھا اور شراب و کباب کی رنگین صحبتوں نے اس کے مذاق شعری میں ایک خاص رنگ اور لذت پیدا کردی تھی اور وہ بلا تامل فی البدیہہ شعر نکالنے لگا تھا لیکن جہاں تک غور کیا جاتا ہے یزید کی طبیعت صلاحیت کی طرف مائل نہیں پائی جاتی بلکہ اُس کے اشعار کفر و الحاد کے مضامین سے پُر ہیں۔ اُس کی کوئی نظم ایسی نہیں جس سے کسی محاسن اخلاق یا آداب کی تعلیم حاصل کی جاسکے۔ مثال کے طور پر ہم یہاں صرف ایک ہی شعر لکھ کر اُس کے چال چلن کی طرف توجہ کرتے ہیں کیونکہ حالات زیادہ ہیں اور جگہ بہت کم ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ ایک دن یزید کی صحبت شراب و کباب

گرم تھی۔ خمر کے ممنوع ہونے اور شارب الخمر کے سزا پانے کا ذکر آیا تو یزید نے فی البدیہ یہ شعر تصنیف کر کے پڑھا ؎

ما قال ربک ویل للذین سکروا
بل قال ربک ویل للمصلین

یعنی تیرے خدا نے یہ نہیں کہا ہے کہ جہنم ہے اُن لوگوں کے واسطے جو پیتے ہیں۔ بلکہ تیرے خدا نے یہ کہا ہے کہ جہنم ہے اُن کے واسطے جو نمازیں پڑھتے ہیں (معاذ اللہ)

۱۱ چال چلن

یزید کے چال چلن کی یہ کیفیت تھی کہ ہر وقت صحبت عیش برپا تھی۔ شراب روحی کے دور پر دور چل رہے تھے۔ شاہدان پری پیکر کے ہر وقت جمگھٹ لگے رہتے تھے اور پریوں کے اس اکھاڑے میں خلافت اسلامی کا یہ رنگیلا اور البیلا ولیعہد پورا پورا کنہیا بنا ہوا داد عیش دے رہا تھا۔ یزید کا سن پورے شباب پر تھا اور سمجھو اکیلا اُس کا سن ہی شباب پر نہیں تھا بلکہ اُس کی تمام آرزوئیں۔ تمنائیں۔ خواہشیں۔ اور امیدیں بھی اسی حد تک پہونچی ہوئی تھیں۔ پھر اس کی مجنونانہ دراز دستیوں کا کیا پوچھنا۔ اگر یہ اپنے نشہ کی ترنگوں میں اپنے حاہوں سماں کو چھو لیتا تو بھی کم تھا۔

ام المومنین حضرت عائشہ رضہ کو غدر کا پیغام

اس مجنونانہ حالت میں اس کی سرکش مغرور اور مرتد طبیعت نے اس کو ایک ایسی ناشائستہ حرکت کے اقدام کی طرف جرأت دلائی جو معاذ اللہ کبھی کسی مسلمان سے تو ہو نہیں سکتی تھی۔ اس کے اسی ایک فعل سے خدا و رسول دونوں کا انکار قطعی طور پر ثابت ہو جاتا ہے اپنی ولیعہدی کے زمانہ میں اس نالائق نے ام المومنین حضرت عائشہ رضہ سے عقد کا پیغام کہلا بھیجا۔ اور ایسی حالت میں کہ اُن کا سن مبارک ساٹھ برس کے قریب پہنچ گیا تھا اور وفات کا تھوڑا ہی عرصہ باقی رہ گیا تھا۔ یہ غریب تو سر پیٹ کر رہ گئیں مگر مسلمانوں میں عام شورش پھیل گئی اور تمام اکابر اسلام نے وَاَزْوَاجُهٗ اُمَّهٰتُهُمْ کی نص صریح دکھلا کر اس بدبخت ازلی کو بہت کچھ لعنت ملامت کی اور جب معاویہ کو اس کی خبر لگی تو اس نے کسی نہ کسی طرح اس بڑھتے ہوئے فتنہ کو روک دیا۔ اور ہر شخص کو اپنے اپنے مقام پر خاموش کر دیا۔

اس واقعہ کا ذکر حضرت شاہ عبدالحق صاحب محدث دہلوی نے اپنی کتاب مدارج النبوۃ میں اُس مقام پر کیا ہے جہاں اس کے جوانمرگ مرنے کی وجہیں لکھی ہیں۔ اور اس کے جوانمرگ مرنے کو عذاب الٰہی کا باعث بتلایا ہے۔ اور عذاب الٰہی کے نازل ہونے کی دو وجہیں لکھی ہیں۔ ایک تو یہی حضرت ام المومنین رضہ سے خواستگاری۔ دوسرے سبط رسول الثقلین جناب امام حسین علیہ السلام کا خون ناحق۔

امام حسینؑ کو دعوتِ شراب

یزید کی صحبت شراب و کباب ہر وقت گرم رہتی تھی۔ اس کے مجمع ناجائز میں ہمیشہ ایسی ہی چرچے رہتے تھے جن کو نہ انسانی شائستگی سے کوئی تعلق تھا نہ اخلاقی تہذیب سے کوئی واسطہ ع

منم وخیال ساغر منم وخیال خوباں

کا عالم چار سو طرف طاری تھا۔ نہ کسی سے حیا باقی تھی نہ لحاظ شدہ شدہ یہ نوبت پہنچی کہ گھر گھر سفر میں بھی یہ معشوق پری پیکر یعنی دخت رز ہمیشہ بغل میں دبی رہنے لگی۔ یزید کی شراب خواری

کی ایک دلیر مثال نمونہ کے طور پر یہ ہے کہ جس سال معاویہ نے رعایا کی تالیف قلوب کے خیال سے اس کو حج مکہ کے واسطے بھیجا اس سال اس کی تخت نشینی کا مسئلہ درپیش تھا۔ مناسب سمجھا گیا کہ اس کے اخلاق پبلک کے سامنے پیش کیے جائیں اور اس کے واسطے قبولیت عام حاصل کی جائے۔ مگر ایسے نازک وقت میں بھی اس بدمست نے اپنی شرابخوری کی بُری عادت کو نہ چھوڑا۔ مکہ میں بھی علانیہ پیتا رہا۔ مکہ سے مدینہ آیا تو یہاں بھی سات دن شراب وکباب کی صحبت برپا رہی۔

علامہ ابن اثیر تاریخ کامل جلد چہارم میں لکھتے ہیں:۔

حج یزید فی حیوٰۃ الحیوان فلما بلغ المدینۃ جلس علی شراب لہ فاستاذن علیہ ابن عباس والحسین علیہ السلام فقیل لہ ابن عباس ان وجد ریح الشراب عرفہ فحجبہ واخذ الحسین علیہ السلام فلما وجد رائحۃ الشراب مع الطیب فقال اللہ درّ طیبک وما اطیبہ فما ھذا قال ھو طیب لیصنع بالشام ثم دعا بکاس فشرب ثم دعا باخری فقال اسق یا ابا عبد اللہ فقال لہ الحسین علیہ السلام علیک شرابک ایھا المرء لا عین علیک منی فقال یزید ؎

الا یا صاح للعجب دعوتک ذا فلم تجب
الی الفتیات والشہوت والصھباء والطرب

یعنی یزید نے اپنے باپ کے وقت میں حج کیا۔ جب مدینہ پہنچے تو شراب وکباب کا دور چلا۔ حضرت ابن عباسؓ اور جناب امام حسین علیہ السلام ملاقات کو آئے اندر آنے کی اجازت چاہی۔ یاروں نے کہا اگر ابن عباسؓ آئے اور اُن کو اس کی بو محسوس ہوئی تو پہچان جائیں گے چنانچہ ابن عباسؓ ٹال دیئے گئے اور جناب امام حسین علیہ السلام بلائے گئے۔ جب ان کی ناک میں شراب کی بو آئی تو یزید سے فرمانے لگے۔ یہ کیسی بو ہے یہ کیا چیز ہے۔ یزید بولا یہ ایک خوشبودار شربت ہے جو شام میں تیار ہوتا ہے۔ پھر اس نے ایک قدح مانگا اور پی گیا۔ پھر دوسرا طلب کیا اور جناب امام حسین علیہ السلام کے آگے بڑھایا اور کہا اے ابو عبداللہ پیجئے۔ جناب امام حسین علیہ السلام نے فرمایا مجھے معاف کرو۔ تم پیو میں کسی سے کبھی نہ کہونگا۔ تب یزید نے چند اشعار پڑھے جن کا مطلب یہ تھا۔ اے دوست ہم نے تم کو دعوت دی تم نے رد کر دی۔ میں نے تمھیں عیش وطرب کی طرف بلایا۔ لیکن تم نے قبول نہیں کیا (دیکھو شہادت حسین علیہ السلام صفحہ ۴۹)

یزید محرمات کے ساتھ نکاح جائز سمجھتا تھا

یزید نے شراب خواری ہی کو عام نہیں کیا تھا بلکہ اس نے محرمات شرعیہ کو بھی حلال کرنے کی عام کوشش شروع کر دی تھی۔ اور اُن تمام محرمات کے جواز کا محرک ہوا۔ چنانچہ علامہ ابن حجر و امام سیوطی یزید کے ذکرہ میں لکھتے ہیں

"کان رجلاً ینکح امھات واولاد البنات وبنات ویشرب الخمر ویدع الصلوٰۃ"

یعنی یزید ایسا شخص ہو جو اپنے باپ کی بیٹیوں (ماؤں) کے ساتھ اور بیٹیوں کی بیٹیوں کے ساتھ اور حقیقی بھائی اور بہن کی بیٹیوں کے ساتھ نکاح جائز سمجھتا ہے اور شراب پیتا ہے اور نماز کو ترک کرتا ہے۔ استغفر اللہ ربی واتوب الیہ۔ اس شہوت پرستی کی کوئی انتہا ہے (اب مرزا حیرت جیسے حامیان یزید فتویٰ دیں کہ حکم لگائیں کہ یزید کیا تھا؟)

(صواعق محرقہ صفحہ ۱۳۲ و تاریخ الخلفاء صفحہ ۲۰۹)

خصوصیات حضرت امام عالیمقام

قرآن مجید سے حسین مظلوم کی شان

آپ بحکم قرآن رسول خدا کے فرزند ہیں

پروردگار عالم نے جناب امام حسین علیہ السلام کو بحکم محکم: فمن حاجک فیہ من بعد ما جاءک من العلم ... علی الکاذبین۔

یعنی "پھر جو شخص اس بارے میں تجھ سے حجت کرے بعد اس کے کہ تیرے پاس علم آگیا ہے تو تو کہدے کہ آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں اور تمہارے بیٹوں کو (تم) اور اپنی عورتوں کو ہم بلائیں اور تمہاری عورتوں کو (تم) اور اپنے نفسوں کو ہم بلائیں اور اپنے نفسوں کو (تم بلاؤ) پھر دعا مانگیں پس لعنت چاہیں اللہ سے جھوٹوں پر"۔ فرزند رسول مقبول ...

چنانچہ تفسیر حسینی میں اس آیہ مباہلہ کی بابت تحریر ہے کہ:۔

اہل کذب کو جب یہ آیت نازل ہوئی حضرت رسالت نے ایلچیان نجران کو طلب کر کے کہا ہر چند ہم دلائل زیادہ لاتے ہیں عناد اور منازعت تمہاری بڑھتی ہے اب آؤ تم تو مباہلت میں مشغول ہو دیں ہم ناصادق کا ذب سے اور محق مبطل سے جدا ہو جائے نصاریٰ اس صورت پر راضی ہو کر وقت اور جگہ مقرر کی۔ دوسرے روز حضرت رسالت نے حسینؑ کو گود میں لے کر امام حسنؑ کا ہاتھ پکڑ کر اور فاطمہ زہراؑ کو عقب میں اور علی مرتضیٰؑ کو ان کے پیچھے روانہ ہوئے۔ خواجۂ عالم نے ان لوگوں سے فرمایا کہ جب میں دعا کروں تم آمین کہنا۔ اس حال میں نصاریٰ نے مباہلہ سے پشیمان ہو کر صلاح کار اپنی صلح میں دیکھی اور باوجود اس کے پیغمبر نے برابر صف کھینچی جب سرداران کے نے حضرت سید کو مع اہلبیت کے دیکھا فریاد برلایا اور کہا اے یارو مباہلہ ان بزرگواروں سے پرہیز کرو قسم خدا کی میں وہ صورتیں دیکھتا ہوں کہ اگر خدا سے درخواست

کریں پہاڑوں کو اُن کی جگہ سے نیست و نابود کر دیں"۔

لہذا صاف ظاہر ہے کہ رسولِ پاکؐ نے تعمیل حکم ابناءنا حسنؑ و حسینؑ کو اپنے ہمراہ لیا۔ پس اس فعلِ حبیبؐ سے ظاہر و باہر ہے کہ منشائے الٰہی کے مطابق حسینؑ کا شمار آنحضرت کے فرزندوں میں ہے۔

تفسیر زاد الآخرت منظوم سے بھی ایسا ہی پایا جاتا ہے۔ ملاحظہ ہو۔

جب اس آیت کو حق نے بھجوایا — اُن کو بلوا نبی نے فرمایا
کہ میں ہر چند تم کو سمجھاؤں — حجت صدقہ سے پیش آؤں
ہو خصومت پہ بس کہ مائل تم — ہوتے ہرگز نہیں ہو قائل تم
کچھ نہ بن ابتہال کے ہے علاج — آؤ ہم تم کریں مباہلہ آج
تاکہ معلوم کر لو تم سچ کو — امر باطل سے حق ممیز ہو
سب نے یہ امر کر لیا منظور — ٹھہرا آپس میں ابتہال ضرور
اک مقام اور وقت ٹھہرایا — عزم حضرت نے وہاں کا فرمایا
آئے حسنین کا پکڑ کر ہاتھ — فاطمہ اور علی کو لیکر ساتھ
کہہ رکھا آپ نے یہ اُن کے تئیں — میں دعا جب کروں کہو آمین
قوم ترسا کا وہ جو تھا سردار — دیکھ کر حال سے ہوا بیزار
خوف اور اشتعال میں آیا — قوم کو اپنی منع فرمایا
کہ وہ آگے نبی کے جائیں نہیں — ابتہال اُن سے بن وہ لائیں نہیں
ہے محمد کا اب وہ رتبہ و حال — تہہ و بالا کرے زمین و جبال
صلح کو سب نے اختیار کیا — اور جزیہ اُنھوں نے مان لیا

پس معلوم ہوا کہ خدائے تعالےٰ حسینؑ علیہ السلام کو اپنی توحید کی حجت قرار دیتا ہے۔ حسینؑ اگرچہ ابھی بچے ہی تھے مگر نانا کے ساتھ توحید کی تبلیغ میں شامل کیے گئے۔ اور توحید و اسلام کی صداقت پر فدا ہونے کے لیے مباہلہ میں پیش ہوئے۔

حسین بحکم خدا اہلبیت رسول میں شامل ہیں

صحیح مسلم میں ہے:۔

ان علیا و فاطمۃ و حسنا و حسینا جاؤ فادخلہم النبی علیہ السلام فی کساء من شعر اسود کان علیہ ثم قال انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس الآیۃ

یعنی کہ تحقیق علی اور فاطمہ اور حسن و حسین (علیہم السلام) رسول کے پاس آئے۔ رسول اللہ سیاہ بالوں سے بنی ہوئی چادر اوڑھے ہوئے تھے ان سب کو رسولؐ نے اُس چادر میں لے لیا اور فرمایا کہ انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس الخ سوائے اس کے نہیں کہ خدائے جلیل نے تم سے رجس و ناپاکی کو دور فرمایا ہے اور تم کو پاک و پاکیزہ کر دیا ہے۔

مسند امام احمد حنبل میں بروایت صحیحہ ام المومنین حضرت ام سلمہ سے منقول ہے:۔

"انہ علیہ السلام کان فی بیتہا فجاء علی و فاطمۃ و ابناہما و جلسوا عندہ علی کساء خیبری فانزل اللہ ہذہ الآیۃ فاخذ فضل الکساء و غطاہم بہ ثم اخرج یدہ و الوی الی السماء و قال اللہم ہؤلاء اہل بیتی فاذہب الرجس عنہم و طہرہم تطہیرا قالت فادخلت راسی البیت فقلت و انا معکم یا رسول اللہ

فقال انک الی الخیر واحادیث التی ھی اصرح فی ھذا المعنی کثیرۃ"

یعنی جناب رسالت مآب ام سلمہ کے گھر میں تشریف رکھتے تھے پس علی اور فاطمہ اور اُن کے دونوں بیٹے آئے اور رسول اللہ کے پاس بیٹھے آنحضرت ایک خیبری چادر اوڑھے ہوئے تھے پس خدا نے اس آیت کو (انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا) نازل فرمایا رسولؐ نے چادر اُن کو اُڑھائی اور آسمان کی جانب رخ کر کے فرمایا۔

اللھم ھؤلاء اھل بیتی فاذھب الرجس عنھم وطھرھم تطھیرا۔ خدایا یہی میرے اہل بیت ہیں پس ان سے رجس کو دور فرما اور اُن کو پاک و پاکیزہ گردان۔

ام سلمہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے اپنا سر داخل کر کے عرض کی یارسول اللہ میں بھی آپ حضرت کے ساتھ ہوں۔ آنحضرت نے فرمایا تو خیر پر ہے۔ تو خیر پر ہے۔

(زیادہ تفصیل اور دیگر حوالجات کی ضرورت ہو تو مناقب احمد حنبل صحیح ترمذی صفحہ ۵۴۰۔ صحیح مسلم صفحہ ۲۸۳ باب فضائل حسنین۔ تذکرہ خواص الامہ صفحہ ۱۴۳۔ صواعق محرقہ صفحہ ۱۳۶۔ ینابیع المودۃ صفحہ ۱۰۷۔ مودۃ القربیٰ صفحہ ۳۸۔ فصول المہمہ علی ابن محمد ابن صباغ المالکی صفحہ ۹ و ۱۱۔ مطالب السؤل ابوطلحہ شافعی صفحہ ۲۵۔ تفسیر حسینی ملاحسین کاشفی صفحہ ۱۶۱۔ ہدایت المسائل نواب صدیق حسن خاں صاحب مرحوم بھوپالی صفحہ ۳۵۔ کتاب الشافی حقوق المصطفےٰ" قاضی عیاض جلد دوم صفحہ ۴۱ نیز ابن جریر وطبرانی ملاحظہ فرمائیے۔

امام حسین کا نام "حسین" رسول خدا نے رکھا

امام احمد بن حنبل نے "مناقب" میں اور طبرانی نے "معجم ثلاثہ"

میں اور علامہ دار قطنی نے اپنی "سنن" میں اور امام حاکم نے مستدرک میں اور امام بیہقی نے "سنن" میں اور ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ:۔

قال علی علیہ السلام لما ولد الحسن سمیتہ حربا فجاء رسول اللہ فقال ارونی ابنی ما سمیتموہ قال حربا قال ھو حسن۔ فلما ولد الحسین سمیتہ حربا فجاء رسول اللہ فقال ارونی ابنی ما سمیتموہ قلنا حربا فقال ھو حسین وقال انما سمیتھم بولدی ھارون شبر وشبیر۔

جناب امیر المؤمنین علی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب حسن پیدا ہوئے تو میں نے اُن کا نام "حرب" رکھا پس آنحضرت تشریف لائے اور فرمایا کہ میرے بیٹے کو مجھے دکھاؤ تم نے میرے بیٹے کا نام کیا رکھا ہے ہم نے عرض کیا "حرب" آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس کا نام "حسن" ہے پھر (جناب) حسین پیدا ہوئے تو ہم نے اُن کا نام بھی "حرب" رکھا پھر آنحضرت صلعم تشریف لائے اور مجھ سے فرمایا کہ میرے بیٹے کو دکھاؤ تم نے اُس کا نام کیا رکھا ہے میں نے عرض کی "حرب" آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس کا نام "حسین" ہے۔ میں نے ان دونوں کے نام ہارون علیہ السلام کے بیٹوں کے نام پر رکھے ہیں۔

امام حسین لعاب دہن رسول خدا چوستے تھے

جلاء العیون میں علامہ ابن ضحاک حضرت ابوہریرہ کی اسناد سے لکھتے ہیں کہ عن ابی ھریرۃ قال رایت رسول اللہ

یمتص لعاب الحسین کما یمتص الرجل تمرۃ

یعنی ابو ہریرہ رضؓ جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت کو دیکھا کہ جناب امام حسین علیہ السلام کے لعابِ دہن کو اس طرح چوستے تھے جس طرح سے آدمی کھجور کو چوستا ہے۔

(اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو حسین علیہ السلام کس درجہ عزیز تھے۔ ایڈیٹر)

امام حسینؑ جناب سرورِ کونین کی ہم شبیہ تھے

جناب فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہا امام حسین علیہ السلام کو کھلانے اور سلانے کے وقت لوری کے طور پر یہ اشعار پڑھا کرتی تھیں ؎

أَنْتَ شَبِيهٌ بِأَبِي   لَسْتَ شَبِيهًا بِعَلِيّ

تو میرے باپ سے مشابہ ہے   تو (اپنے باپ) علی سے مشابہ نہیں

ناسخ التواریخ جلد ۶ صفحہ ۲۰۔ ترمذی صفحہ ۶۲۵۔ سر الشہادتین صفحہ ۳۶۔ شہید اسلام۔ صواعق محرقہ صفحہ ۱۰۵۔ ینابیع المودۃ صفحہ ۱۶۵ ملاحظہ فرمایئے)

امام حسینؑ کو کھلانے کے وقت آنحضرت کی دُعا

ناسخ التواریخ میں ہے:۔

جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم با ہر دو دست کتف امام حسین علیہ السلام را می گرفت و قدم ہائے او بر قدم رسول می ماند پس آنحضرت می فرمود حزقہ حزقہ ترق عین بقہ اللھم انی احبہ فاحبہ واحبب من یحبہ اے کوچک اندک خطوہ اے کوچک چون چشم پشہ بالا بیا۔ بالا بیا آنگاہ می فرمود الٰہی آنرا دوست می دارم تو ہم آنرا دوست دارد دوست دار تو او را کہ حسینؑ را دوست دارد"

طبرانی نے معجم میں اور امام ابو عمر نے اسی مضمون کو ابو ہریرہ کی اسناد سے لکھا ہے۔ ان کی اصل عبارت یہ ہے:۔

عن ابی ھریرۃ قال ابصرت عیناي وسمعت اذنای رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم وھو اخذ بکفی حسین وقدماہ علی قدمی رسول اللہ وھو یقول حزقہ حزقہ ترق عین بقہ فرقی الغلام حتی وضع قدمیہ علے صدر رسول اللہ فقال افتح فاک ثم قبلہ، ثم قال اللھم انی احبہ فاحبہ"

یعنی ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنی دونوں آنکھوں سے دیکھا اور اپنے دونوں کانوں سے سُنا کہ جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم دونوں ہاتھ امام حسین کے پکڑے ہوئے تھے اور امام حسین کے دونوں قدم سینہ مبارک پر تھے اور آپ فرما رہے تھے کہ اے مچھر کی سی آنکھ کی طرح ننھے سے بچے! آگے بڑھ! آگے بڑھ! سہج سہج (راوی کا بیان ہے کہ) شاہزادہ اتنا آگے بڑھا کہ اُس کے دونوں قدم حضور کے سینۂ مطہر پر رکھے گئے پھر آپ نے فرمایا کہ اپنا منہ کھول اور آپ نے اُن کے منہ کو چوما۔ پھر فرمایا۔ پروردگارا! میں اس کو محبوب رکھتا ہوں تو بھی اس کو محبوب رکھ۔

افسوس ہے کہ رسول صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم تو جناب امام

حسنین علیہ السلام کو اپنا محبوب اور اپنا بیٹا فرمائیں اور یزید باوجود اپنے پدر بزرگوار حضرت معاویہ کی وصیت کے کہ حسین کو مت ستائیو وہ جہاں چاہیں جائیں اور جہاں چاہیں رہیں تو ان سے تعرض مت کیجیو اور ان کے خلاف تلوار نہ اٹھائیو۔ حسین کا خون اپنی گردن پر لے کر خدا کے سامنے نہ جائیو اور حسین کو کسی قسم کی تکلیف نہ دیجیو کیونکہ وہ رسول خدا کا فرزند ہے " تین روز کا بھوکا پیاسا شہید کرادے۔ فاعتبروا یا اولی الابصار

رسول خدا حسینؑ کو اپنے کندھوں پر سوار کیا کرتے تھے

ایک دن حضرت عمرؓ خدمت رسول معظم میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ حسینؑ آنحضرت کے کندھوں پر سوار ہیں۔ یہ دیکھ کر آپ نے امام حسین علیہ السلام سے مخاطب ہو کر فرمایا نعم الجمل جملک یا اباعبد اللہ

یعنی اے اباعبد اللہ (حسین) آپ کی سواری کا اونٹ کیا اچھا ہے۔ یہ سنکر جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "نعم الراکب ھو" اے عمرؓ! یہ سوار بھی تو دیکھو کیسا اچھا ہے۔

(دیکھو ناسخ التواریخ۔ کشف المحجوب۔ وسیلۃ النجات ملا مبین فرنگی محلی صفحہ ۲۶۶ وصفحہ ۲۶ و ینابیع المودۃ صفحہ ۱۶۴)

جو حسینؑ کا دشمن ہے وہ رسول خدا کا دشمن ہے

جناب رسول خدا نے فرمایا ہے من احب حسنا و حسینا فقد احبنی و من ابغضھما فقد ابغضنی

یعنی جو حسن و حسین کا دوست ہے وہ میرا دوست ہے اور جو ان کا دشمن ہے وہ میرا دشمن ہے۔

(ملاحظہ ہو صحیح ترمذی صفحہ ۲۱۸۔ تذکرہ خواص الامہ سبط ابن جوزی بحوالہ صحیح بخاری و صحیح نسائی۔ صواعق محرقہ۔ احمد حنبل ابویعلی۔ ابن ماجہ۔ امام حاکم۔ حافظ ابونعیم۔ طبرانی۔ دیلمی۔ ناسخ التواریخ مدارج النبوۃ جلد اول۔ ینابیع المودۃ صفحہ ۱۲۶ وسیلۃ النجاۃ صفحہ ۲۶۲)

امام حسینؑ سیّد اور سیّد کے بیٹے اور امام ابن امام ہیں

ینابیع المودۃ صفحہ ۱۶۸ اور مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی میں ہے:۔

حضرت سلمان فارسی بیان کرتے ہیں کہ ایک روز میں رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ دیکھا حسین رسول اللہ کے زانو پر بیٹھے ہیں اور رسول حسینؑ کے رخساروں اور منہ کو چومتے ہیں اور فرماتے ہیں "انت السیّد وابن السیّد واخو السیّد انت امام ابن امام واخو الامام وانت حجۃ وابن الحجۃ واخو الحجۃ ابو تسعۃ حجج تاسعھم قائمھم

یعنی اے حسین تو خود سید و سید کا بیٹا اور سید کا بھائی ہے۔ تو خود امام، امام کا بیٹا اور امام کا بھائی ہے۔ تو حجۃ خدا حجۃ الٰہی کا بیٹا حجۃ خدا کا بھائی اور نو حجۃ الٰہی کا باپ ہے کہ نواں ان میں قائم آل محمد ہے (یعنی حضرت محمد مہدی آخر الزمان عجل اللہ ظہورہ)

(اسی حدیث کی مطابقت میں ہم نے جناب امام حسینؑ کی

اولادیں سے نواموں کے نام شجرہ میں دے دیئے ہیں جو اخبار ہذا کے دوسرے صفحہ پر درج ہیں۔ اور تاوقتیکہ حضرت امام مہدی کو حسینؑ کی اولاد میں نہ مانا جائے و امام پورے نہیں ہو سکتے (ایڈیٹر)

حسینؑ کے رونے سے آنحضرتؐ بے چین ہوتے تھے

ایک روز جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم حضرت عائشہؓ کے گھر سے نکلے کہ فاطمہؑ کے گھر سے حسینؑ کے رونے کی آواز آئی۔ بے قرار ہوگئے اور حضرت فاطمہؑ کے پاس جاکر فرمایا اے فاطمہ! اے نور دیدہ! حسین کو بہلاؤ۔ خاموش کرو۔ کیا تم نہیں جانتیں کہ حسینؑ کے رونے سے میں بے چین ہو جاتا ہوں۔

(ملاحظہ ہو ینابیع المودۃ شیخ الاسلام قسطنطنیہ علامہ قندوزی ص۱۸۱ نزل الابرار علامہ بدخشی۔ سعادت الکونین فی فضائل الحسنین صفحہ ۳۰ مفتی اکرم الدین نبیرہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی)

ایک دوسری روایت میں حضرت سلمان فارسی سے مروی ہے کہ

"وقتے در نزد رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم در غیر وقت انگور خوشۂ انگور دیدم۔ فقال لی یا سلمان ائتنی بولدی الحسن والحسین لیاکلا معی من هذا العنب۔ جناب رسول خدا فرمود اے سلمانؓ فرزندان من حسنؑ و حسینؑ را حاضر کن تا با من ازیں انگور بخورند من شتابیدم و بسرائے فاطمہ علیہا السلام رفتم ایشاں را نیافتم بخانۂ ام سلمانؓ شتافتم۔ ایشاں را نہ دیدم ولاجرم بحضرت رسول آمدم و خبر باز دادم پیغمبر صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم مضطرب شد و برخاست و گفت "واولداہ واقرۃ عیناہ من یرشدنی علیہما فلہ علی اللہ الجنۃ پس پیغمبر دریغ خود بر فرزندان خود و فرمود کسے را کہ دلالت کند مرا بر ایشاں بر خوست کہ او را جا در بہشت بدہم۔ (ملاحظہ ہو ناسخ التواریخ)

یہ تو ظاہر ہے کہ بچوں کی محبت اُن کے ماں باپ کے دل میں کس قدر ہوتی ہے۔ ماں باپ کا شاید ہی کوئی دن ایسا گزرتا ہو کہ وہ اپنی اولاد کے پھولنے پھلنے اور پروان چڑھنے کی خدا سے دعا نہ مانگتے ہوں لیکن جناب رسول مقبولؐ روحی لہ الفدا کو حسنینؑ سے جیسی محبت تھی اُس کا اندازہ ہماری مندرجہ بالا روایات سے ہو سکتا ہے۔ فی الحقیقت آپ کو کچھ ایسی محبت تھی جس کا اظہار آپ بسا اوقات اس غرض سے فرمادیا کرتے تھے تاکہ اُمت بھی اس سے سبق حاصل کرے۔ ان بچوں کی کوئی ایسی آرزو نہیں جس کا اظہار انھوں نے اپنے پیارے نانا سے کیا ہو اور آنحضرت کی طرف سے بغیر پوری ہوئے رہ گئی ہو جناب فاطمہ زہراسے آپ کی برابر یہی تاکید ہتی تھی کہ کوئی بات ایسی نہ ہو جس سے ان کا دل میلا ہو۔ کیا یہ انتہائے محبت نہیں اور کیا اس سے آپ کے قلبی تعلقات اور دلی جذبات کا اندازہ نہیں ہوتا کہ جب آپ نے حضرت سلمان فارسیؓ سے سنا کہ حسنین علیہ السلام کا پتہ نہیں ملا تو آپ بے چین ہو کر کھڑے ہوگئے اور درد بھری آواز سے بیٹا بیٹا پکارنے لگے اور جب اس پر بھی اطمینان نہ ہوا تو دوسروں کو اُن کی تلاش میں مدد کرنے کے لیئے طلب فرمایا اور ارشاد فرمادیا کہ جو کوئی ان کی خبر لائے اُس کے لیئے میں جنت کی بشارت دیتا ہوں ماشاءاللہ اکبر محبت اسی کا نام ہے

کاش اسی حسین کو میدان کربلا میں مثل گوسفند ذبح کرنیوالے بھی کی محبت کا کچھ بھی خیال کرتے۔

حضورؐ کی نماز اور حسنینؑ

امام نسائیؒ اور ابن ابی الفراتؒ تحریر کرتے ہیں

عن انس ابن مالک قال کتب النبی صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم لرجل عھدا فدخل الرجل لیسلم علی النبی وھو یصلی فرای الحسن والحسین یرکبان علی عنقہ مرۃ وعلی ظھرہ مرۃ ویمران بین یدیہ وخلفہ فلما فرغ قال لہ الرجل ما یقطعان الصلوٰۃ فغضب النبیؐ وقال ناولنی عھدک فاخذہ فمزقہ ثم قال من لم یرحم صغیرنا ولم یوقر کبیرنا فلیس منا ولا انا منہ۔

یعنی انس بن مالک کہتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے ایک شخص کے واسطے پروانہ لکھا تھا وہ حضور میں سلام کے لئے حاضر ہوا حضور صلعم اُس وقت نماز میں تھے اُس نے دیکھا کہ حسنینؑ کبھی آپ کی گردن پر اور کبھی آپ کی پشت اقدس پر سوار ہو جاتے ہیں اور کبھی آگے پیچھے سے ہوکر گزر جاتے ہیں جب حضورؐ نماز سے فارغ ہوئے تو اُس شخص نے کہا کہ ان صاحبزادوں نے آپ کی نماز کو کیسا خراب کیا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غضب میں آکر اس شخص سے کہا اپنا پروانہ ہمیں دے اور اُس سے وہ پروانہ لے کر پھاڑ ڈالا اور فرمایا جو شخص ہمارے چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور ہمارے بڑوں کی عزت نہیں کرتا نہ وہ ہمارا نہ ہم اس کے۔

جناب ابوالاعلیٰ مودودی ایڈیٹر اخبار الجمعیتہ دہلی

اس حدیث سے سبق لیں جنھوں نے "بنی فاطمہ" پر ریویو کرتے ہوئے شباب قندھاری (مرحوم جو قاآنی کے ہمعصر اور مشاہیر شعراء میں سے ہیں) کے ایسے اشعار پڑھکر جن میں علی و اولاد علیؑ یعنی اہلبیت کی تعریف کی گئی ہے اول تو اُن کو از سرتا پا بے معنی فرمادیا اور لکھدیا کہ ۲۰ شعروں میں سے ایک بھی ہماری سمجھ میں نہیں آیا۔ دوسرے باوجود ادعائے سیادت جناب امیر اور بنی فاطمہ کی تعریف سے ایسے مشتعل ہوئے کہ دروغگوئی کی نجاست سے بھی اپنے دامن صداقت کو محفوظ نہ رکھ سکے اور زبردستی کی کھینچ تان کر کے محض عامتہ الناس اور غیر بنی فاطمہ مسلمانوں کو بھڑکانے کے لئے لکھ مارا کہ "جب پہلے ہی پرچہ میں رسول اللہ کے تمام صحابہؓ پر حضرت علی کی فضیلت کا عقیدہ پیش کیا جارہا ہے، غیر فاطمی مسلمانوں کو مخالفین کہکر یاد کیا جاتا ہے رسول اللہ کی رحلت کے بعد بنی فاطمہ کے ساتھ دشمنی کیئے جانے کا تذکرہ کیا جاتا ہے تو نہ معلوم آئندہ اور کیا گل کھلائے جائیں گے"۔ ہمارا دعویٰ ہے اور ہم بہانگ دہل اپنے تمام فاطمی و غیر فاطمی بھائیوں سے کہتے ہیں کہ وہ ہمارے پہلے پرچہ میں سے کوئی بھی عبارت ایسی پیش نہیں کرسکتے جس سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی افضلیت صحابہ کرام پر ثابت ہوتی ہو۔ یا بقول ہمارے دعوئے سیادت رکھنے والے کرم فرما مدیر الجمعیتہ صاحب کے شیعیت کے مسلک کی پوشیدہ تبلیغ کی گئی ہو۔

جائے غور ہے کہ اگر ہمیں شیعیت کے مسلک کی تبلیغ کرنی ہوتی تو ہم پوشیدہ طور پر کیوں کرتے علانیہ اور ڈنکے کی چوٹ شیعیت کی تبلیغ کرنے کے لئے ہمیں کونسا امر مانع تھا۔ اور جناب مدیر الجمعیتہ صاحب کے پاس ایسی کونسی قوت ہے جو اُسے روک سکتی؟ لیکن افسوس کہ مدیر الجمعیتہ

صاحب کے تبصرہ سے ہمیں ثابت ہو گیا کہ صاحب موصوف اُن لیم مُلّاؤں میں سے ہیں جو سُنی و شیعہ فرقوں میں بغض و عناد اور فتنہ و فساد قایم رکھ کر اپنے حلوے مانڈے میں فرق نہیں آنے دینا چاہتے۔ ورنہ ہم اُن سے معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ کیا دنیا بھر میں جس قدر بنی فاطمہ ہیں وہ سب کے سب شیعہ ہی ہیں؟ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر ہمارا تمام بنی فاطمہ کو جگانا۔ اُنکی گئی ہوئی حمیّت کو واپس لینے کی تحریک کرنا، اور اُن کو کھوئے ہوئے حقوق کے حصول کی ترغیب دینا اور اسی سلسلہ میں اُن کے آبا و اجداد یعنی اہل بیت علیہم السلام کے کارنامے کھانا اُن کے علم و فضل کی تعریف اور اُن کے مدارج سے باخبر کرکے اُن کے قدم بقدم چلنے کی ترغیب و تحریص کرنا شیعیت کی "خفیہ" یا "پوشیدہ" تعلیم کیونکر ہوا؟ ہم بکرات و مرات تمام دنیا کے سامنے بے دریغ یہ کہنے کے لیئے تیار ہیں کہ ہم اپنے بنی فاطمہ بھائیوں اور

غیر بنی فاطمہ مسلمان بھائیوں اور اسلام کے شیدائیوں کو جو تعلیم دے رہے ہیں بالکل یہی تعلیم ہمارے آباء صالحین و علمائے راسخین و صحابۂ صادقینؓ کی ہے۔

اگر آپ کی دانست میں حضرت علی یا اہل بیت کی تعریف ہی کا نام شیعیت ہے تو ہم یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ سب سے پہلے تو اس شیعیت کو رسول مقبولؐ نے اختیار فرمایا جس کے لیئے کسی دلیل کی چنداں ضرورت نہیں اور وہ اظہر من الشمس ہے۔ اور دوسرے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس شیعیت کے شرف کو اس طرح اہلبیت علیہم السلام کی فضیلت بیان کرکے حاصل کیا ہے۔

عن ابی بکر الصدیق قال رایت رسول اللہ خیم خیمۃ وھو متکی علی قوس عربیہ وفی خیمۃ علی وفاطمۃ والحسن والحسین قال یا معشر المسلمین انا سالم لمن سالم اھل ھذہ الخیمہ وحرب لمن حارب بھم وولی لمن والاھم لایحبھم الا سعید الجد طیب الولادۃ ولا یبغضھم الا شقی الجد ردی الولادت۔

یعنی ابوبکر صدیقؓ ارشاد فرماتے ہیں ہم نے دیکھا رسول اللہ کو ایک خیمہ لگائے ہوئے ہیں اور آپ ایک عربی کمان پر تکیہ لگائے ہوئے تھے اور اس خیمہ کے اندر علیؓ۔ فاطمہؓ حسنؓ و حسینؓ موجود تھے رسول اللہ نے فرمایا ای مسلمانو! جو لوگ اس خیمہ میں ہیں۔ جو شخص ان کے ساتھ صلح رکھے میں اس کے ساتھ صلح رکھنے والا ہوں اور جو شخص ان سے جنگ کرے اُس کی جنگ مجھ سے ہے۔ جو ان کو دوست رکھتا ہے میں اُسکو دوست رکھتا ہوں اور ان کو وہی دوست رکھے گا جو نیکبخت سعید یا پاکیزہ ولادت والا ہے اور ان سے دشمنی نہ کرے گا مگر وہی جو شقی بدبخت ناپاک ولادت کا ہوگا (محب طبری ریاض النظرہ)

تیسرے حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے اسی اظہار فضیلت علی کی شیعیت کو یہ ارشاد فرما کر اختیار فرمایا ہے کہ "لولا علیؓ لھلک عمرؓ" (یعنی اگر علی نہ ہوتے تو عمرؓ ہلاک ہو جاتا) اور یہ کہکر بھی کہ "اعوذ باللہ من معضلۃ لیس لھا ابوالحسن" یعنی پناہ مانگتا ہوں اس امر مشکل و دشوار سے جس کے حل کرنے کے لیئے ابوالحسن علی نہ ہوں۔

مدیر الجمعیۃ صاحب شرمائیں نہیں کہ سوائے ان کے تمام علمائے معتبرین اہل سنت نے فضیلت اہلبیتؓ کے اظہار

کی تبعیت سے اعراض نہیں کیا لیکن صاحب موصوف نہ معلوم کیسے سید اور کیسے مسلمان ہیں کہ وہ اس قدیمی و دیرینہ سلسلۂ اظہارِ فضائل و مناقبِ اہلبیت کو "جدید اقدام" قرار دے کر سخت ناپسند فرماتے ہیں۔ اور لطف کی بات یہ ہے کہ جس گناہ (امتناعِ اظہار فضائلِ اہلبیت) کے خود مرتکب ہیں اُس میں دوسرے مسلمانوں اور خصوصاً سادات کرام کو بھی (حمایتِ بنی فاطمہ کو معاذ اللہ حمیت جاہلیت کی دعوت بتاکر) ملوّث ہو جانے کا مشورہ دیتے ہیں۔

مدیر الجمعیۃ صاحب ہمیں معاف فرمائیں کہ ہم اور تمام دنیا کے بنی فاطمہ اُن کے اس قعرِ مذلت میں ڈھکیلنے والے ہی نہیں بلکہ اُن کے منشا کے مطابق تحقیر و تضحیکِ اہلبیت کے ارتکاب کا اقدام کر کے جہنم کے راستہ پر ڈال دینے والے مشورہ کی قبولیت سے دور ہیں۔ اور خدائے علام الغیوب سے دست بدعا ہیں کہ وہ "اخبار بنی فاطمہ" کی عبارتوں کو اُن کے اصلی معانی و مطالب میں سمجھنے کی توفیق کرامت فرمائے "اور مخالفین" وغیرہ فقروں سے "مخالفین اسلام" مراد لینے کی ترغیب دے اور ایسے تفہم سے مامون و محفوظ رکھے جس سے دینِ اسلام یا پیروان و ملقہ بگوشانِ اسلام یا بنی فاطمہ کو نقصان پہونچتے اور اُن میں فیمابین دلی رنج و ملال یا باہمی اشتعال پیدا ہونے کا اندیشہ ہو اور جو شیعہ سُنی کے ناخوش گوار مباحث کو متحرک کر کے ہمارے نزدیک "اصول اتحادِ شیعہ و سنی" پر کاری ضرب لگانے کا باعث ہو۔

آخر میں ہم مدیر "الجمعیۃ" دہلی کی اُس تکلیف کا شکریہ ادا کرتے ہیں جو اُنھوں نے "اخبار بنی فاطمہ" پر تبصرہ کرنے میں (خواہ اُس کا کچھ اثر ہو یا نہ ہو) گوارا فرمائی۔ ایڈیٹر

(نوٹ :- ملک میں شیعوں کی فساد کے واقعات اس مقالہ سے بہت پیشتر پیش آچکے ہیں اور [illegible] کا ذریعہ کسی دوسری تحریک کو قرار دیں۔ [illegible] اسلام کو خطرہ میں ڈالنا ہے۔ (مدیر))

حضرت عمرؓ کے دل میں حسینؑ کی قدر و منزلت

ریاض النظرہ۔ صواعق محرقہ وسیلۃ النجاۃ مولوی محمد مبین صاحب فرنگی محلی صفحہ ۲۷، ۱۰۱ اور سعادت الکونین فی فضائل الحسینؑ مولانا مفتی اکرام الدین صاحب صفحہ ۳۵ میں ہے کہ حضرت عمرؓ خلیفہ دوم کے پاس امام حسینؑ ملنے کے لئے تشریف لے گئے وہاں ان سے پہلے حضرت عمرؓ کے بیٹے عبداللہ موجود تھے ان کو اجازت حاضری نہیں دی گئی تھی (بروایت مسند خطیب معاویہ سے تخلیہ تھا) حسینؑ یہ دیکھ کر خود ہی بلا اطلاع کرلے اس خیال سے کہ مجھکو بھی اجازت نہیں ملے گی واپس چلے آئے۔ اس کی اطلاع حضرت عمرؓ کو ہوئی کہ حسینؑ آئے تھے اور واپس چلے گئے تو آپ نے خود حسینؑ کی جستجو کی اور حسینؑ سے مل کر فرمایا۔ یا ابن اخی! آپ کیوں واپس چلے آئے؟ آپ کو اجازت لینے کی ضرورت کب ہے؟ فھل نبت الشعر علیٰ رؤسنا یعنی کیا ہمارے سروں پر یہ بال آپ کی بدولت نہیں اُگے؟ یہ عزت۔ یہ شرف۔ یہ اسلام کیا آپ ہی کے گھر سے ہم کو نہیں ملا؟

نوٹ:- ملک میں عام بے چینی کی وجہ سے رسالہ وی۔ پی نہیں بھیجا جا رہا ہے اُمید ہے کہ ہمدردان اسلامی دنیا اپنا اپنا چندہ براہ کرم بذریعہ منی آرڈر پہلی فرصت میں روانہ فرمائینگے ورنہ دوسرا پرچہ بذریعہ وی۔ پی بھیجنے کی دفتر کو ضرورت نہ ہوگی۔ جن حضرات کو خریداری منظور نہ ہو وہ براہ کرم ایک کارڈ کے ذریعہ سے اطلاع فرماویں ورنہ سکوت بمنزلہ منظوری متصور ہوگا۔ اور [illegible]

* وصول نہ ہونیکی صورت میں آئندہ پرچہ وی۔ پی بھیجا جائیگا۔ (مینیجر)

حضرت امام حسین علیہ السلام پر کون کون رویا

(جناب سرپرست مدظلہ العالی)

رونے کا تعلق انسان کے دل سے ہوتا ہے جب تک کسی شخص کے ساتھ دلی ہمدردی نہ ہو اُس وقت تک اُس کی مصیبت پر رونا نہیں آسکتا۔

امام حسین علیہ السلام پر سب سے پہلے جناب رسول خدا نے گریہ فرمایا ہے اور آپ کے اہل بیت کرام نے معہ ملائکہ مقربین تاسی کی ہے۔

جس وقت امام علیہ السلام پیدا ہوئے جناب سرورِ عالم دولت سرائے جناب سیدہ پر تشریف لے گئے اپنے پیارے فرزند کو آغوش مرحمت میں لیا۔ پیار کیا۔ اور رونے لگے۔

جناب معصومہ باباجان کو روتے دیکھ کر بے چین ہوگئیں اور عرض کی کہ حضور کے گریہ فرمانے کا کیا باعث ہے؟ آپ ضبطِ گریہ نہ فرماسکے بے اختیار رونے لگے۔

معصومہ نے پھر بہ اصرار سبب گریہ دریافت کیا حضور نے فرمایا کہ مجھے حسین کے قاتل کا خیال آگیا یہ دشتِ غربت میں تین شبانہ روز کا تشنہ و گرسنہ شہید کیا جائے گا جناب معصومہ نے پوچھا "بابا آپ ہوں گے"۔ فرمایا نہیں۔ پوچھا میں ہونگی۔ علی ہونگے۔ حسن ہونگے۔ حضور نے جواب دیا کوئی نہ ہوگا۔ معصومہ رونے لگیں۔ عرض کیا بابا پھر میرے حسین کو کون روئے گا۔ کون اس کی صفِ ماتم بچھائے گا حضور نے ارشاد فرمایا اے فاطمہؑ تو غم نہ کر تیرے فرزند کو رونے کے واسطے خداوند عالم ایک نسل کو دوسری نسل کے بعد خلق فرمائے گا۔ اور یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔ مرد تیرے مردوں کے حال پر روئیں گے اور عورتیں تیری بیٹیوں اور دوسری عزیز بی بیوں کے غم میں روئینگی۔ صفِ ماتم بچھائینگی جناب سیدہ یہ سن کر خوش ہوئیں اور حسین علیہ السلام کے رونے والوں کے حق میں دعائے خیر فرمائی۔

تاریخ عالم پر نظر فرمائیے مصیبت اور دکھ خاصانِ خدا نے ہر زمانہ میں سہا ہے طرح طرح کی ایذائیں اُن کو پہنچائی گئی ہیں لیکن کسی مذہب کے پیرو اپنے ہادیانِ طریق کی مصیبت کا ذکر کرکے اشک حسرت بہاتے نہ اُن مصائب کے ذکر کو اپنا ذریعۂ نجات خیال کرتے ہیں، نہ کسی واقعہ غم کی یادگار قایم کی جاتی ہے۔ اگر کسی مذہب میں کوئی واقعہ ذکر بھی کیا جاتا ہے تو محض روایت اور قصہ کے طور پر۔ اس سے کوئی اخلاقی سبق نہیں حاصل کیا جاتا امام مظلوم کے واقعات نے اسلام اور اہل اسلام میں ایک تازہ روح پھونکدی ہے۔

محض اہل اسلام میں یہ خصوصیت ہے کہ اُس فدیۂ راہِ خدا کے غم میں صرف اپنی آنکھوں سے ہی آنسو جاری نہیں کرتے۔ بلکہ ہر سال عشرہ ماہ عزا میں جان و مال قربان کرنے کے واسطے آمادہ رہتے ہیں اور عملی طور پر ایسا ثابت کرتے ہیں۔ چالیس دن تک صفِ ماتم بچھاتے ہیں اور ایسا غم مناتے ہیں کہ گویا آج حسین شہید ہوئے ہیں قریب تیرہ سو برس گزرنے آئے لیکن ہر روز جب ذکر مصائب کیا جاوے

عاشورِ محرم معلوم ہوتا ہے۔ یہ کیوں؟ جناب سرورِ کونین
کی پیشین گوئی کی تصدیق ہو رہی ہے۔ امام حسینؑ فرزند جنابؐ رسول الثقلین
تھے۔ اور محافظت دین خدا میں جان دی۔ وہ شہید ہو گئے۔
لیکن اُن کو خداوندِ عالم نے حیاتِ ابدی عطا فرمائی ہے
اور وہ زندہ ہیں۔ ہم لوگ ماتم و غم حسین میں شریک ہو کر
اس بات کو ثابت کرتے ہیں کہ اگر ہم میدان بلا میں آقائے
نامدار کے ہمراہ ہوتے تو ہرگز جاں نثاری سے دریغ نہ کرتے
جناب معصومؑ کی دعاؤں کا یہ اثر ہے کہ عزاداران شہید کربلا
کی تعداد روز افزوں ترقی کرتی ہے اور غم امام مظلوم میں منہمک
رہنے سے اُن کو دنیا کے غم و الم سے نجات مل جاتی ہے کیسی ہی
مصیبت کا سامنا کیوں نہ ہو عزاداران مظلوم کربلا اُس کو
مصیبت نہیں سمجھتے اور راضی بقضائے الٰہی رہتے ہیں۔ ہر
حالت میں صبر و شکر سے کام رکھتے ہیں۔

اگر کسی کا جوان بیٹا مر جائے تو وہ جوانی علی اکبرؑ کو
یاد کر کے روئے گا۔ اپنے بیٹے کے غم کو دل میں جگہ نہ دے گا
اور سالانہ اُس جوان مرگ کے انتقال کے دن عزائے شہید
کربلا برپا کرے گا گویا اپنے غم کو غم فرزند رسول کے مقابل بھول
جاتا ہے۔ اسی طرح اگر کسی کی خانہ ویرانی ہو جائے۔ مکان جل جائے
مال و املاک تلف ہو جائے تو ہر لحظہ خاندان رسالت کی تباہی
اُس کے پیش نظر رہے گی اور اپنی تباہی کی یاد دل سے بھلا دے گا

اہل دنیا کا قاعدہ ہے کہ جب کسی کا عزیز مر جاتا ہے
تو صاحبِ عزا کے پاس رسم تعزیت ادا کرنے دوست و دشمن
سب جاتے ہیں ایسے موقع پر دشمن کی مخالفت کا لحاظ نہیں
